RO Sargodha 8 35
RO Sheikhupura 4 45
RO Sialkot 2 16
RO Toba Tek Singh 8 66
RO Vehari 7 46
0
50
100
150
200
Implemented
Processed


DEPARTMENT WISE DIRECTION CASES




DEPARTMENT WISE IMPLEMENTATION CASES
Accountant General Punjab 1 4
Agriculture 0 0
Auqaf & Religious Affairs Depatment 0 0
Chief Minisler's Secretariat 1 0
Chief Minister's Inspection Team 0 0
Colonies 0 0
Communication and Works 1 3
Consolidation of Holdings Department 0 0
Cooperatives 0 0
Disaster Management (DMD) 0 0
Energy 0 0
Environment Protection 2 0
Excise and Taxation 1 1
Federal Agency 0 0
Finance 4 0
Food 2 0
Forestry, Wildlife and Fisheries 1 0
Governor's Secretariat 0 0
Higher Education 3 9
Home 1 0
Housing, Urban Development and Public Health... 4 21
Human Rights and Minorities Affairs 0 0
Industries, Commerce and Investment 1 0
Information and Culture 0 0
Inspector General of Punjab Police (Police) 2 3
Irrigation 2 7
Labour and Human Resource 1 0
Law and Parliamentary Affairs 0 0
Literacy & Non-Formal Basic Education 0 0
Livestock & Dairy Development 0 0
Local Government and Community Development 3 18
Management and Professional Development 0 0
Mines and Minerals 0 0
Planning and Development 0 0
Population Welfare 0 0
Primary and Secondary Healthcare Department 1 6
Private Agency 0 0
Public Prosecution 0 0
Revenue 4 28
School Education 3 7
Services and General Administration 3 10
Social Welfare and Bait-ul-Maal 1 0
Special Education 0 0
Specialized Healthcare and Medical Education... 1 0
Transport Department 1 0
Women Development 0 0
Youth Affairs, Sports, Archeology and Tourism 1 1
Zakat and Ushr 0 0
0 5 10 15 20 25 30
Implemented
Processed



PERCENTAGE WISE ANALYSIS OF REPRESENTATIONS DECIDED BY THE HONORABLE GOVERNOR





SELECTED IMPORTANT COMPLAINT AND IMPLEMENTATION DECISIONS OF THE OMBUDSMAN PUNJAB

COMPLAINT ORDERS			
Sr. No.	**Agency / Department**	**Pages**	**No. of Orders**
1	Accountant General Punjab/District Accounts Offices	15	22
2	Local Government & Community Development	10	12
3	Punjab Government Servants Benevolent Fund	09	13
4	Police	9	11
5	Higher Education / Universities	8	11
6	Board of Revenue	12	14
7	Health	12	12
8	Punjab Workers Welfare Board	3	5
9	Irrigation Department	3	3
10	Food Department	3	2
11	Public Health Engineering Department (PHED)	2	2
12	Punjab Government Servants Housing Foundation	2	2
13	Communication & Works Department	2	2
14	Labour	2	2
15	Punjab Housing & Town Planning Agency (PHATA)	1	2
16	Board of Intermediate & Secondary Education (BISE)	1	1
17	Excise & Taxation Department	1	1
18	Water & Sanitation Agency (WASA)	2	2
19	Environment Department	1	1
TOTAL		**98**	**120**
IMPLEMENTATION NOTES			
1	School Education	**8**	**4**
2	Universities	**2**	**1**
3	Punjab Government Servants Benevolent Fund	**4**	**2**
4	Revenue	**2**	**1**
5	Local Government and Community Development	**5**	**3**
6	Health	**4**	**2**
7	Accountant General Punjab/District Accounts Office	**2**	**1**
8	Irrigation	**2**	**1**
9	Punjab Workers Welfare Board	**1**	**1**
10	Agriculture	**1**	**1**
11	Police	**2**	**1**
TOTAL		**34**	**18**

اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب /ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز



شکایت نمبر : POP20RW20010283

تاریخ فیصلہ: 21.12.2020

ڈیپارٹمنٹ: ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر،راولپنڈی

عنوان: درخواست برائے اجراء فیملی پنشن

شکایت کنندہ کے مطابق اُس کی والدہ ساجدہ افتخار محکمہ تعلیم میں بطور ڈی ایس ٹی تعینات تھی۔ جس کی وفات کے بعد اُس کے والد افتخار علی چوہان ولد حشمت علی جو بلدیہ گوجر خان میں ملازم تھے مرحومہ کی پنشن وصول کر رہے تھے۔ اب اُس کے والد کا بھی سال 2019 میں انتقال ہو گیا ہے۔ وہ طلاق یافتہ عورت ہے اُسے والد مرحوم کی فیملی پنشن ملنی شروع ہو گئی ہے مگر اس کی مرحومہ والدہ کی پنشن تاحال نہ ملی ہے۔ اُس نے اِس حوالے سے محکمہ مذکورہ کو درخواست دی تو انھوں نے مطلع کیا کہ ایک وقت میں ایک فیملی پنشن وصول کی جاسکتی ہے جبکہ لاہور ہائی کورٹ کے رٹ پٹیشن ICA No.50253/2019 میں کئے گئے فیصلہ کے مطابق وہ دونوں کی فیملی پنشن وصول کر سکتی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ اُسے اُسکی مرحومہ والدہ کی پنشن بھی محکمہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس راولپنڈی سے دلوائی جائے۔

۲۔ شکایت کنندہ کی درخواست پر متعلقہ محکمہ سے رپورٹ طلب کی گئی۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس راولپنڈی کی جانب سے مورخہ 17.11.2020 کو رپورٹ موصول ہوئی۔ جس کے مطابق فنانس ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب کی چٹھی نمبر FD.SR.112-4-471/2014 مورخہ 28.02.2019 میں دی گئی درج ذیل وضاحت کے مطابق شکایت کنندہ صرف ایک فیملی پنشن وصول کر سکتی ہے:۔

The matter has been examined in the Finance Department . It is clarified that un-married daughter/ any other eligible "family member will have the option to draw only one family pension; i.e either of his/her /their/ mother or father , which is more beneficial

۳۔ رپورٹ ایجنسی کی نقل شکایت کنندہ کو بغرض جواب الجواب بھجوائی گئی۔ شکایت کنندہ کی جانب سے مورخہ 20.11.2020 کو جواب موصول ہوا۔ جس میں اس نے اپنے سابقہ موقف کا اعادہ کیا۔

۴۔ شکایت کنندہ نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس راولپنڈی کی جانب سے اپنی والدہ کی فیملی پنشن کی عدم ادائیگی کے حوالے سے دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ جس پر متعلقہ محکمہ سے رپورٹ طلب کی گئی۔ پیش آمدہ ریکارڈ کا بغور جائزہ لیا گیا۔ یہ امر مابین فریقین تسلیم شدہ ہے کہ شکایت کنندہ اپنے والد کی وفات کے بعد اُس کی فیملی پنشن وصول کر رہی ہے۔ شکایت کنندہ نے درخواست / شکایت ہذا میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ عدالت عالیہ لاہور کے رٹ پٹیشن ICA No.50253/2019 میں دئے گئے فیصلہ مورخہ 27.01.2020 کی رُو سے وہ اپنی والدہ کی پنشن بھی وصول کرنے کی حق دار ہے۔ جبکہ دوسری جانب ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس راولپنڈی کے مطابق بروئے چٹھی نمبر FD.SR.112-4-471/2014 مورخہ 28.02.2019 مجریہ فنانس ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب، شکایت کنندہ اپنے والدین میں سے صرف کسی ایک کی فیملی پنشن وصول کر سکتی ہے۔ فیصلہ عدالت عالیہ مورخہ 27.01.2020 کے ملاحظہ سے عیاں ہے کہ فیصلہ مذکورہ میں طے شدہ اصول کے تحت شکایت کنندہ اپنے والدین (افتخار علی چوہان و ساجدہ افتخار) دونوں کی فیملی پنشن وصول کرنے کی حقدار ہے۔ اندریں حالات، فاضل سیکرٹری خزانہ، حکومت پنجاب اور فاضل سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی (ریگولیشنز ونگ) حکومت پنجاب لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی گئی کہ مذکورہ عدالتی فیصلہ مورخہ 27.1.2020 کی روشنی میں معاملہ کا جائزہ لے کر پالیسی / وضاحت اندر 45 یوم جاری کریں جس کی نقل دفتر ہذا اور فاضل اکاونٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کو بھی ارسال کی جائے۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر موصوف کیس تیار کر کے ہر دو سیکرٹری مذکوران کو ارسال کریں۔ ان ہدایات کے ساتھ درخواست / شکایت ہذا نمٹائی گئی ہے۔

شکایت نمبر : POP20SKP0003370

تاریخ فیصلہ: 31.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، شیخوپورہ

عنوان: جی پی فنڈ کے بقایاجات کی ادائیگی کی استدعا

شکایت کنندہ طارق رفیع کے مطابق وہ بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ویلفیئر مورخہ 24.12.2009 کو لیبر ڈیپارٹمنٹ سے ریٹائر ہوا۔ دوران ملازمت وہ مختلف اضلاع میں ملازمت کرتا رہا۔ سائل تقریباً پانچ سال سے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس شیخوپورہ کے چکر لگا رہا ہے مگر چار اضلاع بہاولپور، جھنگ، فیصل آباد اور شیخوپورہ سے جی پی فنڈ منتقل نہ کیا گیا ہے۔ سائل نے مذکورہ چاروں اضلاع سے جی پی فنڈ کی منتقلی کر کے جی پی فنڈ کے بقایاجات کی ادائیگی کی استدعا کی ہے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر شیخوپورہ کی جانب سے رپورٹ نمبر DAO/SKP/FDS/HM-54 مورخہ 30.06.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کی تمام اضلاع سے جی پی فنڈ کے بقایاجات کی منتقلی ہو چکی ہے اور سائل کو مبلغ -/75546 روپے ادا کر دیے گئے ہیں۔

۳۔ شکایت کنندہ سے بذریعہ ٹیلیفون موقف دریافت کیا گیا تو اس نے بیان دیا کہ اس کے تمام اضلاع کے جی پی فنڈ کے بقایاجات کی ادائیگی ہو چکی ہے اور اس کی دادرسی ہو گئی ہے جس پر اس نے دفتر ہذا کا شکریہ بھی ادا کیا۔

۴۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس شیخوپورہ کی رپورٹ ملاحظہ ہوئی اور شکایت کنندہ کا موقف بذریعہ ٹیلیفون حاصل کیا گیا۔ جس کے مطابق درخواست دہندہ کے جی۔پی فنڈ کے بقایاجات کی ادائیگی اسے ہو چکی ہے۔ لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی گئی۔

شکایت نمبر : POP20LH10001262

تاریخ فیصلہ: 26.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب

عنوان: استدعا برائے حصول جی پی فنڈ

شکایت کنندہ نے مورخہ 18.12.2019 کو بذریعہ آن لائن درخواست گزاری کہ وہ پاکستان سٹڈیز سنٹر پشاور یونیورسٹی کی ملازم ہے اور انہوں نے ڈیپوٹیشن پر پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں مورخہ 14.02.2012 سے 31.01.2018 تک خدمات انجام دیں تھی۔ پاکستان سٹڈیز سنٹر پشاور یونیورسٹی پشاور نے اسے ملازمت سے مورخہ 30.01.2018 کو برخاست کر دیا ہے جس کی وجہ سے وہ پنشن سے محروم ہو گئی ہے۔ پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں دوران ملازمت اُس کے جی پی فنڈ مبلغ -/437150 روپے کی تنخواہ سے کٹوتی ہوئی تھی جس کی ادائیگی کی وہ حقدار ہے۔ اس کی ادائیگی کے سلسلے میں پاکستان سٹڈیز سنٹر پشاور یونیورسٹی اس سے تعاون نہیں کر رہا ہے۔ اس نے درخواست کی ہے کہ اکاونٹنٹ جنرل پنجاب کو ہدایت کی جائے کہ وہ اس کے جی پی فنڈ کی ادائیگی کا اہتمام کریں۔

۲۔ اکاونٹنٹ جنرل پنجاب کی طرف سے موصولہ مراسلہ مورخہ 17.03.2020 میں بیان کیا گیا کہ ڈائریکٹر ایڈمن پاکستان سٹڈیز سنٹر پشاور یونیورسٹی سے بذریعہ مراسلہ مورخہ 16.03.2020 شکایت کنندہ کے جی پی فنڈ کی تفصیلات معہ نمبر اور این او سی برائے ادائیگی مانگا گیا ہے۔ مطلوبہ اطلاع کے موصول ہونے پر جی پی فنڈ کی ادائیگی پر پیش رفت کی جائے گی۔ اس سلسلے میں مورخہ 18.08.2020 کو اے جی پنجاب آفس نے پاکستان سٹڈیز سنٹر پشاور یونیورسٹی یاد دہانی کروائی۔

۳۔ مورخہ 02.10.2020 کو متعلقہ سینئر اکاونٹنٹ اے جی پنجاب نے بتلایا کہ شکایت کنندہ کو جی پی فنڈ کی ادائیگی کی منظوری ہو چکی ہے اور جلد ہی اس کو کمپیوٹر میں پنچ (Punch) کر دیا جائے گا اور شکایت کنندہ کو اس کے بنک اکاونٹ سے براہ راست ادائیگی ہو جائے گی۔ مورخہ 14.10.2020 کو چوہدری آصف فوکل پرسن اے جی پنجاب نے بیان کیا کہ سائلہ کا جی پی فنڈ برائے ادائیگی کمپیوٹر میں پنچ کر دیا گیا ہے اور اس کے بنک اکاونٹ میں خودکار نظام کے تحت ادائیگی ہو جائے گی۔ دفتر اے جی پنجاب کے بیان کی تصدیق کے لئے شکایت کنندہ سے فون نمبر 0308-4300133 پر رابطہ کیا گیا شکایت کنندہ نے بتلایا کہ اسے جی پی فنڈ کی ادائیگی ہو چکی ہے اور بذریعہ واٹس ایپ تصدیقی تحریر بھی داخل کی ہے۔ تحریر میں دفتر محتسب پنجاب کا شکریہ بھی ادا کیا ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ کو دفتر ہذا کی مداخلت پر جی۔پی فنڈ کی رقم مبلغ -/4,37150 روپے مل گئی جس کی تصدیق درخواست ہندہ نے بذریعہ ٹیلیفون اور واٹس ایپ کی ہے۔ شکایت کنندہ کی دادرسی ہوگئی ہے لہذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی گئی۔



شکایت نمبر: POP20ATK0004760

تاریخ فیصلہ: 31.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے اجراء کمیوٹڈ پنشن معہ اضافہ

شکایت کنندہ کے مطابق اس کا خاوند محمد رزاق محکمہ جنگلات اٹک سے بطور فاریسٹر مورخہ 17.12.1995 کو ریٹائر ہوا۔اس نے ریٹائرمنٹ کے وقت پنشن کا 50 فیصد حصہ کمیوٹ کرایا تھا جو پنشن کے ساتھ بحال ہو چکا ہے۔ گورنمنٹ آف پنجاب نے کمیوٹڈ پنشن پر اضافے کا اعلان کیا ہے۔ اس حوالے سے اس نے اپنا کیس ڈویژنل فاریسٹ آفیسر اٹک کے دفتر میں مورخہ 11.12.2019 کو جمع کرایا۔ جہاں سے کیس کو مکمل کر کے ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاؤنٹس جنگلات لاہور ارسال کیا گیا۔ جس نے مورخہ 30.12.2019 کو برائے منظوری اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور بھجوایا جو تاحال دفتر مذکورہ میں زیر التواء چلا آرہا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ اس کو اس کے مرحوم خاوند کی کمیوٹڈ پنشن معہ اضافہ محکمہ مذکورہ سے دلوائی جائے۔

۲۔ ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاونٹس (جنگلات) لاہور کی طرف سے رپورٹ موصولہ مورخہ 30.07.2020 کے مطابق محکمہ کی جانب سے شکایت کنندہ کا ریسٹوریشن اتھارٹی کیس برائے مراسلہ نمبر بی ایڈ اے ۔بی۔ای۔این/ایم-8/1994-95/08 مورخہ 19.03.2013 جبکہ پنشن میں اضافہ کا کیس بذریعہ لیٹر نمبر 839 مورخہ 30.12.2019 اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کو بھجوادیا تھا۔ اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب، لاہور کی طرف سے آمدہ رپورٹ مورخہ 14.07.2020 کے مطابق فنانس ڈیپارٹمنٹ، گورنمنٹ آف پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایف ۔ڈی ۔ایس ۔آر ۔111/4-41/2008 مورخہ 17.06.2015 کی روشنی میں شکایت کنندہ کی کمیوٹڈ پنشن بحال کر دی گئی ہے۔ اس حوالے سے شکایت کنندہ کے بنک اکاؤنٹ میں بقایاجات کی رقم مبلغ 329،081 روپے اگلے ماہ بھجوادی جائے گی۔

۳۔ شکایت کنندہ کی طرف سے موصولہ جواب میں تحریر کیا ہے کہ اسے بقایاجات کی رقم مل چکی ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ نے اپنے مرحوم خاوند کی کمیوٹ شدہ پنشن معہ اضافہ دلوائے جانے کیلئے دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ پیش آمدہ رپورٹس کے مطابق اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب، لاہور نے شکایت کنندہ کو اس کے مرحوم خاوند کی کمیوٹڈ پنشن کو ریسٹور کر کے مبلغ 329،081 روپے معہ بقایاجات اس کے بنک اکاؤنٹ میں اگلے ماہ آن لائن بذریعہ بنک کروانے جانے کی یقین دہانی کروائی۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب میں تحریر کیا ہے کہ اس کو بقایاجات کی رقم مل چکی ہے۔ یوں دفتر ہذا میں کارروائی سے شکایت کنندہ کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔



شکایت نمبر: POP20ATK0005440

تاریخ فیصلہ: 23.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور

عنوان: درخواست برائے ٹرانسفر بقایاجات جی پی فنڈ

شکایت کنندہ کے مطابق وہ محکمہ پولیس صوبہ سندھ سے بطور کانسٹیبل ریٹائر ہوا۔ اس نے اپنا جی پی فنڈ دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ سے دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور مورخہ 23.10.2018 کو بھجوایا۔ جی پی فنڈ کی ادائیگی کے سلسلہ میں اس نے متعدد بار دفتر مذکورہ سے رابطہ کیا مگر مسئلہ حل نہ ہوا۔ وہ عارضہ قلب میں مبتلا ہے اس لئے استدعا ہے کہ اس کا جی پی فنڈ بیلنس اٹک ٹرانسفر کیا جاوے۔

۲۔ ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کی جانب سے مورخہ 25.08.2020 کو موصولہ عبوری رپورٹ کے مطابق دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ کو مورخہ 20.08.2020 کو شکایت کنندہ کے جی پی فنڈ بقایاجات بھجوانے کیلئے چٹھی تحریر کی گئی ہے۔ بعد ازاں موصولہ رپورٹ مورخہ 12.10.2020 کے

مطابق بذریعہ مراسلہ نمبر Suspense Slip/HM-253/1-TDH مورخہ 25.09.2020 شکایت کنندہ کے جی پی فنڈ بقایا جات موصول ہوگئے ہیں اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک کو ہدایت کی گئی ہے کہ برائے مزید کارروائی مجاز محکمہ سے رابطہ کرے اور اس کی مفصل رپورٹ دفتر ہذا کو بھجوائے۔

۳۔ شکایت کنندہ کی جانب سے مورخہ 26.10.2020 کو جواب موصول ہوا۔ جس کے مطابق ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک نے اسے جی پی فنڈ کی مد میں -/703،133 روپے ادا کر دیئے ہیں اس طرح اس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔

۴۔ بحالات بالا شکایت کنندہ کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک کی طرف سے جی پی فنڈ کی مد میں بقایا جات مبلغ -/1,33,703 روپے موصول ہو گئے جس سے شکایت ہذا بصیغہ حق رسی نمٹادی گئی۔

شکایت نمبر: POP20FSD0008403

تاریخ فیصلہ: 23.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس فیصل آباد

عنوان: ادائیگی تعلیمی انکریمنٹس

بحسبِ شکایت سائل محکمہ تعلیم فیصل آباد سے بطور ایس ایس ٹی ٹیچر مورخہ 14.10.2017 کو اپنی ساٹھ (60) سالہ مدتِ ملازمت پوری کرکے ریٹائر ہوا۔ حکومت پنجاب کی جانب سے اُس کی تعلیم ایم اے ہونے کی بدولت اُسے تین اضافی انکریمنٹس دی گئیں۔ اُس نے متذکرہ انکریمنٹس کے حصول کے لیے متعدد بار ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفس فیصل آباد سے رجوع کیا مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ بحالات سائل نے دفتر ہذا سے برائے دادرسی مداخلت کی استدعا کی ہے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر فیصل آباد نے بذریعہ رپورٹ نمبر ڈی اے او/ایف ایس ڈی/پینشن/ایچ ایم-15 مورخہ 18.11.2020 مطلع کیا کہ شکایتِ ہذا پر کارروائی کرتے ہوئے سائل کو مبلغ -/268625 روپے کے واجبات کی رقم اکتوبر 2020 کی ماہانہ پینشن کے ہمراہ ادا کر دی گئی ہے۔ سائل کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔ بتائید رپورٹ پینشن رول ڈیٹا شیٹ و پینشنس سلپ کی نقل لف رپورٹ کی گئی۔

۳۔ سائل نے بذریعہ ٹیلیفون نمبر 0301-4366840 ایجنسی کی جانب سے ازالہ شکایت کی تصدیق کرتے ہوئے دفتر ہذا سے تشکر کا اظہار کیا۔

۴۔ شکایت کنندہ کی استدعا کے مطابق اسے مبلغ -/268625 روپے کے واجبات کی رقم ایجنسی کی جانب سے اکتوبر 2020 کی ماہانہ پینشن کے ہمراہ ادا کر دی گئی ہے اور اُس کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹادی گئی۔

شکایت نمبر: POP20GRW0009190

تاریخ فیصلہ: 27.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، گوجرانوالہ/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، سیالکوٹ

عنوان: جی پی فنڈز اور تنخواہ دلوائے جانے کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق وہ بطور تحصیلدار ضلع سیالکوٹ تعینات تھا اور مورخہ 24.12.2018 کو ضلع سیالکوٹ سے ہی ریٹائرڈ ہو گیا تھا۔ سائل کی ایک سال کی تنخواہ کا بل مورخہ 06.08.2019 کو کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن گوجرانوالہ نے زیر لیٹر نمبر RB/COMMR/2532 متعلقہ اتھارٹیز کو جاری کیا جس پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سیالکوٹ کی جانب سے آج تک کوئی کارروائی نہ کی گئی ہے۔ اسی طرح سائل کے جی پی فنڈز کی رقم بھی مذکورہ محکمہ جات کی طرف واجب الادا ہے جو سائل کو جاری کرنے سے انکاری ہیں۔ سائل نے متعدد مرتبہ اپنے دونوں بلوں کی ادائیگی کے متعلق مذکورہ محکمہ جات سے رابطہ کیا جو ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں اور ایک ماہ سے مکمل طور پر ادائیگی سے انکاری ہیں۔ استدعا کی کہ مذکورہ محکمہ جات کو حکم صادر فرمایا جائے کہ وہ قانون کے مطابق سائل کے جی پی فنڈز اور تنخواہ کی ادائیگی کریں۔

۲۔ مورخہ 26.10.2020 کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر گوجرانوالہ کی رپورٹ موصول ہوئی جس کے مطابق شکایت کنندہ کی جانب سے تاحال جی پی فنڈز کی ادائیگی کے لیے کوئی درخواست موصول نہ ہوئی ہے۔ استدعا کی کہ شکایت کنندہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ جی پی فنڈز کی ادائیگی کے حوالہ سے مکمل تفصیلات فراہم کرے۔

۳۔ مورخہ 07.11.2020 کو شکایت کنندہ حاضر آیا جس نے اپنی درخواست کی مندرجات کو دہرایا۔ جبکہ محکمہ کی جانب سے نصیر حیدر سینئر ایڈیٹر دفتر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سیالکوٹ اور بابر علی اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ دفتر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر گوجرانوالہ حاضر آئے۔ نمائندہ ایجنسی نصیر حیدر سینئر آڈیٹر نے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر سیالکوٹ کی تحریری رپورٹ پیش کی جس کے مطابق شکایت کنندہ کی تعیناتی ڈسٹرکٹ گوجرانوالہ میں بھی رہی ہے۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس گوجرانوالہ سے شکایت کنندہ کے جی پی فنڈز بیلنس کی معلومات ابھی تک موصول نہ ہوئی ہیں۔ مزید شکایت کنندہ کو جی پی فنڈز اکاؤنٹ نمبر بھی الاٹ نہ کیا گیا ہے۔ نمائندہ ایجنسی نے بیان کیا کہ درخواست دہندہ لیو انکیشمنٹ و تنخواہ عرصہ اکتوبر 2012 تا جنوری 2013 اور جولائی 2012 تا ستمبر 2012 کے بلز متعلقہ ڈی ڈی اوز سے بنوا کر اضافی بجٹ کی منظوری کے ساتھ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر سیالکوٹ کو تمام تفصیلات کے ساتھ جمع کروائے تو اُسے اُس کے بلوں کے ادائیگی کر دی جائے گی۔

۴۔ دوران سماعت شکایت ہذا نمائندگان ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سیالکوٹ و ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر گوجرانوالہ نے یقین دہانی کروائی کہ درخواست دہندہ کے مذکورہ تمام بلز تفصیلات کے ساتھ جمع کروانے پر حسب ضابطہ ان کی بلا تاخیر ادائیگی کر دی جائے گی۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سیالکوٹ کو ہدایت کی گئی کہ شکایت کنندہ کی جانب سے مذکورہ بلز معہ مطلوبہ دستاویزات موصول ہونے پر بلا تاخیر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے اور تعمیلی رپورٹ اندر معیاد 30 یوم دفتر ہذا کو ارسال کی جائے۔

شکایت نمبر: POP20BWP0003764

تاریخ فیصلہ: 10.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی جی۔پی۔فنڈ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ وہ مورخہ 09.06.2011 کو بطور انسپکٹر انڈسٹریل کوآپریٹو سوسائٹی ملتان سے بہاولپور تعینات ہوا، بہاولپور کی ڈی۔ڈی پاور کوآپریٹو ملتان تھی۔ جبکہ وہ مورخہ 16.01.2019 کو ریٹائر ہو گیا تھا۔ خزانہ ملتان نے اس کا اصل پرسنل نمبر 144930 چھوڑ کر اپنی طرف سے نیا نمبر 30315157 لگا دیا جس سے اس کی تنخواہ وغیرہ باقاعدہ ملنے لگی لیکن کچھ عرصہ بعد اس کا اصل نمبر کمپیوٹر میں درج کر کے سات تنخواہوں کے دو چیک بنا دیئے۔ جب وہ چیک محکمہ مذکورہ موصول ہوئے تو محکمہ نے وہ چیک کینسل کروائے مگر دفتر خزانہ ملتان نے وہ چیک کمپیوٹر پر درج نہ کئے جس کی وجہ سے دفتر خزانہ بہاولپور کمپیوٹر سسٹم ڈبل تنخواہیں دکھا رہا ہے۔ اور اس بنا پر دفتر خزانہ بہاولپور اس کے جی۔پی۔فنڈ کی ادائیگی نہیں کر رہا ہے۔ جبکہ چیک کمپیوٹر سے کینسل کروائے گئے ہیں۔ لیکن دفتر خزانہ بہاولپور گزشتہ ایک سال سے سائل کے جی۔پی۔فنڈ کی ادائیگی میں لیت و لعل سے کام لے رہا ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ دفتر خزانہ بہاولپور کو حکم صادر کیا جائے کہ وہ سائل کے جی۔پی فنڈ کی ادائیگی بلا تاخیر کرے۔

۲۔ منجانب ایجنسی / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر بہاولپور، رپورٹ موصول ہوئی جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ شکایت کنندہ کا فائنل جی۔پی۔فنڈ مبلغ-/855385 روپے بعد از کٹوتی زکوۃ بمطابق قانون وضابطہ جاری کیا جا چکا ہے۔ شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے لہٰذا درخواست ہذا داخل دفتر کی جائے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 04.08.2020 جواب الجواب داخل کیا جس میں اس نے متذکرہ بالا رپورٹ ایجنسی کو درست تسلیم کرتے ہوئے اپنی حق رسی ہونے پر دفتر ہذا کا تحریری طور پر شکریہ ادا کیا ہے۔

۴۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20BWP0001199

تاریخ فیصلہ: 10.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی فیملی پنشن

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ اُس کے خاوند عبدالستار شاد صوبائی محکمہ مال میں بطور گرداور ملازمت کرتے تھے۔ جو کہ دوران سروس مورخہ 13.09.2017 کو حادثے میں وفات پا گئے۔ سائلہ نے مطلوبہ دستاویزات برائے ادائیگی پنشن و گریجویٹی متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر یزمان کے دفتر جمع کرائے لیکن 18 ماہ کا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود مرحوم کی پنشن اور گریجویٹی جاری نہیں کی گئی، جس کی وجہ سے بیوہ مالی مشکلات کا شکار ہے۔ استدعا کی گئی ہے، کہ محکمانہ غفلت کا نوٹس لیتے ہوئے مرحوم کی پنشن گریجویٹی جاری کروانے کے احکامات جاری کیئے جائیں۔

۲۔ منجانب ایجنسی / اسسٹنٹ کمشنر یزمان رپورٹ موصول ہوئی جس میں وضاحت کی گئی کہ شکایت کنندہ نے اپنے شوہر کی فوتیدگی کے بعد درخواست برائے پنشن گریجویٹی اور اضافی آسامی کیلئے دائر کی جب کہ بمطابق قواعد کسی بھی سرکاری ملازم کی دوران ملازمت وفات کے بعد اس کی عمر 60 سال پوری ہونے تک کے عرصہ کیلئے اضافی اسامی کی منظوری و ادائیگی واجبات کے بعد ایل۔پی۔سی۔ جاری ہو گی اور اس طرح سابقہ تنخواہ کی مکمل ادائیگی کے بعد اس ملازم کی پنشن و گریجویٹی کے کاغذات متعلقہ اتھارٹی کو منظوری کیلئے بھجوائے جائیں گے۔ رپورٹ میں مزید واضح کیا گیا ہے، کہ سائلہ کے حق میں اضافی اسامی (OSD) کی منظوری کیلئے پہلے ہی معاملہ بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور کو ارسال کیا جا چکا ہے۔

۳۔ منجانب محکمہ بعد از ان متعدد عبوری رپورٹوں کے بعد ڈپٹی کمشنر / ڈسٹرکٹ کلکٹر بہاولپور کی طرف سے حتمی رپورٹ مورخہ 19.12.2019 موصول ہوئی، جس کے مطابق سائلہ / بیوہ کے حق میں اضافی اسامی (OSD) کی مجاز اتھارٹی سے منظوری کے بعد سائلہ کو مرحوم ملازم کی تنخواہ مورخہ 19.07.2018 تک ادا کر کے اس کی فیملی پنشن معاملہ کو بھی برائے چلت و ادائیگی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر بہاولپور کو بھیج دیا گیا ہے۔

۴۔ منجانب ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر بہاولپور رپورٹ مورخہ 07.03.2020 موصول ہوئی، جس کے مطابق مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد سائلہ کی فیملی پنشن (تنخواہ او ایس ڈی) پی۔پی۔او۔ نمبر 241491 کمپیوٹر پرسنل نمبر 3032489 کے تحت آن لائن ادا کر دی گئی ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ / بیوہ نے متذکرہ بالا رپورٹس ایجنسی / محکمہ جات کو درست تسلیم کرتے ہوئے اپنی حق رسی ہونے پر دفتر ہذا کا تحریری طور پر شکریہ ادا کیا ہے۔

۶۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20ATK0004760

تاریخ فیصلہ: 31.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے اجراء کمیوٹڈ پنشن معہ اضافہ

شکایت کنندہ نے درخواست ہذا میں تحریر کیا ہے کہ اس کا خاوند محمد رزاق محکمہ جنگلات اٹک سے بطور فاریسٹر مورخہ 17.12.1995 کو ریٹائر ہوا۔ اس نے ریٹائرمنٹ کے وقت پنشن کا 50 فیصد حصہ کمیوٹ کرایا تھا جو پنشن کے ساتھ بحال ہو چکا ہے۔ گورنمنٹ آف پنجاب نے کمیوٹڈ پنشن پر اضافے کا اعلان کیا ہے۔ اس حوالے سے اس نے اپنا کیس ڈویژنل فاریسٹ آفیسر اٹک کے دفتر میں مورخہ 11.12.2019 کو جمع کرایا۔ جہاں سے کیس کو مکمل کر کے ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاؤنٹس جنگلات لاہور ارسال کیا گیا۔ جس نے مورخہ 30.12.2019 کو برائے منظوری اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور بھجوایا جو تاحال دفتر مذکورہ میں زیر التواء چلا آ رہا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ اس کو اس کے مرحوم خاوند کی کمیوٹڈ پنشن معہ اضافہ محکمہ مذکورہ سے دلوائی جائے۔

۲۔ شکایت کنندہ کی درخواست پر ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاونٹس (جنگلات) لاہور سے رپورٹ طلب کی گئی۔ رپورٹ موصولہ مورخہ 2020.30.07 کے مطابق محکمہ کی جانب سے شکایت کنندہ کا ریسٹوریشن اتھارٹی کیس برائے مراسلہ نمبر بی ایڈ اے۔ پی۔ ای۔ این / ایم-8/1994-95/08 مورخہ 19.03.2013 جبکہ پنشن میں اضافہ کا کیس بذریعہ لیٹر نمبر 839 مورخہ 30.12.2019 اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کو بھجوادیا تھا۔ جس پر دفتر محتسب پنجاب کی جانب سے اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب، لاہور سے رپورٹ طلب کی گئی۔ آمدہ رپورٹ مورخہ 14.07.2020 کے مطابق فنانس ڈیپارٹمنٹ، گورنمنٹ آف پنجاب، لاہور کے نوٹیفکیشن نمبر ایف۔ ڈی۔ ایس۔ آر۔111/4-41/2008 مورخہ 17.06.2015 کی روشنی میں شکایت کنندہ کی کمیوٹڈ پنشن بحال کر دی گئی ہے۔ اس حوالے سے شکایت کنندہ کے بنک اکاؤنٹ میں بقایاجات کی رقم مبلغ 329،081 روپے اگلے ماہ بھجوادی جائے گی۔

۳۔ موصولہ رپورٹ ایجنسی کی کاپی شکایت کنندہ کو بغرض جواب الجواب بھجوائی گئی۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب میں تحریر کیا ہے کہ اسے بقایا جات کی رقم مل چکی ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ نے اپنے مرحوم خاوند کی کمیوٹ شدہ پنشن معہ اضافہ دلوائے جانے کیلئے دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ جس پر متعلقہ محکمہ جات سے رپورٹ طلب کی گئی۔ پیش آمدہ رپورٹس کے مطابق اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب، لاہور نے شکایت کنندہ کو اس کے مرحوم خاوند کی کمیوٹڈ پنشن کو ریسٹور کر کے مبلغ 329،081 روپے معہ بقایاجات اس کے بنک اکاؤنٹ میں اگلے ماہ آن لائن بذریعہ بنک کروانے جانے کی یقین دہانی کروائی۔ رپورٹس آمدہ کی نقول شکایت کنندہ کو بغرض جواب الجواب بھجوائی گئی۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب میں تحریر کیا ہے کہ اس کو بقایاجات کی رقم مل چکی ہے۔ دفتر ہذا کی مداخلت سے شکایت کنندہ کا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ لہذا شکایت / درخواست بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20RW20000901

تاریخ فیصلہ: 24.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے اجراء فیملی پنشن

شکایت کنندہ نے تحریر کیا ہے کہ اس کا والد ملک مہربان محکمہ پولیس اٹک سے مورخہ 1968-08-01 کو بطور کانسٹیبل ریٹائر ہوا اور بعد ازاں مورخہ 13.10.2005 کو فوت ہو گیا۔ وہ (شکایت کنندہ) بیوہ عورت ہے۔ اسکی کوئی اولاد نہ ہے نہ ہی کوئی ذریعہ آمدن ہے۔ شکایت کنندہ نے اپنے مرحوم والد کی فیملی پنشن کے حصول کیلئے اپنا کیس دفتر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک کے پاس جمع کروایا تھا۔ جہاں سے اس کا کیس اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کو برائے منظوری بھجوایا گیا۔ جو چند اعتراضات کے ساتھ واپس کر دیا گیا۔ شکایت کنندہ نے تمام اعتراضات دور کر کے دوبارہ کیس دفتر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک جمع کرایا۔ دفتر مذکورہ نے اعتراضات کو مد نظر رکھتے ہوئے جملہ کاغذات متعلقہ کو چیک کرنے کے بعد اس کا کیس دوبارہ مورخہ 2019-09-12 کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک بھجوایا۔ مگر کافی عرصہ گزر جانے کے بعد بھی اس کا کیس ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک نے برائے منظوری دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب نہ بھجوایا ہے۔ شکایت کنندہ نے دفتر ہذا سے استدعا کی ہے کہ متعلقہ محکمہ سے اسے فیملی پنشن کی ادائیگی کروائی جائے۔

۲۔ شکایت کنندہ کی درخواست پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک سے رپورٹ طلب کی گئی۔ آمدہ رپورٹ نمبری 914 مورخہ 24.02.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کیس دفتر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور بھجوایا۔ جو دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور نے چند اعتراضات کے ساتھ واپس دفتر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک بھجوادیا۔ محکمہ / ایجنسی نے مزید تحریر کیا ہے کہ شکایت کنندہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ اعتراضات کو دور کر کے دوبارہ کیس برائے منظوری مجاز اتھارٹی بھجوائے۔

۳۔ آمدہ رپورٹ ایجنسی کی نقل ہمراہ نوٹس بغرض جواب الجواب شکایت کنندہ کو بھجوائی گئی۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب میں تحریر کیا ہے کہ اس نے جملہ اعتراضات دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کو دور کر کے کیس ہمراہ مطلوبہ دستاویزات دوبارہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک کو بھیج دیا ہے اور استدعا کی ہے کہ اسکا فیملی پنشن کیس جلد از جلد کلیئر کروایا جائے۔

۴۔ شکایت کنندہ نے بابت عدم ادائیگی فیملی پنشن دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس اٹک سے موصولہ رپورٹ مورخہ 2020-02-24 کے مطابق شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کیس دفتر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک کی جانب سے دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور بھجوایا گیا۔ دفتر مذکورہ نے چند اعتراضات کے ساتھ کیس واپس بھجوادیا۔ جس کے جواب میں شکایت کنندہ نے جملہ اعتراضات دور کر کے کیس ہمراہ مطلوبہ دستاویزات دوبارہ

ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس بھجوایا۔ جہاں سے بذریعہ مراسلہ نمبری ڈی۔اے۔او/اے۔کے ایڈمن/ایچ ایم/1169 مورخہ 16-03-2020 شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کیس برائے حتمی منظوری دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب، لاہور بھجوایا گیا۔ بعد ازاں موصولہ رپورٹ نمبری 520 مورخہ 15-07-2020 منجانب دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کے مطابق شکایت کنندہ مسماۃ زیب النساء دختر ملک مہر خان (مرحوم) کو پنشن سلپ جاری کر کے فیملی پنشن کی منتقلی بمعہ واجبات کر دی گئی ہے۔ جس کی تصدیق شکایت کنندہ نے اپنی درخواست مورخہ 24-07-2020 میں کر دی ہے۔ دفتر ہذا کی مداخلت پر شکایت کنندہ کی دادرسی ہو چکی ہے لہذا شکایت / درخواست بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20LH40002219

تاریخ فیصلہ: 12.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: فیملی پنشن دلوائے جانے کی استدعا

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ ان کی والدہ راشدہ اظہر مورخہ 06-08-1993 کو ریٹائر ہوئیں اور مورخہ 23-11-2003 کو وفات پا گئیں۔ شکایت گزار کے والد بھی طویل علالت کے بعد 14-05-2018 میں وفات پا گئے۔ دوران حیات وہ والدہ کی پنشن وصول نہ کر سکے۔ فدویہ کی ایک اور بہن موجود ہے لیکن وہ بیوہ ہیں اور اپنے شوہر کی پنشن وصول کر رہی ہیں۔ اس لیے شکایت کنندہ جو کہ دوسری اولاد ہیں پنشن کی حقدار ہیں۔ فدویہ اپنی والدہ کے پنشن کے کاغذات دفتر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ میں جمع کروانے کی غرض سے گئیں تو وہ انکاری ہو گئے اور فدویہ کے خلاف انکوائری کرنے کی دھمکی دی۔

۲۔ شکایت کنندہ نے گزارش کی ہے کہ وہ ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں اور اپنی والدہ کی پنشن حقدار ہیں۔ متعلقہ افسران اور اہلکاران کو ہدایت کی جائے کہ فدویہ کا پنشن کیس تصدیق کر کے اے۔جی آفس بھجوائیں تاکہ پنشن وصول کی جا سکے۔

۳۔ ایجنسی کی رپورٹ مورخہ 14.03.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کا کیس بذریعہ ڈاک نمبر 308/CT مورخہ 28.01.2020 کو اے۔جی آفس پنجاب لاہور میں جمع کروا دیا گیا ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ کے مطابق انہوں نے تمام ضروری کاغذات محکمہ کو جمع کروا دیئے ہیں اور ان کا کیس اے۔جی آفس پنجاب لاہور میں زیر کارروائی ہے۔ تاحال انہیں پنشن نہ ملی ہے لہذا متعلقہ محکمہ کو ہدایت کی جائے کہ ان کی پنشن جاری کی جائے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے تحریری طور پر درخواست جمع کروائی ہے کہ دفتر محتسب پنجاب کی کاوش سے اسے پنشن جاری ہو گئی ہے۔ لہذا درخواست شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20ATK0002808

تاریخ فیصلہ: 11.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی فیملی پنشن

شکایت کنندہ نے درخواست ہذا میں تحریر کیا ہے کہ اس کے والد محکمہ تعلیم اٹک میں پی۔ایس۔ٹی ٹیچر تھے جو 04-10-2015 کو فوت ہو گئے اس کی والدہ پہلے ہی فوت ہو چکی ہے۔ وہ اپنے مرحوم والدین کی اکلوتی بیٹی ہے۔ اس کا خاوند بھی مورخہ 04-21-2015 کو فوت ہو گیا اور تب سے وہ بیوگی کی زندگی گزار رہی ہے قواعد کے مطابق وہ بطور بیوہ بیٹی اپنے والد کی پنشن لینے کی حق دارہ ہے۔ اس حوالے سے اس نے محکمہ تعلیم کی وساطت سے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس اٹک کو برائے ادائیگی فیملی پنشن درخواست دی تو انھوں نے فیملی پنشن کیس پر اعتراض لگا کر کیس واپس کر دیا جس پر اعتراضات دور کر کے دوبارہ درخواست متعلقہ محکمہ کو بھجوائی لیکن مسئلہ حل نہ ہوا۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ اس کو والد کی پنشن بطور فیملی پنشن ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس اٹک سے دلوائی جائے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس اٹک کی جانب سے بروئے مراسلہ نمبر ڈی۔اے۔او/اے۔کے/پی۔ای۔این/ایچ۔ایم/1539 مورخہ 31-12-2019 رپورٹ موصول ہوئی۔ جس کے مطابق شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کیس منظور ہو چکا ہے اور پنشن اتھارٹی بحق شکایت کنندہ جاری کر دی گئی ہے۔ اس طرح شکایت کنندہ کو فیملی پنشن کے بقایاجات مبلغ 642،304 روپے مع ماہانہ فیملی پنشن مبلغ 11،588 روپے کی رقم اس کے بنک اکاونٹ میں بھجوادی جائے گی۔

۳۔ شکایت کنندہ کو موصولہ رپورٹ ایجنسی کی کاپی بغرض جواب الجواب بھجوائی گئی جس کے جواب میں اس نے فیملی پنشن کی عدم ادائیگی کے حوالے سے دفتر ہذا کو بذریعہ درخواست مطلع کیا کہ اس کا مسئلہ حل نہ ہوا ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ کی طرف سے اعتراضی جواب موصول ہونے پر ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس اٹک سے مفصل رپورٹ طلب کی گئی۔ جس پر ڈپٹی اکاونٹنٹ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس اٹک نے دفتر ہذا میں پیش ہو کر تحریری رپورٹ دی کہ غلطی سے شکایت کنندہ کی بجائے سلطان خان کے نام پر حبیب بنک لمیٹڈ کھوڑ برانچ ضلع اٹک کے نام چیک برائے ادائیگی جاری ہو گیا تھا جو واپس موصول ہو گیا ہے۔ شکایت کنندہ کو ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر اٹک کے دستخط سے دوبارہ چیک جاری کر دیا گیا ہے اور شکایت کنندہ کے حق میں وصولی پنشن کی اتھارٹی بھی جاری کر دی گئی ہے لہذا وہ اپنے متعلقہ بنک سے رابطہ کر کے رقم وصول کر لے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے اپنے والد سلطان خان جو محکمہ تعلیم اٹک میں پی۔ایس۔ٹی ٹیچر تھے کی وفات پر فیملی پنشن کی عدم ادائیگی کے حوالے سے دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ جس پر ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس اٹک سے رپورٹ طلب کی گئی۔ موصولہ رپورٹ ایجنسی کے مطابق شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کیس منظور ہو کر بقایاجات مبلغ 642،304 روپے مع ماہانہ پنشن 11،588 روپے اس کے بنک اکاونٹ میں بھجوادیے گئے ہیں اور شکایت کنندہ کے حق میں اتھارٹی بابت وصولی پنشن بھی جاری کر دی گئی ہے۔ وہ اپنے متعلقہ بنک سے رابطہ کر کے رقم وصول کر سکتی ہے۔ شکایت کنندہ نے بھی ٹیلی فون پر دفتر ہذا کو مطلع کیا کہ اس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے لہذا وہ کیس ہذا کی مزید پیروی نہ چاہتی ہے۔ پیش آمدہ ریکارڈ کے مطابق شکایت کنندہ کی دادرسی ہو چکی ہے۔ اس لئے شکایت / درخواست بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20MLT0005675

تاریخ فیصلہ: 06.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: فیملی پنشن کے بقایاجات حاصل کرنے کی استدعا۔

شکایت کنندہ کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، بہاولنگر سے فیملی پنشن مل رہی ہے لیکن مورخہ 29.02.2019 تا 31.2020.01 کے بقایاجات تاحال نہ ملے ہیں۔ ان حالات میں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، بہاولنگر سے فیملی پنشن کے بقایاجات کی ادائیگی کروانے کے لئے موجودہ شکایت دائر کی گئی ہے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر، بہاولنگر کی جانب سے داخل کردہ رپورٹ مورخہ 12.08.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کے بقایاجات فیملی پنشن مبلغ -/90832 روپے کا بل پاس ہو چکا ہے۔ ماہ اگست 2020 میں پاس ہونے والے بل کے تحت ستمبر 2020 کے آغاز میں انہیں رقم مل جائے گی۔

۳۔ شکایت کنندہ کو جواب الجواب داخل کرنے کیلئے دفتر ہذا کی جانب سے نوٹس جاری کر کے 25.08.2020 کی تاریخ مقرر کی گئی مگر شکایت کنندہ نے مقررہ تاریخ پر اپنا تحریری جواب الجواب داخل نہ کیا۔

۴۔ کارروائی سماعت میں شکایت کنندہ کے پسر وجیہ الرحمٰن نے بتایا کہ ان کے نانا سید اسحاق شاہ محکمہ پولیس کے پنشنر تھے۔ ان کی وفات کے بعد شکایت کنندہ کی والدہ بطور بیوہ فیملی پنشن بنیں۔ مذکوریہ مورخہ 28.07.2019 کو وفات پا گئیں تو اس کے بعد شکایت کنندہ بطور بیوہ دختر پنشن کی حقدار بنیں انہیں باقاعدگی سے پنشن مل رہی ہے۔ مورخہ 29.02.2019 تا 31.01.2020 کے بقایاجات پنشن مبلغ -/90832 روپے واجب الادا تھے جس کے لئے موجودہ شکایت دائر کی گئی۔ اب جملہ واجبات ادا کر دیئے گئے ہیں اس طرح سے موجودہ شکایت بارآور ہو گئی ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ سیدہ منور فاطمہ کے والد سید اسحاق شاہ محکمہ پولیس کے ملازم تھے۔ ان کی وفات کے بعد فیملی پنشن ان کی بیوہ سکینہ بی بی کے نام منظور ہوئی۔ مذکوریہ مورخہ 28.02.2019 کو وفات پا گئیں تو شکایت کنندہ بطور بیوہ دختر فیملی پنشنر بنیں انہیں باقاعدگی سے پنشن مل رہی ہے۔ 11 ماہ کے بقایاجات مالیتی -/90832 روپے واجب الادا تھے جس پر موجودہ شکایت دائر کی گئی۔ شکایت کنندہ کے پسر کے بیان کے مطابق بقایاجات کی مکمل رقم انہیں ستمبر 2020 میں ادا ہو چکی ہے۔ ان حالات میں موجودہ شکایت بارآور ہو گئی ہے اسے بصیغہ حق رسی نمٹایا جاتا ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر POP20BWP0004330

تاریخ فیصلہ: 06.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی تنخواہ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ وہ مورخہ 04.08.2016 سے مورخہ 9.09.2019 تک بطور (ایس۔ایس۔ای۔انگلش بی۔ایس۔16) کنٹریکٹ کی بنیاد پر گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کھیالی شاہ پور تحصیل وضلع گجرانوالہ میں اپنے فرائض سرانجام دیتی رہی جس کی ماہانہ تنخواہ سائلہ کو پرسنل نمبر 31997428 کے تحت مورخہ 01.12.2017 سے جاری کی گئی تھی جبکہ سائلہ کی تنخواہ مورخہ 04.08.2016 تا 30.11.2017 کی اس کو تاحال ادا نہ کی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں سائلہ بارہا اکاؤنٹ آفس گوجرانوالہ چکر لگا چکی ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے۔ اب جبکہ سائلہ کی شادی بہاولپور ہو چکی ہے اور سائلہ کو بھی مورخہ 19.03.2019 کو ضلع بہاولپور ٹرانسفر کر دیا گیا ہے ایسے میں اس کیلئے اکاؤنٹ آفس گجرانوالہ کے چکر لگانا بہت مشکل ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ اکاؤنٹ آفس گجرانوالہ کو حکم صادر فرمایا جائے کہ وہ سائلہ کی تنخواہ مورخہ 04.08.2016 تا 30.06.2017 کی ادائیگی یقینی بنائے تاکہ اسے درپیش مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

۲۔ منجانب ایجنسی / ڈسٹرکٹ آکاؤنٹس آفیسر گجرانوالہ رپورٹ مورخہ 20.08.2020 موصول ہوئی جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ شکایت کنندہ کی تنخواہ کا بل (pay bill) بذریعہ ڈاک بحوالہ آفس ڈائری نمبر 2778 مورخہ 27.04.2020 موصول ہوا۔ بے بل اس ہدایت کے ساتھ واپس کیا گیا کہ اس پر کنٹرولنگ آفیسر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) گوجرانوالہ کے کاونٹر سائن نہ ہیں۔ لہٰذا متعلقہ اتھارٹی کے کاونٹر سائن کروا کر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر گوجرانوالہ کو بھجوایا جائے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے جواب الجواب مورخہ 08.07.2020 کو داخل کیا جس میں ڈسٹرکٹ آکاؤنٹس آفیسر گوجرانوالہ کی طرف سے اس کی تنخواہ کے بل کو کاونٹر سائن کروانے کے اعتراض کو غلط قرار دیا اور واضح کیا کہ وہ بذات خود سکیل 16 کی آفیسر ہونے کی بنا پر اپنی تنخواہ کے بل براہ راست جمع کروانے کا استحقاق رکھتی ہیں۔ شکایت کنندہ نے مزید زور دیا کہ اگر ڈسٹرکٹ آکاؤنٹس آفیسر صاحب گوجرانوالہ کو اس کی تنخواہ کا بل بہر حال کاونٹر سائن کروانا ہی تھا تو بھی اس بل کو وہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبہ (خواتین) گوجرانوالہ سٹی کو بھجوا دیتے جو روٹین کے مطابق اس پر کاونٹر سائن کر کے اکاؤنٹس آفس گوجرانوالہ کو واپس بھیج دیتی جس پر پچھلے چار سال سے رکی اس کی تنخواہ کی ادائیگی ہو سکتی تھی۔

۴۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس گوجرانوالہ کی جانب سے بذریعہ رپورٹ اگاہ کیا گیا کہ بے رول مورخہ 13.08.2020 بذریعہ ڈاک موصول ہوا تو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) گوجرانوالہ نے 13.08.2020 کو ہی منظور کر کے شکایت کنندہ کی تنخواہ کی رقم مبلغ -/3,68,759 روپے اس کے بینک اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کر دی جس سے اس کی دادرسی ہو چکی ہے۔ شکایت کنندہ کے خاوند محمد شاہد حسین نے حاضر آ کر شکایت کنندہ کی دادرسی ہونے پر اس کی طرف سے دستخط شدہ تحریری تشکر نامہ بھی داخل دفتر ہذا کیا۔

۵۔ متعلقہ ایجنسیز چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی گوجرانوالہ اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس گوجرانوالہ کی طرف سے شکایت کنندہ کی تنخواہ کی رقم مبلغ -/3,68,759 روپے اس کے بینک اکاؤنٹ میں بھجوا دی گئی جس سے شکایت کنندہ کی دادرسی ہو گئی۔ تاہم ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، گوجرانوالہ کی بدانتظامی عیاں ہے، کیونکہ بل پر جو بھی اعتراض تھا وہ بروقت متعلقہ افسر کو بھجوایا جانا چاہیے تھا لیکن بے جا تاخیر کی گئی جو کہ دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 2(2) کے تحت بدانتظامی ہے اور قابل مواخذہ ہے۔ نیز اس طرح کے تاخیری حربوں سے حقداران کے چکر لگوائے جاتے ہیں اور عمومی طور پر رشوت طلب کی جاتی ہے جو کہ افسران اور اداروں کیلئے بدنامی کا باعث بنتی ہے۔ اندریں حالات اکاؤنٹ جنرل پنجاب، لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ معاملہ انکوائری کروائیں اور نتائج کی روشنی میں تاخیر کے ذمہ دار کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لا کر دفتر محتسب پنجاب کو اندر 30 یوم بذریعہ تعمیلی رپورٹ آگاہ کریں۔ ان تصریحات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20MLT0007452

تاریخ فیصلہ: 06.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی جی پی فنڈ

شکایت کنندہ کے خاوند حق نواز، ای ایس ٹی ٹیچر, گورنمنٹ ہائی سکول، شاہ پور اُبھہ تحصیل شجاع آباد ضلع ملتان دوران ملازمت مورخہ 18.05.2013 کو وفات پاگئے تھے۔ انہوں نے حصول جی پی فنڈ کے لئے محکمہ تعلیم میں مکمل کاغذات جمع کروائے تھے مگر انہیں کسی پیش رفت سے آگاہ نہ کیا گیا ہے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ای ای۔ایم) ملتان کی رپورٹ مورخہ 10.09.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کو کچھ حقوق مل چکے ہیں جب کہ جی پی فنڈ اور بقیہ حقوق کے لئے کارروائی جاری ہے۔

۳۔ ایجنسی کی جدید رپورٹ مورخہ 26.09.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کے جی پی فنڈ کا بل ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس، ملتان میں جمع کروادیا گیا ہے۔

۴۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، ملتان کی رپورٹ کے مطابق مراسلہ نمبری 135 مورخہ 03.10.2020 کے تحت شکایت کنندہ کے حق میں ان کے متوفی خاوند کے جی پی فنڈ مالیتی -/171400 روپے کی ادائیگی کی حتمی اتھارٹی جاری کر دی گئی ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب مورخہ 12.10.2020 میں ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس، ملتان کو جلد ادائیگی جی پی فنڈ کی استدعا کی ہے۔

۶۔ کارروائی سماعت میں شکایت کنندہ نے بتایا کہ ان کی درخواست پر ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، ملتان نے جی پی فنڈ کی ادائیگی کے لئے حتمی اتھارٹی جاری کر دی ہے۔ انہیں جلد ادائیگی کی ہدایت کے ساتھ موجودہ شکایت کو نمٹا دیا جائے۔

۷۔ شکایت کنندہ کے خاوند حق نواز، ای ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول شاہ پور اُبھہ تحصیل شجاع آباد ضلع ملتان دوران ملازمت وفات پاگئے تھے۔ ان کے جی پی فنڈ کا کیس محکمہ تعلیم نے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، ملتان کے پاس جمع کروایا تھا اس پر مذکور نے فائنل پے منٹ اتھارٹی برائے -/171400 روپے جاری کر دی ہے۔ ان حالات میں ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، ملتان کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ 15 یوم کے اندر جی پی فنڈ کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ اس ہدایت کے ساتھ موجودہ شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20MLT0008004

تاریخ فیصلہ: 09.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب/ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: کمیوٹ شدہ پنشن کی بحالی کی استدعا

شکایت کنندہ مسماۃ زہراں بی بی نے بطور بیوہ اور فیملی پنشنر اپنے متوفی خاوند کی پنشن کی بحالی کے لئے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، خانیوال سے رجوع کیا مگر بدنیتی اور لیت ولعل سے کام لیتے ہوئے سات ماہ گزرنے کے باوجود ان کی دادرسی نہ کی گئی تو انہوں نے موجودہ شکایت دائر کی ہے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، خانیوال کی جانب سے موصولہ رپورٹ مورخہ 21.09.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کے متوفی خاوند کی کمیوٹ کی جانے والی پنشن مورخہ 29.12.2012 کو بحال کر دی گئی تھی اور مذکوریہ کے پرسنل نمبر 31192347 کے تحت ان کی اضافہ شدہ پنشن کے بقایاجات مالیتی -/1,53,354 روپے ماہانہ پنشن برائے ستمبر 2020 کے ساتھ جاری کر دیئے گئے ہیں۔

۳۔ شکایت کنندہ کی جانب سے ان کے پسر اقبال جاوید نے جواب الجواب مورخہ 06.10.2020 میں یہ موقف اختیار کیا کہ ان کی والدہ کو 29.12.2012 سے قبل کی بحال شدہ ڈبل پنشن ملنی چاہیے۔ بحالی سے قبل ان کے والد کی پنشن 22,000 روپے تھی۔ اکاونٹس آفس والوں نے اس کام میں بلاوجہ آٹھ ماہ کا وقت لگایا۔ ان کے علم کے مطابق 72 سال کی عمر میں پنشن ڈبل ہو جاتی ہے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس خانیوال کی تیار کردہ اضافی پنشن کی تفصیلی سٹیٹمنٹ مانگی ہے۔

۴۔ ایجنسی کے نمائندہ محمد اسلم میونے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر خانیوال کی دستخط شدہ تفصیلی سٹیٹمنٹ برائے بحالی اضافہ فیملی پنشن پیش کی جو شکایت کنندہ کے پسر کے حوالے کر دی گئی۔

۵۔ شکایت کنندہ کے پسر نے یہ استدعا کی وہ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، خانیوال سے اضافہ و بحالی پنشن کے حساب کے لئے ذاتی طور پر عرض کریں گے۔ انہیں ہدایت کر دی جائے کہ وہ جب بھی ان کے دفتر جائیں وہ مشفقانہ طور پر موقف سن کر انہیں مطمئن کریں۔

۶۔ شکایت کنندہ زہراں بی بی کے خاوند خوشی محمد نے 60 سال عمر پوری ہونے سے قبل محکمہ زراعت خانیوال میں مورخہ 26.12.1995 کو ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ ان کی وفات مورخہ 06.04.2018 کے بعد زہراں بی بی فیملی پنشنر بنیں۔ شکایت کنندہ کے بقول ان کے خاوند زندگی میں کمیوٹ شدہ پنشن بحال نہ کرواسکے جس کے لئے موجودہ شکایت دائر کی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، خانیوال کی رپورٹ کے مطابق متوفی کی کمیوٹ کی گئی پنشن بشرح 50 فیصد مورخہ 29.12.2012 کو بحال کر دی گئی تھی اور اب ان کے بقایاجات مالیتی 1,53,354 روپے مذکوریہ کے پرسنل نمبر 31192347 کے تحت بھجوادیئے گئے ہیں۔ نیز ماہ ستمبر 2020 کی اضافہ شدہ پنشن بھی جاری کر دی گئی ہے جسے شکایت کنندہ کے پسر اقبال جاوید نے تسلیم کیا ہے۔ ان کے اعتراض واستدعا پر ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، خانیوال نے پنشن کے اضافہ کی تفصیل مع مہر و دستخط جاری کر کے اس کی نقل شکایت کنندہ کو فراہم کر دی ہے۔ اس طرح سے شکایت بارآور ہو گئی ہے۔ تاہم اگر شکایت کنندہ کے پسر کسی وضاحت یا اپنے اطمینان کے لئے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، خانیوال سے رجوع کریں تو وہ انہیں پوری طرح مطمئن کریں گے۔ بحالات بالا شکایت بارآور ہونے پر نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20VHR0007914

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: استدعا برائے ادائیگی جی۔پی۔فنڈ

شکایت کنندہ کی درخواست کے مطابق اس نے جی پی فنڈ کی ادائیگی کے لیے مورخہ 19.03.2020 کو تمام اعتراضات دور کرنے کے بعد متعلقہ ایجنسی سے رجوع کیا تھا مگر تاحال اس کو جی پی فنڈ ادا نہ کیا گیا ہے۔ اس نے استدعا کی ہے کہ اسے جی پی فنڈ کی ادائیگی کروائی جائے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر وہاڑی کی رپورٹ مورخہ 16.09.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کے جی پی فنڈ کا بل مورخہ 03.08.2020 کو موصول ہوا۔ اور اُسے مبلغ -/1793204 روپے کی ادائیگی کی جاچکی ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بیانی ہے کہ اسے جی پی فنڈ کی رقم مبلغ -/1793204 روپے مل چکی ہے جس پر وہ دفتر محتسب پنجاب کے شکر گزار ہیں۔

۴۔ شکایت ہذا جی پی فنڈ کی ادائیگی کی بابت دائر کی گئی تھی۔ جس پر موصولہ رپورٹ ایجنسی کے بارے میں درخواست گزار نے حاضر ہو کر تصدیق و تائید کی ہے کہ اس نے رقم مبلغ -/1793204 روپے وصول کر لی ہے۔

۵۔ بحالات بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWP0005985

تاریخ فیصلہ: 12.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی فیملی پنشن

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے، کہ ان کے شوہر نور بخش مرحوم پنشنر کی فیملی پنشن دو بیوگان مسماۃ نذیر بیگم اور مسماۃ اشرف مائی پی۔پی۔او نمبر R.Y.K/F/2779 کے تحت وصول کر رہی تھیں، جبکہ مسماۃ اشرف مائی مورخہ 11.10.2007 کو وفات پاچکی ہے۔ جس کی پنشن کی ادائیگی نہ ہوئی ہے، اور سائلہ اپنے متوفی شوہر کی مکمل پنشن لینے کی واحد حقدار ہے۔ اس سلسلہ میں سائلہ نے فیملی پنشن کیس مکمل کر کے بتوسط پرنسپل

گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول ظاہر پیر چٹھی نمبر 375 مورخہ 10.03.2020 دفتر خزانہ رحیم یار خان ارسال کیا۔ لیکن تاحال کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے۔لہذا استدعا کی گئی ہے، کہ دفتر خزانہ رحیم یار خان کو مناسب احکامات صادر کئے جائیں، کہ وہ سائلہ کی فیملی پنشن مع تمام مراعات بحال کرے تاکہ اس کی مالی معاونت ہو سکے۔

۲۔ رپورٹ منجانب ڈسٹرکٹ آکاونٹس آفیسر رحیم یار خان، مورخہ 04.08.2020 موصول ہوئی، جس میں وضاحت کی گئی، کہ شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کیس نامکمل ہونے کی وجہ سے ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول ظاہر پیر کو بذریعہ ڈائری نمبر 1194 مورخہ 13.05.2020 کو واپس بھیجا جاچکا ہے لہذا ہیڈ مسٹریس مذکورہ کو ہدایت کی جائے، کہ وہ شکایت کنندہ کا کیس تمام لوازمات کی تکمیل کے بعد دوبارہ دفتر ہذا ارسال کرے۔ تاکہ شکایت کنندہ کی فیملی پنشن جاری کی جاسکے۔

۳۔ جبکہ رپورٹ منجانب ایجنسی / پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول ظاہر پیر ضلع رحیم یار خان مورخہ 25.08.2020 موصول ہوئی، جس میں وضاحت کی گئی، کہ شکایت کنندہ کا اعتراضی فیملی پنشن کیس مورخہ 19.05.2020 موصول ہوا جسکے اعتراض دور کرکے دوبارہ دفتر خزانہ رحیم یار خان مورخہ 24.08.2020 کو ارسال کیا جاچکا ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب مورخہ 17.09.2020 میں رپورٹ ایجنسی / ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول ظاہر پیر کی تائید کرتے ہوئے استدعا کی ہے، کہ اس کی فیملی پنشن کیس پر لگے اعتراضات رفع ہو چکے ہیں لہذا اس کی پنشن بلا تاخیر جاری کرائی جائے۔

۵۔ شکایت کنندہ بذات خود جبکہ منجانب ایجنسی /ڈسٹرکٹ آکاونٹس آفیسر رحیم یار خان رپورٹ موصول ہوئی، جس میں وضاحت کی گئی، کہ شکایت کنندہ کے فیملی پنشن کیس کی تکمیل ہو چکی ہے۔اور شکایت کنندہ کی ماہانہ پنشن مع بقایاجات و مراعات مبلغ۔/588,095 اس کے بینک آکاونٹ میں ٹرانسفر کر دیئے گئے ہیں۔ جبکہ شکایت کنندہ نے اپنی حق رسی ہونے پر تحریری طور پر دفتر ہذا کا شکریہ ادا کیا۔ شکایت ہذا محتسب برائے صوبہ پنجاب (رجسٹریشن، انویسٹی گیشن اور ڈسپوزل آف کمپلینٹس) ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے ریگولیشن 9(1) کے تحت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWP0001459

تاریخ فیصلہ: 12.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب /ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: حصول برائے فیملی پنشن

درخواست ہذا پرانے۔ سی۔ آئی۔ ایم۔ ایس۔ نمبر 19 / POP-BWP-0000093 کے تحت مورخہ 06.05.2019 رجسٹرڈ کی گئی، بعد ازاں اس کو نئے۔ سی۔ آئی۔ ایم۔ ایس۔ میں مورخہ 12.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا-

۲۔ شکایت کنندہ نے بیان کیا ہے، کہ اس کے والد حضور بخش ولد سردار محمد بطور وارڈ سرونٹ دیہی مرکز صحت ہیڈ راجکاں تحصیل یزمان ضلع بہاولپور میں مستقل ملازم تھے جو دوران سروس مورخہ 21.05.1996 کو وفات پا گئے۔بعد ازاں سائل کی والدہ مسماۃ نسیم بی بی بذریعہ ۔پی۔پی۔او۔ نمبر 1101 فیملی پنشن وصول کرتی رہی جس نے مورخہ 21.07.1997 کو دوسری شادی کرلی جس کی وجہ سے فیملی پنشن بند ہو گئی تھی۔اس دوران شکایت کنندہ اور اس کی بہن بہت چھوٹے تھے تو سائل کے رشتہ داروں نے پنشن کے اجراء کے سلسلہ میں متعدد بار درخواستیں دیں لیکن کوئی شنوائی نہ ہوئی، جبکہ قانونی طور پر شکایت کنندہ اور اس کی بہن اپنی والدہ کی دوسری شادی کے بعد اپنے والد کی پنشن کے حقدار تھے۔اس سلسلہ میں سائل نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بہاولپور کو متعدد بار درخواستیں گزاریں، لیکن تاحال کوئی شنوائی نہ ہوئی ہے۔ جبکہ مورخہ 05.11.2018 کو سائل کی ہمشیرہ کی شادی ہو چکی ہے، لیکن سائل تاحال غیر شادی شدہ اور بے روزگار ہے۔استدعا کی گئی ہے، کہ محکمہ صحت بہاولپور کو حکم صادر کیا جائے، کہ وہ سائل اور اسکی بہن کی فیملی پنشن مع بقایاجات کا کیس بمطابق قانون بلا تاخیر منظور کرکے دفتر خزانہ بہاولپور ارسال کرے، تاکہ ان کی مالی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

۳۔ رپورٹ منجانب ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر بہاولپور مورخہ 15.05.2019 موصول ہوئی، جس میں وضاحت کی گئی، کہ شکایت کنندہ کا فیملی پنشن کیس مع مطلوبہ مصدقہ دستاویزات بعد از منظوری ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولپور کی طرف سے ان کے دفتر موصول نہ ہوا ہے، شکایت کنندہ کو ہدایت کی جا سکتی ہے، کہ وہ اصل پنشن بک نمبر 1101 فراہم کرے تاکہ تاکہ دفتر ہذا کی آخری ادائیگی کی تصدیق کی جاسکے۔

۴۔ جبکہ رپورٹ منجانب ایجنسی / چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولپور مورخہ 07.07.2020 کو موصول ہوئی، جس میں وضاحت

کی گئی، کہ سینئر میڈکل آفیسر۔ آر۔ایچ۔سی۔ہیڈ راجکاں کی طرف سے متوفی ملازم سرکار کے بچوں کا فیملی پنشن کیس مکمل کر کے بذریعہ لیٹر نمبر SMO/RHC/187 مورخہ 06.07.2020 کو دفتر خزانہ ارسال کیا جاچکا ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب میں بیان کیا، کہ شکایت کنندہ نے اپنی فیملی پنشن کیس پر تمام اعتراضات دور کر دیئے ہیں اور کیس متذکرہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولپور کے توسط سے دفتر خزانہ ارسال کیا جاچکا ہے۔لہذا اب دفتر خزانہ بہاولپور کو ہدایت کی جائے، کہ وہ فیملی پنشن مع بقایاجات کا حصہ از مورخہ 21.07.1997 تا 04.10.2018 تک دونوں بچوں میں تقسیم کرے۔ اور بعد از مورخہ 04.10.2018 مکمل پنشن کی ادائیگی سائل کو کی جائے چونکہ سائل کی بہن کی شادی مورخہ 05.11.2018 کو ہو چکی ہے اور سائل تاحال غیر شادی شدہ اور بے روزگار ہے۔

۶۔ شکایت کنندہ بذات خود جبکہ منجانب ایجنسی / ڈسٹرکٹ آکاونٹس آفیسر بہاولپور رپورٹ موصول ہوئی، جس میں وضاحت کی گئی، کہ شکایت کنندہ کے فیملی پنشن کیس منظور ہو چکا ہے اور بمطابق قواعد شکایت کنندہ محمد وسیم مبلغ -/215430 روپے شاہینہ بی بی مبلغ -/236992 روپے بذریعہ پنشن رول ماہ ستمبر 2020 جاری کر دیا گیا ہے۔ مزید بر آں بقایا رقم مبلغ -/33766 مورخہ 01.08.1997 تا 30.06.2010 کی ادائیگی اکتوبر کے پنشن رول میں کر دی جائے گی۔ جبکہ شکایت کنندہ نے رپورٹ ایجنسی کی تائید کرتے ہوئے دفتر ہذا کا تحریری طور پر شکریہ ادا کیا ہے۔

۷۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی محتسب برائے صوبہ پنجاب (رجسٹریشن، انویسٹی گیشن اور ڈسپوزل آف کمپلینٹس) ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے ریگولیشن 9(1) کے تحت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWN0001889

تاریخ فیصلہ: 15.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: استدعا برائے ادائیگی جی پی فنڈ

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں نمبر POP-BWN-233/2019 کے تحت مورخہ 30.09.2019 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں اسے مورخہ 15.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ کے مطابق اس کا خاوند محمود الحسن صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں بطور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر فرائض سرانجام دیتا رہا۔ وہ عارضہ قلب میں مبتلا تھا جس کی وجہ سے اس نے مورخہ 15.01.2011 کو ملازمت سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی اور بعد ازاں وہ مورخہ 23.09.2017 کو وفات پا گیا۔ مسمی محمود الحسن (مرحوم) مورخہ 08.12.1975 تا 07.08.1981 ضلع ملتان، مورخہ 07.01.1991 تا 1991.27.03 ضلع ڈیرہ غازیخان، مورخہ 28.03.1991 تا 11.11.1991 مظفر گڑھ مورخہ 09.06.2009 تا 14.02.2010 ضلع راجن پور میں تعینات رہے لیکن متذکرہ بالا اضلاع کے عرصہ تعیناتی کا جی پی فنڈ موصول نہیں ہوا۔ شکایت میں جی پی فنڈ کے بقایاجات دلوائے جانے کی استدعا کی گئی ہے۔

۳۔ مندرجات شکایت کے مطابق شکایت ہذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء اور ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے تحت قابل سماعت پائی گئی۔

۴۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ٹوبہ ٹیک سنگھ نے بروئے رپورٹ مورخہ 12.11.2019 تحریر کیا کہ شکایت کنندہ کے خاوند مسمی محمود الحسن کو جی پی فنڈ کی حتمی ادائیگی مورخہ 17.10.2016 کو کی گئی اور بقایا جی پی فنڈ کی ادائیگی کے لیے ٹرانسفر پروفارما ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس راجن پور، ڈیرہ غازی خان کو بھجوا دیئے گئے ہیں جونہی بقایا جی پی فنڈ موصول ہو گا، بلا تاخیر ادائیگی کر دی جائے گی۔

۵۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب موصولہ مورخہ 03.12.2019 میں شکایت میں دیئے گئے اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے تحریر کیا کہ وہ رپورٹ محکمہ سے مطمئن نہ ہے کیونکہ رپورٹ میں صرف دو اضلاع سے جی پی فنڈ ٹرانسفر کروانے کا ذکر ہے جبکہ اس نے اپنی شکایت میں چار اضلاع کا ذکر کیا ہے لہٰذا شکایت کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۶۔ شکایت کی مشترکہ سماعت کے لیے فریقین کو نوٹس جاری کیا گیا۔ شکایت کنندہ اصالتاً حاضر آئیں جبکہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے کوئی حاضر نہ آیا البتہ متعلقہ آڈیٹر نے بذریعہ فون مطلع کیا کہ شکایت کنندہ کا معاملہ زیر کارروائی ہے، جلد جی پی فنڈ کے بقایاجات کی ادائیگی کر دی جائے گی۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے اضافی رپورٹ مورخہ 24.03.2020 موصول ہوئی کہ شکایت کنندہ کو اس کے خاوند کے بقایاجی پی فنڈ کی قم مبلغ 103360 روپے کی ادائیگی مورخہ 16.03.2020 کو کر دی گئی ہے۔

۷۔ شکایت کنندہ کو رپورٹ محکمہ کے مندرجات سے آگاہ کیا گیا جس پر اس نے رپورٹ محکمہ کے مندرجات کی تائید کرتے ہوئے بتلایا کہ محکمہ نے اُسے جی پی فنڈ کے تمام بقایاجات کی ادائیگی کر دی ہے۔ دفتر محتسب پنجاب کے تعاون سے اس کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے جس پر وہ دفتر محتسب پنجاب کی ممنون ہے اس بارے اس نے مورخہ 20.08.2020 کو اپنا تحریری بیان بھی داخل کیا۔

۸۔ پیشی آمدہ حقائق کے مطابق ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ٹوبہ ٹیک سنگھ نے شکایت کنندہ کو اس کے خاوند مسمی محمود الحسن (مرحوم) کے جی پی فنڈ کے بقایاجات کی ادائیگی کر دی ہے جس کی تصدیق شکایت کنندہ نے اپنے تحریری بیان کے ذریعے بھی کی ہے۔ چونکہ شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20JHG0000515

تاریخ فیصلہ: 09.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب / ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسرز

عنوان: مالی امداد کی فراہمی میں تاخیر کا نوٹس لینے کی استدعا

شاہدہ بی بی (شکایت کنندہ) کے مطابق ان کے خاوند تحصیل آفس بھوانہ ضلع چنیوٹ میں نائب قاصد تعینات تھے جو دوران سروس وفات پا گئے، وہ اپنے خاوند کی وفات کے بعد مالی اعانت کی رقم کے حصول کے لئے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ سے متعدد مرتبہ رجوع کر چکی ہیں لیکن اسے اب تک مالی امداد کی رقم فراہم نہ کی گئی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر چنیوٹ اور ڈپٹی کمشنر چنیوٹ کو ہدایت کی جائے کہ وہ اسے مالی اعانت کی رقم فراہم کریں۔

۲۔ ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر چنیوٹ 1 نے تحریری رپورٹ کے ذریعے مطلع کیا کہ انہیں ڈپٹی کمشنر آفس چنیوٹ کی جانب سے نہ تو شکایت گزار کی مالی امداد کی ادائیگی کا بل موصول ہوا ہے اور نہ ہی مذکورہ امداد کی ادائیگی کے لئے فنڈز موصول ہوئے ہیں، مجاز اتھارٹی کی جانب سے مالی امداد کے فنڈز کی فراہمی اور ڈی۔ سی۔ آفس چنیوٹ کی جانب سے بل موصول ہونے پر شکایت گزار کو مالی اعانت کی رقم کی ادائیگی ادا کر دی جائے گی۔

۳۔ مسٹر عبدالقدّوس جونیئر کلرک نے ایجنسی کی جانب سے مطلع کیا کہ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ فنڈز کے حصول کے لئے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور سے متعدد مرتبہ رجوع کر چکے ہیں، فنڈز موصول ہوتے ہی شکایت گزار کو مالی امداد کی رقم ادا کر دی جائے گی۔

۴۔ شکایت کے ساتھ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور کے حکم مورخہ 28.09.2018 کی نقل منسلک پائی گئی ہے جس میں فاضل ممبر مذکور نے شکایت گزار کو مالی امداد کی رقم مبلغ 16 لاکھ روپے کی ادائیگی کی منظوری دی لیکن یہ امر انتہائی حیران کن ہے کہ مذکورہ حکم کے اجرا کے بعد اب تک رقم متذکرہ بالا ڈپٹی کمشنر چنیوٹ کو فراہم نہ کی گئی ہے، یوں ایک بیوہ کو گزشتہ کئی سالوں سے مالی اعانت کی رقم سے محروم رکھنا ایجنسی حکام کی انتظامی بد عملی کے مترادف ہے۔ وفات پا جانے والے سرکاری ملازمین کے اہل خانہ کو ان کے واجبات کی بروقت ادائیگی کیلئے متوفی کے وارثان کی رہنمائی اور مدد کرنا افسران ایجنسی کی ذمہ داری ہے۔ وارثان متوفی چونکہ سرکاری طریق کار اور قواعد سے ناآشنا ہوتے ہیں اس لئے ایجنسی کے افسران پر لازم ہے کہ وہ مطلوبہ کوائف اور دستاویزات کی تیاری کیلئے وارثان متوفی کی مدد کیلئے کسی قابل اہلکار کو ذمہ داری سونپا کریں تاکہ متوفی کے وارثان پریشانی سے بچ سکیں۔ اس بارے میں غفلت اور تساہل سے کام لینا اور سال ہا سال تک ان معاملات کو یکسو نہ کرنا انتظامی غلط کاری کے زمرہ میں آتا ہے۔ لہٰذا محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شکایت کنندہ کی مالی اعانت کی رقم کی فراہمی کا معاملہ اندر ایک ماہ نمٹا کر اس کی دادرسی یقینی بنائیں اور دفتر ہذا کو بذریعہ تعمیلی رپورٹ آگاہ کریں۔

۵۔ ہدایت بالا کے تحت شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ



شکایت نمبر : POP20LH30005367

تاریخ فیصلہ: 16.12.2020

ڈیپارٹمنٹ: میٹروپولیٹن کارپوریشن،لاہور

عنوان: تجاوزات ختم کروانے کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق ملک لیاقت ولد نعمت علی نے صادق پلازہ کے قریب میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کی ملکیتی جگہ پر اڑھائی(2.5)مرلہ رقبہ پر ناجائز قبضہ کیا ہوا ہے اور بلڈنگ مٹیریل کی دکان بنا رکھی ہے،لہذا سرکاری جگہ واگزار کروائی جائے۔

۲۔ اسٹیٹ مینجمنٹ آفیسر، میٹروپولیٹن کارپوریشن،لاہور نے بذریعہ رپورٹ معاملہ کی وضاحت کی کہ بمطابق ریکارڈ متذکرہ بالا رقبہ میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کی ملکیت ہے جو کہ بروئے انتقال نمبر 11863 مورخہ 13.02.1999 محکمہ میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کو منتقل ہوا ہے۔ مسمی لیاقت علی ولد نعمت کی ملکیت نہ ہے بلکہ مذکور ناجائز قابض ہے۔ پیشتر ازیں بذریعہ عملہ ریگولیشن اس کا ناجائز قبضہ مورخہ 04.11.2019 کو ختم کروایا گیا تھا۔ مطابق ریکارڈ کاغذات مال موضع مزنگ تحصیل سٹی ضلع لاہور اس رقبہ کا مالک محکمہ میٹروپولیٹن کارپوریشن،لاہور ہے اور قابض بھی مذکورہ محکمہ ہے۔ لیاقت علی مذکور بالا صرف ناجائز قابض تھا اور آج تک کوئی ملکیتی ثبوت پیش نہ کر سکا بلکہ بوگس کاغذات پیش کر کے سول عدالت سے 120 مربع فٹ کی نسبت حکم امتناعی حاصل کیا ہوا ہے جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ لیاقت علی مذکور کی جانب سے مورخہ 04.12.2019 کو پیش کردہ درخواست میں اس نے واضح طور پر لکھا ہے کہ محکمہ کے تمام واجبات ادا کرنے اور مذکورہ جگہ سرکاری ریٹ کے مطابق محکمہ سے خریدنے کو تیار ہوں، جس سے صاف ظاہر ہے کہ مذکور ناجائز قابض ہے۔ محکمہ کی جانب سے متذکرہ حکم امتناعی ختم کروانے کی بھرپور پیروی کی جارہی ہے۔ معزز عدالت سے حکم امتناعی خارج ہوتے ہی ناجائز قبضہ ختم کروادیا جائے گا۔ محکمہ نے اپنے موقف کی پختگی میں فرد ملکیت، انتقال اور درخواست ناجائز قابض اپنے جواب کے ہمراہ لف کیں۔

۴۔ علاوہ ازیں شاہ نواز پٹواری سرکل مزنگ تحصیل سٹی لاہور نے اپنی رپورٹ میں تحریر کیا کہ حسب الحکم افسران بالا خسرہ نمبر 3413 موضع مزنگ تحصیل سٹی لاہور کا ریکارڈ ملاحظہ کیا گیا ہے۔ مطابق ریکارڈ بروئے انتقال 11863 تبدیل ملکیت منجانب پراونشل گورنمنٹ مقبوضہ محکمہ نزول بحق میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور مقبوضہ محکمہ نزول نمبر خسرہ 3413 رقبہ تعدادی 4 کنال 12 مرلے 19 مربع فٹ (چار کنال بارہ مرلے انیس مربع فٹ) مورخہ 13 فروری 1999 کو تصدیق ہوا ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے ایجنسی اور پٹواری محال اور ملک لیاقت علی ولد نعمت کے بیان کو مقدم رکھتے ہوئے مورخہ 27 اکتوبر 2020 کو بیان تحریر کروایا کہ اس کی پراپرٹی کے ساتھ کاریوریشن کے منظور شدہ یارک کی جگہ پر لیاقت علی ولد نعمت علی نے اڑھائی(2.5)مرلہ پر قبضہ کر کے دوکان بنائی ہوئی تھی۔ اپنا پراپرٹی نمبر S-76-R/33 بتلایا اور PTI کی نقل پیش کی۔ مابعد بتلایا کہ اس وقت PTI اس کے پاس نہیں ہے، بعد میں پیش کر دوں گا۔ اس کی شکایت پر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور نے کارروائی کرتے ہوئے ملک لیاقت کو نوٹس بھیجا کہ آپ نے کارپوریشن کی جگہ پر ناجائز قبضہ کیا ہوا ہے، اس لئے ملکیتی ثبوت اور نقشہ لے کر دفتر آئیں۔ چھان بین کے بعد قانونی کارروائی مکمل کر کے ملک لیاقت کو بتایا کہ آپ نے غیر قانونی طور پر سرکاری جگہ پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ ایم سی ایل نے کہا کہ وہ PTI کو نہیں مانتے محکمہ ایکسائز نے غلط اور بوگس PTI جاری کیا ہے۔ حالانکہ یہ جگہ کاریوریشن کی ہے۔ اس لئے مورخہ 9 جولائی 2019ء کو کاریوریشن نے دوکان کو مسمار کر دیا۔ ملک لیاقت نے جعلی اور بوگس PTI کی بنیاد پر عدالت دیوانی سے حکم امتناعی لیا ہوا ہے۔ محکمہ ایکسائز نے ملک لیاقت علی کے نام کا PTI شمار نمبر 670 منسوخ کر دیا ہے۔ حکم امتناعی 120 مربع فٹ پر ہے جبکہ ملک لیاقت علی نے رقبہ بقدر 2 مرلہ 70 مربع فٹ پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ کاریوریشن 120 مربع فٹ کی جگہ چھوڑ کر باقی جگہ کیوں نہیں واگزار کروارہی۔

۶۔ جبکہ مورخہ 27 اکتوبر 2020ء کو ملک لیاقت علی ولد نعمت علی نے بیان تحریر کروایا کہ وہ اپنے پہلے بیان مورخہ 29 ستمبر 2020ء کی تائید کرتا ہے۔ اس کا دعوی بعدالت جناب کامران کرامت صاحب سول جج لاہور زیر سماعت ہے جس میں تاریخ پیشی 9 نومبر 2020 مقرر ہے۔

۷۔ اسٹیٹ مینجمنٹ آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کی جانب سے پٹواری بطور نمائندہ ایجنسی، شاہنواز پٹواری محال موضع مزنگ تحصیل سٹی لاہور، حسن خالد شکایت کنندہ اور ملک لیاقت علی ولد نعمت علی (ناجائز قابض) پیش ہوئے۔ معاملہ زیر بحث کی وضاحت کرتے ہوئے مطلع کیا گیا کہ ملک لیاقت علی ولد نعمت علی خسرہ نمبر 3413 ملکیتی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے رقبہ بقدر اڑھائی(2.5)مرلہ مطابق حسن خالد شکایت کنندہ ناجائز قبضہ کر کے مذکورہ جگہ کو بطور عمارتی مٹیریل غیر قانونی طور پر بلا استحقاق استعمال کر کے ناجائز فائدہ اٹھا رہا ہے۔ جس پر ملک لیاقت علی مذکور نے مورخہ 29 ستمبر 2020ء کو بیان قلمبند کروایا کہ متنازعہ جگہ نزد صادق سنٹر لٹن روڈ اس کے والد نے خرید کی تھی اور PTI والد صاحب کے نام ہے۔ شکایت

کنندہ نے ان کے خلاف درخواستیں دینا شروع کر دیں۔ محکمہ کارپوریشن لاہور کی جانب سے اسے نوٹس موصول ہوئے جو کہ اس نے دیوانی عدالت میں چیلنج کر کے دعوی دائر کر دیا اور متنازعہ جگہ رقبہ تعدادی 120 مربع فٹ کا حکم امتناعی لے لیا۔ کارپوریشن لاہور سے اسے کوئی شکایت نہیں ہے۔ مذکورہ 120 مربع فٹ متنازعہ جگہ کے بارے سول کورٹ جو فیصلہ کرے گی اس کے وہ پابند ہوں گے۔ مزید بیان کیا کہ PTI کے علاوہ اس کے پاس کوئی رجسٹری یا فرد ملکیت تاحال نہیں ہے۔ ریکارڈ ملاحظہ کرنے کے بعد پیش کر دی جائے گی اور بیان میرے بھتیجے محمد شکیل ملک ولد محمد صدیق کی موجودگی میں تحریر کیا گیا ہے۔

۸۔ دوران کارروائی سماعت چوہدری پرویز اختر ولد چوہدری نور احمد ساکن 35 لٹن روڈ لاہور نے درخواست پیش کی کہ 35 لٹن روڈ پر سرکاری جگہ پر ناجائز قبضہ کی درخواست دفتر ہذا میں زیر سماعت ہے۔ کارپوریشن نے جواب جمع کرا دیا ہے اور لکھا ہے کہ معزز عدالت سے حکم امتناعی خارج ہوتے ہی ناجائز قبضہ ختم کرا دیا جائے گا۔ حالانکہ کارپوریشن کے خلاف کیس بنتا ہی نہیں ہے کیونکہ ملک لیاقت نے بوگس PTI(Shop/A/2/S.76.R-33)) لیا ہوا ہے لیکن کارپوریشن کی جگہ 2105935/LDA/ کی جگہ پر قبضہ کیا ہے۔ کارپوریشن کی جگہ کا حکم امتناعی جاری نہیں ہوا ہے، لہذا میرٹ پر فیصلہ کرتے ہوئے ناجائز قبضہ واگزار کرانے کا حکم صادر فرمائیں۔

۹۔ صفحہ مسل پر دوران انکوائری آمدہ دستاویزی ریکارڈ اور بیانات شکایت کنندہ حسن خالد اور ملک لیاقت علی (ناجائز قابض)، تحریری رپورٹ ہائے اسٹیٹ مینجمنٹ آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور، منشی شاہ نواز پٹواری حلقہ موضع مزنگ تحصیل سٹی لاہور اور چوہدری پرویز اختر کی درخواست کے نفس مضمون کے متن کو یکسو کرتے ہوئے معاملہ ہذا کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ہے۔ ریکارڈ کاغذات مال سے یہ بات ثابت شدہ ہے کہ نمبر خسرہ 3413 واقعہ موضع مزنگ لاہور بروئے انتقال نمبر 11863 مورخہ 13.02.1999 ملکیتی میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور ہے اور اس رقبہ میں ملک لیاقت علی ولد نعمت علی رقبہ بقدر 2 مرلہ -70 مربع فٹ پر بلڈنگ مٹیریل سٹور دوکان کی صورت میں ناجائز قابض ہے اور رقبہ ملکیتی میٹروپولیٹن کارپوریشن پر ناجائز طور پر قابض ہو کر ناجائز مفاد حاصل کر رہا ہے اور ملک لیاقت علی مذکور نے اس بات کو اپنے بیان میں تسلیم کیا ہے کہ اس نے رقبہ تعدادی 120 مربع فٹ کی نسبت فاضل عدالت دیوانی سے حکم امتناعی حاصل کر رکھا ہے۔ جبکہ وہ اپنے زیر تصرف رقبہ کی نسبت ملکیتی ثبوت پیش کرنے میں بری طرح ناکام ہوا ہے۔ لہذا چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی گئی کہ ملک لیاقت علی ولد نعمت علی سے رقبہ مجملہ نمبر خسرہ 3413 ملکیتی میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور ماسوائے 120 مربع فٹ، جس کی نسبت اس نے فاضل عدالت دیوانی لاہور سے حکم امتناعی حاصل کر رکھا، فوری طور سے اندر 20 یوم ناجائز قبضہ حسب ضابطہ واگذار کروانے کے لئے تحرک کرے۔ اور عملدرآمد رپورٹ دفتر ہذا میں ارسال کرے۔

شکایت نمبر: POP20JHG0003264

تاریخ فیصلہ: 29.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: فٹ پاتھ پر تجاوز کا نوٹس لینے کی استدعا

طاہر شہزاد (شکایت کنندہ) کے مطابق ککے زئی کلاتھ ہاؤس ریل بازار جھنگ صدر مذکورہ بازار کے فٹ پاتھ کے رقبہ پر ناجائز طور پر تعمیر کیا گیا ہے جس سے بازار میں پیدل چلنے والے لوگوں کو سخت دشواری کا سامنا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی کو ہدایت کی جائے کہ وہ مذکورہ تجاوز دور کریں اور تجاوز کنندہ کی معاونت کرنے والے ایجنسی اہلکار مسٹر محمد عارف انکروچمنٹ انسپکٹر کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۲۔ میونسپل آفیسر (ریگولیشن) میونسپل کارپوریشن جھنگ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 15.08.2020 مطلع کیا کہ شکایت گزار نے جس دکان کی تعمیر پر اعتراض اٹھایا ہے، اس دکان کے مالکان نے نقشہ دکان ایجنسی آفس میں جمع کروانے کے بعد دکان تعمیر کی ہے تاہم مذکورہ نقشہ کے ساتھ بعض ضروری کاغذات لف نہ ہونے کی بنا پر نقشہ کی منظوری اب تک نہ دی گئی ہے جبکہ شکایت گزار کو مذکورہ نقشہ کی عکسی کاپی فراہم کر دی گئی ہے۔

۳۔ ایجنسی کی جانب سے موصولہ رپورٹ کی نقل برائے جواب الجواب شکایت کنندہ کے حوالے کی گئی لیکن اس کی جانب سے کوئی جواب موصول نہ ہوا۔

۴۔ میونسپل آفیسر (ریگولیشن) میونسپل کارپوریشن جھنگ کی جانب سے بذریعہ رپورٹ مورخہ 15.08.2020 مطلع کیا گیا کہ شکایت گزار نے جس دکان کی تعمیر پر اعتراض اٹھایا ہے وہ دکان بلدیہ جھنگ میں دکان کا نقشہ جمع کروائے جانے کے بعد تعمیر کی گئی ہے تاہم مذکورہ رپورٹ میں اس امر کی نشاندہی کی گئی ہے کہ مجاز اتھارٹی کی جانب سے مذکورہ دکان کا نقشہ تاحال منظور نہ ہوا ہے، ایجنسی کی جانب سے مذکورہ دکان کے نقشہ کی عکسی کاپی شکایت کنندہ کو فراہم کر دی گئی ہے۔ ایجنسی حکام کے مطابق دکان زیر بحث کی تعمیر غیر قانونی طور پر نہ کی گئی ہے تاہم مذکورہ دکان کے نقشہ کی منظوری سے قبل دکان کا تعمیر کر لیا جانا ایجنسی اہلکاروں کی انتظامی بد عملی کا غماز ہے لہذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ڈپٹی کمشنر / ایڈمنسٹریٹر

میونسپل کارپوریشن جھنگ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ معاملہ کی چھان بین کروائیں جس میں دکان کے مالک کو بھی سماعت کیا جائے اور دکان زیر بحث کی تعمیر ناجائز ثابت ہونے کی صورت میں تجاوز دور کروانے کے علاوہ تجاوز کے ذمہ داران اور نقشہ منظوری میں تاخیر برتنے والے ایجنسی اہلکاران کے خلاف حسب ضابطہ تادیبی کارروائی کو یقینی بنائیں اور تعمیلی رپورٹ اندریوم 30 دن دفتر ہذا کو ارسال کریں۔

۵۔ دفتر ہذا میں موصول ہونے والی شکایات پر کارروائی کے دوران یہ معاملہ اس طرح سے مشاہدہ میں آتا ہے کہ مالکان کی جانب سے نقشہ برائے منظوری متعلقہ ایجنسی / محکمہ میں جمع کروایا جاتا ہے لیکن اس پر بروقت کارروائی عمل میں لا کر فیصلہ / منظوری نہ دی جاتی ہے جس لوگ منظوری سے قبل ہی تعمیرات کا آغاز کر دیتے ہیں۔ لہٰذا سیکرٹری لوکل گورنمنٹ لاہور، سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی لاہور، کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے نقشہ منظوری سے متعلقہ قواعد کا جائزہ لیں اور اس میں مدت کا تعین کریں کہ درخواست موصول پر کس افسر / اہلکار نے کتنے یوم میں کیا کارروائی مکمل کرنی ہے اور بعد از منظوری اس کی تشہیر بذریعہ ویب سائیٹ / سوشل میڈیال عمل میں لائیں تاکہ لوگ اس سے فائدہ حاصل کر سکیں۔ نیز اس امر کو ملحوظ خاطر رکھا جائے کہ درخواست گزاران کیلئے طریقہ کار آسان بنایا جائے اور موصول ہونے والی درخواستوں پر کارروائی کی مانیٹرنگ کا سسٹم بھی مرتب کروایا جائے۔ اس ضمن میں اگر ضرورت ہو تو مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم / ڈیٹا بیس مرتب کروانے کیلئے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی خدمات بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔ مزید یہ کہ اس سلسلے میں کی جانیوالی کارروائی کی تفصیلی رپورٹ دفتر ہذا کو اندر 30 یوم ارسال کی جائے۔

۶۔ ہدایت بالا کے تحت شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20KSR0003998

تاریخ فیصلہ: 09.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: خدمت کارڈ جاری کروائے جانے کی استدعا

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ اس کا بیٹا محمد عمران معذور ہے، اس نے سال 2016 میں سوشل پروٹیکشن اتھارٹی ہیلپ لائن پر خدمت کارڈ کے ذریعے مالی امداد کے لیے رجسٹریشن کرائی اور بعد ازاں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر قصور کے دفتر میں بھی درخواست دی لیکن تاحال خدمت کارڈ جاری نہ ہوا ہے۔ شکایت میں خدمت کارڈ جلد از جلد جاری کروائے جانے کی استدعا کی گئی ہے۔

۲۔ جنید امجد ،انرولمنٹ اینڈ گریجویشن سپیشلسٹ،پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی لاہور نے رپورٹ نمبری 9341/2020/PKCP/PSPA مورخہ 15.07.2020 پیش کی کہ گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق خدمت کارڈ کے اجراء کے لیے PMT سکور 30 تک ہے، جبکہ شکایت کنندہ کے بیٹے کا 19.27 سکور ہے، لہٰذا شکایت کنندہ آئندہ موبلائزیشن مہم تک انتظار کرے جس میں اس کا خدمت کارڈ جاری ہو گا۔

۳۔ مورخہ 15.08.2020 کو شکایت کنندہ نے جواب الجواب جمع کروایا کہ محکمہ اس کے بیٹے کی معذوری کی بناء پر خدمت کارڈ جاری نہ کر رہا۔ تاہم محکمہ نے آئندہ موبلائزیشن مہم میں کارڈ جاری کرنے کا وعدہ کیا ہے اور اس کے بیٹے کا سکور 19.27 ہے، لہٰذا بلا تاخیر خدمت کارڈ جاری کروایا جائے۔

۴۔ فریقین کو مشترکہ سماعت کے لیے مورخہ 02.09.2020 کے لیے طلب کیا گیا، مگر باوجود اطلاعیابی کے محکمہ کی طرف سے کوئی حاضر نہ آیا۔ جبکہ شکایت کنندہ نے حاضر آکر ایک تحریری بیان داخل کیا کہ مورخہ 25.08.2020 کو اس کا بیٹا بقضائے الٰہی فوت ہو گیا ہے۔ وہ چار سال سے محکمہ کی غفلت سے مالی امداد سے محروم رہی ہے۔ اپیل کی گئی کہ محکمہ کو ہدایت جاری کی جائے کہ آئندہ خدمت کارڈ کے اجراء میں تاخیری حربوں سے اجتناب کرتے ہوئے سائلین کو بروقت خدمت کارڈ جاری کیا کریں۔

۵۔ ریکارڈ آمدہ مسل سے عیاں ہے کہ شکایت کنندہ نے سال 2016 میں اپنے معذور بیٹے کا خدمت کارڈ جاری کروانے کی بابت پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی سے رجوع کیا جس میں مذکور کا PMT سکور 19.27 ہے۔ شکایت کنندہ چار سال تک مالی معاونت کے لیے محکمہ کے چکر کاٹتی رہی لیکن امداد حاصل نہ کر سکی اور اس دوران اس کا بیٹا خالق حقیقی سے جاملا جو انتہائی افسوس ناک ہے اور باعث شرمندگی ہے کہ معذور بچے کیلئے امداد کے حصول کیلئے ایک ماں کو دفاتر کے متعدد چکر لگانے پڑے۔ ان حالات میں چیف آفیسر / مانیٹرنگ آفیسر، پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ

1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ اتنا عرصہ تک شکایت کنندہ کے معذور بیٹے کا خدمت کارڈ جاری نہ ہونے کے معاملہ کی کسی سینئر آفیسر سے انکوائری کروائیں اور نتائج انکوائری کی روشنی میں غفلت ولاپرواہی برتنے والے افسران / اہلکاران کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لا کر تعمیلی رپورٹ دفتر ہذا کو اندر میعاد 30 دن ارسال کریں تاکہ ذمہ داران / متعلقہ افسران آئندہ خدمت کارڈ کے لیے آنے والی درخواستوں پر بلا تاخیر کارروائی مکمل کر کے ان کو نمٹائیں۔ ان ہدایات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20MLT0007969

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: درخواست برائے واپسی گارنٹی چیک

موجودہ شکایت کے مطابق شکایت کنندہ طارق چوہدری کی کمپنی کو ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ملتان کی طرف سے سال 2016 میں کنٹریکٹ برائے RFID VTCS ملا تھا جس کے لئے مورخہ 28.04.2016 کو تین سالہ بنک گارنٹی مالیتی 13,28,297 روپے جمع کروائی گئی تھی جس کی مدت ختم ہو چکی ہے۔ مگر ایجنسی نے نیب وغیرہ کا بہانہ بنا کر مذکورہ بنک گارنٹی واپس نہ کی ہے۔ اس لئے موجودہ شکایت دائر کی گئی ہے۔

۲۔ ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ملتان کے سینئر لیگل ایڈوائزر کی جانب سے داخل کی گئی رپورٹ مورخہ 26.09.2020 کے مطابق دفعہ 7 کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت شکایت کنندہ کو عدالت عالیہ سے رجوع کرنا چاہیے مزید برآں شکایت کنندہ کی کمپنی چونکہ اسلام آباد میں رجسٹرڈ ہے لہذا دفتر ہذا کو علاقائی اختیار سماعت حاصل نہ ہے۔ رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ کمپنی نے جو وے برج Weighbridge نصب کیا تھا اس میں بے قاعدگیاں پائی گئیں جس پر انکوائری کمیٹی بروئے نوٹیفکیشن مورخہ 24.09.2020 تشکیل دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں معاملہ اینٹی کرپشن کے پاس زیر کارروائی ہے ان حالات میں موجودہ شکایت قابل اخراج ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب مورخہ 30.09.2020 میں یہ واضح کیا کہ ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ملتان جس وے برج Weighbridge کی انکوائری کر رہی ہے اس سے ان کا کوئی تعلق نہ ہے بلکہ ان کی کمپنی چھوٹے پیمانے پر RFID سسٹم اور آفس ایکوپمنٹ فراہم کرنے کا کام کرتی ہے وے برج Weighbridge کی تنصیب کا کام نہ کرتی ہے۔ مزید برآں نیب میں اب ان کا کوئی معاملہ زیر کارروائی نہ ہے۔ کیونکہ وہاں پر شروع کی گئی تفتیش ختم کر دی گئی ہے۔

۴۔ کارروائی سماعت میں ملتان ویسٹ منیجمنٹ کمپنی، ملتان کے منیجر، آئی ٹی سسٹم محمد عمران خان نے یہ موقف اختیار کیا کہ شکایت کنندہ نے جو معاہدہ کیا تھا اور جو تنصیبات کی تھیں ان کی ادائیگیوں اور دیگر معاملات کی بابت محکمانہ انکوائری زیر سماعت ہے نیز ان کی اطلاع کے مطابق یہ معاملہ نیب نے اینٹی کرپشن کو بھجوانے کا کہا تھا۔ ان حالات میں ایک ماہ کے اندر زیر سماعت انکوائری مکمل کر کے بنک گارنٹی واپس کر دیں گے۔ اس کے برعکس طارق چوہدری سی ای او، ڈیجیٹل مینجمنٹ سسٹم نے یہ موقف اختیار کیا کہ نہ تو کوئی معاملہ نیب میں زیر سماعت ہے اور نہ ہی محکمہ اینٹی کرپشن کے پاس زیر کارروائی ہے۔ تین سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود بنک گارنٹی واپس نہ کی جا رہی ہے اسے واپس لینا کمپنی کا حق ہے۔ اگر تین سالہ عرصہ میں کوئی مسئلہ ہوتا یا کمپنی نے مرمت کے علاوہ تبدیلی مشینری کے لئے رجوع کیا ہوتا اور اس پر کوئی تنازعہ بنتا تو معاہدہ کے مطابق معاملہ ثالث کو بھجوا دیا جاتا۔ انہیں نہ تو کبھی انٹی کرپشن کا نوٹس آیا اور نہ ہی کبھی انہیں کسی محکمانہ انکوائری کی اطلاع دی گئی ہے۔ لہذا فوری طور پر ان کی بنک گارنٹی واپس کروائی جائے۔

۵۔ شکایت کنندہ کی کمپنی نے ایک معاہدہ کے تحت ملتان سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو ڈیجیٹل تنصیبات فراہم کی تھیں جس کے لئے تین سال کی بنک گارنٹی مالیتی -/13,28,297 دی تھی جو مورخہ 27.04.2019 کو ختم ہو چکی ہے۔ ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی مذکورہ گارنٹی واپس نہ کرنے کی بابت کوئی حکم امتناعی، نیب میں زیر سماعت معاملہ یا محکمہ اینٹی کرپشن کے روبرو انکوائری کا ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہی ہے۔ تین سالہ میعاد گزرنے کے بعد مابین فریقین کسی تنازعہ کی عدم موجودگی میں مذکورہ بنک گارنٹی واپس لینا شکایت کنندہ کا بنیادی حق ہے۔ ان حالات میں چیف ایگزیکٹو آفیسر، ملتان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، ملتان کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ 15 یوم کے اندر شکایت کنندہ کو بنک گارنٹی واپس کر کے دفتر ہذا کو مطلع کریں۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20MLT0002731

تاریخ فیصلہ: 04.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: مالی امداد، لیوانکیشمنٹ، چارماہ کی تنخواہ کی ادائیگی اور بیٹے کی رول 17۔اے کے تحت تقرری کی استدعا

مذکورہ بالا شکایات ایک ہی شکایت کنندہ کی جانب سے ان کی زوجہ کی دوران سروس وفات کے حقوق کی بابت دائر کی گئی ہیں انہیں یکجا کر کے ایک ہی فیصلہ کے ذریعے نمٹایا جاتا ہے۔

۲۔ شکایت کنندہ کی زوجہ مسماۃ برما ملتان ویسٹ منیجمنٹ کمپنی، ملتان میں بطور سینٹری ورکر خدمات انجام دیتے ہوئے مورخہ 28.07.2019 کو وفات پاگئی تھیں۔ انہوں نے حصول مالی امداد، لیو انکیشمنٹ ، چار ماہ کی تنخواہ اور بیٹے کی رول 17۔اے کے تحت تقرری کیلئے 4 عدد شکایات نمبری 2727، 2729، 2731 اور 2732 دائر کی ہیں۔

۳۔ ملتان ویسٹ منیجمنٹ کمپنی، ملتان کی رپورٹ مورخہ 17.03.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کی متوفیہ زوجہ مسماۃ برما ابتدائی طور پر میونسپل کمیٹی ملتان کی ملازمہ تھیں جن کی خدمات بعد ازاں ملتان ویسٹ منیجمنٹ کمپنی، ملتان کو ٹرانسفر کر دی گئیں۔ واجبات کی ادائیگی کے لئے میونسپل کارپوریشن ملتان سے رابطہ کیا گیا ہے جب بھی فنڈز کی فراہمی کی گئی ملتان ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کی مجاز اتھارٹی سے منظوری حاصل کر کے شکایت کنندہ کو ادائیگی کر دی جائے گی۔ مزید برآں متوفیہ کے پسر کی رول 17۔اے کے تحت تقرری زیر کارروائی ہے۔

۴۔ جدید رپورٹ مورخہ 06.04.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کو مالی امداد مبلغ -/16,00,000 روپے، لیوانکیشمنٹ مبلغ -/1,71,120 روپے اور چار ماہ کی تنخواہ مبلغ -/87,829 روپے کل -/18,58,949 روپے میں سے /-26,985 روپے کی کٹوتی کر کے مبلغ -/18,31,964 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔ نیز متوفیہ اور شکایت کنندہ کے بیٹے راجہ کو بذریعہ آفس آرڈر نمبر Gen/150 مورخہ 02.03.2020 رول 17۔اے کے تحت بطور سینٹری ورکر تعینات کر دیا گیا ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب میں تحریر کیا ہے کہ موجودہ شکایات دائر ہونے پر دفتر ہذا کی وساطت سے انہیں مالی امداد، معاوضہ رخصت اور چارماہ کی تنخواہ کل مالیتی 18,31,964 روپے کی ادائیگی کے علاوہ شکایت کنندہ / متوفیہ کے پسر کی رول 17۔اے کے تحت تقرری کر کے ان کی مکمل دادرسی کر دی گئی ہے۔ اس پر انہوں نے ادارہ ہذا سے اظہار ممنونیت کرتے ہوئے شکایات بصیغہ حق رسی نمٹانے کی استدعا کی ہے۔

۶۔ کارروائی سماعت میں محمد صفدر، لٹیگیشن آفیسر، ملتان ویسٹ منیجمنٹ کمپنی، ملتان اور شکایت کنندہ حاضر ہوئے۔ ایجنسی کے نمائندہ نے بتایا کہ شکایت کنندہ کے واجبات بابت مالی امداد، لیوانکیشمنٹ، چارماہ کی تنخواہ مبلغ -/18,31,964 روپے کی ادا کر دی گئی ہے نیز شکایت کنندہ / متوفیہ کے بیٹے کو رول 17۔اے کے تحت بھرتی کر لیا گیا ہے۔ شکایت کنندہ نے نمائندہ ایجنسی کے بیان کو تسلیم کرتے ہوئے موجودہ شکایات کو نمٹانے کی استدعا کی ہے۔

۷۔ شکایت کنندہ کی زوجہ مسماۃ برما، سینٹری ورکر ابتدائی طور پر میونسپل کارپوریشن ملتان کی ملازمہ تھیں جنہیں ملتان ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کے وجود میں آنے پر ٹرانسفر کر دیا گیا تھا۔ مذکور یہ دوران ملازمت وفات پا گئیں لہذا اُن کے خاوند / شکایت کنندہ نے حصول مالی امداد، لیوانکیشمنٹ، چارماہ کی تنخواہ اور بیٹے کی رول 17-اے کے تحت تقرری کے لئے ایجنسی سے رجوع کیا اور دادرسی نہ ہونے پر موجودہ شکایات دائر کیں۔ دوران کارروائی شکایات ہذا ایجنسی نے شکایت کنندہ کی مکمل دادرسی کرتے ہوئے تینوں مدات میں کل -/18,31,964 روپے کی ادائیگی کرنے کے علاوہ شکایت کنندہ / متوفیہ کے پسر کی رول 17۔اے کے تحت تقرری کر دی ہے۔ ان حالات میں چاروں شکایات بصیغہ حق رسی مختتم برائے صوبہ پنجاب (رجسٹریشن، انویسٹی گیشن اور ڈسپوزل آف کمپلینٹس) ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے ریگولیشن 9(1) کے تحت نمٹائی جاتی ہیں۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20SGD0001086

تاریخ فیصلہ: 15.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: پنجاب سول سرونٹس (تقرری و شرائط، ملازمت) رولز مجریہ 1974 کے قاعدہ 17-اے کے تحت تقرری کی استدعا

عمران اللہ شکایت گزار کے مطابق ان کے والد اللہ دتہ بیلدار ڈسٹرکٹ کونسل سرگودھا بر بنائے طبعی وجوہ مورخہ 19 فروری 2019ء کنٹگیری اے میں ملازمت سے ریٹائر ہوئے۔ حکام ایجنسی گزشتہ ایک سال سے انہیں زیر قاعدہ 17۔اے مذکور ملازمت فراہم کرنے سے قاصر رہے ہیں۔ انہوں نے استدعا کی کہ حکام ایجنسی کو ہدایت کی جائے کہ وہ انہیں ملازمت درجہ چہارم زیر قاعدہ 17۔اے فراہم کریں۔

۲۔ چیف آفیسر تحصیل کونسل سرگودھا نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 29 فروری 2020 مطلع کیا کہ:۔

(i) 2013 کے ایکٹ کے تحت ڈسٹرکٹ کونسل، سرگودھا مورخہ یکم جنوری 2017 کو معروض وجود میں آئی اور ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سرگودھا کی جگہ لی۔

(ii) سیکریٹری بلدیات نے بروئے حکم نمبر SO-ADMN-III(LG)Misc/2015(P-1) مورخہ 19 اپریل 2017ء و SO-Admn-II(LG)6-57/2017 مورخہ 22 ستمبر 2017، 47 آسامیاں مقطومہ کیڈر (Dying Cadre) میں شامل کرتے ہوئے ہدایات جاری کیں کہ ڈسٹرکٹ کونسل کے شیڈول آف اسٹیبلشمنٹ میں یہ آسامیاں ملازم کی ریٹائرمنٹ یا فوت ہونے کی صورت میں از خود ختم ہو جائیں گی۔ اس پر کسی قسم کی بھرتی بشمول زیر قاعدہ 17-اے نہ ہو سکے گی۔

(iii) لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019 کے نفاذ کے بعد مورخہ 7 جنوری 2019 سے ڈسٹرکٹ کونسل سرگودھا ختم ہو کر تحصیل کونسلز میں تقسیم ہو چکی اب تحصیل کونسل سرگودھا فعال ہو چکی ہے۔ ابھی تک لوکل گورنمنٹ ایکٹ مجریہ 2019 کے تحت بزنس رولز و اتھارٹیز مقرر نہ ہوئی۔

(iv) تحصیل کونسل سرگودھا میں ایسی کوئی پوسٹ خالی نہ ہے جس پر زیر قاعدہ 17-اے شکایت گزار کو بھرتی کیا جا سکے۔

۳۔ شکایت گزار نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 14 مارچ 2020 موقف اختیار کیا کہ 45 مقطومہ کیڈر کی آسامیوں سے ان کا کوئی تعلق نہ ہے۔ محکمہ کے پاس انکی درخواست پچھلے 8 ماہ سے زیر التواء ہے۔ قانون کے مطابق قاعدہ 17-اے کے تحت ملازمت سائل کا حق ہے۔

۴۔ مسٹر فیض النورین سپرنٹنڈنٹ دفتر چیف آفیسر تحصیل کونسل سرگودھا نے بحوالہ جواب الجواب شکایت گزار مورخہ 14 مارچ 2020 ذاتی طور پر حاضر ہو کر جدید رپورٹ مورخہ 22.08.2020 فراہم کی اور سابقہ موقف کے تسلسل میں بتایا کہ ان کے پاس درجہ چہارم کی 48 آسامیاں ہیں کوئی بھی خالی نہ ہے نیز ماسوائے 3 آسامیاں (2 چوکیدار، 1 مالی) بقایا 45 آسامیاں سیکرٹری بلدیات ایل جی اینڈ سی ڈی نے مقطومہ کیڈر میں ڈال دی ہیں۔ رول 17-اے کے تحت انکے دفتر میں کل 6 درخواستیں ہائے، جن کی تفصیل حسب ذیل ہے، زیر التواء ہیں جبکہ میرٹ کے حساب سے شکایت گزار 6 نمبر پر ہے اس سے پہلے 5 امیدوار فہرست انتظار میں ہیں۔

Sr. No	Total No. of Sanctioned posts of C-1V	How many Recruitments against these posts were made after 19.02.2019 (Category wise) i.e under Rules 17-A Against 20% Quota & Open Merit	How Many Applications against Rule 17-A are Pending Merit wise with reason of delay.	
			Name of Applicant	Date of Death /Retirement on Medical Ground
1	48	Nil	Muhammad Ramzan S/o Muhammad Afzal	03.07.2016
2			Muhammad Muddsar S/o Muhammad Taswar	05.10.2017

3			Muhammad Ikram S/o Habibullah	18.11.2017
4			Muhammad Asif Ismail S/o Muhammad Ismail	13.02.2018
5			Attique Ur Rehman S/o Abdul Rehman	20.06.2018
6			Imran Ullah S/o Allah Ditta (**Applicant**)	19.02.2019

شکایت گزار نے اصالتاً حاضر ہو کر اپنے سابقہ موقف کو دہرایا۔ مسٹر فیض النورین سپرنٹنڈنٹ مذکور کو ہدایت ہوئی کہ آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 26 اگست 2020 کو مقطومہ کیڈر (Dying Cadre) اور دیگر آسامیوں کی مکمل تفصیل فراہم کریں۔ حکم کی تعمیل میں سپرنٹنڈنٹ مذکور نے ذاتی حیثیت میں آکر بذریعہ چٹھی مورخہ 25 اگست 2020 مطلوبہ تفصیل پیش کی اور بیان کیا کہ انہوں نے اپنے ہیڈ آفس مقطومہ آسامیوں کے بارے ماتحت دفاتر کے تحفظات پہنچا دیئے ہیں، جنہوں نے اس پر کارروائی کا یقین دلایا ہے۔ متذکرہ چٹھی مورخہ 25 اگست 2020 کے مطابق 48 آسامیوں کی تفصیلات فراہم کی گئیں جو شامل مسل ہوئیں۔

۵۔ شکایت گزار عمران اللہ کے بیلدار والد ضلع کونسل سرگودھا (غلام قادر) طبعی وجوہ کی بنا پر مورخہ 19 فروری 2019 کو ملازمت سے ریٹائر ہوئے۔ شکایت گزار زیر قاعدہ 17-اے درجہ چہارم پر بھرتی کے خواہش مند ہیں۔ حکام ایجنسی کے مطابق ان کے ماتحت درجہ چہارم کی 45 آسامیاں سیکرٹری بلدیات ایل جی اینڈ سی ڈی نے بروئے ہدایات مورخہ 19 مارچ 2017 و 22 ستمبر 2017 مقطومہ کیڈر (Dying Cadre) میں ڈال دی ہیں۔ ان آسامیوں پر فرائض انجام دینے والے ملازمین جب ریٹائر ہونگے یہ آسامیاں ازخود ختم ہو جائیں گی۔ جبکہ 3 دیگر آسامیاں (2 چوکیدار، 1 مالی) جو مقطومہ کیڈر (Dying Cadre) سے باہر ہیں، پر کام کرنے والے ملازمین بالترتیب مورخہ 10 مئی 2049، 4 مئی 2058 اور 30 ستمبر 2031 کو ریٹائر ہونگے۔ اس وقت تحصیل کونسل سرگودھا میں زیر قاعدہ 17-اے بھرتی ہونے والے امیدواروں کی تعداد 6 ہے اور شکایت گزار 6 نمبر پر ہے۔ نمائندہ ایجنسی نے بتایا ہے کہ مجاز اتھارٹی سے مقطومہ کیڈر کی آسامیوں پر نظر ثانی کی بات ہوئی ہے جنہوں نے ہمدردانہ کارروائی کا یقین دلایا ہے۔

۶۔ بحالات حکام ایجنسی کے موقف سے واضح ہوتا ہے کہ مقطومہ کیڈر (Dying Cadre) کی وجہ سے محکمہ میں کوئی خالی آسامی نہ ہے اور آسامی خالی ہونے کے بعد قاعدہ 17-اے کے تحت درجہ چہارم کے اُمیدواروں کو بھرتی کیا جائیگا۔ لہٰذا محکمہ کو فی الحال کسی بدانتظامی کا مرتکب قرار نہ دیا جاسکتا ہے۔ تاہم ایڈمنسٹریٹر، تحصیل کونسل، سرگودھا کو ہدایت کی جاتی کہ درجہ چہارم کی آسامیاں دستیاب ہونے پر وہ شکایت گزار سمیت فہرست انتظار میں شامل امیدواروں کو قاعدہ 17-اے کے تحت ملازمت فراہم کریں۔

۷۔ فیصلہ ہذا کی ایک نقل فاضل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب کو اس ہدایت کیساتھ ارسال کی جاتی ہے کہ وہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019ء کے نفاذ کے بعد قاعدہ 17-اے مذکور کے تحت بھرتی ہونے کیلئے انتظار کرنے والوں کو فراہمی ملازمت کے لیے متعلقہ دفاتر کو جدید/واضح ہدایات اندر میعاد 30 یوم جاری کریں اور اس کی کاپی دفتر ہذا کو ارسال کریں۔

۸۔ شکایت پیرا 5 میں اخذ کردہ نتائج اور پیرا 6 اور 7 میں کی گئی تصریحات کے مطابق نمٹائی جاتی ہے۔

شکایت نمبر: POP20JHG0002860

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: پنشن اور اس سے وابستہ مفادات کی فراہمی میں تاخیر کا نوٹس لینے کی استدعا

مسماۃ زہرہ بی بی (شکایت گزار) کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی جھنگ نے ان کی پنشن کی منظوری اور پنشن سے وابستہ دیگر مالی مفادات کی فراہمی کا معاملہ گزشتہ دو سال کے طویل عرصہ سے بلاوجہ التوا میں ڈال رکھا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی حکام کی اس انتظامی بدعملی کا نوٹس لیا جائے اور اس کی دادرسی کی جائے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر II ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی جھنگ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 04.08.2020 مطلع کیا کہ شکایت کنندہ کے میونسپل کارپوریشن جھنگ کے عرصہ ملازمت کے پنشن شیئر کی رقم موصول ہوتے ہی وہ شکایت گزار کی پنشن کے اجرا کے علاوہ اسے تمام واجبات کی ادائیگی کر دیں گے۔

۳۔ مورخہ 16.09.2020 کو مسٹر محمد محبوب میونسپل آفیسر (فنانس) میونسپل کارپوریشن جھنگ نے یقین دہانی کرائی کہ وہ شکایت کنندہ کی پنشن شیئر کی رقم بہت جلد ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر II جھنگ کو فراہم کر دیں گے۔

۴۔ مورخہ 23.09.2020 کو ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر II جھنگ کی جانب سے مطلع کیا گیا کہ شکایت گزار کی پنشن کے اجرا کے بعد اسے اس کے واجبات کا چیک مالیتی -/1349250 روپے جاری کر دیا گیا ہے۔

۵۔ شکایت گزار نے بھی اپنا تحریری بیان مورخہ 23.09.2020 پیش کرتے ہوئے مطلع کیا کہ ایجنسی کی جانب سے اس کے واجبات کا چیک مالیتی -/1349250 روپے اسے موصول ہو چکا ہے اور یوں اس کی دادرسی کر دی گئی ہے۔

۶۔ شکایت گزار کی جانب سے پیش کئے جانے والے اس کے تحریری بیان مورخہ 23.09.2020 اور مذکورہ بیان کے ساتھ منسلک چیک نمبر 0806552756 مورخہ 23.09.2020 مالیتی -/1349250 روپے کی عکسی کاپی کے ملاحظہ سے پایا گیا ہے کہ شکایت گزار کی دادرسی کر دی گئی ہے لہذا شکایت بارآور ہونے کی بنا پر محتسب برائے صوبہ پنجاب (رجسٹریشن، انویسٹی گیشن اور ڈسپوزل آف کمپلینٹس) ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے ریگولیشن 17 کی شق 9(1) کے تحت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20KHB0003937

تاریخ فیصلہ: 29.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: سیوریج لائن کی صفائی کی استدعا

شکایت گزار (ظہور احمد) کے بقول، گلشن اقبال ٹاؤن، جوہر آباد کی سیوریج لائن تقریباً 2 ماہ سے بند ہے۔ چیف آفیسر، میونسپل کمیٹی، جوہر آباد نے باقاعدہ موقع ملاحظہ کیا اور حقائق کو تسلیم بھی کیا۔ لیکن تاحال کوئی کارروائی نہ کی ہے۔ بذریعہ شکایت ہذا، دادرسی کی استدعا کی ہے۔

۲۔ چیف آفیسر، میونسپل کمیٹی، جوہر آباد کی جانب سے رپورٹ مورخہ 26.06.2020 کو موصول ہوئی۔ جس کے مطابق گلشن اقبال ٹاؤن کی سیوریج لائن کی عارضی طور پر صفائی کروادی گئی ہے۔ لیکن سیوریج لائن کی ڈی سلٹنگ کروانا اس وقت ممکن نہ ہے۔ چونکہ موسم گرما اپنے عروج پر ہے۔ جس کی وجہ سے عملہ صفائی کو گٹروں کے اندر اتارنے سے جانی نقصان کا خدشہ موجود ہے۔ نیز مذکورہ ٹاؤن میں سیوریج لائن محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ خوشاب نے بچھائی ہے۔ اور اس سکیم کو باقاعدہ طور پر میونسپل کمیٹی، جوہر آباد کے ہینڈ اوور نہ کیا ہے۔ مزید برآں آج تک اس سیوریج لائن کے پانی کو ڈسپوز آف کرنے والے ڈسپوزل پمپ کو محکمہ پبلک ہیلتھ کا اہلکار آپریٹ کر رہا ہے۔ جو کہ باقاعدگی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام نہ دیتا ہے۔ اور اسی وجہ سے گلشن اقبال ٹاؤن کی سیوریج لائن عموماً بند ہو جاتی ہے۔ جو کہ عملہ صفائی میونسپل کمیٹی، جوہر آباد بروقت کھول دیتا ہے۔ لیکن ڈسپوزل پمپ آپریٹر کی کوتاہی کی وجہ سے یہ سیوریج لائنز دوبارہ بند ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ پچھلے دس سے بارہ دن سے ڈسپوزل پمپ کا ٹرانسفارمر جل چکا ہے۔ جس کی وجہ سے ڈسپوزل پمپ بند پڑا ہے اور کنویں سے باقاعدگی سے پانی پمپ آؤٹ نہ ہو پا رہا ہے۔

۳۔ سب ڈویژنل آفیسر، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سب ڈویژن خوشاب کی جانب سے رپورٹ مورخہ 29.06.2020 موصول ہوئی، جس کے مطابق تقریباً 5 سال قبل گلشن اقبال ٹاؤن میں سیوریج سسٹم لگا کر چالو کر دیا گیا تھا لیکن میونسپل کمیٹی کی جانب سے مناسب صفائی اور دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے متعلقہ علاقہ کی سیوریج لائن بند ہو گئی ہے۔ علاوہ ازیں 07.06.2020 کو ڈپٹی کمشنر خوشاب کے ساتھ اسی سلسلہ میں معززین شہر کی موجودگی میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ میونسپل کمیٹی کم از کم 4 آدمی متعلقہ علاقہ کیلئے فراہم کرے گا اور علاقہ کی صفائی کرے گا۔ اس فیصلہ کے مطابق اگر وہاں صفائی کیلئے عملہ تعینات کر دیا جائے تو عوام الناس کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ جبکہ ٹرانسفارمر کو ٹھیک ہوئے تقریباً دو ہفتہ سے زیادہ کا وقت گزر چکا ہے اور ڈسپوزل پمپ روزانہ تین مرتبہ چلایا جا رہا ہے اور پانی کی نکاسی براہِ راست سیم نالہ میں کی جاتی ہے۔

۴۔ چیف آفیسر، میونسپل کمیٹی، جوہر آباد کی جانب سے رپورٹ نمبر 1786 مورخہ 21.09.2020 موصول ہوئی، جس کے مطابق گلشن اقبال ٹاؤن کی سیوریج لائن واقعی بند ہے متذکرہ بالا کالونی کے علاوہ دیگر کالونیز (گلشن اقبال ٹاؤن، عظمت کالونی، الفت کالونی، قاضی کالونی، قاضی جناح کالونی اور حیات کالونی کی چند گلیاں) کا سیوریج سسٹم کا انتظام و انصرام محکمہ پبلک ہیلتھ کے پاس ہے۔ اس وقت پبلک ہیلتھ کے زیر انتظام نکاسی سیوریج کیلئے ایک عدد ڈسپوزل پمپ لگا ہوا ہے۔ ان متذکرہ بالا کالونیز کا سیوریج سسٹم تاحال میونسپل کمیٹی، جوہر آباد کے ہینڈ اوور نہ ہوا ہے۔ لہذا مناسب ہو گا کہ درخواست دہندہ کی درخواست کے علاوہ دیگر متذکرہ بالا کالونیز کی سیوریج لائن کی بندش کے متعلق محکمہ پبلک ہیلتھ سے رپورٹ طلب کی جائے۔

۵۔ شکایت گزار (ظہور احمد) حاضر آیا۔ محکمہ پبلک ہیلتھ کی جانب سے سب ڈویژنل آفیسر (مسماۃ انعم اقبال) اور سب انجینئر (حافظ اللہ بخش) حاضر آئے۔ محکمہ میونسپل کمیٹی، جوہر آباد کی جانب سے ایڈمنسٹریٹر (اسلم ضیاء)، چیف آفیسر (مسماۃ سندس) اور سب انجینئر (محمد رفیع) حاضر آئے۔ محکمہ پبلک ہیلتھ کے مطابق روزانہ ڈسپوزل پمپ 5 بار چلایا جاتا ہے جس کی شکایت گزار نے بھی تائید کی۔ ایڈمنسٹریٹر اور چیف آفیسر، میونسپل کمیٹی نے یقین دہانی کرائی کہ آئندہ ساعت تک سیوریج لائن کی صفائی مکمل کر دی جائے گی۔

۶۔ کارروائی ساعت کے مرحلہ دوم میں شکایت گزار (ظہور احمد) حاضر آیا۔ جبکہ میونسپل کمیٹی کی جانب سے عبدالرشید اکاؤنٹنٹ حاضر آیا۔ اور بیان کیا کہ مذکورہ ٹاؤن کی سیوریج لائن کی صفائی کا کام بہت زیادہ ہے۔ فی الحال محکمہ کے پاس عملہ کی کمی ہے۔ نیز تحریری رپورٹ نمبر 2027 مورخہ 09.10.2020 بھی فراہم کی، جس کے مطابق میونسپل کمیٹی، جوہر آباد ہر ماہ ڈیلی ویجز کی بنیاد پر (سیورمین) ہائر کرتی ہے۔ جس کی حسب ضابطہ، سیکرٹری، گورنمنٹ آف پنجاب، لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈیویلپمنٹ لاہور سے باقاعدہ منظوری لی جاتی ہے۔ نئے سیورمین کی تعنیاتی کیلئے لیٹر نمبر 1934/ایم سی جے مورخہ 06.10.2020 سیکرٹری، گورنمنٹ آف پنجاب، لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈیویلپمنٹ لاہور کو تحریر کر دیا گیا ہے۔ نئے سیورمین کی تعنیاتی کے فوراً بعد شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ کر دیا جائے گا۔ نیز مذکورہ لیٹر کی کاپی بھی فراہم کی گئی۔

۷۔ پیش آمدہ ریکارڈ (شکایت، رپورٹ ایجنسی، کارروائی ساعت) سے عیاں ہے کہ مذکورہ ٹاؤن کی سیوریج لائن مناسب صفائی اور دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے بند ہو چکی ہے۔ جس کی صفائی کرنا میونسپل کمیٹی، جوہر آباد کی ذمہ داری ہے۔ شکایت کنندہ نے دفتر محتسب پنجاب میں درخواست 18 مارچ 2020ء کو دی جس کے بعد محکمہ کو نوٹس جاری کیے گئے لیکن میونسپل کمیٹی جوہر آباد کی جانب سے مختلف مواقع پر سیوریج لائن کی صفائی مکمل کروانے کی یقین دہانی کے باوجود کام مکمل نہ کیا گیا اور مختلف وجوہات پیش کی گئیں، اور اس سلسلے میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کو بھی ذمہ دار ٹھہرایا۔ لیکن ان کے نمائندے نے جواب دیا کہ پانی کا نکاس باقاعدگی سے ہو رہا ہے جس کی شکایت کنندہ نے بھی تصدیق کی۔ پچھلے 7 ماہ سے سیوریج لائن کی صفائی نہ کرنا سنگین بدانتظامی کے زمرے میں آتا ہے اور علاقے کے لوگوں کیلئے تکلیف دہ ہے۔

۸۔ بحالات بالا، ڈپٹی کمشنر خوشاب کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ ایڈمنسٹریٹر / چیف آفیسر، میونسپل کمیٹی، جوہر آباد اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ خوشاب کو پابند کریں کہ مذکورہ ٹاؤن کی سیوریج لائن کی جلد مکمل صفائی کریں اور آئندہ سے باقاعدگی سے صفائی کیلئے شڈول مرتب دیں۔ نیز پانی کے نکاس کا نظام بہتر بنائیں تاکہ علاقہ کے عوام کو سیوریج کے گندے پانی سے نجات مل سکے اور ان کو صاف ستھرے و صحت مند ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ان ہدایات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20SKP0007109

تاریخ فیصلہ: 27.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: یونین کونسل فیروزوالہ کے ملازمین کے خلاف کارروائی کی استدعا

شکایت کنندہ صوبیدار محمد یوسف نے درخواست گزاری ہے کہ اس نے یونین کونسل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ میں اپنی بیٹی کا خلع کا کمپیوٹرائزڈ سرٹیفکیٹ لینے کے کاغذات بمعہ عدالتی حکم نامہ جمع کروائے اور سائل کو 31.01.2020 کی تاریخ دی گئی۔ جب سائل نے رابطہ کیا تو کہا گیا آپ 15 فروری کو آئیں اس کے بعد 21 فروری پھر 25 فروری اور پھر 27 فروری کو آنے کا کہا گیا۔ جبکہ 27 فروری کو یہ کہا گیا کہ آپکے کاغذات نہیں مل رہے آپ دوبارہ کاغذات جمع کروائیں اور 5200 روپے خرچہ اور 500 روپے سرٹیفکیٹ کی فیس کا مطالبہ کیا گیا۔ سائل 70 سال کا بزرگ شہری ہے یکے بعد دیگرے متعدد چکر لگانے کے بعد یونین کونسل فیروزوالہ کے ملازم قمر اور شاہ نے 1500 روپے رشوت کی رقم وصول کرنے کے بعد سائل کو خلع کا سرٹیفکیٹ جاری کیا۔ شکایت کنندہ نے رشوت کی رقم وصول کرنے اور سائل کا وقت اور پیسے کا ضیاع کرنے والے ملازمین کے خلاف کارروائی کی استدعا کی ہے۔

۲۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن فیروزوالہ کی جانب سے موصولہ رپورٹ مورخہ 01.09.2020 کے مطابق فیلڈ آفس نمبر 01 فیروزوالہ کا ریکارڈ ملاحظہ کیا گیا۔ محمد یوسف شکایت کنندہ کی بیٹی کا خلع کا کمپیوٹرائزڈ سرٹیفکیٹ جاری ہو چکا ہے جبکہ ایک اور شکایت کی وجہ سے قمر عباس رجسٹریشن کلرک مسمات انور بی بی سے ڈیتھ سرٹیفکیٹ کی زائد فیس طلب کرنے پر مورخہ 18.07.2020 کو معطل ہو چکا ہے اور اس کے خلاف PEEDA ایکٹ مجریہ 2006 کے تحت محکمانہ کارروائی چل رہی ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ کی جانب سے مورخہ 01.10.2020 کو جواب الجواب موصول ہوا اور شکایت کنندہ نے ایجنسی حکام کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔

۴۔ مشترکہ سماعت کی کارروائی مورخہ 13.10.2020 کو کی گئی۔ علی عاطف فوکل پرسن فیلڈ آفس میونسپل کارپوریشن فیروزوالہ سے حاضر ہوا اور مطلع کیا کہ قمر عباس رجسٹریشن کلرک کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جاچکی ہے اور اس کو معطل کر دیا گیا ہے اور پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ جبکہ عابد حسین شاہ نائب قاصد کو مذکورہ یونین کونسل سے ٹرانسفر کر دیا گیا ہے۔

(ii) شکایت کنندہ حاضر ہوا اور بیان کیا کہ سرکاری فیس بابت پیدائش سرٹیفکیٹ، فوتیدگی سرٹیفکیٹ اور شادی یا طلاق کا سرٹیفکیٹ کے سرکاری ریٹ آویزاں ہونے چاہیں تاکہ عوام الناس کو آگاہی حاصل ہو اور کوئی سرکاری ملازم سرکاری فیس کے طور پر زائد رقم وصول نہ کر سکے۔ نیز شکایت بکس اور ٹیلی فون نمبر بھی نمایاں جگہ پر لکھا جائے تاکہ شکایت بذریعہ فون بھی کی جاسکے۔

۵۔ آمدہ ایجنسی رپورٹ ملاحظہ کی گئی۔ بعد از سماعت فریقین پایا گیا کہ قمر عباس رجسٹریشن کلرک کے خلاف PEEDA ایکٹ مجریہ 2006 کے تحت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے اور عابد حسین شاہ نائب قاصد کو فیلڈ آفس نمبر 01 فیروزوالہ سے تبدیل کر دیا گیا ہے۔ تاہم ڈپٹی کمشنر، شیخوپورہ کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فیلڈ آفیسر میں سرکاری فیس بابت پیدائش سرٹیفکیٹ فوتیدگی سرٹیفکیٹ اور شادی یا طلاق کا سرٹیفکیٹ نمایاں جگہ پر آویزاں کروائیں۔ شکایت باکس مناسب جگہ پر لگایا جائے اور ٹیلی فون نمبر برائے اندراج و ازالہ شکایات بھی نمایاں جگہ پر لکھا جائے تاکہ عوام الناس کو دشواری کا سامنا نہ ہو۔

۶۔ درج بالا ہدایت کے ساتھ شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20RJP0001115

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: کوٹلہ نور محمد کے قبرستان کی اراضی واگزار کرانے کی استدعا

مختصر شکایت میں درخواست گزار نے تحریر کیا ہے کہ موضع کوٹلہ نور محمد میں کھاتہ نمبر 30 مربع نمبر 86-85 میں دو قبرستان موجود ہیں جن کے نام محمد شاہ اور یتیم شاہ ہیں۔ قبرستان کا اندراج رجسٹر حقداران اراضی میں درج ہے۔ قبرستان کا رقبہ 18 کنال ہے لیکن موقع پر کھاتہ داروں نے کچھ رقبہ پر قبضہ کر لیا ہے جو دو (2) سے تین (3) کنال ہے۔ مسئول علیہم کی عدم توجہی کی وجہ سے قبرستان کی اراضی پر قبضہ کیا جارہا ہے اور اس کی نگہداشت بھی نہ ہے

۲۔ اسسٹنٹ کمشنر راجن پور نے نوٹس ملنے کے بعد مورخہ 25.08.2020 کو جواب ارسال کیا۔ جس میں تحریر کیا گیا ہے کہ موضع کوٹلہ نُور محمد میں کھاتہ نمبر 30 کھتونی نمبر 84 مربع نمبر 85/2/1 برقبہ 6 کنال و مربع نمبر 86/27 برقبہ 12 کنال (کل رقبہ 18 کنال) میں قبرستان ہے جس پر ملحقہ زمینداران نے کچھ حصہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ محکمہ مال کی رپورٹ موصولہ مورخہ 02.09.2020 کے مطابق اس رقبہ کو واگزار کرانا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے جواب میں لکھا ہے کہ یہ اندراجات رجسٹر حقداران اراضی 2011-2010 اور نقل عکس مساوی میں موجود ہیں۔ موقع پر اللہ وسایا ولد بخت علی قوم دریشک نے 4 کنال رقبہ پر برسیم کاشت کی ہوئی ہے۔ جبکہ اللہ ڈتا ولد دائم قوم دریشک نے 4 کنال رقبہ پر گندم کاشت کی ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ ایک کمرہ بھی تعمیر کر رکھا ہے۔ خدا بخش ولد جمال قوم ملک نے ایک کنال اراضی پر مکان تعمیر کر رکھا ہے۔ اللہ وسایا، اللہ ڈتہ، خدا بخش مذکوران کو قبرستان کا رقبہ چھوڑنے کے لئے کہا گیا تو اُنہوں نے قبضہ چھوڑنے سے انکار کر دیا لہٰذا اس سلسلے میں پولیس کی امداد کی ضرورت ہے۔

۳۔ درخواست گزار کو محکمہ مال کی رپورٹ کی بذریعہ وٹس اپ مورخہ 04.09.2020 کو بھیجی گئی بعد ازاں ٹیلی فون پر بھی مطلع کیا گیا لیکن اُس کی طرف سے کوئی جواب الجواب موصول نہ ہوا۔

۴۔ مورخہ 09.09.2020 کو سماعت کے لئے عبدالغفار پٹواری حلقہ کوٹلہ نُور محمد اصالتاً آیا جبکہ درخواست گزار پیش نہ ہوا۔ درخواست گزار کی سماعت ٹیلی فون پر کی گئی۔

۵۔ درخواست گزار کا موقف ہے کہ محکمہ مال کے ریکارڈ کے مطابق موضع کوٹلہ نُور محمد کھاتہ نمبر 30 مربع نمبر 86-85 میں قبرستان موجود ہیں جس کا اندراج رجسٹر حقداران اراضی میں بھی ہے قبرستان کا رقبہ 18 کنال ہے لیکن موقع پر کچھ رقبہ پر ناجائز قبضہ ہو چکا ہے اور تعمیرات بھی کھڑی کی ہوئی ہیں۔ محکمہ مال کی رپورٹ میں واضع طور پر تحریر کیا گیا ہے کہ موضع مذکور میں کھاتہ نمبر 30 میں نمبران خسرہ 85/2/1 میں 6 کنال جبکہ نمبران خسرہ 86/27 میں 12 کنال رقبہ مقبوضہ اہل اسلام غیر ممکن قبرستان درج ہے۔ یہ اندراج رجسٹر حقداران اراضی 2011-2010 اور نقل عکس مساوی میں بھی موجود ہے۔ موقع پر اللہ وسایا ولد بخت علی دریشک نے 4 کنال رقبہ پر ناجائز کاشت کی ہوئی ہے اور اسی طرح اللہ ڈتا ولد دائم نے 4 کنال رقبہ پر ناجائز گندم کاشت کی ہوئی ہے اور ایک کمرہ بھی اُس نے تعمیر کر رکھا ہے۔ اسی طرح خدا بخش ولد جمال قوم ملک نے بھی ایک کنال رقبہ پر مکان تعمیر کر رکھا ہے۔ ناجائز قابضین کو ہدایت کی گئی لیکن اُنہوں نے ابھی تک قبضہ نہیں چھوڑا۔ ریکارڈ ملاحظہ کیا گیا جو رپورٹ محکمہ مال کی تصدیق کرتا ہے۔ اس صورت میں پایا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا ناجائز قابضین 9 کنال رقبہ پر ناجائز قبضہ کئے ہوئے ہیں۔ اس کی تفصیل اُوپر لکھ دی گئی ہے۔ ان حالات میں اسسٹنٹ کمشنر راجن پور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ موضع کوٹلہ نور محمد میں قبرستان کی اراضی ناجائز قابضین سے واگزار کرائیں تاکہ یہ اراضی تدفین کے لئے میسر رہے نیز آئندہ ناجائز قبضہ کی روک تھام کی جائے اور اس کے لئے قبرستان کے اردگرد دیوار کا تعمیر کرنا بھی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر راجن پور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ قبرستان کے تحفظ کے لئے مناسب اقدامات کریں۔ ناجائز قابضین سے قبرستان کے رقبہ کی واگزاری کے بعد اسسٹنٹ کمشنر راجن پور دفتر ہذا کو فوراً مطلع کریں۔ درخواست ہذا بصیغہ دادرسی منظور کی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20JHG0007036

تاریخ فیصلہ: 10.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: گنے کی قیمت کی ادائیگی میں تاخیر کا نوٹس لینے کی استدعا

اسد نواز (شکایت کنندہ) کے مطابق اس نے شکر گنج شوگر ملز جھنگ اور بھون شوگر ملز جھنگ کو کرشنگ سیزن 20-2019 کے دوران -/676000 روپے کا گنا سپلائی کیا لیکن مذکورہ ملز نے اسے اب تک اس کے گنے کی قیمت ادا نہ کی ہے، وہ اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر جھنگ اور اسسٹنٹ کمشنر جھنگ سے بھی متعدد مرتبہ رجوع کر چکا ہے لیکن اس کی شنوائی نہ ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی حکام کی اس نااہلی کا نوٹس لیا جائے اور اس کی دادرسی کی جائے۔

۲۔ سپرنٹنڈنٹ (ریونیو) نے ڈپٹی کمشنر جھنگ کی جانب سے بذریعہ رپورٹ مورخہ 07.10.2020 مطلع کیا کہ ضلعی انتظامیہ جھنگ کی جانب سے شکر گنج شوگر ملز جھنگ سیل ((Seal کر دی گئی ہے اور اس صورت حال میں سر دست شکایت گزار کے بقایاجات کی ادائیگی ممکن نہ ہے۔

۳۔ دفتر ہذا کی جانب سے ملز انتظامیہ سے رابطہ کئے جانے پر رانا مبشر حسین منیجر ملز نے مطلع کیا کہ شکایت گزار کو آئندہ چندیوم میں ادائیگی کر دی جائے گی۔

۴۔ مورخہ 02.11.2020 کو شکایت کنندہ نے اصالتاً پیش ہو کر تحریری طور پر مطلع کیا کہ ہر دو ملز کی جانب سے اسے اس کے گنے کی قیمت مبلغ -/650000 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے اور یوں اس کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ تحریری بیان مورخہ 02.11.2020 مطلع کیا ہے کہ اسے اس کے گنے کی قیمت مبلغ -/650000 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے اور یوں اس کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے لہذا شکایت بارآور ہونے کی بنا پر نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20JHG0008266

تاریخ فیصلہ: 29.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

عنوان: گنے کی قیمت کی ادائیگی میں تاخیر کا نوٹس لینے کی استدعا

مظہر اقبال (شکایت گزار) کے مطابق بھون شوگر ملز جھنگ کی انتظامیہ اسے مذکورہ ملز کو اس کی جانب سے کرشنگ سیزن 20-2019 کے دوران سپلائی کئے گئے گنے کی قیمت مبلغ -/278520 روپے ادا کرنے کو تیار نہ ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایڈیشنل کین کمشنر / ڈپٹی کمشنر جھنگ کو ہدایت کی جائے کہ وہ اسے رقم متذکرہ بالا کی ادائیگی کروائیں۔

۲۔ ڈپٹی کمشنر جھنگ کی جانب سے بذریعہ تحریری رپورٹ مورخہ 05.10.2020 مطلع کیا گیا کہ شکایت گزار کو اس کے گنے کی قیمت کی رقم مبلغ -/278520 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے اور یوں شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ تحریری جواب مورخہ 05.10.2020 مطلع کیا کہ اس کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا لہذا اسے شکایت داخل دفتر کئے جانے پر کوئی اعتراض نہ ہو گا۔

۴۔ شکایت کنندہ کی جانب سے پیش کئے گئے اس کے تحریری بیان مورخہ 05.10.2020 کے ملاحظہ سے پایا گیا ہے کہ گنے کی قیمت مبلغ -/278,520 روپے اس نے وصول کر لی ہے اور اس طرح اس کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے لہذا شکایت ہذا بارآور ہونے کی بنا پر نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

شکایت نمبر: POP20KSR0003408

تاریخ فیصلہ: 09.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: بہبود فنڈ سے تعلیمی وظیفہ کی رقم کا چیک دلوانے کی استدعا

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ وہ محکمہ بہبود آبادی میں بطور سوشل موبلائزر ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے اور اپنی تنخواہ میں سے ہر ماہ باقاعدگی سے بناولنٹ فنڈ کٹوا رہا ہے۔ اس کی بیٹی انفال اعظم نے سال 2017 میں میٹرک کا امتحان لاہور بورڈ سے 997 نمبر سے پاس کیا جس کے تعلیمی وظیفہ کیلئے اس نے جنوری 2018 میں درخواست دی۔ اس نے بناولنٹ فنڈ کے حصول کے لیے متعلقہ دفتر کے متعدد چکر لگائے لیکن کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ بعد ازاں برانچ کے کلرک الطاف نے تعلیمی وظیفہ کا چیک دلوانے کی بابت اس سے روبرو گواہان مبلغ -/1500 روپے رشوت وصول کی، مگر اس کے باوجود اسے ابھی تک وظیفہ کا چیک نہ ملا ہے۔ شکایت میں تعلیمی وظیفہ کا چیک دلوانے اور الزام علیہ کلرک کے خلاف محکمانہ کارروائی کا حکم دیئے جانے کی استدعا کی گئی۔

۲۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) قصور نے رپورٹ نمبری 1931/BF-2020 مورخہ 23.06.2020 پیش کی کہ شکایت کنندہ کی درخواست کے ساتھ ضروری کاغذات لف نہ تھے۔ شکایت کنندہ کو مطلوبہ کاغذات فراہم کرنے کی ہدایت ہوئی جو اس نے مہیا کر دیئے۔ مورخہ 16.06.2020 کو شکایت کنندہ کا کیس ڈسٹرکٹ بناولنٹ فنڈ بورڈ میں رکھا گیا۔ ڈسٹرکٹ بناولنٹ فنڈ بورڈ نے شکایت کنندہ کے حق میں تعلیمی وظیفہ کی ادائیگی کے لیے مبلغ -/50000 روپے منظور کیے ہیں۔ جلد ہی فنڈز موصول ہونے پر ادائیگی کر دی جائے گی۔

۳۔ مورخہ 05.08.2020 کو شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب میں رپورٹ ایجنسی کی تردید کی اور مزید تحریر کیا کہ اگر کاغذات پورے نہیں تھے تو اسے ایک سال تک دفتر کے چکر کیوں لگواتے رہے بتایا کیوں نہیں گیا کہ کاغذات کم ہیں۔ الطاف کلرک پیسوں کے لیے لوگوں کو ذلیل کرتا ہے جو اس کا مطالبہ پورا کر دے اس کا کام ہو جاتا ہے۔ رشوت کے بغیر وہ کسی کا کام نہیں کرتا۔ اس سے بھی الزام علیہ نے مبلغ -/1500 روپے رشوت لی لیکن ایک سال سے اپنے دفتر کے چکر بھی لگوا رہا ہے۔

۴۔ مورخہ 12.08.2020 کو مشترکہ سماعت کے لیے شکایت کنندہ اصالتاً حاضر آیا، جبکہ محکمہ کی طرف سے الزام علیہ الطاف برانچ کلرک حاضر ہوا۔ دوران سماعت شکایت کنندہ نے بیان کیا کہ الزام علیہ نے اس سے مبلغ -/1500 روپے رشوت لی ہے اور مزید رقم کا مطالبہ کرتا ہے۔ رشوت لینے کی بابت استفسار کیا گیا، مگر الزام علیہ کلرک نے خاموشی اختیار کر لی، تاہم نمائندہ محکمہ کو شکایت کنندہ کی بیٹی کے تعلیمی وظیفہ کا چیک جلد جاری کرنے کی ہدایت ہوئی۔

۵۔ 02.09.2020 کو شکایت کنندہ نے دفتر ہذا میں خود پیش ہو کر ایک تحریری بیان داخل کیا کہ دفتر ہذا میں کارروائی کے نتیجہ میں اس نے محکمہ سے بناولنٹ فنڈ کا چیک مبلغ -/50000 روپے وصول کر لیا ہے، چیک کی کاپی لف بھی فراہم کی گئی۔ شکایت کنندہ نے مزید تحریر کیا کہ وہ دفتر ہذا کے سٹاف کا بے حد ممنون ہے۔

۶۔ ریکارڈ آمدہ مسل اور فریقین کی مشترکہ سماعت سے پایا گیا ہے کہ شکایت کنندہ ایک سرکاری ملازم ہے جس کی تنخواہ سے ہر ماہ بناولنٹ فنڈ کی کٹوتی ہوتی ہے۔ شکایت کنندہ کی بیٹی انفال اعظم نے سال 2017 میں میٹرک کا سالانہ امتحان لاہور بورڈ سے 997 نمبر لے کر پاس کیا اور اس نے اپنی بیٹی کے تعلیمی وظیفہ کے حصول کے لیے جنوری سال 2018 میں چیئرمین ڈسٹرکٹ بناولنٹ فند بورڈ قصور کے پاس درخواست گزاری۔ مطابق بیان شکایت کنندہ، کلرک الطاف نے اس کا کیس منظور کروانے کی بابت اس سے -/1500 روپے رشوت لی۔ تقریباً 32 ماہ کا عرصہ گزرنے کے بعد محکمہ نے شکایت کنندہ کی بیٹی کے تعلیمی وظیفہ کی ادائیگی کی ہے۔ حالانکہ بناولنٹ فنڈز سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے کی جانے والی کٹوتیوں پر مشتمل فنڈ ہے۔ اس فنڈ سے وظائف کی ادائیگی کے لیے بروقت مطلوبہ رقم کا اجراء نہ کرنا انتظامی بد عملی ہے۔ اگر شکایت کنندہ کی درخواست پر کارروائی کیلئے کاغذات درکار تھے تو دفتر ہذا کی جانب سے نوٹس بھجوائے جانے سے قبل وہ اس سے طلب کیوں نہ کئے گئے۔ اس طرح عین ممکن ہے کہ دیگر درخواست دہندگان کو بھی ادائیگی نہ کی گئی ہو۔ اندریں حالات ڈپٹی کمشنر / چیئرمین ڈسٹرکٹ بناولنٹ فنڈ بورڈ قصور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ الزام علیہ الطاف مذکور کے خلاف شکایت کنندہ کے الزام رشوت کی بابت از خود انکوائری عمل میں لائیں اور الزام ثابت ہونے کی صورت میں الزام علیہ کلرک الطاف کے خلاف تادیبی کارروائی کریں اور تعمیلی رپورٹ اندر 30 یوم دفتر ہذا کو ارسال کریں۔ نیز اپنے دفتر میں زیر کارروائی درخواستوں کی لسٹ مرتب کروائیں اور ان پر حسب ضابطہ کارروائی مکمل کروائیں۔ اس امر کا جائزہ بھی لیا جائے کہ کس اہلکار کی غفلت اس قدر تاخیر کا باعث بنی، اس کا تعین کر کے اس کے خلاف بعد از انکوائری تادیبی کارروائی عمل میں لائیں۔ ان ہدایات پر عملدرآمد کی بابت دفتر ہذا کو مذکورہ بالا میعاد کے اندر بذریعہ تعمیلی رپورٹ آگاہ کریں۔ ان ہدایات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر: POP20BWP0001165

تاریخ فیصلہ: 10.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: درخواست برائے ادائیگی الوداعی ومیرج گرانٹ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ وہ مورخہ 14.04.2019 کو بطور پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج اوچ شریف اپنی مدت ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہو چکا ہے۔ اس نے مورخہ 19.04.2019 کو الوداعی گرانٹ کے حصول کیلئے ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو بتوسط ڈائریکٹر کالجز بہاولپور درخواست ارسال کی لیکن تاحال محکمہ کی طرف سے اس کی الوداعی گرانٹ جاری نہیں کی گئی۔ اس کے علاوہ شکایت کنندہ نے اپنی بیٹی مسماۃ انیلہ ہاشم کی میرج گرانٹ کا کیس بھی ڈائریکٹر کالجز بہاولپور کے توسط سے محکمہ مذکورہ کو ارسال کیا گیا تھا۔ لیکن تاحال میرج گرانٹ بھی جاری نہیں کی گئی ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو ہدایت کی جائے کہ وہ سائل کی الوداعی گرانٹ اور اس کی بیٹی کی میرج گرانٹ بلا تاخیر جاری کرے۔

۲۔ منجانب ایجنسی / ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور رپورٹ موصول ہوئی کہ شکایت کنندہ کو الوداعی گرانٹ کی رقم اور اس کی بیٹی کی شادی گرانٹ کی رقم کی ادائیگی بذریعہ بینک آف پنجاب آن لائن ہو چکی ہے۔ شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے لہذا شکایت ہذا داخل دفتر کی جائے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 11.08.2020 داخل کردہ جواب الجواب میں متذکرہ بالا رپورٹ ایجنسی کو درست تسلیم کرتے ہوئے اپنی حق رسی ہونے پر دفتر ہذا کا تحریری طور پر شکریہ ادا کیا۔

۴۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر: POP20ATK0002075

تاریخ فیصلہ: 02.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: درخواست برائے اجراء تعلیمی وظیفہ

شکایت کنندہ نے درخواست ہذا میں تحریر کیا ہے کہ وہ گورنمنٹ پائلٹ ہائر سیکنڈری سکول اٹک میں بطور ایس۔ ایس۔ ٹی ملازمت کر رہا ہے۔ اسکے بیٹے محمد حسن علی نے میٹرک کے سالانہ امتحان سال 2018 منعقدہ فیڈرل بورڈ اسلام آباد میں 1100 / 1042 نمبر حاصل کر کے کامیابی حاصل کی۔ گورنمنٹ ملازم

ہونے کی بنا پر اس نے بیٹے کے تعلیمی وظیفہ کی رقم کے حصول کیلئے محکمہ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو بذریعہ محکمہ تعلیم اٹک درخواست بھجوائی مگر مسئلہ حل نہ ہوا بعد ازاں اس سلسلہ میں محکمہ مذکورہ سے فون پر رابطہ کیا جس پر محکمہ کے متعلقہ اہلکار نے بتایا کہ اس نے کاغذات میں ٹمپرنگ کی ہے اس لئے اس کے بیٹے کو تعلیمی وظیفہ جاری نہ ہو سکتا ہے جبکہ تحریری طور پر تاحال کوئی جواب اعتراض کی صورت میں موصول نہ ہوا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ اس کے بیٹے کا میٹرک کا تعلیمی وظیفہ محکمہ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور سے دلوایا جائے۔

۲۔ شکایت کنندہ کی درخواست پر متعلقہ محکمہ سے رپورٹ طلب کی گئی۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کی جانب سے عبوری رپورٹ موصول ہوئی جس کے مطابق شکایت کنندہ کے بیٹے کا کیس اُن کے دفتر میں ٹریس نہ ہو رہا ہے لہٰذا شکایت کنندہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ اپنے بیٹے کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 19-2018 کی ڈپلیکیٹ کاپی، جنوری سال 2019 کی پے سلپ، شناختی کارڈ، کنٹرولر امتحانات کا جاری کردہ رزلٹ کارڈ اور تمام مطلوبہ کاغذات کی تصدیق شدہ نقول دفتر ہذا کے توسط سے دفتر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور بھجوائے تاکہ مزید کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

۳۔ موصولہ رپورٹ ایجنسی کی کاپی شکایت کنندہ کو بغرض جواب الجواب بھجوائی گئی شکایت کنندہ کی طرف سے دفتر ہذا کو موصولہ جواب میں تحریر کیا گیا ہے کہ اس نے مورخہ 02-01-2020 کو مطلوبہ کاغذات بذریعہ رجسٹری ڈاک نمبری 1179 ارسال کر دیئے تھے۔ تاہم اس نے دوبارہ بھی مطلوبہ کاغذات محکمہ مذکورہ کو بھجوا دیئے ہیں۔

۴۔ شکایت کنندہ نے اپنے بیٹے محمد حسن علی کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 19-2018 کی رقم کی عدم ادائیگی پر دفتر ہذا سے رجوع کیا جس پر متعلقہ محکمہ سے رپورٹ طلب کی گئی۔ رپورٹ موصولہ کے مطابق شکایت کنندہ کے بیٹے کا کیس ان کے دفتر میں ٹریس نہ ہونے کی وجہ سے شکایت کنندہ سے متعلقہ کاغذات کی نقول طلب کی گئیں جو شکایت کنندہ نے محکمہ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو ارسال کر دی ہیں۔ بعد ازاں موصولہ رپورٹ محکمہ مذکورہ کے مطابق شکایت کنندہ کے بیٹے کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 19-2018 کا کیس کلیئر ہو چکا ہے، بعد از منظوری مجاز اتھارٹی شکایت کنندہ کو اس کے بیٹے کے تعلیمی وظیفہ کی رقم کی ادائیگی بذریعہ بنک آف پنجاب آن لائن کر دی جائے گی۔ شکایت کنندہ کو بغرض تصدیق ادائیگی رقم وظیفہ نوٹس بھجوایا گیا جس کے جواب میں شکایت کنندہ نے تحریراً اپنے بیٹے کے تعلیمی وظیفہ کی رقم مبلغ۔/50،000 روپے بذریعہ بنک وصول کرنے کی تصدیق کر دی ہے۔ دفتر ہذا کی کاوش سے شکایت کنندہ کا مسئلہ حل ہو گیا ہے اس لئے شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20GRW0003231

تاریخ فیصلہ: 06.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: درخواست برائے حصول ملازمین بہبود فنڈ سے تجہیز و تکفین گرانٹ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ وہ محکمہ ریسکیو 1122 میں ملازم ہے جس کا پرسنل نمبر 31464464 ہے جو کہ قانون کے مطابق بینوولنٹ فنڈ کی کٹوتی کروا رہا ہے۔ شکایت کنندہ کے والد مورخہ 22.12.2019 کو وفات پا گئے تھے لہٰذا اُس نے درخواست برائے حصول تجہیز و تکفین گرانٹ بنام پروانشل بورڈ آف بینوولنٹ فنڈ بورڈ لاہور گزاری جنہوں نے بذریعہ لیٹر، ٹی سی بینوولنٹ فنڈ فارم، بینوولنٹ فنڈ کی کٹوتی کی لسٹ اور اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب کی جانب سے جاری کردہ پے سلپ جمع کروانے کا کہا۔ جس پر اس کی جانب سے ڈپٹی ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس گوجرانوالہ سے تصدیق شدہ سیلری سلپ مورخہ 30.01.2020 کو بورڈ مذکور کو بھجوا دی گئی مگر سائل کو ٹی سی بینوولنٹ فنڈ فارم کے بارے میں کوئی معلومات نہ ملی جس کے بارے مذکورہ دفتر سے استفسار کیا گیا مگر بورڈ مذکور سے کوئی جواب نہ ملا۔ درخواست کی پیش رفت کے سلسلہ میں شکایت گزار مورخہ 25.02.2020 کو دفتر مذکورہ بورڈ حاضر ہوا جنہوں نے بتلایا کہ مذکورہ ٹی سی بینوولنٹ فنڈ فارم کے بغیر درخواست پر کارروائی نہ کی جا سکتی ہے۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس گوجرانوالہ کے مطابق یہ چالان اُن ملازمین کو جاری کیا جاتا ہے جو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کے ذریعے تنخواہ نہیں لیتے چونکہ ریسکیو 1122 کے ملازمین ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کے ذریعے تنخواہ لیتے ہیں جن کی کٹوتی SAP سسٹم سے ہو جاتی ہے لہٰذا مذکورہ فارم کی انہیں ضرورت نہ ہے۔ شکایت گزار مورخہ 16.07.2010 سے بینوولنٹ فنڈ کی کٹوتی کروا رہا ہے لہٰذا استدعا کی گئی کہ اُس کی دادرسی کروائی جائے۔

۲۔ بورڈ مذکورہ کو نوٹس برائے حصولِ رپورٹ جاری کیے گیے۔ ابھی محکمہ سے رپورٹ موصول نہ ہوئی تھی کہ شکایت گزار نے بذریعہ ٹیلی فون دفتر ہذا رابطہ کیا اور بتلایا کہ اُسکی دادرسی ہو گئی ہے لہٰذا اُس کی درخواست داخل دفتر کر دی جائے۔

۳۔ شکایت کنندہ کے ٹیلیفونک بیان کی روشنی میں واضح ہوا کہ شکایت کنندہ کی دادرسی ہو گئی۔لہذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20PKP0001618

تاریخ فیصلہ: 09.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: استدعا برائے دلوائے جانے الوداعی گرانٹ

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ ایم۔ آئی۔ ایس میں نمبر POP-PPN/0000001/2020 کے تحت مورخہ 4.1.2020 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ ایم۔ آئی۔ ایس میں اسے مورخہ 13.2.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ نے شکایت میں تحریر کیا ہے کہ وہ گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ ہیرا سنگھ ضلع پاکپتن میں بطور (ای ایس ٹی) گریڈ 16 میں اپنے فرائض منصبی سرانجام دیتے ہوئے مورخہ 31.03.2018 کو ریٹائرڈ ہو گیا تھا۔ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور کی طرف سے وہ الوداعی گرانٹ حاصل کرنے کا حقدار ہے اُس نے کیس محکمہ کی وساطت سے صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور کو بھجوایا مگر پیروی کرنے کے باوجود اعتراضات لگا دیے گئے۔ بعد ازاں اُسے ایل پی سی لانے کا کہا گیا مگر محکمہ خزانہ سے رابطہ کرنے پر اُسے معلوم ہوا کہ ریٹائرڈ ملازم کو پے سلپ جاری نہیں ہو سکتی۔ لیکن انہوں نے ڈی ڈی او کی طرف سے جاری کردہ ایل پی سی کو تصدیق کر دیا جس کو بھی صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور والوں نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ حالانکہ اُس کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے (ای ایس ٹی) ٹیچر کو الوداعی گرانٹ جاری کر دی گئی ہے۔ شکایت میں استدعا کی گئی ہے کہ حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لاتے ہوئے اُسے الوداعی گرانٹ جلد از جلد جاری کروائی جاوے۔

۳۔ مندرجات شکایت کے مطابق شکایت ہذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 اور ریگولیشنز مجریہ 2005 کے تحت قابل سماعت پائی گئی۔

۴۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور نے بروئے رپورٹ مورخہ 21.02.2020 شکایت گزار سے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر پاکپتن سے جاری کردہ ایل پی سی پیش کرنے کی استدعا کی اور بعد ازاں بروئے رپورٹ مورخہ 06.08.2020 تحریر کیا کہ شکایت کنندہ کا الوداعی گرانٹ کا کیس کلیئر ہو چکا ہے اور بعد از منظوری مجاز اتھارٹی شکایت کنندہ کے حق میں بذریعہ آن لائن بینک آف پنجاب ادائیگی کر دی جائے گی۔

۵۔ شکایت کنندہ نے جواب الجواب میں تحریر کیا ہے کہ بمطابق رپورٹ محکمہ اُسے مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد رقم بذریعہ آن لائن بینک آف پنجاب ادا کر دی جائے گی لیکن ابھی تک رقم منتقل نہ ہوئی ہے۔ مورخہ 01.10.2020 کو شکایت کنندہ نے اصالتاً حاضر آکر تحریری بیان جمع کروایا ہے کہ اُسے الوداعی گرانٹ مبلغ -/56910 روپے جاری ہو چکی ہے، اُس کی دادرسی ہو چکی ہے اور شکایت داخل دفتر کرنے پر اُسے کوئی اعتراض نہ ہے۔

۶۔ شکایت کنندہ کے داخل کردہ تحریری بیان کے مطابق محکمہ نے اُس کی شکایت ازالہ کر دیا ہے۔ اس کو الوداعی گرانٹ مبلغ -/56910 روپے جاری ہو چکی ہے۔ لہٰذا شکایت درخواست بصیغہ حق رسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20MLT0008528

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: درخواست برائے ادائیگی میرج گرانٹ

شکایت کنندہ محمد رشید، ای ایس ٹی ریٹائرڈ، گورنمنٹ ہائی سکول، بگڑیں تحصیل شجاع آباد ضلع ملتان نے اپنی بیٹی کی شادی گرانٹ کا کیس ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایس ای)، ملتان کے مراسلہ نمبری 4693 مورخہ 12.06.2019 کے ذریعہ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب، لاہور کو بھجوایا تھا جس کی یاد دہانی بذریعہ رجسٹری نمبر 742 مورخہ 12.08.2020 کروائی گئی ہے مگر تاحال دادرسی نہ ہوئی ہے۔

۲۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر، صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب، لاہور کی رپورٹ مورخہ 13.10.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کی دختر کی شادی گرانٹ منظور کر کے بنک آف پنجاب کو جاری کر دی گئی ہے۔ شکایت کنندہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ بنک آف پنجاب سے گرانٹ وصول کر لیں۔

۳۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب مورخہ 13.10.2020 کے ذریعے مطلع کیا کہ انہوں نے بنک آف پنجاب، شجاع آباد برانچ سے اپنی دختر کی شادی گرانٹ کی رقم مبلغ -/40,000 روپے حاصل کرلی ہے لہذا بارآور ہونے پر موجودہ شکایت کو نمٹا دیا جائے۔

۴۔ شکایت کنندہ نے حصول میرج گرانٹ کے لئے صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب، لاہور میں کیس جمع کروا رکھا تھا۔ یاددہانی جاری کرنے کے باوجود انہیں ادائیگی نہ کی گئی۔ تاہم موجودہ شکایت کا نوٹس جاری ہونے پر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب نے شادی گرانٹ منظور کر کے رقم بنک آف پنجاب کو بھجوا دی ہے۔ شکایت کنندہ نے رقم مبلغ -/40,000 روپے بذریعہ بنک آف پنجاب شجاع آباد برانچ وصول کرلی ہے۔ اس طرح بارآور ہونے پر موجودہ شکایت بصیغہ حق رسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20SGD0009480

تاریخ فیصلہ: 10.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: شادی گرانٹ کے اجراء کی استدعا

مسماۃ تنزیلہ حیات شکایت گزار کا موقف ہے کہ انکے والد احمد حیات، ایس ایس (Subject Specialist)، محکمہ تعلیم دورانِ ملازمت فوت ہوگئے۔ انکی شادی مورخہ 24 نومبر 2018 کو انجام پائی، لہذا اُنہوں نے والدہ کی جانب سے دختر میرج گرانٹ کا کیس محکمہ تعلیم کی وساطت سے حکام صوبائی بہبود فنڈ بورڈ کو بغرض ادائیگی بھجوایا۔ تاحال انکی والدہ منظوراں بی بی بیوہ احمد حیات کو شادی گرانٹ کی رقم جاری نہ ہوئی ہے جو دلوائی جائے۔

۲۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 23 اکتوبر 2020 مطلع کیا کہ شادی گرانٹ کی رقم منظوراں بی بی بیوہ کے شناختی کارڈ کے تحت بنک آف پنجاب بذریعہ آن لائن ترسیل کی جاچکی ہے۔ شکایت گزار کو ہدایت کی جائے کہ وہ بنک آف پنجاب سے رقم حاصل کریں۔

۳۔ شکایت گزار تنزیلہ حیات دختر منظوراں بی بی بیوہ محمد حیات نے بذریعہ سیل نمبر 03054439885 مورخہ 28 اکتوبر 2020 بوقت 2:07 مطلع کیا کہ انکی والدہ نے بنک آف پنجاب سے رقم وصول کرلی ہے۔ انکی دادرسی ہوچکی۔

۴۔ شکایت گزار (تنزیلہ حیات) کو شکایت تھی کہ حکام صوبائی بہبود فنڈ بورڈ، لاہور انکی بیوہ والدہ منظوراں بی بی کو دختر شادی گرانٹ کی رقم جاری نہ کررہے ہیں جسکا اجراء بلا تاخیر ممکن بنایا جائے۔ دفتر ہذا کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کے جواب میں ایڈمن آفیسر، بہبود فنڈ بورڈ نے شادی گرانٹ کی رقم بنک آف پنجاب بھجوائے جانے سے مطلع کیا۔ جبکہ شکایت گزار نے شادی گرانٹ کی رقم مبلغ 50 ہزار روپے وصول ہونے کا بذریعہ فون و تحریری بیان مورخہ 31 اکتوبر 2020 اقرار کرتے ہوئے دادرسی کی تصدیق کی۔

۵۔ بحالات، درخواست، شکایت گزار کے تحریری بیان مورخہ 31 اکتوبر 2020 کی روشنی میں کہ اس نے شادی گرانٹ کے مبلغ -/50000 روپے وصول کرلئے ہیں۔ لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWN0002251

تاریخ فیصلہ: 02.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: استدعا برائے ادائیگی تعلیمی وظیفہ

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں نمبر 2019/2532-POP-ONL کے تحت مورخہ 6.9.2019 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں اسے مورخہ 19.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ نے اس امر کی شکایت دائر کی ہے کہ اس نے اپنے بیٹے محمد ثاقب محمود طالب علم بی ایس سی الیکٹریکل انجینئرنگ یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 16-2015، 17-2106، 18-2017 اور 19-2018 کے حصول کے لیے صوبائی بہبود فنڈ

بورڈ لاہور کو درخواست فارم بھجوائے لیکن تمام مطلوبہ کاغذات داخل کرنے کے باوجود ابھی تک تعلیمی وظیفہ موصول نہیں ہوا۔شکایت میں دادرسی کی استدعا کی گئی ہے۔

۳۔ مندرجات شکایت کے مطابق شکایت ہذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء اور ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے تحت قابل سماعت پائی گئی۔

۴۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر، صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کی رپورٹ موصولہ مورخہ 25.10.2019 و رپورٹ مورخہ 29.11.2019 میں تحریر کیا گیا ہے کہ شکایت کنندہ کو اس کے بیٹے محمد ثاقب محمود کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 16-2015 و 17-2016 کی رقم کی بذریعہ آن لائن بنک آف پنجاب ادائیگی کی جاچکی ہے جبکہ تعلیمی وظیفہ برائے سال 18-2017 و 19-2018 کے کیسز کلیئر ہو چکے ہیں اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد رقم کی ادائیگی بذریعہ آن لائن بنک آف پنجاب کر دی جائے گی۔

۵۔ شکایت کنندہ نے بروئے تحریری جواب الجواب موصولہ مورخہ 13.12.2019 مطلع کیا کہ تعلیمی وظیفہ برائے سال 2015.16ء کی رقم بنک آف پنجاب میں موصول ہو چکی ہے جبکہ بقیہ تین سالوں کے تعلیمی وظیفہ کی رقم التواء میں رکھنا محکمہ کی واضح بدانتظامی ہے۔جواب میں مزید تحریر کیا گیا ہے کہ سال 2019ء میں حکومت پنجاب نے پوسٹ گریجوایٹ کلاسز کے تعلیمی وظیفہ کی رقم۔/50000 روپے کر دی ہے لہٰذا نظر ثانی شدہ ریٹ کے مطابق تعلیمی وظیفہ دلوایا جائے۔

۶۔ شکایت کی مشترکہ سماعت کے سلسلہ میں فریقین کو طلب کیا گیا۔شکایت کنندہ کا پسر خالد محمود حاضر آیا جبکہ محکمہ کی جانب سے کوئی حاضر نہ آیا۔ بعد ازاں ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کی جانب سے حتمی رپورٹ مورخہ 15.01.2020 موصول ہوئی جس کے مطابق شکایت کنندہ کے بیٹے محمد ثاقب محمود کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 16-2015 و 19-2018 کی رقم بھی بذریعہ آن لائن بنک آف پنجاب جاچکی ہے اور اس طرح شکایت کنندہ کی دادرسی ہو گئی ہے۔

۷۔ شکایت کنندہ کو رپورٹ محکمہ کے مندرجات سے آگاہ کیا گیا جس پر اس نے مورخہ 24.08.2020 کو بذریعہ ای میل مطلع کیا کہ دفتر محتسب پنجاب کی کاوش سے اس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے جس پر وہ دفتر محتسب پنجاب کا شکر گزار ہے۔

۸۔ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور کے لاء آفیسر مسٹر وقاص سے بذریعہ فون استفسار کیا گیا کہ تعلیمی وظیفہ برائے سال 2017.18ء کی ادائیگی کا رپورٹس میں ذکر نہ ہے لہٰذا اس بارے مفصل رپورٹ داخل کی جائے۔ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور نے بروئے حتمی رپورٹ مورخہ 14.10.2020 تحریر کیا کہ شکایت کنندہ کے بیٹے محمد ثاقب محمود کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 16-2015، 17-2016، 18-2017 و 19-2018 کی رقم کی ادائیگی بذریعہ آن لائن بنک آف پنجاب کی جاچکی ہے۔

۹۔ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور نے شکایت کنندہ کو اس کے بیٹے محمد ثاقب محمود کے تعلیمی وظیفہ برائے سال 16-2015، 17-2016، 18-2017 و 19-2018 کی رقم کی ادائیگی بذریعہ آن لائن بنک آف پنجاب کر دی ہے جس کی تصدیق شکایت کنندہ نے اپنے تحریری بیان کے ذریعے بھی کی ہے۔چونکہ شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BHK0010597

تاریخ فیصلہ: 12.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: الوداعی گرانٹ کی ادائیگی کی استدعا

شکایت کنندہ (کلثوم بیگم) نے درخواست داخل کی کہ وہ مورخہ 01.01.2019 کو گورنمنٹ گرلز مڈل سکول بنڈ اگل حیدر شاہ، ضلع بھکر سے سکیل نمبر 18 میں بطور ایس ایس ٹی ریٹائر ہوئیں۔ایس ایس ٹیچرز کو صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کی طرف سے الوداعی گرانٹ / ایک اعزازی تنخواہ دی جاتی ہے۔شکایت کنندہ نے مورخہ 04.05.2019 کو تمام کاغذات بھی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو ارسال کر دیئے تھے لیکن ابھی تک الوداعی گرانٹ کی ادائیگی نہ کی گئی ہے۔شکایت کنندہ نے استدعا کہ کہ محکمہ بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو اس کی الوداعی گرانٹ ادا کرنے کی ہدایت فرمائی جائے۔

۲۔ شکایت ہذا بذریعہ ڈاک موصول ہوئی تھی جس کے ساتھ نقل شناختی کارڈ و بیان حلفی لف نہ تھے جس پر شکایت کنندہ کو بیان حلفی و نقل شناختی کارڈ داخل کرنے کے لیے نوٹس جاری کیا گیا۔اس نے مطلوبہ دستاویزات داخل کر دی ہیں اور تحریری بیان بھی داخل کیا ہے کہ اس نے بینک آف پنجاب

بھکر سے مورخہ 28.10.2020 کو الوداعی گرانٹ کی مد میں مبلغ -/90000 روپے کا چیک وصول کر لیا ہے۔ اس کی دادرسی ہو گئی ہے۔ شکایت ہذا داخل دفتر فرمائی جاوے۔

۳۔ شکایت کنندہ کو الوداعی گرانٹ مبلغ -/90000 روپے کی ادائیگی ہو چکی ہے۔ اس کی دادرسی ہو گئی ہے۔ شکایت ہذا مزید روانی کی متقاضی نہ ہے جو درخواست شکایت محتسب برائے صوبہ پنجاب (رجسٹریشن، انویسٹی گیشن اور ڈسپوزل آف کمپلینٹس) ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے ریگولیشن 17 کی شق (ای) کے تحت نمٹائی جاتی ہے۔ شکایت کنندہ مطلع ہو۔

شکایت نمبر: POP20MBD0004058

تاریخ فیصلہ: 24.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: بہبود فنڈ سے تعلیمی وظیفہ جاری کروائے جانے کی استدعا

شکایت کنندہ نے بیان کیا کہ ان کی دختر ایمن نورین نے 'ایف ایس سی' کا امتحان سال 2019 میں 95 فیصد نمبروں سے پاس کیا تھا جس کیلئے صوبائی بہبود فنڈ بورڈ کو تعلیمی وظیفہ برائے سال 20-2019 جاری کرنے کی درخواست گزاری گئی۔ ان کے مطابق مروجہ قواعد کے تحت بورڈ مذکورہ طالبہ کو تعلیمی وظیفہ کی مد میں مبلغ -/50000 روپے ادا کرنے کا پابند ہے جس کی جلد ادائیگی کیلئے متعلقہ ایجنسی کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں۔

۲۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کی رپورٹ مورخہ 28.07.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کی دختر کے تعلیمی وظیفہ کا کیس کلیئر ہو چکا ہے جس میں مجاز اتھارٹی کی منظوری سے انہیں جلد ہی بوساطت بینک آف پنجاب آن لائن ادائیگی کر دی جائے گی۔

۳۔ محکمانہ رپورٹ کے جواب میں شکایت کنندہ نے مورخہ 05.09.2020 کو دفتر ہذا میں اصالتاً حاضر آ کر اپنا تحریری موقف داخل کرایا جس کے مطابق صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور نے تعلیمی وظیفہ برائے سال 20-2019 کی مد میں ان کی دختر ایمن نورین کو مبلغ -/50000 روپے کی ادائیگی کر دی ہے جس سے ان کی دادرسی ہو چکی ہے، لہٰذا شکایت نمٹا دی جائے۔

۴۔ آمدہ ریکارڈ کے ملاحظہ اور فریقین کے بیانات سے یہ امر واضح ہے کہ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور نے تعلیمی وظیفہ برائے سال 20-2019 کی مد میں شکایت کنندہ کی دختر کو مبلغ -/50000 روپے کی ادائیگی کر دی ہے جس سے ان کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا درخواست شکایت، بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20LH10003778

تاریخ فیصلہ: 23.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: درخواست برائے حصول الوداعی گرانٹ

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ وہ 32 سال کی سروس کے بعد مورخہ 30.11.2017 کو بطور اسسٹنٹ مسٹریس بی ایس۔18 کوئین میری کالج لاہور سے ریٹائر ہوئی۔ اس نے مورخہ 19.12.2017 کو الوداعی گرانٹ کے حصول کیلئے درخواست دی۔ ایڈمن آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ نے مورخہ 18.09.2018 کو ان سے بیس دن کے اندر مطلوبہ کاغذات جمع کروانے کا نوٹس دیا اور بصورت عدم تعمیل درخواست خارج کرنے کا عندیہ دیا۔ اس نے مذکورہ نوٹس کا جواب مورخہ 04.10.2018 کو دفتر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور میں جمع کروایا مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ ایس اینڈ جی اے ڈی کے سرکلر مورخہ 24.04.2018 کے تحت الوداعی گرانٹ کے ہیڈ آف اکاؤنٹ کا نمبر تبدیل کر دیا گیا۔ اس کی درخواست مذکورہ ہیڈ کے نمبر تبدیل ہونے سے پہلے کی ہے لہٰذا وہ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ کے اکاؤنٹ نمبر میں تبدیلی سے متاثر نہ ہوتی ہے اور اس کی بہبود فنڈ سے ماہانہ کٹوتی پرانے اکاؤنٹ میں موجود ہے جس سے ادائیگی ہو سکتی ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو الوداعی گرانٹ کی ادائیگی کے لئے ہدایات جاری کی جائیں۔

۲۔ مذکورہ شکایت مورخہ 24.09.2019 کو زیر نمبر پی او پی ایل ایچ ٹو/2019/321 کے تحت رجسٹر ہوئی اور مورخہ 16.03.2020 کو اسے نیا نمبر جاری کیا گیا۔

۳۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور نے مورخہ 01.10.2019 کی رپورٹ میں بتلایا کہ کوئین میری کالج میں ملازمین کی بہبود فنڈ کی کٹوتی کمپیوٹرائزڈ نہیں ہے بلکہ مینویل کی جاتی ہے اور یہ بہبود فنڈ کے اکاؤنٹ میں باضابطہ طور پر جمع نہیں ہو رہی۔ شکایت کنندہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ مطلوبہ کاغذات دفتر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ کو فراہم کرے۔ مورخہ 14.03.2020 کو پرنسپل کوئین میری کالج نے تحریری طور پر شکایت کنندہ کے ملازمت کے کوائف کی تصدیق کی اور بتلایا کہ کوئین میری کالج نے شکایت کنندہ کی تنخواہ سے بہبود فنڈ کی ماہانہ کٹوتی باقاعدگی سے کی ہے اور یہ کٹوتی اکاؤنٹ ہیڈ نمبر اے۔جی او/06214 میں جمع کروادی گئی تھی۔ نئے ہیڈ آف اکاؤنٹ میں رقم کی منتقلی کا معاملہ دفتر خزانہ اور بہبود فنڈ بورڈ لاہور کے درمیان ہے جو باہمی طور پر اس کو حل کر سکتے ہیں۔

۴۔ مورخہ 13.08.2020 کو صوبائی بہبود فنڈ بورڈ، لاہور نے بذریعہ مراسلہ دفتر ہذا کو آگاہ کیا کہ شکایت گزار کا کیس درست ہو گیا ہے اور جلد ہی مجاز اتھارٹی سے منظوری کے بعد بنک آف پنجاب کے ذریعہ آن لائن ادائیگی کر دی جائے گی۔

۵۔ مورخہ 01.09.2020 کو شکایت کنندہ کے خاوند چوہدری محمد حسین دفتر ہذا میں تشریف لائے اور تحریری طور پر شکایت کنندہ کی طرف سے جواب داخل کیا کہ دفتر محتسب پنجاب کے تعاون کی وجہ سے اس کا کام تقریباً مکمل ہو گیا ہے۔ وہ درخواست کی مزید پیروی نہیں کرنا چاہتا ہے البتہ محکمہ کو پابند کیا جائے کہ وہ حسب رپورٹ الوداعی گرانٹ کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں۔

۶۔ شکایت کنندہ کی درخواست کے وقت اس کی تنخواہ سے کی گئی ماہانہ کٹوتی صوبائی بہبود فنڈ بورڈ کے اکاؤنٹ میں موجود تھی اور قابل ادائیگی تھی مگر بغیر کسی وجہ سے اس کا کیس بروقت نہیں نمٹایا گیا بلکہ مورخہ 24.04.2018 کے سرکلر کے تحت بہبود فنڈ کے اکاؤنٹ نمبر کی تبدیلی کو تاخیر کا جواز بنایا گیا حالانکہ یہ تبدیلی اسکی الوداعی گرانٹ کی منظوری و ادائیگی کو متاثر نہیں کرتی تھی۔ شکایت کے مندرجات درست ہیں اور کیس کی تکمیل میں بورڈ مذکور غیر ضروری تاخیر کر کے بدانتظامی کا مرتکب ہوا ہے۔

۷۔ دفتر محتسب پنجاب میں پنجاب بہبود فنڈ بورڈ لاہور میں بہبود فنڈ کی ادائیگیوں کی بے جا تاخیر کے بارے میں اکثر شکایات موصول ہوتی ہیں لہٰذا ایڈیشنل چیف سیکرٹری، ایس اینڈ جی اے ڈی گورنمنٹ آف پنجاب کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بہبود فنڈ بورڈ میں پائی جانے والی بے اعتدالیوں کو ختم کروانے کیلئے سسٹم مرتب کروائیں جس سے موصول شدہ درخواستوں کو نمٹائے جانے میں تاخیر کی ماہانہ رپورٹ حاصل کی جائے اور زیر التواء درخواستوں کی بروقت تکمیل کیلئے حسب ضابطہ اقدامات کئے جائیں۔ بہبود فنڈ بورڈ کے کلائنٹس کو فنڈ کی بروقت ادائیگی مطابق قواعد وضوابط یقینی بنانا بورڈ کی ذمہ داری ہے تاہم اس میں تساہل سے کام لیا جاتا ہے اور سالہا سال تک ادائیگیاں نہ کی جاتی ہیں جیسا کہ موجودہ شکایت میں الوداعی گرانٹ کی ادائیگی کا کام دو سال سے زائد عرصہ کے بعد اب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے تاہم شکایت کنندہ اب اس پر مطمئن ہے۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شکایت کنندہ کی الوداعی گرانٹ کی ادائیگی کا اندر ایک ماہ اہتمام کریں اور سلسلے میں تعمیلی رپورٹ دفتر ہذا کو بھجوائیں۔ ان تصریحات / ہدایات کے ساتھ شکایت ہذا کو نمٹایا جاتا ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20KHB0007805

تاریخ فیصلہ: 22.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: نظر ثانی شدہ ریٹس کے بمطابق شادی گرانٹ جاری کروائے جانیکی استدعا

شکایت گزار (امان اللہ) کے بقول، وہ گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 2، احمد ال، ڈاکخانہ گولی والی، تحصیل قائد آباد، ضلع خوشاب سے بطور پی ٹی سی ریٹائر ہوا۔ اس کی 2 بیٹیوں کی شادی مورخہ 13 دسمبر 2019 کو سرانجام پائی۔ اس نے بہبود فنڈ سے اپنی دونوں بیٹیوں کی شادی گرانٹ کے حصول کے لیے درخواست جمع کرائی، مگر 8 ماہ گزر جانے کے بعد اُسے نوٹیفکیشن کیمطابق نئی شرح سے مبلغ -/100000 روپے فی کس کی بجائے -/15000 روپے فی کس شادی گرانٹ جاری کی گئی ہے جو ناانصافی پر مبنی ہے۔

۲۔ بحالات سائل نئی شرح کے مطابق شادی گرانٹ جاری کروائے جانیکی استدعا کی ہے۔

۳۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، خوشاب نے، بذریعہ رپورٹ نمبری 70/بی ایف مورخہ 2 ستمبر 2020، مطلع کیا کہ شکایت گزار کی بیٹیوں کی شادی گرانٹ کے کیسز چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی، خوشاب کی جانب سے، بذریعہ مراسلہ نمبری 352/بی-I مورخہ 21 جنوری 2020، دفتر ڈپٹی کمشنر، خوشاب کو ارسال کئے گئے۔ صوبائی بہبود فنڈ بورڈ، لاہور کی جانب سے بذریعہ حکومتِ پنجاب ایس اینڈ جی اے ڈی موصولہ نوٹیفکیشن

نمبری BOM/2015/34/BF مورخہ 9 جنوری 2020 کے پیرا-I ، سب پیرا (II) کیمطابق مورخہ 31 دسمبر 2019 تک شادی / کفن دفن گرانٹ کے موصول ہونے والے کیسز کو نئے قوانین کیمطابق ادائیگی کی جائیگی۔ چونکہ شکایت گزار کی بیٹیوں کی شادی گرانٹ کا کیس مورخہ 21 جنوری 2020 کو اُنکے دفتر میں موصول ہوا تھا، لہذا ضلعی بہبود فنڈ بورڈ، خوشاب کے اجلاس منعقدہ 6 فروری 2020 میں شکایت گزار کے شادی گرانٹ کے کیسز پرانے ریٹس کے حساب سے منظور ہوئے۔

۴۔ شکایت گزار نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 10 ستمبر 2020 موقف اختیار کیا کہ اسکی دونوں بیٹیوں (رقیہ بی بی اور انور خاتون) کی شادی مورخہ 13 دسمبر 2019 کو سرانجام پائی، لہذا چٹھی مورخہ 09-01-2020 کے پیرا-i، سب پیرا (ii)، کیمطابق مبلغ -/100000 روپے فی کس شادی گرانٹ کے حقدار ہیں۔

۵۔ فریقین میں سے کوئی بھی برائے سماعت حاضر نہ آیا۔ تاہم دفتر ہذا کی جانب سے بذریعہ ٹیلیفون رابطہ کئے جانے پر مسٹر محمد فیاض، اسسٹنٹ، نے ڈپٹی کمشنر، خوشاب کی نمائندگی کرتے ہوئے بیان کیا کہ دفتر ہذا کی جانب سے جاری ہدایت پر عملدرآمد کیا جائیگا۔ انکی توجہ ایڈمنسٹریٹو آفیسر بہبود فنڈ بورڈ، لاہور کی جانب سے بنام ایڈیشنل کمشنر / سیکرٹری بہبود فنڈ آفس، سرگودہا جاری کردہ وضاحتی مراسلہ نمبر مورخہ 21 اگست 2020 کی طرف دلائی گئی جس کے مطابق چونکہ شکایت گزار کی بیٹیوں کی شادی کا وقت (مورخہ 13 دسمبر 2019) مورخہ 10 مئی 2019 تا 31 دسمبر 2019 کا درمیانی حصہ ہے، لہذا وہ مبلغ -/100000 روپے فی کس شادی گرانٹ کا حق دار ہے۔ متذکرہ وضاحتی مراسلے کا متعلقہ پیرا برائے حوالہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے:-

It is intimated that the rates of Funeral Grant & Marriage Grant will be applicable as Rs.50000/- (Rupees Fifty Thousand Only) & Rs.100000/- (Rupees One Hundred Thousand Only) respectively where date of death & marriage occurs durig 10.05.2019 to 31.12.2019

۶۔ مسل پر دستیاب ریکارڈ کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر بہبود فنڈ بورڈ، لاہور کی جانب سے بنام ایڈیشنل کمشنر / سیکرٹری بہبود فنڈ آفس، سرگودہا جاری کردہ وضاحتی مراسلہ مورخہ 21 اگست 2020 متذکرہ بالا سے واضح ہے کہ چونکہ شکایت گزار کی بیٹیوں کی شادی مورخہ 10 مئی 2019 سے 31 دسمبر 2019 کے درمیانی حصہ (مورخہ 13 دسمبر 2019) میں ہوئی لہذا شکایت گزار مبلغ -/100000 روپے فی کس شادی گرانٹ کا حق دار ہے۔

۷۔ بحالات بالا، چیئرمین ضلعی بہبود فنڈ بورڈ / ڈپٹی کمشنر خوشاب کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شکایت گزار کو حسبِ قواعد متذکرہ بالا -/100000 روپے فی کس شادی گرانٹ ادا کر کے دفتر ہذا کو اندر 30 یوم مطلع کرے۔ شکایت ہذا مذکورہ بالا ہدایت کے ساتھ نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20TTS0008571

تاریخ فیصلہ: 29.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس بنیوولنٹ فنڈ

عنوان: بہبود فنڈ میں سے وظیفہ کی فراہمی کی استدعا

محمد اعجاز فاروق (شکایت کنندہ) کے مطابق صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور کے حکام نے ان کے بیٹوں میاں عمیر فاروق اور احمد فاروق کے تعلیمی وظائف کی فراہمی کا معاملہ بلاوجہ التواء میں ڈال رکھا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی کی اس غفلت شعاری کا نوٹس لیا جائے اور انہیں ان کے بچوں کے وظائف کی رقم دلوائی جائے۔

۲۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر صوبائی بہبود فنڈ بورڈ پنجاب لاہور نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 07.10.2020 مطلع کیا کہ شکایت گزار کے بیٹوں کے وظائف کی رقم متعلقہ بنک آف پنجاب کو ارسال کی جاچکی ہے اور یوں شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔

۳۔ مورخہ 13.10.2020 کو شکایت گزار سے فون پر رابطہ کیا گیا تو اُس نے اِس امر کی تصدیق کی کہ انہیں ان کے بچوں کے تعلیمی وظائف کی رقم موصول ہو چکی ہے۔

۴۔ ایجنسی کی جانب سے موصولہ رپورٹ کے مطابق شکایت گزار کے بیٹوں کے تعلیمی وظائف کی رقم مبلغ -/60،000 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے، شکایت گزار نے بھی ان کی دادرسی ہو جانے کی تصدیق کی ہے۔ لہٰذا شکایت بارآور ہونے کی بنا پر نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

پنجاب پولیس



شکایت نمبر : POP20JHG0003788

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، جھنگ

عنوان: مال مسروقہ کی برآمدگی میں عدم دلچسپی کا نوٹس لینے کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق مورخہ 18.01.2020 کی رات ان کے گھر میں چوری کی واردات ہوئی جس کے نتیجہ میں وہ لاکھوں روپے مالیت کے زیورات ونقدی سے محروم ہوگئے، وقوعہ کا مقدمہ مورخہ 23.01.2020 کو درج ہوا لیکن مقامی پولیس نے آج تک نہ کوئی ملزم گرفتار کیا ہے اور نہ ہی کسی کو گرفتار کرنے کی کوشش کی ہے، شکایت گزار نے مزید کہا کہ شب وقوعہ نہ صرف ان کے گھر میں واردات ہوئی بلکہ چور ان کے پڑوس میں واقع متعدد گھروں کا بھی صفایا کر گئے۔ انہوں نے ان کے گھر میں ہونے والی واردات کی سی۔سی۔ٹی۔وی فوٹیج بھی مقدمہ کے تفتیشی آفیسر کو فراہم کی لیکن وہ اسے ریکارڈ کا حصہ بنانے کو تیار نہ ہیں۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ جھنگ پولیس کی اس نااہلی وانتظامی بدعملی کا نوٹس لیا جائے اور ڈی۔پی۔او جھنگ کو ہدایت کی جائے کہ وہ ملزمان کی گرفتاری یقینی بنائیں اور ان کا مال مسروقہ برآمد کریں۔

۲۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 08.08.2020 مطلع کیا کہ وقوعہ کا مقدمہ نمبر 74/20 بجرم 457/379 ت پ تھانہ کوتوالی جھنگ میں رجسٹر کیا گیا، مذکورہ مقدمہ کے تفتیشی آفیسر (مسٹر آصف نواز اے۔ایس۔آئی) نے شکایت گزار کی نشاندہی پر ملزم جعفر ولد لال کو گرفتار کیا اور اس سے مال مسروقہ موٹر سائیکل اور 04 جوڑے یارجات برآمد کر کے اسے حوالات جوڈیشل بھجوایا، اس کے شریک ملزم کے رویوش ہو جانے کی وجہ سے کیس کا نامکمل چالان مجاز عدالت میں ارسال کیا جا چکا ہے ، مفرور ملزم کی گرفتاری کی بھرپور کوشش کی جارہی ہے ، ملزم مذکور کی گرفتاری پر بقیہ مال مسروقہ برآمد کیا جائے گا۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 24.08.2020 ایجنسی کی رپورٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اسے معلوم ہی نہ ہے کہ تفتیشی آفیسر نے کس کو پکڑا اور کس کو رہا کیا، ان کا 16 لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری ہو گیا جس کی ریکوری کے لئے نہ کوئی کوشش کی گئی ہے اور نہ ہی انہیں مقامی پولیس سے کسی قسم کی ریکوری کی کوئی امید ہے۔

۴۔ ایجنسی کی جانب سے موصولہ رپورٹ مورخہ 08.08.2020 اور شکایت گزار کی جانب سے پیش کئے گئے جواب الجواب مورخہ 24.08.2020 کے ملاحظہ سے پایا گیا ہے کہ شکایت گزار کے گھر میں چوری کی واردات مورخہ 18.01.2020 کو وقوع پذیر ہوئی جبکہ وقوعہ کا مقدمہ مورخہ 23.01.2020 کو درج کیا گیا ، یوں وقوعہ کی ایف۔آئی۔آر کے اندراج میں 05 یوم کی تاخیر سے ہی ایجنسی کی نااہلی وبدانتظامی عیاں ہے۔ مزید براں مقدمہ متذکرہ بالا کے تفتیشی آفیسر کا وقوعہ میں شریک ایک ملزم کی گرفتاری کے بعد اس سے صرف ایک موٹر سائیکل اور تین چار جوڑے یارجات برآمد کر کے اسے حوالات بھجوا دینے اور ملزم مذکور کے شریک جرم ملزم کی گرفتاری میں عدم دلچسپی کے اظہار سے تفتیشی آفیسر مذکور کی نااہلی اور جھنگ پولیس کی ناقص کارکردگی عیاں ہے لہذا صوبائی محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11(1)ڈی، ای اینڈ ایف کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کو ہدایت کی گئی کہ وہ وقوعہ متذکرہ بالا کی ایف۔آئی۔آر کے اندراج میں 05 یوم کی تاخیر کے ذمہ دار اور مال مسروقہ کی برآمدگی میں عدم دلچسپی کا اظہار کرنے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف مناسب تادیبی کارروائی عمل میں لانے کے علاوہ شکایت گزار کے مال مسروقہ کی برآمدگی اندر 15 یوم یقینی بنائیں اور تعمیلی رپورٹ دفتر ہذا کو ارسال کریں۔



شکایت نمبر : POP20NRW0004244

تاریخ فیصلہ: 10.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے پر پولیس ملازمین کے خلاف کارروائی کی استدعا

شکایت کنندہ محمد اختر کے مطابق مورخہ 13.05.2020 کو تقریباً 3/4 بجے شام تھانہ ظفروال کی پولیس اس کے گھر اس کے بیٹے کو گرفتار کرنے آئی اور اس کے 15/16 سالہ بیٹے کو بغیر وارنٹ گرفتاری گرفتار کر کے تھانہ ظفروال لے گئے۔ وہ جب تھانہ ظفروال گیا تو اسے بھی حوالات میں بند کر کے اس پر تشدد کرنا شروع کر دیا، پولیس ملازمین عابد اے۔ایس۔آئی اور شہباز ملہی اور شکیل عرف شیلا مع چار کس نامعلوم پولیس ملازمین اس پر تشدد

کرتے رہے اور مورخہ 15.05.2020 تک اس کے بیٹے کے سامنے اسے ذلیل ورسوا کرتے رہے۔ اسے مورخہ 15.05.2020 کو دوبجے دوپہر چھوڑ دیا اور کہا کہ اگر اس نے ان کے خلاف کوئی درخواست دی تو وہ اسے مختلف مقدمات میں ملوث کر دیں گے۔ وقوعہ ہذا شہباز اے۔ ایس۔ آئی کے ایما پر کیا گیا ہے جو کہ اس سے بھتہ مانگتا ہے۔ دھمکیوں اور گالیوں کی ریکارڈنگ بھی اس کے پاس موجود ہیں۔ شکایت کنندہ نے پولیس ملازمین کے خلاف قانونی کارروائی کی استدعا کی۔

۲۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، نارووال نے تحت لیٹر نمبری 1892 / لیگل مورخہ 30.06.2020 آگاہ کیا ہے کہ معاملہ ہذا کی انکوائری ڈی۔ ایس۔ پی / ایس۔ ڈی۔ پی۔ او سرکل ظفروال سے کروائی گئی۔ بمطابق انکوائری رپورٹ الزام علیہان کا موقف ہے کہ مورخہ 12.05.2020 کو نزد ہائی اسکول روپوچک مسمی نور حسین کے ساتھ واردات ہوئی تھی جس نے شک و شبہ ظاہر کیا کہ اس کے ساتھ واردات مسمیان فیصل ولد محمد اختر قوم راجپوت سکنہ محلہ جٹاں والا ظفروال نے کی ہے۔ الزام علیہان نے تحریری بیان دیا کہ درخواست دہندہ کے بیٹے کو شک کی بنا پر طلب کیا گیا جس کو پوچھ گچھ کرنے کے بعد فارغ کیا گیا۔ درخواست دہندہ یا اس کے بیٹے فیصل پر کسی قسم کا تشدد نہ کیا گیا ہے۔ اس معاملہ کی بابت قیصر محمود 658 / ہیڈ کانسٹیبل محرر تھانہ ظفروال اور غلام مرتضی 160 / سی سنتری تھانہ ظفروال کو بھی شامل دریافت کیا گیا جنہوں نے بیان کیا کہ وہ تھانہ میں موجود تھے درخواست دہندہ کو گرفتار نہ کیا گیا ہے اور نہ درخواست دہندہ یا اس کے بیٹے کو تشدد کا نشانہ ہی بنایا ہے۔ درخواست دہندہ نے درخواست ہذا میں گواہ مسمی علی حمزہ ولد ذوالفقار کا ذکر کیا ہے جس کو وہ تاحال پیش نہ کر سکا ہے۔ درخواست دہندہ درخواست میں لگائے گئے الزامات کی بابت دیگر کوئی ٹھوس ثبوت بھی پیش نہ کر سکا ہے۔ درخوست دہندہ نے ایک عدد میڈیکو لیگل بذریعہ کورٹ آرڈر حاصل کیا ہوا ہے جس کے مطابق تحریر کردہ ضربات قابل دست اندازی پولیس نہ ہیں۔ مزید درخواست دہندہ کو اپنے گواہان / شہادت بارہا پیش کرنے کا کہا گیا ہے لیکن وہ کوئی گواہ / شہادت پیش نہ کر سکا ہے جبکہ الزام علیہ نے اپنی صفائی بذریعہ گواہان پیش کی ہے۔ سر دست درخواست دہندہ اپنا موقف اور الزامات ثابت نہ کر سکا ہے لہذا درخواست داخل دفتر کی جانی مناسب ہے۔

۳۔ حقائق بالا کی روشنی میں پایا گیا ہے کہ شکایت کنندہ کے بیٹے فیصل کو الزام علیہ عابد محمود اے۔ ایس۔ آئی، شہباز احمد 534 / سی، محمد شکیل 648 / سی تھانہ سٹی ظفروال مورخہ 13.05.2020 کو تقریباً 3/4 بجے شام اس کے گھر سے گرفتار کر کے تھانہ ظفروال لے گئے جہاں پر اس کا والد شکایت کنندہ محمد اختر گیا تو الزام علیہان پولیس ملازمین مذکوران نے اس پر بھی تشدد کیا جس کی تصاویر شکایت کنندہ نے فراہم کی ہیں۔ الزام علیہان نے شکایت کنندہ اور اس کے بیٹے فیصل کو دو دن ناجائز طور پر حراست میں رکھ کر اختیارات کا ناجائز استعمال کیا ہے جس پر ان کے خلاف پولیس رولز کے تحت کارروائی لازم ہے۔ دوران سماعت شکایت ہذا، شکایت کنندہ کی درخواست کے تحت الزام علیہان، پولیس ملازمین مذکورہ کے خلاف ایف آئی آر درج بالا کا اندراج کر دیا گیا۔ جس کی تفتیش کا کسی بھی قسم کے بغیر سرانجام پانا اور متعلقہ معزز عدالت میں چالان پیش ہانا محکمہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ لہذا خود ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نارووال پورے عمل کی نگرانی فرمائیں گے اور اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ معاملہ قانونی راستہ اختیار کرتے ہوئے منطقی انجام تک پہنچے۔

۴۔ اطہر علی، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سرکل ظفروال نے دفتر ہذا کی طرف سے نوٹس ہائے جاری کیے جانے اور بذریعہ فون اطلاعیابی کے باوجود رپورٹ داخل نہ کر کے اور کارروائی سماعت میں شرکت نہ کر کے بد عملی کا ارتکاب کیا ہے۔ دفتر ہذا کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کی تعمیل کرنا افسران ایجنسی کی قانونی ذمہ داری ہے۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 14(5) کے تحت کارروائی کے لیے معاملہ انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب، لاہور کے سپرد کیا جاتا ہے کہ وہ نوٹس کی عدم تعمیل کی انکوائری کروا کے ڈی ایس پی مذکور کے خلاف حسب ضابطہ انضباطی کارروائی عمل میں لائیں اور نتائج سے دفتر ہذا کو اندر میعاد 30 یوم مطلع کریں۔

۵۔ پیرا نمبر ۵ و ۶ میں دی گئی ہدایات و تصریحات بالا کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20DGK0000564

تاریخ فیصلہ: 22.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: ادائیگی واجبات

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ ایم۔ آئی۔ ایس میں نمبر POP-DGK/000002/2020 کے تحت مورخہ 21.01.2020 کو رجسٹر کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ ایم۔ آئی۔ ایس میں اسے مورخہ 07.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ درخواست گزارہ کا خاوند قیصر عباس محکمہ بارڈر ملٹری پولیس ،ڈیرہ غازیخان میں جونیئر کلرک تھا جو بقضائے الٰہی مورخہ 15.11.2014 کو وفات پا گیا۔ سائلہ بیوہ مذکورہ ملازم سرکار ہے لیکن ابھی تک اُس کو فنانس ڈیپارٹمنٹ لاہور سے واجبات کی منظوری کا حکم نامہ نہیں ملا۔ سائلہ نے لکھا ہے کہ 6لاکھ روپے کی منظوری کا استحقاق رکھتی ہے۔ گذشتہ کئی ماہ سے دفتر باڈر ملٹری پولیس و محکمہ فنانس لاہور سے بھی رابطہ میں ہے لیکن ابھی تک اُس کی مشکل کشائی نہیں ہوئی۔

۳۔ سائلہ نے دفتر ہذا سے استدعا کی ہے کہ مذکورہ علیہم کو ہدایت کی جائے کہ وہ سائلہ کے 6لاکھ کے استحقاق پنشن کے واجبات منظور کریں۔

۴۔ مسئول علیہم کو نوٹسز ارسال کئے گئے جس کے نتیجے میں محکمہ کی طرف سے دفتر ہذا کے ساتھ خط و کتابت ہوئی۔ سیکشن آفیسر پولیس ڈیپارٹمنٹ لاہور نے پولیٹیکل کمانڈنٹ بارڈر ملٹری پولیس، ڈیرہ غازی خان کو چٹھی نمبری HP-11/9-8/2015 مورخہ 26.08.2019 کو ارسال کی۔ جس میں فنانس ڈیپارٹمنٹ نے پولیٹیکل اسسٹنٹ کو ایڈوائس کی کہ وہ 6لاکھ روپے کے فنڈز سائلہ کو ادائیگی کیلئے فراہم کرے اگرچہ دفتر ہذا میں مسئول علیہم کی طرف سے اصل جواب نہیں دیا گیا لیکن ریکارڈ پر وہ خط و کتابت لائی گئی جو کمانڈنٹ بارڈر ملٹری پولیس ڈیرہ غازیخان اور ہوم ڈپارٹمنٹ پنجاب لاہور کے درمیان ہوئی۔

۵۔ چونکہ محکمہ کی طرف سے تحریری جواب موصول نہ ہوا لہٰذا کسی جواب الجواب کی ضرورت پیش نہ آئی۔

۶۔ سائلہ کی طرف سے اُس کے بہنوئی محمد رئیس نواز نے دفتر ہذا کو اطلاع دی کہ وہ سائلہ کا پیروکار ہے اور وہی مختلف دفاتر میں سائلہ کی طرف سے حاضر ہوتا رہا ہے تاکہ اُس کی درخواست کی پیروی کی جاسکے جو کہ اُس کے مرحوم خاوند کی پنشن و گریجویٹی کے سلسلے میں ہے۔ مذکور نے دفتر ہذا میں برملا اعتراف کیا کہ شکیلہ بی بی کو 6لاکھ روپے کی پنشن (واجبات) مل چکے ہیں اور اُس نے یہ رقم خود متعلقہ دفتر سے حاصل کر کے سائلہ کے حوالے کر دی ہے لہٰذا سائلہ کی حق رسی ہو چکی ہے۔ مذکورہ بالا حقائق کے مدنظر شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20GRT0006143

تاریخ فیصلہ: 09.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: مسروقہ مویشی برآمد کرانے کی استدعا

شکایت کنندہ نے بیان کیا کہ موضع کھوہار تحصیل سرائے عالمگیر ضلع گجرات سے ان کے 6عدد مویشی چوری ہوئے تھے۔ ان کے مطابق وقوعہ کی 'ایف آئی آر' نمبر 202/20 مورخہ 16.07.2020 کو تھانہ صدر سرائے عالمگیر ضلع گجرات میں درج کرائی گئی جس کے نتیجہ میں مسروقہ مویشیوں میں سے دو عدد بیل برآمد کرا لئے گئے، جبکہ چار عدد مویشیوں کی برآمدگی باقی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ ان کے باقی ماندہ مویشی برآمد کرانے کیلئے مقامی پولیس کو ہدایات جاری کی جائیں۔

۲۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گجرات کی رپورٹ نمبری 12816/لیگل مورخہ 15.08.2020 کے مطابق شکایت کردہ معاملہ کی بذریعہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سرائے عالمگیر سرکل ضلع گجرات محکمانہ انکوائری عمل میں لائی گئی۔ دوران دریافت پایا گیا کہ شکایت کنندہ کے مسروقہ جملہ مویشی برآمد کرا کے ان کے حوالے کر دیئے گئے ہیں جس کی تصدیق کرتے ہوئے شکایت کنندہ نے محکمہ کو اس بابت اپنا تحریری بیان بھی داخل کرا دیا ہے۔ چونکہ شکایت کنندہ کی دادرسی ہو چکی ہے، لہٰذا شکایت نمٹائی جانی مناسب ہے۔

۳۔ محکمانہ رپورٹ کے جواب میں شکایت کنندہ کا موقف جاننے کیلئے انہیں تحریری نوٹس نمبر 5081711F7F مورخہ 18.08.2020 جاری کیا گیا جس کے جواب میں شکایت کنندہ نے دفتر ہذا کو اپنا تحریری موقف پیش نہ کیا۔ مورخہ 01.09.2020 کو درخواست شکایت پر درج فون نمبر پر رابطہ کیا گیا جس پر شکایت کنندہ نے بتلایا کہ رپورٹ ایجنسی کے مندرجات درست ہیں اور انہیں ان کے مسروقہ چھ عدد مویشی واپس مل چکے ہیں۔ لہٰذا دادرسی ہو جانے کی بنیاد پر ان کی شکایت داخل دفتر کر دی جائے۔

۴۔ رپورٹ ایجنسی کے مندرجات اور فریقین کے بیانات سے یہ امر واضح ہے کہ مقامی پولیس نے شکایت کنندہ کے مسروقہ جملہ مویشی برآمد کر کے ان کے حوالے کر دیئے ہیں، جس سے اس بابت ان کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20MLT0004615

تاریخ فیصلہ: 08.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: اندراج مقدمہ کی استدعا

شکایت کنندہ مسماۃ ثریا بی بی نے الزام لگایا ہے کہ انہیں نامعلوم ٹیلیفون نمبروں سے غیر اخلاقی کالز موصول ہوئی تھیں اور مابعد اغوا اور قتل کی دھمکیاں دی گئی ہیں۔ لہذا اُنہوں نے اندراج مقدمہ کے لئے پولیس سے رجوع کیا مگر وومن پولیس سٹیشن، ملتان نے قانونی کارروائی نہ کی ہے۔

۲۔ وومن پولیس سٹیشن، ملتان کی جانب سے داخل شدہ رپورٹ کے مطابق شکایت کنندہ تھانہ میں آئی تھیں مگر انہوں نے نہ تو ملزمان کی بابت کوئی معلومات فراہم کیں اور نہ ہی اپنا مکمل ایڈریس مہیا کیا ہے۔ جو فون نمبرز انہوں نے تحریر کرائے تھے وہ بھی بند ہیں لہذا اُنہیں ہدایت کی جائے وہ الزام کی تائید میں ثبوت فراہم کریں اور تھانہ میں آکر ملزمان کے کوائف مہیا کریں۔

۳۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب میں مطلع کیا کہ متعلقہ ایس ایچ او نے قبل از اندراج مقدمہ ثبوت طلب کیا حالانکہ انہوں نے وہ فون نمبر انہیں فراہم کر دیئے تھے جہاں سے انہیں غلط کالز موصول ہو رہی تھیں۔ مزید یہ کہ انہوں نے درخواست کی پیروی کبھی ترک نہیں کی لہذا پولیس کو اندراج مقدمہ کے احکامات جاری کئے جاویں۔

۴۔ شکایت کنندہ ایک خاتون خانہ ہیں جنہیں مخصوص ٹیلیفون نمبروں سے پہلے غیر اخلاقی کالز آئی تھیں اور مابعد انہیں اغوا اور قتل کی دھمکیاں دی گئیں۔ پولیس نے نامعلوم ملزمان کے کوائف فراہم کرنے کی مضحکہ خیز بات کی ہے۔ بھلا خاتون خانہ کو کیا معلوم کہ نامعلوم نمبروں سے انہیں کون کال کر رہا ہے؟ تاہم ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ کے اندراج سے انکار نہ کیا گیا ہے۔ اندریں حالات سی پی او، ملتان کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ شکایت کنندہ کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ٹیلیفون نمبروں کا ریکارڈ حاصل کر کے حسب ضابطہ کارروائی / تفتیش عمل میں لائیں۔ ان ہدایات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20BWP0002620

تاریخ فیصلہ: 05.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: درخواست برائے چوری شدہ کار کی برآمدگی

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے، کہ وہ ماڈل ٹاون (بی) بہاولپور کا رہاشی ہے، مورخہ 2019-10-28 کو اس کے گھر کے باہر سے اس کی گاڑی مہران کار نمبر BR-326 ماڈل 2015 جو اس کی بیوی مسماۃ فرخندہ یاسمین کے نام پر رجسٹرڈ ہے، چوری ہو گئی تھی۔ جس پر سائل نے تھانہ سول لائنز بہاولپور میں مقدمہ نمبر 19/526 بجرم 381۔ت۔پ۔ نامعلوم ملزمان کے خلاف مورخہ 2019-10-29 کو درج کروایا۔ لیکن تاحال متعلقہ پولیس نے تفتیش میں کوئی پیش رفت نہ کی ہے اور نہ ہی گاڑی مذکورہ برآمد ہوئی ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ متعلقہ پولیس افسران کو ہدایت کی جائے کہ وہ سائل کی گاڑی برآمد کر کے اس کے حوالے کریں اور ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کریں۔

۲۔ رپورٹ منجانب ایجنسی / ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور، موصول ہوئی جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ شکایت کنندہ کی درخواست پر مقدمہ نمبر 19/526 بجرم 381-A ت۔پ۔ تھانہ سول لائنز بر خلاف نامعلوم الاسم درج ہوا۔ جس کی تفتیش ریاض اشرف اے۔ایس۔آئی۔ نے عمل میں لائی، جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزم مقدمہ ہذا ٹریس ہو چکا ہے اور مقدمہ مذکورہ میں مال مسروقہ گاڑی بھی برآمد ہو چکی ہے جو کہ درخواست گزار نے وصول کر لی ہے جس سے شکایت کنندہ کی دادرسی ہو چکی ہے۔ لہذا شکایت ہذا داخل دفتر کی جانی مناسب ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے متذکرہ بالا رپورٹ ایجنسی کو درست تسلیم کرتے ہوئے اپنی حق رسی ہونے پر، دفتر ہذا کا تحریری طور پر شکریہ ادا کیا ہے۔

۴۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20BWP0004258

تاریخ فیصلہ: 06.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: درخواست برائے ادائیگی ایڈوانس۔جی۔پی۔فنڈ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ وہ پنجاب پولیس میں بطور کانسٹیبل ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔اس نے اپنے محکمہ سے حصول ایڈوانس جی۔پی۔فنڈ کی درخواست منظور کرواکر محکمہ خزانہ بہاولپور کو مورخہ 30-09-2019 بذریعہ ڈائری نمبر 39144 ارسال کی۔ لیکن تاحال کوئی کارروائی نہ ہوئی ہے۔ سائل متعدد بار دفتر خزانہ کے چکر لگا چکا ہے لیکن کوئی شنوائی نہ ہوئی ہے۔ استدعا کی گئی ہے، کہ محکمہ خزانہ کو حکم صادر کیا جائے کہ وہ سائل کے ایڈوانس۔جی۔پی۔فنڈ کی بلا تاخیر ادائیگی کرے۔

۲۔ منجانب ایجنسی / ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفیسر، بہاولپور رپورٹ موصول ہوئی جس میں وضاحت کی گئی کہ شکایت کنندہ کا ایڈوانس جی۔پی فنڈ کا کیس ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور کو دوبارہ نظر ثانی کیلئے ارسال کر دیا گیا ہے۔ بعد از نظر ثانی و ہدایات مجاز اتھارٹی شکایت کنندہ کو مطلوبہ رقم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

۳۔ منجانب شکایت کنندہ جواب الجواب کی بجائے تحریری تشکر نامہ داخل کیا گیا ہے کہ اس کو مطلوبہ دادرسی میسر آچکی ہے اور شکایت ہذا کا مقصد تکمیل پاچکا ہے۔ جس کے بعد کسی مزید پیش رفت کی ضرورت نہ ہے۔

۴۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20VHR0007066

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: ملزمان کے خلاف کارروائی کی استدعا

شکایت کنندہ کی درخواست کے مطابق محمد سعید ولد اللہ وسایا، عائشہ بی بی زوجہ محمد شفیع، شہزاد ولد محمد ریاض اور محمد شفیق کے خلاف اس کی دختر کو جان سے مار دینے کی بابت درخواست اندراج مقدمہ کے لیے دائر کی گئی تھی جس پر محمد سعید اور عائشہ بی بی کے خلاف نامزد مقدمہ نمبر 653/19 مورخہ 13.12.2019 تھانہ ٹبہ سلطان پور تحصیل میلسی میں درج رجسٹرڈ ہوا۔ انہوں نے استدعا کی ہے کہ مذکورہ مقدمہ میں محمد شہزاد اور محمد شفیق کا بھی اندراج کرتے ہوئے ان کے خلاف مطابق قانون کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۲۔ سب ڈویژنل پولیس آفیسر / ڈی ایس پی سرکل میلسی کی رپورٹ مورخہ 18.08.2020 کے مطابق مقدمہ مذکورہ محمد ذاکر (شکایت کنند) کی مدعیت میں بجرم 302/311/34 ت پ تھانہ ٹبہ سلطان پور درج رجسٹرڈ ہوا۔ جس میں درخواست دہندہ نے نامزد مقدمہ بر خلاف محمد سعید اور مسماۃ عائشہ بی بی درج کروایا کہ اس کی دختر حمیرا بی بی کو ملزمان مندرجہ بالا نے قتل کر دیا ہے۔ مقدمہ ہذا میں محمد سعید گرفتار ہو کر معاملہ عدالت جاچکا ہے اور مسماۃ عائشہ بی بی کی ضمانت ہائی کورٹ ملتان سے منظور ہو چکی ہے جبکہ محمد شہزاد اور محمد شفیق کا مقدمہ ہذا میں ملوث ہونا نہ پایا گیا ہے۔ مقدمہ ہذا کا مکمل چالان مورخہ 10.07.2020 کو مرتب ہو چکا ہے۔ لہذا درخواست ہذا داخل دفتر کی جانی مناسب ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے جواب الجواب جمع نہ کروایا البتہ سماعت میں حاضر ہوا۔

۴۔ شکایت ہذا مقدمہ نمبر 653/19 میں محمد شہزاد اور محمد شفیق کو ملزم نامزد کروائے جانے کی غرض سے دائر کی گئی تھی۔ ملاحظہ ریکارڈ اور سماعت فریقین سے عیاں ہوا کہ تفتیشی مذکور نے مقدمہ ہذا میں مدعی فریق کی استدعا کے مطابق محمد شہزاد اور محمد شفیق کو شامل تفتیش ہی نہ کیا ہے اور نہ ہی ان سے اس بارے میں کوئی باز پرس یا دریافت عمل میں لائی گئی ہے۔ اس طرح سے فریقین کو درست طریقہ سے سماعت ہی نہ کیا گیا ہے۔ جب کہ دوران سماعت فریقین تفتیش کنندہ کی جانب سے اسی مقصد کے لیے تاریخ پیشی کی استدعا کی گئی تھی۔ تاہم اس بارے میں تفتیشی آفیسر نے بغیر کسی پیش رفت کے محض سابقہ تفتیش پر اکتفا کرتے ہوئے مدعی کی استدعا کے مطابق دیگر ملزمان کو شامل تفتیش نہ کیا ہے جو کہ اس کی بدنیتی ہے اور بدانتظامی کے زمرہ میں آتی ہے۔

۶۔ بحالات بالا شکایت کنندہ کی استدعا قابل پذیرائی قرار دیتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وہاڑی کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ:-

فوری طور پر محمد شہزاد و محمد شفیق کو مقدمہ مذکورہ بالا (653/19) میں شامل تفتیش کیے جانے کی بابت اور تفتیشی آفیسر (سراج دین) کی جانبدارانہ روش کے ضمن میں کسی سینئر پولیس آفیسر کے ذریعے تحقیقات عمل میں لاتے ہوئے نتائج سے اندر 30 یوم شکایت کنندہ اور دفتر ہذا کو تحریری طور پر مطلع کریں۔ نیز مقدمہ کو میرٹ پر یکسو کروانے کیلئے حسب ضابطہ ضروری کارروائی عمل میں لائیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وہاڑی اصالتاً معقول وجوہات کے ساتھ وضاحت کے لیے دفتر صوبائی محتسب پنجاب لاہور حاضر ہوں گے

۷۔ مندرجہ بالا تصریحات کے ساتھ درخوست ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20KWL0007442

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: **استدعا برائے کارروائی بر خلاف پولیس ملازمین تھانہ بارہ میل ضلع خانیوال**

درخواست دہندہ بیانی ہے کہ اُس کی اراضی واقع مربع نمبر 26 ایکڑ نمبر 16/25 میں کوئی کھال منظور شدہ نہ ہے مگر ایس۔ڈی۔او محکمہ انہار نے حکم مورخہ 21.07.2020 کو بحالی کھال کا حکم صادر کیا جس کے بارے میں دعویٰ عدالت دیوانی میں زیر سماعت ہے۔ علاوہ ازیں اُس کا مربع نمبر 26 ایکڑ نمبر 6 میں بھی ملکیتی رقبہ ہے جس کی درخواست ایس۔ڈی۔سی۔او کے پاس زیر سماعت ہے مگر الزام علیہ ایس۔ایچ۔و تھانہ بارہ میل نے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے حق نواز، قاسم، ہاشم، بشیر، محمد حیات محمد حنیف محمد صدیق اور حاجی محمد وغیرہ الزام علیہان نمبر ان 5 تا 19 سے ساز باز کرتے ہوئے زبردستی کھال نکلوایا ہے جبکہ محکمہ انہار کی جانب سے بحالی کھال کا کوئی حکم مقامی پولیس کو جاری نہ ہوا ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ الزام علیہ ایس۔ایچ۔او تھانہ بارہ میل کے خلاف اختیارات سے تجاوز کرنے پر مناسب کارروائی کی جائے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خانیوال کی رپورٹ مورخہ 06.09.2020 میں تحریر کیا گیا ہے کہ ایس۔ڈی۔سی۔او اولڈ سدھنائی کے فیصلہ مورخہ 21.07.2020 بابت بحالی کھال ضلعدار محمد اعظم کی موجودگی میں ایس۔ایچ۔او تھانہ بارہ میل نے کھال بحال کرایا ہے اور الزام علیہ ایس۔ایچ۔او نے کسی قسم کی کوئی غیر قانونی کارروائی نہ کی ہے۔

۳۔ درخواست دہندہ کی طرف سے جواب الجواب مورخہ 18.09.2020 میں بتایا گیا ہے کہ اُس کے ملکیتی رقبہ مربع نمبر 26 ایکڑ نمبر 25/16 کھال مذکورہ حکم مورخہ 21.07.2020 مصدرہ ایس۔ڈی۔سی۔او با امداد پولیس بحال ہو چکا ہے جبکہ الزام علیہان نے مربع نمبر 26 ایکڑ نمبر 6 سے محکمہ انہار کے عملہ کے بغیر مقامی پولیس نے الزام علیہان کے ساتھ ساز باز ہو کر زبردستی کھال نکال لیا ہے اور یہ معاملہ ایس۔ڈی۔سی۔او کے پاس اب بھی زیر سماعت ہے جس پر کوئی حتمی حکم صادر نہ کیا گیا ہے اور نہ ہی پولیس کو اس بارہ میں کوئی استدعا کی گئی ہے۔

۴۔ درخواست دہندہ نے درخواست اور جواب الجواب پر انحصار کرتے ہوئے سماعت میں بتایا ہے کہ الزام علیہان پولیس ملازمین نے حق نواز وغیرہ سے طمع نفسیاتی کی خاطر ساز باز کرتے ہوئے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے مربع نمبر 26 ایکڑ 6 سے مسمار شدہ کھال زبردستی بحال کرایا ہے جو کہ سراسر زیادتی ہے اور مقامی پولیس کی الزام علیہان کی طرف سے کی گئی کارروائی غنڈہ گردی کو تحفظ فراہم کرنے کے مترادف ہے۔

۵۔ نمائندہ محکمہ انہار نے سماعت میں پیش ہو کر بتایا ہے کہ کھال بحالی سے قبل شکایت کنندہ نے دعویٰ دائر کر کے عدالت دیوانی سے حکم امتناعی حاصل کرنے کی کوشش کی مگر حکم امتناعی کی درخواست خارج ہو گئی تھی۔ بعد ازاں مربع نمبر 26 ایکڑ نمبر 16/25 بابت بحالی کھال درخواست ہائے سماعت ہوتی رہیں اور ایس۔ڈی۔سی۔او کے حکم مورخہ 21.07.2020 کی روشنی میں بحالی کھال کا حکم صادر ہوا تھا اور بعد از اجراء روبکار ہائے محکمہ انہار کے عملہ کی موجودگی میں با امداد پولیس کھال بحال کیا گیا ہے۔

۶۔ جبکہ مربع نمبر 26 ایکڑ نمبر 6 کے بارے میں ایس۔ڈی۔سی۔او کی طرف سے کوئی حکم نامہ جاری نہ ہوا ہے اور مقامی پولیس نے الزام علیہان حق نواز وغیرہ کے ساتھ ساز باز ہو کر اور اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے زبردستی مربع نمبر 26 ایکڑ 6 سے مسمار شدہ کھال بحال کروایا ہے۔ اس بارہ میں محکمہ انہار کی کوئی کوتاہی نہ پائی جاتی ہے۔ اس ضمن میں مقامی ایس۔ڈی۔سی۔او نہر نے تحریری وضاحت پیش کرتے ہوئے تصدیق کی ہے جس سے یہ

ثابت ہوتا ہے کہ مقامی پولیس نے طمع نفسیاتی کی خاطر الزام علیہان کے ساتھ جانبداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے غلط کام میں امداد پولیس اور تعاون پیش کیا ہے۔

۷۔ پیش کردہ دلائل اور ثبوت سے یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ مقامی پولیس / ایس۔ ایچ۔ او تھانہ بارہ میل نے اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے از خود غیر قانونی عمل کا ارتکاب کیا ہے جس کا بادی النظر میں پولیس کے پاس کوئی قانونی جواز نہ تھا اور مقامی پولیس نے الزام علیہان نمبران 5 تا 19 سے ساز باز کرتے ہوئے ایکٹر نمبر 6 سے زبردستی کھال نکلوایا ہے جو مستوجب کارروائی ہے اور ذمہ داران پولیس اہلکاران ایس۔ ایچ۔ او سمیت قابل مواخذہ ہیں

۸۔ بحالات بالا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خانیوال کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ معاملہ کی تحقیقات کسی سینئر پولیس آفیسر سے کروا کر قصوروران کے خلاف متعلقہ قواعد کے تحت انضباتی و تادیبی کارروائی عمل لا کر تعمیلی رپورٹ سے اندر 30 یوم دفتر ہذا اور درخواست گزار کو مطلع کریں۔ بصورت دیگر ڈی پی او موصوف دفتر محتسب پنجاب، ہیڈ آفس لاہور میں اصالتاً پیش ہو کر عدم تعمیل کا قابل قبول جواز پیش کریں۔ ان تصریحات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20OKR0005202

تاریخ فیصلہ: 16.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: **درخواست برائے کیے جانے قانونی کارروائی بر خلاف الزام علیہ کانسٹیبل آصف علی**

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ وہ چک نمبر آر-52 / 3 تحصیل و ضلع اوکاڑہ کا رہائشی ہے اور زمیندارہ کرتا ہے۔ سائل کی الزام علیہ سے شناسائی تھی۔ سائل نے الزام علیہ سے ڈرائیونگ اور اسلحہ لائسنس کی معلومات کے لیے رابطہ کیا جس پر الزام علیہ نے کہا کہ آپ اپنی دستاویزات اور رقم مبلغ /-30,000 روپے دیں جو کہ ڈرائیونگ اور اسلحہ لائسنس کی فیس ہے وہ ان کا ایل ٹی وی ڈرائیونگ لائسنس اور اسلحہ لائسنس بنوا دے گا۔ جس پر سائل نے الزام علیہ پر اعتماد کرتے ہوئے روبرو گواہان غفور الحسن شاد ولد محمد افضل وغیرہ رقم مبلغ /-30,000 روپے اور شناختی کارڈ کی نقول اور دیگر دستاویزات الزام علیہ کو دے دیں۔ ڈرائیونگ لائسنس کی فیس مبلغ -/1,000 روپے ہے جبکہ اسلحہ لائسنس بنانے پر حکومت کی جانب سے پابندی ہے۔ سائل نے الزام علیہ کے خلاف کارروائی کی بابت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کو بھی درخواست گزاری مگر تاحال کوئی کارروائی بر خلاف الزام علیہ نہ کی گئی ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ الزام علیہ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۲۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ نے اپنی رپورٹ نمبری 11191 مورخہ 29.07.2020 میں بیان کیا ہے کہ درخواست ہذا پر بذریعہ ایس۔ ایچ۔ او تھانہ کینٹ اوکاڑہ تصدیق واقعات کروائی گئی ہے۔ درخواست گزار واجد علی اور الزام علیہ محمد آصف کو متعدد بار طلب کیا گیا جو حاضر نہ آئے۔ درخواست ہذا بصیغہ عدم پیروی داخل دفتر فرمائی جانی مناسب ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے اپنے تحریری جواب الجواب مورخہ 24.08.2020 میں اپنے اسی موقف کی تائید کی جو اس نے اپنی اصل شکایت میں اختیار کیا۔

۴۔ دوران سماعت شکایت کنندہ اور نمائندہ ایجنسی / محمد آصف علی، کانسٹیبل نمبر 1726 / ایل اوکاڑہ حاضر آئے۔ محمد آصف علی مذکورہ نے اپنا تحریری بیان مورخہ 07.09.2020 دفتر ہذا میں جمع کروایا جس کے مطابق اس نے واجد علی سے لائسنس کے لیے پیسے لیے تھے اور مورخہ 02.11.2020 تک پیسے واپس کرنے کی مہلت کی استدعا کی۔ شکایت کنندہ نے اپنے تحریری بیان مورخہ 07.09.2020 میں ملزم آصف علی مذکور سے یکمشت ادائیگی کروانے کی استدعا کی۔

۵۔ ملاحظہ پیش آمدہ ریکارڈ و بیانات ایجنسی اور شکایت کنندہ سے یہ بات عیاں ہے کہ فریقین کے مابین رقم کی ادائیگی کا مسلہ طے پا گیا ہے تاہم اس امر کی تصدیق ہوئی کہ الزام علیہ آصف علی کانسٹیبل 1726 نے غیر قانونی طور پر شکایت کنندہ سے رقم وصول کی، لہٰذا اس کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی افسران ایجنسی پر لازم ہے۔ اندریں حالات ڈسٹرکٹ پولیس اوکاڑہ کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ معاملہ کا جائزہ لے کر الزام علیہ کانسٹیبل کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائیں اور شکایت کنندہ سے وصول کی گئی رقم اندر 15 یوم اسے واپس

دلوائیں اور مندرجہ بالا دونوں اقدامات پر مبنی تعمیلی رپورٹ دفتر ہذا کو ارسال کریں۔ ان تصریحات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر: POP20PKP0002518

تاریخ فیصلہ: 02.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب پولیس

عنوان: استدعا برائے اندراج مقدمہ

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں نمبر 2019/0000170/POP-PPN کے تحت مورخہ 23.12.2019 کو رجسٹر کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں اسے مورخہ 22.2.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ نے شکایت میں تحریر کیا ہے کہ وہ چک نمبر 95/ڈی کا سکونتی ہے اور اُس نے محکمہ فشریز ساہیوال سے دریائے بیاس کا ٹھیکہ نمبری 517 برائے سال 2020-2019 لیا ہوا ہے اور یہ ٹھیکہ محکمہ فشریز سے منظور شدہ ہے۔ ایک روز وہ اور اُس کا ساتھی محمد فاروق جب دریائے بیاس 90/ڈی کے قریب گئے تو محمد اکرم ٹریکٹر سے پانی نکال رہا تھا شکایت کنندہ نے منع کیا کہ اُس کی مچھلیاں مر جائیں گی پانی نہ نکالیں جس پر محمد اکرم نے گالی گلوچ کے ساتھ ساتھ جان سے مار دینے کی دھمکیاں بھی دیں۔ مزید تحریر کیا کہ اُس نے اس سلسلہ میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز ساہیوال کو درخواست گزاری جنہوں نے اُس کی درخواست ایس ایچ او تھانہ ڈلوریام کو مارک کر دی کہ مطابق قانون کارروائی کریں۔ اب تھانہ ڈلوریام والے کہہ رہے ہیں کہ تھانہ ڈیرہ رحیم کا ایریا ہے اور تھانہ ڈیرہ رحیم والے کہتے ہیں کہ تھانہ ڈلوریام کا ایریا ہے۔ اُس نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا کپتان کو بھی درخواست برائے اندراج پرچہ گزاری مگر اس کے باوجود ایف آئی آر درج نہ کی گئی ہے۔ شکایت میں استدعا کی گئی ہے کہ حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ایف آئی آر جلد از جلد درج کروائی جاوے۔

۳۔ مندرجات شکایت کے مطابق شکایت ہذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 اور ریگولیشنز مجریہ 2005 کے تحت قابل سماعت پائی گئی۔

۴۔ مندرجہ بالا حالات و واقعات و ملاحظہ ریکارڈ سے پایا گیا ہے کہ شکایت کنندہ نے محکمہ فشریز ساہیوال سے دریائے بیاس کا ٹھیکہ سال 2020-2019 کے لیے لیا ہوا ہے۔ شکایت کنندہ کے موقف کے مطابق الزام علیہ محمد اکرم چک نمبر 90/ڈی کے قریب دریائے بیاس سے پانی نکال رہا تھا، اُس کے منع کرنے کے باوجود وہ باز نہ آیا اور اُسے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ شکایت کنندہ نے محکمہ فشریز ساہیوال کو کارروائی کے سلسلہ میں درخواست گزاری جو تھانہ ڈلوریام کو بھجوائی گئی مگر انہوں نے بیان کیا کہ ایریا جہاں وقوعہ سرزد ہونا پایا گیا ہے وہ علاقہ تھانہ ڈیرہ رحیم کا ہے۔ دفتر ہذا میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یا کپتان کی جانب سے موصولہ رپورٹ کے مطابق وقوعہ جہاں سرزد ہونا پایا گیا ہے وہ علاقہ تھانہ ڈیرہ رحیم کا ہے جبکہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال کی داخل کردہ رپورٹ کے مطابق وقوعہ چک نمبر 90/ڈی کے قریب سرزد ہوا ہے اور وہ علاقہ تھانہ ڈلوریام کا ہے۔ تاہم مقدمہ کا اندراج کرنے سے انکار نہ کیا گیا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ہر دو ڈسٹرکٹ پولیس افسران بھی حدود تھانہ کا تعین نہ کر سکے، یہ عمل واضح کرتا ہے کہ وہ عوام کی خدمت کا کتنا جذبہ رکھتے ہیں۔ سینئر افسران کے اس غیر ذمہ دارانہ رویہ سے عوام الناس کا اعتماد پولیس پر بحال نہ ہوتا ہے۔ شکایت کنندہ کی درخواست پر ایف۔آئی۔آر کا اندراج کر کے حسب ضابطہ کارروائی تفتیش عمل میں لانا اور مقدمہ کو میرٹ پر یکسو کرنا حکام پولیس کی ذمہ داری ہے۔ جیسا کہ کیس بعنوان محمد بشیر بنام سٹیشن ہائوس آفیسر اوکاڑہ و دیگران (PLD 2007 Supreme Court 539) میں اندارج مقدمہ کی بابت عدالت عظمیٰ کی واضح ہدایت ہے کہ انچارج پولیس سٹیشن صرف اس بنیاد پر کہ اس کی رائے میں وقوعہ جھوٹا ہے، ایف آئی آر درج کرنے سے انکار نہیں کر سکتا۔ نیز یہ کہ وہ درخواست میں درج کوائف کے درست ہونے یا نہ ہونے کی بابت انکوائری نہیں کر سکتا ہے۔ سینئر پولیس افسران کا مذکورہ رویہ دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 2 (2) کے تحت سنگین بدانتظامی ہے اور قابل مواخذہ ہے۔ اندریں حالات ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ اس معاملہ کے بارے میں خود انکوائری کریں، شکایت کنندہ کی درخواست پر ایف۔آئی۔آر کا اندراج کروائیں اور شکایت کنندہ کو ہونے والے مالی نقصان کا تعین کروا کے دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 22 کے تحت مذکورہ تاخیر کے ذمہ داران سے ہرجانہ کے طور پر اندر میعاد 20 دن ادائیگی کروائیں۔ نیز بذریعہ تعمیلی رپورٹ دفتر ہذا کو ارسال کریں۔ بصورت دیگر محتسب پنجاب کے سامنے اصالتاً یا بذریعہ نمائندہ (جو گریڈ 19 سے کم نہ ہو) پیش ہو کر عدم تعمیل کا قابل قبول جواز پیش کریں۔ ان ہدایات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

ہائر ایجوکیشن / یونیورسٹیز

شکایت نمبر : POP20SWL0003293

تاریخ فیصلہ: 31.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: بہاؤالدین زکریایونیورسٹی، ملتان

عنوان: استدعابرائے جاری کروائے جانے ڈگری

شکایت کنندہ کے مطابق اُس کی بیٹی سلمٰی بانو دختر محمد صدیق طارق نے سال2010ء میں زیر رول نمبر618 بہاؤالدین ذکریایونیورسٹی، ملتان سے بی اے کا امتحان پاس کیا۔ بہاؤالدین ذکریایونیورسٹی، ملتان نے مورخہ 31.01.2014 کو سیریل نمبر27 کے تحت اُس کی بیٹی کی ڈگری ہمراہ دیگر115 ڈگریاں گورنمنٹ کریسنٹ گرلز ڈگری کالج، چیچہ وطنی، ضلع ساہیوال کو ارسال کردی ہے لیکن جب مذکورہ کالج سے رابطہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ اُسے شکایت کنندہ کی بیٹی کی ڈگری موصول نہ ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ اُس کی بیٹی کی ڈگری جاری کروائے جانے کے بارے میں احکامات صادر فرمائے جائیں۔

۲۔ اسسٹنٹ رجسٹرار، لیگل، بہاؤالدین ذکریایونیورسٹی، ملتان نے بذریعہ ریورٹ مطلع کیا کہ شکایت کنندہ کی بیٹی کی ڈگری بذریعہ سیریل نمبر854 ہمراہ دیگر115 ڈگریاں مورخہ 31.01.2014 کو ڈگری کالج برائے خواتین، چیچہ وطنی کو ارسال کردی گئی ہے لہٰذا مذکورہ کالج سے رابطہ کیا جانا مناسب ہے۔ پرنسپل، گورنمنٹ کریسنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، چیچہ وطنی نے بذریعہ ریورٹ مطلع کیا کہ بہاؤالدین ذکریایونیورسٹی، ملتان کی جانب سے سال2010ء کی جو ڈگریاں موصول ہوئی ہیں ان میں سیریل نمبر27 پر شکایت کنندہ کی بیٹی کی بجائے سیدہ تحریم فاطمہ کا نام درج ہے۔ مزید براں مذکورہ یونیورسٹی کی جانب سے بھیجی جانے والی رجسٹری نمبری854 کالج کو موصول نہ ہوئی ہے۔ اس بابت ڈاکخانہ سے رابطہ کیا گیا لیکن اُن کے پاس بھی کوئی ریکارڈ موجود نہ ہے۔

۳۔ دوران سماعت نمائندہ ایجنسی سمعیہ اصغر، اسسٹنٹ پروفیسر (اردو)، گورنمنٹ کریسنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، چیچہ وطنی و شکایت کنندہ حاضر آئے۔ شکایت کنندہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ مطلوبہ کاغذات / دستاویزات کالج انتظامیہ کے حوالے کریں اور نمائندہ ایجنسی کو ہدایت کی گئی کہ شکایت کنندہ کے کیس کی پیروی کرتے ہوئے جلد از جلد شکایت کنندہ کی بیٹی کو مطلوبہ ڈگری جاری کروائے۔

۴۔ بعد ازاں شکایت کنندہ نے بذریعہ ٹیلی فون مطلع کیا کہ مذکورہ بالا یونیورسٹی کی جانب سے اُس کی بیٹی کو بی اے کی ڈگری موصول ہو چکی ہے۔ اُس کی دادرسی ہو گئی ہے لہٰذا وہ اپنی شکایت پر مزید کارروائی نہ چاہتا ہے۔

۵۔ پیش آمدہ ریکارڈ اور شکایت کنندہ کے ٹیلیفونک بیان کی روشنی میں شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی گئی۔

شکایت نمبر : POP20MLT0007810

تاریخ فیصلہ: 09.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائر ایجوکیشن / یونیورسٹیز

عنوان: رزلٹ کارڈ کی درستی کے لئے استدعا

شکایت کنندہ بہاؤالدین زکریایونیورسٹی، ملتان کے تحت گورنمنٹ ایمرسن کالج، ملتان میں چار سالہ ڈگری بی ایس (انگلش) سیشن 2019-2015 کے طالب علم ہیں۔ موجودہ شکایت کے مطابق ان کے چھٹے سمسٹر کا رزلٹ مورخہ 23.01.2020 کو شائع ہوا تو انہوں نے کنٹرولر امتحانات، گورنمنٹ ایمرسن کالج، ملتان کے دفتر سے اپنا رزلٹ کارڈ وصول کیا جس کے مطابق وہ پاس ہے لہٰذا اس نے اگلے سمسٹر کی فیس جمع کروائی اور اب وہ آٹھویں سمسٹر کے طالب علم ہیں۔ مگر بعد ازاں ان کے چھٹے سمسٹر کے رزلٹ میں ردوبدل کر کے انہیں فیل کر دیا گیا ہے۔ ان حالات میں شکایت کنندہ نے چھٹے سمسٹر کے ابتدائی رزلٹ کی بحالی کے لئے موجودہ شکایت دائر کی ہے۔

۲۔ پرنسپل، گورنمنٹ ایمرسن کالج، ملتان کی جانب سے داخل کی گئی رپورٹ مورخہ 31.08.2020 کے مطابق شکایت کنندہ کو بی ایس انگلش چھٹے سمسٹر کے رزلٹ میں فیل ہونے پر سیشن 2020-2016 میں دوبارہ اسی سمسٹر میں تعلیم جاری رکھنے کے لئے مورخہ 23.01.2020 کو رول نمبر MCEEN-16-1550 الاٹ کیا گیا تھا۔ کالج نے ان کا رزلٹ ((CUESYS سسٹم میں درج کر کے انہیں پاس قرار دیا تھا۔ تاہم بعد ازاں مورخہ 24.08.2020 کو یہ امر کالج کے علم میں آیا کہ ان کے مڈٹرم امتحان کے نمبر درست نہ ہیں۔ اس کے باوجود انہیں فیس جمع کروا کر ساتویں سمسٹر کی کلاسز اٹینڈ کرنے کی اجازت دے دی گئی جس کی بنا پر وہ ساتویں سمسٹر کے مڈٹرم امتحان میں شامل ہوئے تھے۔

۳۔ بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان کی جانب سے داخل کی گئی رپورٹ مورخہ 02.09.2020 کے مطابق یونیورسٹی انسپکشن رولز کے مطابق یونیورسٹی سے الحاق شدہ کالج مڈٹرم امتحان کا رزلٹ تیار کر کے اسے سی یو ای ایس وائی ایس ((CUESYS سسٹم میں انٹر کرتے ہیں جب کہ فائنل ٹرم کا امتحان خود یونیورسٹی لیتی ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب مورخہ 09.09.2020 میں یہ موقف اختیار کیا کہ انہوں نے چھٹے سمسٹر کا امتحان اپنے اصل بیچ 2019-2015 کے ساتھ دے کر پاس کر لیا تھا اور وہ ساتویں سمسٹر تک پڑھتے رہے ہیں جو کرونا وائرس کی وجہ سے لیٹ ہوا۔ اب وہ آٹھویں سمسٹر کی آن لائن کلاسز اٹینڈ کر رہے ہیں۔ انہیں مورخہ 27.06.2020 کو کال موصول ہوئی تھی کہ وہ چھٹے سمسٹر میں فیل ہیں حالانکہ وہ آٹھویں سمسٹر تک پہنچ چکے ہیں۔ اس معاملہ میں پرنسپل، گورنمنٹ ایمرسن کالج، ملتان اور کنٹرولر امتحانات سے رابطہ کرنے کے باوجود دادرسی نہ ہوئی ہے۔

۵۔ کارروائی سماعت میں کنٹرولر امتحانات، گورنمنٹ ایمرسن کالج، ملتان نے یہ بیان قلمبند کروایا کہ ریکارڈ میں غلطی کی بنا پر شکایت کنندہ کو پہلے پاس ظاہر کیا گیا تھا جسے بعد میں تبدیل کرنا پڑا۔ تاہم شکایت کنندہ کے حسب استدعا چھٹے سمسٹر کا پاس والا رزلٹ بحال کرنے پر کالج انتظامیہ کو کوئی عذر نہ ہے۔

۶۔ شکایت کنندہ نے چھٹے سمسٹر کا رزلٹ بحال ہونے پر ادارہ ہذا، اپنے اساتذہ اور کالج انتظامیہ سے اظہار تشکر کیا۔

۷۔ شکایت کنندہ گورنمنٹ ایمرسن کالج، ملتان میں بی ایس (انگلش) چار سالہ کورس سیشن 2019-2015 کے طالب علم ہیں۔ ان کے چھٹے سمسٹر کا رزلٹ مورخہ 23.01.2020 کو شائع ہوا تو وہ پاس تھے مگر بعد ازاں انہیں فیل قرار دیا گیا تھا۔ لہٰذا مذکور نے اپنے چھٹے سمسٹر کے ابتدائی رزلٹ کی بحالی کے لئے موجودہ شکایت دائر کی۔ دوران کارروائی سماعت کنٹرولر امتحانات، گورنمنٹ ایمرسن کالج، ملتان نے تحریری بیان قلمبند کروایا کہ شکایت کنندہ کے چھٹے سمسٹر کا سابقہ پاس والا رزلٹ بحال کرنے پر کالج انتظامیہ کو کوئی اعتراض نہ ہے۔ اس دادرسی پر شکایت کنندہ نے اظہار اطمینان کرتے ہوئے موجودہ شکایت کو نمٹانے کی استدعا کی ہے۔ بحالات بالا شکایت کنندہ کا چھٹے سمسٹر کا ابتدائی رزلٹ بطور کامیاب طالب علم بحال ہونے پر موجودہ شکایت بارآور ہو گئی ہے لہٰذا اسے بصیغہ حق رسی نمٹایا جاتا ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWN0002451

تاریخ فیصلہ: 15.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائر ایجوکیشن / یونیورسٹیز

عنوان: استدعا برائے ادائیگی تعلیمی وظیفہ

شکایت کنندہ کے مطابق اس نے گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ آف کامرس ہارون آباد سے ڈی۔کام کا امتحان 74 فی صد نمبر حاصل کر کے پاس کیا اور پنجاب ایجوکیشنل انڈوومنٹ فنڈ کی جانب سے میرٹ کی بنیاد پر سکالرشپ کے لیے منتخب ہوا۔ محکمہ مذکورہ کی جانب سے اُسے فارم موصول ہوا جو اس نے بروقت پُر کر کے واپس بھجوا دیا۔ بعد ازاں اُسے موبائل پر پیغام موصول ہوا کہ سکالرشپ کارڈ اور پن کوڈ متعلقہ ادارہ کو بھجوا دیا گیا ہے، وہ سکالرشپ کارڈ وہاں سے وصول کرے مگر جب اس نے ادارہ کی انتظامیہ سے رابطہ کیا تو جواب ملا کہ ابھی تک سکالرشپ کارڈ نہیں آیا۔ شکایت کنندہ نے جب دوبارہ پنجاب ایجوکیشنل انڈوومنٹ فنڈ انتظامیہ سے رابطہ کیا تو اس کے ساتھ کوئی تعاون نہ کیا گیا۔ شکایت میں استدعا کی گئی کہ محکمہ کو اُسے سکالرشپ جاری کرنے کا حکم صادر فرمایا جائے۔

۲۔ مندرجات شکایت کے مطابق شکایت ہذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء اور ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے تحت قابل سماعت پائی گئی۔

۳۔ سینئر منیجر سکالرشپ، پنجاب ایجوکیشنل انڈوومنٹ فنڈ نے بروئے رپورٹ مورخہ 18.08.2020 تحریر کیا کہ شکایت کنندہ پنجاب ایجوکیشنل انڈوومنٹ فنڈ سکالرشپ کوٹہ 2018ء کے تحت پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کی جانب سے منتخب ہوا۔ شکایت کنندہ کو سکالرشپ کی ادائیگی کے لیے رقم مبلغ۔/45000روپے اس کے ادارہ کو بھجوادی گئی ہے جو شکایت کنندہ نے وصول بھی کرلی ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ کو رپورٹ محکمہ کے مندرجات سے آگاہ کیا گیا۔ اس نے مورخہ 20.8.2020 کو اصالتاً حاضر آکر اپنا تحریری بیان داخل کیا کہ دفتر محتسب پنجاب کے وسیلہ سے متعلقہ محکمہ نے اُسے وظیفہ کی رقم مبلغ۔/45000روپے ادا کردی ہے اس طرح اس کی حق رسی ہوچکی ہے۔

۵۔ حکمہ /پنجاب ایجوکیشنل انڈوومنٹ فنڈ نے شکایت کنندہ کو وظیفہ کی رقم مبلغ۔/45000روپے کی ادائیگی کردی ہے جس کی تصدیق شکایت کنندہ نے اپنے تحریری بیان کے ذریعے بھی کی ہے۔ چونکہ شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ ہوگیا ہے لہٰذا شکایت زیر تجویز بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWN0003728

تاریخ فیصلہ: 10.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائرایجوکیشن/یونیورسٹیز

عنوان: استدعابرائے ادائیگی لیوانکیشمنٹ

شکایت کنندہ کے مطابق اس کا شوہر مسمی محمد جاوید اختر محکمہ تعلیم میں بطور پی ایس ٹی تعینات تھا جو دوران سروس مورخہ 2016.22.04 کو وفات پاگیا۔ اس کی لیوانکیشمنٹ کی رقم مبلغ 241372 روپے کا بل مورخہ 25.11.2016 کو ٹوکن نمبر 7299 کے تحت محکمہ خزانہ بہاولنگر میں جمع کروایا گیا اور مورخہ 28.12.2016 کو محکمہ خزانہ سے چیک نمبری 3127590 جاری ہوا لیکن تاحال اُسے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) تحصیل چشتیاں کی جانب سے رقم جاری نہیں کی گئی۔ شکایت کنندہ نے اس بارے محکمہ تعلیم کے افسران کو متعدد درخواستیں گزاریں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ شکایت میں استدعا کی گئی کہ محکمہ کو اُسے لیوانکیشمنٹ کی رقم ادا کرنے کا حکم صادر فرمایا جائے۔

۲۔ مندرجات شکایت کے مطابق شکایت ہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء اور ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے تحت قابل سماعت پائی گئی۔

۳۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) تحصیل چشتیاں نے بروئے رپورٹ مورخہ 19.08.2020 تحریر کیا کہ شکایت کنندہ کو لیوانکیشمنٹ کی رقم مبلغ 241372 کی ادائیگی بذریعہ چیک نمبر 7033291310 مورخہ 19.08.2020 کردی گئی ہے (رپورٹ کے ساتھ چیک کی نقل لف کی گئی)۔

۴۔ مورخہ 19.08.2020 کو شکایت کنندہ کا پسر محسن جاوید اصالتاً حاضر آیا اور شکایت کنندہ کی جانب سے تحریری بیان پیش کیا کہ محکمہ نے اُسے لیوانکیشمنٹ کی رقم کی ادائیگی کردی ہے اس طرح اس کی حق رسی ہوگئی ہے جس پر وہ دفتر محتسب پنجاب کی ممنون ہے۔ بیان میں شکایت کو داخل دفتر کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔

۵۔ محکمہ نے شکایت کنندہ کو لیوانکیشمنٹ کی رقم مبلغ 241372 روپے کی ادائیگی کردی ہے جس کی تصدیق پسر شکایت کنندہ نے اپنے تحریری بیان کے ذریعے بھی کی ہے۔ چونکہ شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ ہوچکا ہے لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWP0002177

تاریخ فیصلہ: 08.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائرایجوکیشن/یونیورسٹیز

عنوان: درخواست برائے منظوری اُو۔ایس۔ڈی پوسٹ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ اُس کا مرحوم خاوند فقیر محمد گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول چک نمبر 11/BC میں درجہ چہارم کا ملازم تھا جو کہ مورخہ 28.10.2017 کو دوران سروس وفات پاگیا۔ سائلہ متوفی ملازم کی واحد بیوہ ہے۔ محکمہ تعلیم کی طرف سے او۔ایس۔ڈی پوسٹ کی

تخلیق کا کیس برائے منظوری سیکرٹری تعلیم پنجاب کو ارسال کیا جاچکا ہے لیکن تاحال منظوری نہ ہوئی ہے۔ جس کی وجہ سے سائلہ مالی مشکلات کا شکار ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ حکام بالا کو ہدایت فرمائی جائے کہ وہ بلا تاخیر مذکورہ پوسٹ کی تخلیق کریں تا کہ سائلہ کی تنخواہ چلت ہو سکے۔

۲۔ منجانب ایجنسی / چیف ایگزیکٹیو آفیسر (ڈی۔ای۔اے) بہاولپور رپورٹ موصول ہوئی جس میں وضاحت کی گئی کہ شکایت کنندہ کا کیس نمبر Acctt/2722 مورخہ 07-03-2020 کو برائے منظوری ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (ای۔ای) پنجاب لاہور کو ارسال کیا جاچکا ہے۔ بعد از منظوری فنانس ڈیپارٹمنٹ شکایت کنندہ کی دادرسی کر دی جائے گی۔

۳۔ منجانب شکایت کنندہ جواب الجواب کی بجائے تحریری تشکر نامہ داخل کیا گیا ہے کہ اس کو مطلوبہ دادرسی میسر آچکی ہے اور شکایت ہذا کا مقصد تکمیل پاچکا ہے۔ جس کے بعد کسی مزید پیش رفت کی ضرورت نہ ہے۔

۴۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20RYK0001548

تاریخ فیصلہ: 01.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائر ایجوکیشن / یونیورسٹیز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی وظیفہ خدمت پنجاب زیور تعلیم پروگرام

شکایت کنندہ نے اس موقف کے پیش نظر درخواست دائر کی ہے کہ وہ گورنمنٹ گرلز سیکنڈری سکول چک نمبر 31 پی باغ و بہار تحصیل خانپور میں زیر تعلیم رہیں اور میٹرک کا امتحان مارچ 2018 میں اسی سکول سے دیا۔ حکومت پنجاب کی طرف سے مورخہ 30 ستمبر 2016 تک سائلہ وظیفہ بذریعہ منی آرڈر محکمہ تعلیم رحیم یار خان سے وصول کرتی رہی ہیں۔ جس کے بعد حکومت پنجاب کی جانب سے ترسیل وظیفہ کی پالیسی تبدیل کی گئی کہ آئندہ وظیفہ بذریعہ خدمت پنجاب زیور تعلیم پروگرام کے تحت ادا کیا جائیگا۔ جس پر سکول انتظامیہ نے سائلہ کے والد کے قومی شناختی کارڈ و سائلہ کا فارم ب طلب کیا جو کہ سائلہ نے سکول کو فراہم کر دیا۔ مگر اس کے سکول کی جانب سے سائلہ کے والد کا شناختی کارڈ نمبر غلط تحریر کر کے متعلقہ حکام کو بھجوایا گیا۔ سائلہ کو نئے طریقہ کار کے تحت وظیفہ زونگ سم کے ذریعہ ملنا تھا، جو کہ غلط شناختی کارڈ نمبر کی وجہ سے تصدیق نہ ہو سکا اور خدمت کارڈ و زونگ سم جاری نہ ہو سکی۔ جس بناء پر سائلہ کو مذکورہ وظیفہ یکم اکتوبر 2016 سے تاحال موصول نہ ہوا ہے استدعا کی گئی ہے کہ محکمہ تعلیم کے حکام کو حکم صادر فرمایا جائے کہ وہ سائلہ کے مطلوبہ وظیفہ کی فراہمی کے عمل کو مکمل کر کے، اس کی حق رسی فرمائیں۔

۲۔ ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں شکایت نمبر POP-RYK/0000250/18 کے تحت مورخہ 22.05.2018 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں اسے مورخہ 12.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۳۔ دوران سماعت شکایت کنندہ کے علاوہ، محکمہ تعلیم اور ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر رحیم یار خان حاضر آئے، جبکہ رپورٹ ہائے آمدہ منجانب مختلف متعلقہ محکمہ جات کو سامنے رکھتے ہوئے زونگ ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی خانپور کے انچارج کو بھی خصوصی طور پر بذریعہ ڈی ایس پی سرکل خانپور طلب کیا گیا، جس پر مسمّٰی محمد انور خالد (ولد ذوالفقار بنی خان) ساکن گلشن اقبال تحصیل خانپور نے حاضر آکر تحریری بیان داخل کیا کہ اس کے زیر انتظام زونگ فرنچائیز خانپور میں ایک نوعمر لڑکے مسمّٰی یاسر حمید نے کوئی عرصہ 3 ماہ جنوری تا مارچ 2018 بطور معاون کام کیا اور تحقیق کرنے پر پتہ چلا ہے کہ اس نے بدنیتی سے مہوش اسلم (شکایت کنندہ) کا خدمت کارڈ اپنے نام پر جاری کر لیا اور اس میں سے مبلغ -/15000 روپے کی رقم بھی نکلوالی، جس پر اس نے درخواست کی ہے کہ وہ 2 دن کے اندر رقم -/15000 دفتر ہذا کے روبرو پیش کر دے گا۔ جب کہ والد شکایت کنندہ نے پیش ہو کر زونگ فرنچائیز خانپور کے نوعمر ملازم کی طرف سے کی گئی کوتاہی کے پیش نظر اپنی مطلوبہ رقم اس کے والدین سے وصول پانے اور ان کو معاف کر دینے کی بات کرتے ہوئے اپنی دادرسی پر دفتر ہذا کے لئے تشکرانہ جذبات کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں شکایت کنندہ کی طرف سے بھی تحریری بیان داخل کیا۔

۴۔ خادم پنجاب زیور تعلیم پروگرام کے تحت وظیفہ ادا کرنے کی محکمانہ پالیسی ابھی بھی جاری ہے۔ وظیفہ کی ادائیگی کے اس عمل میں پانچ مختلف محکمہ جات کا عمل دخل ہوتا ہے اور اگر کسی مرحلہ پر کسی طالبعلم کے کوائف میں غلطی ہو جائے تو اسے وظیفہ ادائیگی کا عمل رُک جاتا ہے جس پر کوئی محکمہ بھی ذمہ داری قبول نہیں کرتا اور طالبعلم بے یارومددگار وظیفہ کے منتظر رہ جاتے ہیں۔ شکایت کنندہ فریق نے اپنی دادرسی ہونے پر زونگ خانپور کے نوعمر سٹاف کی کوتاہی کو نظر انداز کرتے ہوئے معاملہ ختم کرنے کی استدعا کی ہے۔ تاہم ممکن ہے کہ ایسا ہی مسئلہ / فراڈ دیگر طلباء کے ساتھ بھی ہو رہا ہو۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت شکایت زیر تجویز درج ذیل ہدایات کے ساتھ نمٹائی جاتی ہے:۔

(الف) چیف ایگزیکٹو آفیسر،ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز ایسے دیگر طلبہ وطالبات جن کو خدمت کارڈ جاری ہوا لیکن ان تک نہ پہنچایا نامکمل/غلط کوائف/ڈیٹاانٹری کے مسئلہ کی وجہ سے وظیفہ جاری نہ ہو سکا، ان کو کوائف مکمل کروانے کی بابت متعلقہ سکول/کالج کے سربراہ کے ذریعے مطلع کریں۔

(ب) چیف فنانشل آفیسر،پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی،لاہور ایسے طلباء و طالبات کوائف کے موصول ہونے پر حسب ضابطہ کارروائی کرتے ہوئے انہیں ماہانہ تعلیمی وظیفہ کی رقم بشرط اہلیت واستحقاق اندر15یوم اداکرنے کویقینی بنائیں اورکارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے آئندہ سے ڈیٹابیس((Data Baseسے تفصیلات حاصل کیاکریں کہ وظیفہ کے اہل جن طلباء وطالبات کو کسی مرحلہ پر نامکمل یا غلط ڈیٹا انٹری کے مسئلہ کی وجہ سے وظیفہ کی ادائیگی نہ کی جاسکی ہے ان کی تفصیلات متعلقہ چیف ایگزیکٹو آفیسر،ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کو بھجوایاکریں تاکہ وہ متعلقہ سکول/کالج کے پرنسپل کے ذریعہ طلباء وطالبات سے تفصیل/کوائف حاصل کرکے وظیفہ کی ادائیگی کی بابت مزید کارروائی کرسکیں۔

(ج) چیف فنانشل آفیسر،مذکور شرائط معاہدہ کی روشنی میں زونگ کمپنی سے رابطہ کریں اوراس کیس/شکایت میں ثابت ہونے والے فراڈ کے مستقل بنیاد پر تدارک کیلئے ٹھوس اقدامات یقینی بنائیں۔

۵۔ وظیفہ کے حصول کیلئے پانچ محکموں کے عمل دخل سے طالبعلموں تک وظیفہ کی رقم بروقت نہیں پہنچ پاتی جس سے طالبعلم اوران کے والدین کو پریشانی کاسامناکرناپڑتاہے۔فیصلہ کی نقل فاضل سیکرٹری سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ،اورچیف ایگزیکٹو آفیسر،پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی،لاہوران ہدایات کے ساتھ کوارسال کی جاتی ہے کہ وہ اس معاملہ کاجائزہ لیں اورتاخیر کاباعث بننے والی وجوہات کی نشاندہی کرکے سسٹم کوبہتر بناکراس امر کویقینی بنائیں کہ وظیفہ کی رقم طالبعلموں تک بروقت پہنچ سکے۔نیز طالبعلموں یاان کے والدین کی جانب سے کوائف کی تصدیق سکول انتظامیہ سے کروائی جائے تاکہ پانچ محکموں کانامکمل/غلط کوائف والے طالبعلموں کی درخواست پر کارروائی کرکے وقت ضائع نہ ہو اور طالبعلم بھی بروقت وظیفہ کی رقم حاصل کر سکیں۔ڈیٹابیس کے ساتھ ایس ایم ایس سسٹم کااستعمال بھی یقینی بنوائیں تاکہ طالبعلم یاان کے والدین جس کا بھی نمبر میسر ہو،کو وظیفہ کی درخواست پر کارروائی کی بابت ہر مرحلہ پر بذریعہ ایس ایم ایس آگاہی ملتی رہے۔کئے گئے اقدامات کی بابت تعمیلی رپورٹ اندر40یوم دفتر ہذاکوارسال کریں۔ان ہدایات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20SWL0003293

تاریخ فیصلہ: 31.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائرایجوکیشن/یونیورسٹیز

عنوان: استدعابرائے جاری کروائے جانے ڈگری

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ اُس کی بیٹی سلمٰی بانو دختر محمد صدیق طارق نے سال2010ء میں زیررول نمبر618 بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی،ملتان سے بی اے کاامتحان پاس کیا۔بہاؤالدین ذکریایونیورسٹی،ملتان نے مورخہ 31.01.2014کوسیریل نمبر27کے تحت اُس کی بیٹی کی ڈگری ہمراہ دیگر115ڈگریاں گورنمنٹ کریسنٹ گرلز ڈگری کالج،چیچہ وطنی،ضلع ساہیوال کوارسال کردی ہے لیکن جب مذکورہ کالج سے رابطہ کیاگیاتومعلوم ہواکہ اُسے شکایت کنندہ کی بیٹی کی ڈگری موصول نہ ہوئی ہے۔شکایت کنندہ نے استدعاکی ہے کہ اُس کی بیٹی کی ڈگری جاری کروائے جانے کے بارے میں احکامات صادر فرمائے جائیں۔

۲۔ اسسٹنٹ رجسٹرار،لیگل،بہاؤالدین ذکریایونیورسٹی،ملتان نے بذریعہ رپورٹ مطلع کیاکہ شکایت کنندہ کی بیٹی کی ڈگری بذریعہ سیریل نمبر854ہمراہ دیگر115ڈگریاں مورخہ 31.01.2014کوڈگری کالج برائے خواتین،چیچہ وطنی کو ارسال کردی گئی ہے لہٰذا مذکورہ کالج سے رابطہ کیاجانامناسب ہے۔پرنسپل،گورنمنٹ کریسنٹ ڈگری کالج برائے خواتین،چیچہ وطنی نے بذریعہ رپورٹ مطلع کیاکہ بہاؤالدین ذکریایونیورسٹی،ملتان کی جانب سے سال2010ء کی جوڈگریاں موصول ہوئی ہیں ان میں سیریل نمبر27پر شکایت کنندہ کی بیٹی کی بجائے سیدہ تحریم فاطمہ کانام درج ہے۔مزیدبراں مذکورہ یونیورسٹی کی جانب سے بھیجی جانے والی رجسٹری نمبری854کالج کوموصول نہ ہوئی ہے۔اس بابت ڈاکخانہ سے رابطہ کیاگیالیکن اُن کے پاس بھی کوئی ریکارڈ موجود نہ ہے۔

۳۔ نمائندہ ایجنسی سمعیہ اصغر، اسسٹنٹ پروفیسر (اردو)، گورنمنٹ کریسنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، چیچہ وطنی و شکایت کنندہ حاضر آئے۔ شکایت کنندہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ مطلوبہ کاغذات / دستاویزات کالج انتظامیہ کے حوالے کریں اور نمائندہ ایجنسی کو ہدایت کی گئی کہ شکایت کنندہ کے کیس کی پیروی کرتے ہوئے جلد از جلد شکایت کنندہ کی بیٹی کو مطلوبہ ڈگری جاری کروائے۔

۴۔ بعد ازاں شکایت کنندہ نے بذریعہ ٹیلی فون مطلع کیا کہ مذکورہ بالا یونیورسٹی کی جانب سے اُس کی بیٹی کو بی اے کی ڈگری موصول ہو چکی ہے۔ اُس کی دادرسی ہو گئی ہے لہٰذا وہ اپنی شکایت پر مزید کارروائی نہ چاہتا ہے۔

۵۔ پیش آمدہ ریکارڈ اور شکایت کنندہ کے ٹیلیفونک بیان کی روشنی میں شکایت ہذا مزید کارروائی کی متقاضی نہ ہونے کی بناء پر بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20CKL0002121

تاریخ فیصلہ: 02.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائر ایجوکیشن / یونیورسٹیز

عنوان: درخواست برائے ادائیگی گروپ انشورنس

سائلہ نے تحریر کیا کہ اُس کا شوہر گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول دھرکنہ تحصیل کلر کہار ضلع چکوال میں ملازمت کرتا تھا اور مورخہ 19.11.2008 کو دوران ملازمت فوت ہو گیا۔ مرحوم شوہر کے تمام واجبات کی ادائیگی ہو گئی مگر گروپ انشورنس کی ادائیگی تاحال نہ کی گئی ہے۔ سائلہ نے دفتر ہذا سے استدعا کی کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن لاہور کو ہدایت کی جائے کہ وہ مرحوم کی گروپ انشورنس کی ادائیگی کریں۔

۲۔ ڈپٹی جنرل مینجر (کلیم) اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان نے مورخہ 02.06.2020 کو تحریری رپورٹ دی کہ سائلہ کے شوہر کا ڈیتھ کلیم مورخہ 04.11.2010 کو موصول ہوا۔ کاغذات کی تکمیل کی بابت محکمہ تعلیم چکوال کو متعدد بار تحریر کیا گیا اور آخری تحریر مورخہ 31.01.2019 کے جواب میں محکمہ تعلیم کی جانب سے مورخہ 11.12.2019 کو مطلوبہ کاغذات مہیا کئے گئے۔ مزید تحریر کیا کہ ڈیتھ کلیم کاغذات کے نامکمل ہونے کی وجہ سے التوا میں تھا جسے عرصہ تین سال سے زیادہ ہونے کی وجہ سے خارج کر دیا گیا۔ کاغذات کی تکمیل کے بعد ڈیتھ کلیم ہیڈ آفس کراچی کو برائے منظوری اور فعال کرنے کے لئے ارسال کر دیا گیا ہے۔ ہیڈ آفس کی منظوری کے بعد ادائیگی کر دی جائے گی۔

۳۔ مورخہ 20.10.2020 کو سائلہ نے دفتر ہذا میں حاضر آکر تحریری بیان قلمبند کرایا کہ دفتر ہذا کی مداخلت کے بعد گروپ انشورنس کا چیک مبلغ -/2,99,160 روپے وصول کر لیا ہے۔ سائلہ نے دفتر ہذا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے درخواست داخل دفتر کرنے کا عندیہ دیا۔

۴۔ بحالات بالا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین کو مطلع کیا جاتا ہے۔

شکایت نمبر: POP20LH40007815

تاریخ فیصلہ: 12.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائر ایجوکیشن / یونیورسٹیز

عنوان: استدعا برائے بھرتی زیر قاعدہ 17 اے، پنجاب سول سرونٹس (تقرری و شرائط ملازمت) رولز مجریہ 1974

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ فدویہ گورنمنٹ گرلز سکول غازی آباد لاہور سے پی ٹی سی ٹیچر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نمبر-A 3395/4 مورخہ 05.03.2011 کو میڈیکل گراؤنڈ کیٹیگری اے میں ریٹائر ہوئی۔ حکومت پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق قاعدہ 17 اے کے تحت ایک بچہ یا بچی کو بھرتی کیا جا سکتا ہے جس کے مطابق فدویہ کی بیٹی حنا تبسم بنت شاہین کو ٹرتعلیم بی اے کو سکیل 1 تا 5 کی کسی آسامی پر بمطابق قاعدہ 17 اے بھرتی کے لیے درخواست بذریعہ ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول غازی آباد، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور کو ارسال کی لیکن فدویہ

کی بیٹی کو ٹیسٹ یا انٹرویو کے لیے نہ بلایا گیا اور نہ ہی بھرتی کیا گیا۔ استدعا کی گئی ہے کہ وہ بیمار ہے اور اس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہے لہذا اس کی بیٹی کو سکیل 1 تا 5 کی کسی آسامی پر بھرتی کروایا جائے۔

۲- اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن کی رپورٹ بذریعہ چٹھی نمبر 5312/ایڈمن-3 مورخہ 06.10.2020 موصول ہوئی جس کے تحت سائلہ کی بیٹی حنا تبسم کی درخواست برائے بھرتی زیر قاعدہ 17 اے دفتر چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی لاہور موصول نہ ہوئی ہے۔ سائلہ کو تاکید کی جائے کہ وہ بھرتی کے لیے مجاز فورم سے رابطہ کرے تاکہ قانون/پالیسی کے تحت کارروائی کی جاسکے۔

۳- شکایت کنندہ کا جواب الجواب مورخہ 14.10.2020 کو موصول ہوا جس میں تحریر کیا گیا کہ فدویہ نے پہلے بھی اپنی بیٹی کو بھرتی کرانے کے لیے محکمہ ایجوکیشن اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کو درخواست گزاری تھی لیکن کوئی عملدرآمد نہ ہوا لہذا فدویہ نے دوبارہ بذریعہ پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول مکمل کیس ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لاہور کو وصول کروایا لیکن ان کی شنوائی نہ ہوئی۔ مورخہ 06.10.2020 کو چیف ایگزیکٹو آفیسر نے چٹھی نمبری 5312 ایڈمن-3 کے ذریعہ دفتر ہذا کو مطلع کیا کہ اس کیس کو خارج کیا جائے جو کہ سراسر زیادتی ہے۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ درخواست کی جاتی ہے کہ ایجوکیشن اتھارٹی کو ہدایت کی جائے کہ وہ جلد از جلد قاعدہ 17 اے کے تحت اس کی بیٹی کو بھرتی کرنے کے احکامات جاری کریں۔

۴- کاشف کاظمی لیٹیگیشن آفیسر دفتر چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور مورخہ 28.10.2020 کو حاضر ہوئے۔ شکایت کنندہ سے فون پر رابطہ کیا گیا جس پر بیان دیا گیا کہ انہوں نے درخواست بذریعہ پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول غازی آباد لاہور جمع کروائی۔ پرنسپل نے وہ درخواست سی ای او کو بھیج دی ہے۔

۵۔ ایجنسی کے نمائندہ نے مؤقف اختیار کیا کہ درخواست ان تک نہ پہنچی ہے جبکہ شکایت کنندہ نے موقف اختیار کیا کہ درخواست انہوں نے پرنسپل کو دی تھی جو انہوں نے ڈی ای او کو پہنچادی تھی۔

۶۔ پرنسپل سکول سے رابطہ کرنے پر معلوم ہوا کہ سائلہ کی بیٹی کی تقرری ہو چکی ہے۔ بھرتی آرڈرز ایک یا دو دن میں ہو جائیں گے۔

۷۔ مؤرخہ 05.11.2020 کو شکایت کنندہ کا وٹس ایپ میسیج موصول ہوا جس کے ساتھ تقرری کا آرڈر بھی بھیجا گیا۔ نیز دفتر ہذا کی کوششوں کا شکریہ ادا کیا گیا۔

۸- آمدہ ایجنسی رپورٹ و شکایت کنندہ کے استدلال اور مشترکہ سماعت سے عیاں ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی، لاہور کی جانب سے سائلہ کی بیٹی حنا تبسم کی بھرتی قاعدہ 17 اے مذکور کے تحت کر دی گئی ہے۔ جس کی تصدیق محکمہ ہذا کے جاری کردہ آرڈر نمبری RC/91 مورخہ 31.10.2020 کے ذریعے کر دی گئی ہے۔ لہذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20JLM0008363

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائر ایجوکیشن/یونیورسٹیز

عنوان: **درخواست بغرض تخلیق او۔ایس۔ڈی آسامی اور کرائے جانے ادائیگی بقایاجات**

شکایت کنندہ نے درخواست مورخہ 11.09.2020 دی کہ اس کا خاوند خلیل الرحمان مرحوم محکمہ تعلیم جہلم میں بطور ای۔ایس۔ٹی فرائض منصبی سرانجام دے رہا تھا جو دورانِ سروس مورخہ 03.10.2018 کو وفات پا گیا۔ وہ محکمہ تعلیم جہلم کے تمام متعلقہ افسران سے او۔ایس۔ڈی آسامی کی تخلیق اور بقایاجات کی ادائیگی کے لئے رجوع کر چکی ہے جس پر اسے بتایا گیا کہ کیس لاہور سیکریٹریٹ بھجوا دیا گیا ہے مگر ڈیڑھ سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود تاحال کوئی پیش رفت نہ ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ اس کی او۔ایس۔ڈی آسامی کی تخلیق کروا کر بقایاجات کی ادائیگی کروائی جائے۔

۲۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی)، جہلم نے رپورٹ مورخہ 18.09.2020 دی کہ شکایت کنندہ کی او۔ایس۔ڈی آسامی کی تخلیق بذریعہ آرڈر نمبر SO(DEA) 16-2/JHELUM/2019 مورخہ 13.08.2020 کر دی گئی ہے اور جہاں تک شکایت کنندہ کے بقایاجات کا تعلق ہے وہ متعلقہ ڈی۔ڈی۔او بل تیار کر کے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، جہلم میں جمع کروائے گا۔

۳۔ پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول/ڈی۔ڈی۔او، سوہاوہ، ضلع جہلم نے رپورٹ مورخہ 19.10.2020 دی کہ شکایت کنندہ کے بقایاجات مبلغ/- 8,59,525 روپے کا بل ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، جہلم میں جمع کروادیا گیا ہے اور بتایا کہ رقم اس کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کر دی جائے گی۔

۴۔ رپورٹ ایجنسی کی نقول بغرض جواب الجواب شکایت کنندہ کو بھجوائی گئیں جس کے جواب میں اس نے مورخہ 26.10.2020 تحریر کیا کہ اس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے اور دفتر محتسب پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔

۵۔ شکایت کنندہ نے اپنے مرحوم شوہر کی دورانِ سروس وفات پا جانے پر مطابق قانون او۔ ایس۔ڈی آسامی کی تخلیق و بقایا جات کی ادائیگی کے لئے دفتر ہذا سے رجوع کیا جس پر ایجنسی سے رپورٹ طلب کی گئی جنہوں نے مطلع کیا کہ سیکرٹری سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب، لاہور نے شکایت کنندہ کی او۔ ایس۔ڈی آسامی کی تخلیق بذریعہ آرڈر نمبر SO(DEA) 16-2/JHELUM/2019 مورخہ 13.08.2020 کر دی ہے اور بقایا جات مبلغ/-8,59,525 روپے کا بل ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس، جہلم میں جمع کروا دیا گیا ہے اور ادائیگی ہونے میں کوئی امر مانع نہ ہے، جس پر شکایت کنندہ نے اطمینان کا اظہار کیا۔ شکایت کنندہ کا مسئلہ حل ہو چکا ہے لہٰذا درخواست ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین کو مطلع کیا جاتا ہے۔

شکایت نمبر: POP20GRW0005762

تاریخ فیصلہ: 26.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: ہائر ایجوکیشن / یونیورسٹیز

عنوان: پنشن کے بقایاجات دلوائے جانے کی استدعا

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ اُس نے بذریعہ ڈائری نمبر R-2477-TR مورخہ 05.03.2018 اور مراسلہ یاددہانی کے تحت پنشن کی ری فکسیشن اور کمیوٹڈ عرصہ کے بقایاجات کی ادائیگی کے لیے دفتر خزانہ پنجاب یونیورسٹی لاہور کو درخواست گزاری تھی۔ سائل نے متعدد مرتبہ یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور سے بذریعہ فون رابطہ کیا جسے بتایا گیا کہ اس کا کیس اکاؤنٹ جنرل پنجاب کو تصدیق کے لیے ارسال کیا ہوا ہے۔ دفتر اکاؤنٹ جنرل پنجاب سے رابطہ کیا گیا تو وہ ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں اور سائلہ کے بقایاجات کی ادائیگی نہ کر رہے ہیں۔ استدعا کی گئی کہ متعلقہ محکماجات سے پنشن کی ری فکسیشن اور کمیوٹڈ عرصہ کے بقایاجات کی ادائیگی کروائی جائے۔

۲۔ مورخہ 18.08.2020 کو فوکل پرسن اکاؤنٹس آفیسر دفتر اکاؤنٹ جنرل پنجاب، لاہور کی رپورٹ موصول ہوئی کہ یونیورسٹی آف پنجاب اُن کے ماتحت نہ ہے۔ لہٰذا شکایت کنندہ کی دادرسی کو مدنظر رکھتے ہوئے وائس چانسلر یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور سے شکایت کنندہ کے کیس کے حوالے سے دریافت کیا گیا۔ مورخہ 15.09.2020 کو ایڈیشنل خزانہ دار یونیورسٹی آف دی پنجاب لاہور کی رپورٹ موصول ہوئی جس کے مطابق شکایت کنندہ کے بقایاجات کا بل مبلغ 903137 روپے کا چیک نمبری 00000707 مورخہ 16.09.2020 شکایت کنندہ کے بنک اکاؤنٹ میں جمع کروا دیا جائے گا۔

۳۔ مورخہ 22.09.2020 کو شکایت کنندہ نے بذریعہ فون نمبر 03249724230 بتلایا کہ اُسے بقایاجات کی رقم مبلغ 903137 روپے موصول ہو گئی ہے اور اُسکی دادرسی ہو چکی ہے۔

۴۔ پیش آمدہ ریکارڈ اور بیان شکایت کنندہ کی روشنی میں درخواست ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

بورڈ آف ریونیو

شکایت نمبر: POP20TTS0005481

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: اسسٹنٹ کمشنر، ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: سکول کے احاطہ سے درختوں کی چوری کا نوٹس لینے کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ پرائمری سکول چک نمبر 374 ج ب (راندیاں) تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ (مسٹر طارق جاوید) اور مذکور سکول میں تعینات ایک خاتون ٹیچر (رحیاں بی بی) نے سکول میں ایستادہ متعدد درخت کٹوا کر مفاد سرکار کو نقصان پہنچایا، انہوں نے سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کے جرم کی پاداش میں مسئول علیہان کے خلاف کارروائی کے لئے اسسٹنٹ کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ہاں درخواست گزاری لیکن اسسٹنٹ

کمشنر مذکور نے معاملہ بلا وجہ التوا میں ڈال دیا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ اسسٹنٹ کمشنر مذکور کو ہدایت کی جائے کہ وہ مسئول علیہان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا کر مفاد سرکار کا تحفظ یقینی بنائیں۔

۲۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 05.08.2020 مطلع کیا کہ گورنمنٹ ماڈل پرائمری چک نمبر 374 ج ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے احاطہ میں ایستادہ درختوں میں سے کوئی درخت چوری نہ ہوا ہے، شکایت گزار نے جس درخت کے کاٹے جانے کی نشاندہی کی ہے وہ درخت سکول کے احاطہ میں ایستادہ نہ تھا لہذا سکول انتظامیہ کا اس معاملہ سے کوئی تعلق نہ ہے، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مذکور یہ نے شکایت گزار کی جانب سے مذکورہ سکول کے اساتذہ کے خلاف عائد کئے گئے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ شکایت گزار ایک عادی درخواست باز ہے جو مسلسل درخواست بازی کے ذریعے سکول متذکرہ بالا میں تعینات اساتذہ کو پریشان کرتا رہتا ہے۔

(ii)۔ اسسٹنٹ کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 24.08.2020 مطلع کیا کہ بمطابق ریکارڈ مال رقبہ مشمولہ مربع نمبر 16 کلہ نمبران 11/8،9،2/2،3،1،2 اور 12 بقدر 43 کنال مقبوضہ غیر ممکن سکول ہے، مذکورہ رقبہ میں کلہ نمبران 10/13،9،12،1/10،1/2,8/2اور 11/2 میں سے ایک غیر منظور شدہ کھال رواں ہے، مذکورہ کھال کے جانب جنوب کلہ نمبر 11/2 میں سے ایک درخت شریں (موٹائی تقریباً ڈیڑھ فٹ) کاٹا جانے کے بعد نواب علی نمبر دار دیہہ کے ڈیرہ پر موجود پایا گیا ہے، نمبر دار مذکور کے مطابق مذکورہ درخت اس کے ڈیرہ پر طارق جاوید ٹیچر (مسئول علیہ) نے رکھوایا تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر مذکور نے مطلع کیا کہ وہ معاملہ کی سماعت کر رہے ہیں، بہت جلد سماعت مکمل کرنے کے بعد وہ اس بارے میں حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائیں گے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 26.08.2020 ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ کی رپورٹ کو حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی ڈی۔ای۔او مذکور یہ طارق جاوید ٹیچر کی سرپرستی کرتی ہیں جبکہ سکول کے ملکیتی درخت کے کاٹے جانے کے بعد نمبر دار دیہہ کے ڈیرہ پر طارق جاوید مذکور کی جانب سے مذکورہ درخت کا رکھا جانا اس امر کا غماز ہے کہ ٹیچر مذکور سکول کی املاک کو خورد برد کرنے کا عادی ہے۔

۴۔ مورخہ 03.09.2020 کو شکایت گزار اور مسٹر طارق جاوید (مسئول علیہ) کو سماعت کیا گیا، طارق جاوید (مسئول علیہ) نے شکایت گزار کی جانب سے اس کے خلاف عائد کئے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ شکایت گزار محض انہیں بلیک میل کرنے کی غرض سے درخواست بازی کرتا رہتا ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ نے اسسٹنٹ کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے موصولہ رپورٹ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر مذکور نے اُس کے اِس موقف کو درست قرار دیا ہے کہ درخت ملکیتی سکول (از قسم شیریں) طارق جاوید مذکور نے سرقہ کر کے نمبر دار دیہہ کے ڈیرہ پر رکھا ہوا ہے، شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ اسسٹنٹ کمشنر مذکور کو ہدایت کی جائے کہ وہ ٹیچر مذکور کے خلاف مقدمہ درج کروا کر اس کے خلاف تادیبی کارروائی کے لئے حسب قواعد تحرک کریں۔

۶۔ اسسٹنٹ کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے موصولہ رپورٹ سے اس امر کی نشاندہی ہوتی ہے کہ رقبہ مقبوضہ گورنمنٹ ماڈل پرائمری سکول چک نمبر 374 ج ب (راندیاں) تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سے گزرنے والے ایک کھال کے کنارے پر ایستادہ ایک درخت کے کاٹے جانے کے بعد سکول متذکرہ بالا کے ہیڈ ٹیچر نے وہ درخت نمبر دار دیہہ کے ڈیرہ پر رکھوا دیا، اسسٹنٹ کمشنر مذکور کے مطابق وہ معاملہ کے اس پہلو پر تحقیقات کر رہے ہیں کہ مذکورہ درخت کیوں کاٹا گیا اور نمبر دار دیہہ کے ڈیرہ پر کیوں رکھوایا گیا تاہم اسسٹنٹ کمشنر مذکور کی جانب سے معاملہ متذکرہ بالا کی انکوئری کو کافی عرصہ سے التوا میں رکھا جانا انتظامی بد عملی کے زمرہ میں آتا ہے لہذا صوبائی محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11(1)(ڈی، ای اینڈ ایف) کے تحت اسسٹنٹ کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ معاملہ اندر 15 یوم نمٹا کر اس سلسلہ میں ان کی جانب سے عمل میں لائی جانے والی کارروائی سے متعلق رپورٹ دفتر ہذا کو ارسال کریں۔



شکایت نمبر : POP20TTS0005888

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: اسسٹنٹ کمشنر، پیر محل

عنوان: سرکاری رقبہ پر ناجائز تجاوز کا نوٹس لینے کی استدعا

شکایت کنندگان کے مطابق ان کے رہائشی گاوں (چک نمبر325 گ ب) تحصیل پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع احاطہ جات نمبر 64/1 اور 65/1 کے سامنے خالی پڑے رقبہ ملکیتی صوبائی حکومت بقدر06 مرلے پر مسمیان ابرار عارف ولد محمد بوٹا اور محمد بوٹا ولد رحمت اللہ مٹی ڈال کر دیواریں کھڑی کر رہے ہیں، انہوں نے مسئول علیہان کے اس تجاوز کے بارے میں متعلقہ پٹواری (محمد رفیق) کو آگاہ کیا اور اسسٹنٹ کمشنر پیر محل کے ہاں درخواست گزاری لیکن ناجائز تجاوز کنندگان کے سیاسی اثر رسوخ کی وجہ سے اسسٹنٹ کمشنر اور متعلقہ ریونیو فیلڈ سٹاف خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ اسسٹنٹ کمشنر پیر محل کو ہدایت کی جائے کہ وہ تجاوز متذکرہ بالا ختم کروائیں اور مفاد سرکار کا تحفظ یقینی بنائیں۔

۲۔ اسسٹنٹ کمشنر پیر محل نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 02.09.2020 مطلع کیا کہ چک نمبر325 گ ب تحصیل پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع احاطہ نمبر65/1 کے سامنے خالی پڑے رقبہ مشمولہ شارع عام ملکیتی صوبائی حکومت بقدر05 مرلے 08 سرساہی پر محمد بوٹا ولد رحمت اللہ قوم ارائیں نے ناجائز قبضہ کر کے چار دیواری تعمیر کر لی تھی، متعلقہ ریونیو فیڈ سٹاف نے مورخہ 11.08.2020 کو حسب قواعد کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ رقبہ ناجائز تجاوز کنندہ کے قبضہ و تصرف سے واگزار کروالیا ہے اور یوں شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔

۳۔ اسسٹنٹ کمشنر پیر محل کی جانب سے موصولہ رپورٹ کی نقل بذریعہ ڈاک (رجسٹرڈ) مورخہ 17.09.2020 کو شکایت گزار کو ارسال کی گئی جس کی جانب سے جواب موصول نہ ہونے پر مورخہ 22.09.2020 کو اس سے فون پر رابطہ کیا گیا تو اس نے مطلع کیا کہ ایجنسی کی جانب سے موصولہ رپورٹ درست ہے اور یہ کہ اس کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔

۴۔ اسسٹنٹ کمشنر پیر محل کی جانب سے موصولہ رپورٹ مورخہ 02.09.2020 اور مذکورہ رپورٹ کے ساتھ منسلک نقل رپٹ روزنامچہ واقعاتی نمبر387 مورخہ 11.08.2020 چک نمبر325 گ ب تحصیل پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ملاحظہ سے پایا گیا ہے کہ شکایت گزار نے چک متذکرہ بالا میں جس رقبہ پر ناجائز تجاوز کی نشاندہی کی تھی، متعلقہ ریونیو فیلڈ سٹاف کی جانب سے اس تجاوز کا خاتمہ کر دیا گیا ہے، شکایت گزار نے بھی ایجنسی کی جانب سے مذکورہ تجاوز کے خاتمہ کے لئے عمل میں لائی گئی کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے لہذا شکایت بارآور ہونے کی بنا پر بصیغہ دادرسی نمٹائی گئی۔



شکایت نمبر : POP20SWL0002874

تاریخ فیصلہ: 31.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ، اراضی ریکارڈ سنٹر، اوکاڑہ

عنوان: استدعا برائے اندراج وراثتی انتقال

شکایت کنندہ کے مطابق اُس نے اپنے رقبہ بمقام چک نمبر48/3۔ آر اور 49/3۔ آر کے وراثتی انتقال کے لئے مورخہ 17.01.2018 کو تمام ضروری کاغذات دفتر اراضی ریکارڈ سنٹر، اوکاڑہ میں جمع کروائے اور انتقال فیس برائے رقبہ چک نمبر48/3۔ آر بذریعہ رسید نمبری 20168647 مورخہ 14.03.2018 اور انتقال فیس برائے رقبہ بمقام چک نمبر49/3۔ آر بذریعہ رسید نمبری 20169173 مورخہ 14.03.2018 کو نیشنل بنک آف پاکستان میں جمع کروائی جس پر محکمہ نے چک نمبر49/3۔ آر کا وراثتی انتقال درج کر کے فرد بدر جاری کر دی جبکہ رقبہ بمقام چک نمبر48/3۔ آر کے وراثتی انتقال کا کیس زائد المیعاد قرار دے دیا گیا۔ بعدازاں دوبارہ انتقال فیس برائے رقبہ چک نمبر48/3۔ آر بذریعہ رسید نمبری 28072689 مورخہ 02.01.2019 کو نیشنل بنک آف پاکستان میں جمع کروائی۔ وراثتی انتقال کے اندراج کے لئے محکمہ سے متعدد بار رابطہ کیا گیا اور مورخہ 30.04.2019 کو ڈپٹی کمشنر، اوکاڑہ کو درخواست دائر کی مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ محکمہ کو اُس کے وراثتی انتقال کے اندراج کے لئے ہدایات جاری کی جائیں۔

۲۔ محمد جاوید عمران، سروس سنٹر انچارج، اراضی ریکارڈ، سنٹر، اوکاڑہ نے بذریعہ ریورٹ مطلع کیا کہ شکایت کنندہ نے اپنے متوفی والد کی وراثت رقبہ واقع چکوک نمبران 48/3۔ آر اور 49/3۔ آر انتقال نمبران بالترتیب 2743 اور 2631 مورخہ 14.03.2018 درج کروائی جو کہ ریونیو آفیسر کے متعلقہ

ہے۔ اُس وقت اراضی ریکارڈ سنٹر میں ندیم عباس بٹر بطور سروس انچارج تعینات تھے جو ادارہ ہذا سے مستعفی ہو چکے ہیں اور استدعا کی کہ شکایت کنندہ کو دفتر اراضی ریکارڈ سنٹر، اوکاڑہ بھجوایا جائے تاکہ اُس کی شکایت کا ازالہ کیا جاسکے۔

۳۔ نمائندہ ایجنسی سے بذریعہ ٹیلیفون رابطہ کیا گیا جس نے بتلایا کہ ایجنسی کی جانب سے شکایت کنندہ کے وراثتی انتقال کا اندراج کر دیا گیا ہے۔ جس کی نقل دفتر ہذا کو ارسال کر دی گئی ہے جس پر شکایت کنندہ سے بذریعہ ٹیلیفون رابطہ کیا گیا تو اُس نے نمائندہ ایجنسی کے بیان کی تصدیق کرتے ہوئے اپنی شکایت بصیغہ دادرسی نمٹانے کی استدعا کی۔

۴۔ پیش آمدہ ریکارڈ اور کارروائی سماعت کی روشنی میں شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی گئی۔

شکایت نمبر: POP20NKN0007418

تاریخ فیصلہ: 02.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: اسسٹنٹ کمشنر، ننکانہ صاحب

عنوان: استدعا برائے تکمیل تقسیم اراضی

ہر دو شکایت کنندگان اور نگزیب بھٹی اور جہانزیب احمد کے مطابق وہ رقبہ کھیوٹ نمبر 34 واقع تلونڈی ٹھٹہ عیسیٰ پٹوار سرکل تحصیل ننکانہ صاحب میں 2/3 حصہ تقریباً 126 کنال 13 مرلہ کے مالک ہیں۔ ہر حصہ دار مذکورہ کھیوٹ میں 42 کنال 4 مرلہ کا مالک ہے۔ شاہ جہاں احمد خان بھٹی بھی 1/3 حصہ کا مالک ہے اور اس نے 42 کنال 8 مرلہ پر سال 2013 میں قبضہ کر لیا۔ شکایت کنندہ اور نگزیب احمد خان نے تین سال قبل رقبہ کی تقسیم کے لیے تحصیل دار ننکانہ صاحب کے پاس حسب ضابطہ درخواست گزاری۔ درخواست تقسیم میں فریق دوئم شاہ جہان احمد خان نے سئینر سول جج ننکانہ صاحب کے پاس مورخہ 21.02.2018 کو دعویٰ استقرار حق دائر کر کے حکم امتناعی لے لیا۔ تحصیلدار صاحب ریونیو نے حکم امتناعی کے مندرجات پر غور کیے بغیر تقسیم کی کارروائی کو زیر التوا رکھا۔ آخر کار اپیل میں عدالت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ننکانہ صاحب مورخہ 08.10.2019 کو حکم امتناعی خارج کیا اور فریقین کو قبل از تقسیم مشترکہ رقبہ کی فروخت سے منع کر دیا گیا۔ شکایت کنندہ نے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کے احکامات مورخہ 08.10.2019 کے بعد تحصیلدار کی عدالت سے رجوع کیا گیا کہ درخواست تقسیم پر کارروائی شروع کریں مگر اب تک کارروائی آگے نہ بڑھ رہی ہے. تحصیلدار صاحب کو ہدایت کی جائے کہ وہ درخواست تقسیم پر کاروائی کریں اور اس کو بروقت نمٹائیں۔

۲۔ تحصیلدار ننکانہ صاحب کی رپورٹ مورخہ 08.09.2020 کے مطابق کھیوٹ نمبر 34 کی تقسیم کے لیے درخواست پر کارروائی جاری ہے مابعد مورخہ 24.03.2020 کو کھیوٹ نمبر 30 کی بھی تقسیم کی ایک اور درخواست بعنوان شاہ جہان احمد خان بنام اورنگزیب احمد خان دائر ہوئی ہے جس پر کاروائی کرتے ہوئے تاریخ سماعت 15.09.2020 مقرر کی گئی ہے۔

۳۔ مشترکہ سماعت میں تحصیلدار نے بتلایا کہ ماہ ستمبر 2020 میں ان کی تقرری تحصیل ننکانہ صاحب میں ہوئی ہے اور وہ قانون کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر درخواست تقسیم کا فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے بتلایا کہ مذکورہ فریقین کے درمیان مشترکہ زمین کی تقسیم کے لیے دو اور بھی درخواستیں موصول ہوئی ہیں. شکایت کنندہ نے اپنا مؤقف دہرایا کہ سول عدالت سے حکم امتناعی ختم ہو چکا ہے اور اب لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے تحت اس رقبہ کی تقسیم میں کوئی رکاوٹ نہ ہے۔ لیکن تحصیلدار صاحب نے ان کے مسئلہ کو نامعلوم وجوہات کی بنا پر التوا میں رکھا ہوا ہے۔

۴۔ پیش کردہ ریکارڈ سے ظاہر ہوتا ہے کہ مورخہ 08.10.2019 کو عدالت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ننکانہ صاحب سے حکم امتناعی کے اخراج کے باوجود لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے بابت (XI) تقسیم کی کارروائی سے متعلقہ دفعات پر عملدرآمد نہیں کیا۔ درخواست تقسیم کے مندرجات کی ریونیو ریکارڈ سے تصدیق کیلئے پٹواری حلقہ سے کوئی رپورٹ طلب نہ کی گئی ہے اور نہ ہی رقبہ کے قابل تقسیم ہونے کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پیشی رجسٹر کی کارروائی سے ظاہر ہوتا ہے کہ کارروائی کو عرصہ دراز سے صرف فریق دوئم کی طلبی تک محدود رکھا گیا ہے۔ حاضری کو یقینی بنانے اور عدم حاضری کی صورت میں ضابطہ کے تحت کارروائی نہیں کی گئی۔ لینڈ ریونیو رولز 1968 کے رول (6) کے مطابق ریونیو آفیسر تاریخ پیشی طے کرتے ہوئے ضابطہ دیوانی (سول پروسیجر کوڈ 1908 سے راہنمائی لیں گے مگر ضابطہ دیوانی 1908 کے آرڈر (IX) رول (2) کے تحت ریونیو آفیسر نے کوئی کارروائی نہ کی ہے۔ اس طرح سے لینڈ ریکارڈ مینوئل کے باب (18) کے پیراگراف (10) میں دی گئی ضروری کارروائی بھی متعلقہ ریونیو آفیسر زنے نہ کی ہے اور نہ ہی تقسیم طلب رقبہ کے نقشہ جات

الف۔ب۔ج مرتب کروائے ہیں۔ علاوہ ازیں طریقہ تقسیم تفویض کرنے کی کاوش نہ کی ہے۔ حالیہ تحصیلدار ماہ ستمبر 2020 میں تعینات ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں اراضی زیر بحث کی تقسیم میں کسی مجاز عدالت کا حکم امتناعی بھی میدان میں موجود نہ ہے اور بروئے دفعہ A ۔142 لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 درخواست تقسیم اراضی کا فیصلہ کرنے کیلئے 180 ایام کی مدت دائری درخواست سے مقرر کی گئی ہے۔ مورخہ 18.10.2019 کو حکم امتناعی کے اخراج ہوئے کو ایک سال کا عرصہ بیت گیا ہے۔ اس طرح سے مذکورہ درخواست تقسیم کو نمٹانے میں موضع تلونڈی ٹھٹھہ عیسٰی تحصیل ننکانہ صاحب میں تعنیات ریونیو افسران نے غفلت برتی ہے بدانتظامی کا مرتکب ہوئے ہیں لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت کمشنر لاہور ڈویژن کو ہدایت کی گئی کہ اس بدانتظامی کا نوٹس لیں اور تاخیر کی انکوائری کروائیں۔ بعد از انکوائری اس کے نتائج کی روشنی میں تاخیر کے ذمہ داران کے خلاف حسب ضابطہ ضروری کارروائی کریں۔ نیز ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب بھی معاملہ ہذا کا جائزہ لیں اور درخواست تقسیم زیر بحث کے فیصلہ کیلئے کسی دیگر ریونیو آفیسر کو کیس تفویض کریں۔ اس سلسلے میں 30 دن کے اندر رپورٹ دفتر محتسب پنجاب میں جمع کروائی جائے۔ فیصلہ کی کاپی کمشنر لاہور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کو بھی بھجوائی گئی۔

شکایت نمبر: POP20HFZ0006123

تاریخ فیصلہ: 24.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: اسسٹنٹ کمشنر، حافظ آباد

عنوان: استدعا برائے اجراء پاس بک برائے زرعی قرضہ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ اس نے اپنی زرعی اراضی پر قرضہ لینے کے لئے اراضی ریکارڈ سنٹر سے زمین کی ملکیت کی فرد لے کر محمد افتخار پٹواری حلقہ کو دی کہ وہ انہیں زرعی پاس بک اور فرد بنا کر دیں جبکہ پٹواری عرصہ دو ماہ گزر جانے کے باوجود انہیں مذکورہ دستاویزات فراہم نہ کر رہا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ انہیں زرعی پاس اور فرد پٹواری حلقہ سے دلوائی جائے۔

۲۔ اے سی حافظ آباد کو جاری کردہ نوٹس کی تعمیل میں محمد افتخار پٹواری حلقہ نے مورخہ 06.08.2020 کو رپورٹ پیش کی اور شکایت کنندہ کی زرعی پاس بک نمبری 527232 تیار کر کے دفتر محتسب پنجاب حافظ آباد میں جمع کروادی۔ جس کی بابت شکایت کنندہ کو بذریعہ فون آگاہ کیا گیا۔

۳۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 06.08.2020 کو دفتر ہذا حاضر آ کر زرعی پاس بک اور فرد وصول کی اور ایک تحریری بیان دیا کہ اس نے تمام دستاویزات وصول کر لی ہیں اور اس کی دادرسی ہو چکی ہے۔

۴۔ رپورٹ ایجنسی اور شکایت کنندہ کے تحریری بیان کی روشنی میں شکایت ہذا دادرسی ہو جانے کی بناء پر نمٹائی گئی۔

شکایت نمبر: POP20JHG0003027

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: اسسٹنٹ کمشنر، جھنگ

عنوان: اندراج مقدمہ کی استدعا

رجب علی نمبر دار چک نمبر 215 ج ب تحصیل و ضلع جھنگ اور مذکورہ چک کے ایک رہائشی محمد اقبال ولد غلام فرید کی جانب سے تھانہ موچیوالہ ضلع جھنگ کے ایس۔ ایچ۔ او کے خلاف عطا ولد رستم وغیرہ (ایک مبینہ قبضہ گروپ) کی حمایت کرنے اور محمد اقبال مذکور کے گھر پر قبضہ کرنے والے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرنے سے انکار کا الزام عائد کیا گیا، ہر دو مذکوران نے ایس۔ ایچ۔ او مذکور (انسپکٹر مقبول سردار) کے خلاف انہیں بُرا بھلا کہنے، محمد اقبال مذکور کو فریق ملزمان کے سامنے بیچ قوم کا کمہار کہہ کر ڈانٹنے اور اس کا سرعام مذاق اڑانے کا الزام بھی عائد کیا گیا۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کو ہدایت کی جائے کہ وہ ملزمان کے خلاف مقدمہ کا اندراج یقینی بنائیں اور ایک غریب و مظلوم شخص

(محمد اقبال) کو ملزم فریق کے سامنے پنچ ذات کا کہہ کر اس کا مذاق اڑانے والے ایس۔ ایچ۔ او تھانہ موچیوالا (مسٹر مقبول سردار) کے خلاف تادیبی کاروائی عمل میں لا کر محمد اقبال مذکور کی دادرسی کریں۔

۲۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ نے بذریعہ ریورٹ مورخہ 19.03.2020 مطلع کیا کہ انہوں نے ڈی۔ ایس۔ پی صدر سب ڈویژن جھنگ کو معاملہ کی چھان بین پر مامور کیا جنہوں نے انہیں مطلع کیا ہے کہ شکایت گزار نے معاملہ کی انکوائری میں شامل ہونے سے انکار کرتے ہوئے انہیں مطلع کیا کہ اس نے جس مجاز فورم سے رجوع کر رکھا ہے، وہ اس فورم ہی کے سامنے اپنا نقطہ نظر پیش کرے گا۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ تحریری بیان مورخہ 08.07.2020 مطلع کیا کہ محمد اقبال کے گھر میں مداخلت کرنے والے ملزمان عطا، مظفر، حنیف، لطیف، سلیم اور عمر دراز کو ایس۔ ایچ۔ او تھانہ موچیوالا کی سرپرستی حاصل ہے لہذا ان کے لئے صرف دفتر ہذا کا فیصلہ قابل قبول ہو گا۔

۴۔ مورخہ 19.08.2020 کو مسٹر محمد اسلم اے۔ ایس۔ آئی تھانہ موچیوالا ضلع جھنگ نے مطلع کیا کہ شکایت گزار نے جس وقوعہ کی بنیاد پر مسئول علیہم کے خلاف اندراج مقدمہ کی استدعا کی ہے ان ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 561/19 بجرم 448/148/149 ت پ تھانہ موچیوالا میں درج ہوا جس کی تفتیش کی تکمیل کے بعد وہ مذکورہ مقدمہ کا چالان عدالت مجاز میں جمع کروا چکے ہیں جہاں معاملہ اب زیر سماعت ہے۔ شکایت گزار نے بھی ان کے گھر میں مداخلت کرنے والے ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 561/19 درج ہونے کی تصدیق کی تاہم اس امر کا اظہار کیا کہ مذکورہ مقدمہ میں بلا اجازت گھر میں گھس آنے کا جرم زیر دفعہ 452 ت پ شامل نہ کیا گیا ہے جس سے مقامی پولیس کی بدنیتی عیاں ہے۔ شکایت گزار نے مزید کہا کہ مقدمہ کی پیروی کے دوران ان سے بدسلوکی کرنے والے ایس۔ ایچ۔ او تھانہ موچیوالا (مسٹر مقبول سردار) کے خلاف بھی تادیبی کارروائی کی جانی مناسب ہو گی۔

۵۔ شکایت کنندہ کو تھانہ موچیوالا تحصیل و ضلع جھنگ کے ایس۔ ایچ۔ او سے یہ شکایت تھی کہ وہ ایک غریب مزدور (محمد اقبال) کے گھر کے ایک حصہ پر قبضہ کرنے والے ملزمان عطا وغیرہ کے خلاف مقدمہ درج کرنے سے انکاری ہیں۔ محمد اسلم اے۔ ایس۔ آئی تھانہ موچیوالا ضلع جھنگ نے مطلع کیا ہے کہ مبینّہ وقوعہ کا مقدمہ نمبر 561/19 بجرم 448/148/149 ت پ مذکورہ تھانہ میں رجسٹر ہوا جس کی تفتیش انہوں نے مکمل کی اور ملزمان کو گناہگار پا کر چالان مقدمہ عدالت مجاز میں ارسال کیا جہاں معاملہ اب زیر سماعت ہے، یوں شکایت گزار فریق کی جانب سے مسئول علیہم کے خلاف درج کرائے گئے مقدمہ کے عدالت مجاز میں زیر سماعت ہونے کے پیش نظر دفتر ہذا مذکورہ مقدمہ کی عمل میں لائی جانے والی تفتیش میں کسی قسم کی مداخلت مناسب نہ سمجھتا ہے۔

۶۔ مزید براں شکایت کنندہ کی جانب سے ایس۔ ایچ۔ او تھانہ موچیوالا (مسٹر مقبول سردار) کے خلاف الزام عائد کیا گیا کہ ایس۔ ایچ۔ او مذکور نے معاملہ کی پیروی کرنے والے مدعی مقدمہ متذکرہ (محمد اقبال) کو ملزم فریق کے سامنے ایک نیچ قوم کا طعنہ دیتے ہوئے خاموش رہنے کو کہا جس سے محمد اقبال مذکور کی عزت نفس کو مجروح کیا گیا، ایس۔ ایچ۔ او مذکور کو اس سلسلہ میں اپنا نقطہ نظر پیش کرنے کا موقع فراہم کیا گیا لیکن ان کی جانب سے محمد اقبال مذکور کے موقف کی کوئی تردید سامنے نہ آئی، یوں ایس۔ ایچ۔ او مذکور کی جانب سے مبینّہ طور پر ایک غریب مزدور کو مخالف فریق کے سامنے سرعام گھٹیا ذات کا طعنہ دیکر اسے ڈانٹ پلانے کا عمل انتہائی افسوسناک طرز عمل کا آئینہ دار ہے تاہم معاملہ مزید انکوائری طلب ہونے کے پیش نظر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11(1) ڈی، ای اینڈ ایف کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کو ہدایت کی گئی کہ وہ معاملہ کی ذاتی طور پر چھان بین کریں اور شکایت گزار کا موقف درست ثابت ہونے کی صورت ایس۔ ایچ۔ او (مسئول علیہ) کے خلاف مناسب تادیبی کارروائی عمل میں لا کر اندر 15 یوم تعمیلی رپورٹ دفتر ہذا کو ارسال کریں۔

شکایت نمبر: POP20MLT0007298

تاریخ فیصلہ: 10.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: درخواست برائے اندراج انتقال

شکایت کنندہ جہانزیب خان نے اپنی شکایت میں تحریر کیا ہے کہ انہوں نے نائب تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر، کوٹ ادو کو تقسیم ونڈہ کے لئے جو درخواست دی تھی وہ مورخہ 09.03.2020 کو منظور ہو گئی تھی جس کی نقل مورخہ 27.07.2020 کو حاصل کر کے عملدرآمد کے لئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر

لینڈ ریکارڈ، کوٹ ادو کے پاس پیش کی۔ انہوں نے شکایت کنندہ کی درخواست سپروائزر کو مارک کر دی جہاں پر ان کے ونڈہ پر عملدرآمد لگاتار معرض التوا میں رہا۔ لہذا شکایت کنندہ نے انتقال اراضی کے لئے موجودہ شکایت دائر کی ہے۔

۲۔ محکمہ مال کی رپورٹ مورخہ 14.09.2020 کے مطابق عملدرآمد و انتقال کے لئے کارروائی مکمل کر لی گئی ہے مگر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ، کوٹ ادو کی تعیناتی نہ ہونے کی وجہ سے کام کی تکمیل نہ ہو سکی ہے۔

۳۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ، کوٹ ادو کی ثانوی رپورٹ مورخہ 29.09.2020 کے مطابق شکایت کنند کو حصول ٹوکن اور انگوٹھا ثبت کرنے کے لئے ذاتی طور ان کے دفتر آنا ہو گا جس پر ان کا کام کسی رکاوٹ کے بغیر کر دیا جائے گا۔

۴۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب مورخہ 29.09.2020 میں ونڈہ کے فیصلہ پر جلد عملدرآمد اور انتقال کے اندراج اور تصدیق کے بعد فرد جاری کرنے کی استدعا کی ہے۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ انچارج اراضی ریکارڈ سنٹر، کوٹ ادو کے مطابق انہوں نے -/1600 روپے بذریعہ چالان جمع کرا دیئے ہیں مگر انہیں مزید پیش رفت سے مطلع نہ کیا گیا ہے۔

۵۔ کارروائی سماعت میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ، کوٹ ادو کی جانب سے رپورٹ مورخہ 27.10.2020 مع نقل انتقال پیش کی گئی ہے جس کے مطابق حسب استدعا شکایت کنندہ کا انتقال تقسیم نمبری 6569 مورخہ 26.10.2020 تصدیق کر دیا گیا ہے لہذا شکایت کنندہ جب چاہیں فرد ملکیت حاصل کر سکتے ہیں۔

۶۔ شکایت کنندہ نے اندراج و تصدیق انتقال و تقسیم ونڈہ جات پر ادارہ ہذا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے شکایت بصیغہ داد رسی نمٹانے کی استدعا کی ہے۔ ان حالات میں موجودہ شکایت بارآور ہو گئی ہے اسے بصیغہ حق رسی نمٹایا جاتا ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20SKP0003883

تاریخ فیصلہ: 09.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: ملکیتی اراضی واگزار کروائے جانے کی استدعا

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ ایم۔ آئی۔ ایس میں نمبر 2019/POP-SKP-225 کے تحت مورخہ 12.10.2019 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ ایم۔ آئی۔ ایس میں اسے مورخہ 18.03.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ عبدالرحمن نے درخواست گزاری ہے کہ وہ اور اس کے بھائی عبدالرزاق، مشتاق اور محمد الیاس مشترکہ رقبہ بقدر 08 کنال 16 مرلے کھیوٹ نمبر 64 مربع نمبر 80 کیلہ نمبران 18/02 سے 04 کنال اور کیلہ نمبر 13 سے 04 کنال 16 مرلے واقع موضع غازی اندرون تحصیل و ضلع شیخوپورہ کے مالکان ہیں۔ موقع پر رقبہ کم ہے جس کی سائلان نے محکمہ مال سے پیائش کروائی تو پتہ چلا کہ مذکورہ اراضی محکمہ ہائی وے کی سڑک شرقپور شیخوپورہ روڈ میں آچکی ہے۔ جبکہ محکمہ ہائی وے سے نشاندہی کروائی گئی تو محکمہ ہائی وے کے افسران و اہلکاران نے موقع کے برعکس رپورٹ دی۔ محکمہ مال اور محکمہ ہائی وے پنجاب سائلان کی مذکورہ اراضی پوری نہ کر رہے ہیں۔ شکایت کنندہ نے مذکورہ اراضی واگزار کروائے جانے کی استدعا کی ہے۔

۳۔ ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے ریجن شیخوپورہ کی جانب سے مورخہ 24.10.2019 کو رپورٹ موصول ہوئی۔ جس کے مطابق شکایت کنندہ اور محکمہ مال کے عملہ کی موجودگی میں مربع نمبر 80 کیلہ نمبر 13 کا موقع ملاحظہ کیا گیا اور پایا گیا کہ ہائی وے کی جانب سے تعمیر شدہ سڑک محکمہ ہائی وے کی اپنی ملکیتی زمین پر موجود ہے اور مذکورہ سڑک کسی بھی پرائیویٹ شخص کی زمین پر تعمیر نہ کی گئی ہے۔

۴۔ اسسٹنٹ کمشنر شیخوپورہ کی جانب سے رپورٹ بمع نقشہ موصول ہوئی۔ بمطابق ریکارڈ مربع نمبر 80 کیلہ نمبر 13 رقبہ تعدادی 04 کنال 16 مرلے ہے۔ مذکورہ رقبے کے شمال میں متنازعہ سڑک شرقپور روڈ ہے۔ سڑک کا رقبہ پہلے 07 کرم (ایک کرم=5.5 فٹ) چوڑا تھا لیکن بعد میں سڑک کی توسیع ہونے سے مزید رقبہ سڑک میں آگیا ہے۔ متذکرہ بالا نمبر خسرہ کا رقبہ پیائش کرنے سے معلوم ہوا کہ سائلین کا رقبہ تعدادی تقریباً 01 کنال 16 مرلے شرقپور روڈ میں آچکا ہے جبکہ باقی ماندہ رقبہ تعدادی 03 کنال درخواست دہندگان کے زیر قبضہ ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ کی جانب سے جواب الجواب مورخہ 12.11.2019 کو موصول ہوا۔ جس میں انھوں نے سابقہ موقف کا اعادہ کرتے ہوئے 01 کنال 16 مرلے اراضی محکمہ ہائی وے سے واگزار کروائے جانے کی استدعا کو دہرایا۔

۶۔ اکرم علی پٹواری منجانب ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے شیخوپورہ حاضر ہوا اور بیان دیا کہ شکایت کنندہ اور محکمہ مال کے عملہ کی موجودگی میں موقع پر نشاندہی کی گئی۔ ہائی وے کی سڑک کی چوڑائی 66 فٹ موقع پر درست پائی گئی۔ سڑک ہائی وے کے اپنے رقبے پر موجود ہے کسی بھی فریق کے رقبے پر تجاوز نہ پایا گیا ہے اور موقع پر موجود رپورٹ پر شکایت کنندہ اور محمد اعجاز ورک زمیندار کے دستخط و انگوٹھا جات ثبت شدہ ہیں۔ مسٹر اشفاق پٹواری مال منجانب اسسٹنٹ کمشنر شیخوپورہ حاضر ہوا اور بیان دیا کہ بعد از موقع ملاحظہ رقبے کی پیائش کی گئی۔ جس کے مطابق شرقپور روڈ پر شکایت کنندہ کا رقبہ تعدادی 01 کنال 16 مرلے سڑک کے اندر آچکا ہے اور باقی ماندہ رقبہ تعدادی 03 کنال شکایت کنندہ کے زیر قبضہ ہے۔ شکایت کنندہ حاضر ہوا اور بیان دیا کہ محکمہ ہائی وے نے نشاندہی تو سائلان و دیگران کی موجودگی میں کی مگر سفید کاغذات پر قبل از تحریر دستخط و انگوٹھا جات ثبت کروالئے گئے تھے اور یہ کہا گیا کہ رپورٹ آنا ابھی باقی ہے۔ جب رپورٹ آئی تو وہ حقائق کے بالکل برعکس تھی۔ نقشہ جات سے عیاں ہے کہ محکمہ مال کے مطابق شمال کی طرف سے سائلان کا رقبہ 06 کرم اور جنوب کی طرف 24 کرم ہے جبکہ محکمہ ہائی وے کی پیائش کے مطابق شمال میں 15 کرم جبکہ جنوب کی طرف 30 کرم دکھایا گیا ہے جو کہ موقع پر موجود نہ ہے۔ موقع پر سائلان کا رقبہ 03 کنال 2.5 (اڑھائی) مرلے ہے جبکہ محکمہ مال کے ریکارڈ میں 04 کنال 16 مرلے کی ملکیت ہے۔

۷۔ آمدہ ایجنسی رپورٹس و ریکارڈ ملاحظہ کیا گیا۔ بعد از حسب ضابطہ سماعت فریقین پایا گیا کہ شکایت کنندہ کا موقف درست معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ محکمہ مال کی رپورٹ و ریکارڈ محکمہ ہائی وے کے مطابق سڑک شرقپور تا شیخوپورہ درست جگہ پر تعمیر نہ کی گئی ہے۔ سڑک کے اطراف میں محکمہ ہائی وے کا رقبہ موجود ہے جو کہ حکومت پنجاب نے انھیں سڑک کی تعمیر کیلئے دیا تھا۔ جبکہ سڑک شکایت کنندہ اور اس کے بھائیوں کے ملکیتی رقبہ پر تعمیر کر دی گئی ہے۔ محکمہ ہائی وے کا غیر استعمال شدہ بقایا رقبہ اس امر کی دلیل ہے کہ سڑک کیلئے مخصوص رقبے کی بجائے دیگر مالکان کا رقبہ سڑک کی تعمیر کیلئے استعمال ہوا ہے جس میں ممکنہ طور پر سائلین کا رقبہ شامل ہے۔ شکایت کنندہ کی ملکیتی اراضی جس پر سڑک تعمیر کی گئی ہے، قانون کے مطابق بلا معاوضہ حاصل نہیں کی جاسکتی تھی جس کے معاوضہ کا وہ حقدار ہے۔ کسی بھی شخص کا ذاتی ملکیتی رقبہ حاصل کر کے اس کا متبادل یا معاوضہ نہ دینا آئین پاکستان کے آرٹیکل 4 اور 24 کی روشنی میں درست نہ ہے۔ ہر دو آرٹیکل درج ذیل ہیں:۔

"Right of individuals to be dealt with in accordance with law, etc.

4. (1) To enjoy the protection of law and to be treated in accordance with law is the inalienable right of every citizen. Wherever he may be, and of every other person for the time being within Pakistan.

(2) In particular------

(a) no action detrimental to the life, liberty, body, reputation or property of any person shall be taken except in accordance with law;

(b) no person shall be prevented from or be hindered in doing that which is not prohibited by law; and

(c) no person shall be compelled to do that which the law does not required him to do.

Protection of property rights

24. (1) No person shall be deprived of his property save in accordance with law.

(2) No property shall be compulsorily acquired or taken possession of save for a public purpose, and save by the authority of law which provides for compensation therefore and either fixes the amount of compensation or specifies the principles on and the manner in which compensation is to be determined and given.

(3) Nothing in this Article shall affect the validity of___

(a) any law permitting the compulsory acquisition or taking possession of any property for preventing danger to life, property or public health; or

(b) any law permitting the taking over of any property which has been acquired by, or come into the possession of, any person by any unfair means, or in any manner, contrary to law; or

(c) any law relating to the acquisition, administration or disposal or any property which is or is deemed to be enemy property or evacuee property under any law (not being property which has ceased to be evacuee property under any law); or

(d) any law providing for the taking over of the management of any property by the State for a limited period, either in the public interest or in order to secure the proper management of the property, or for the benefit of its owner; or

(e) any law providing for the acquisition of any class of property for the purpose of____

(i) providing education and medical aid to all or any specified class of citizens; or

(ii) providing housing and public facilites and services such as roads, water supply, sewerage, gas and electric power to all or any specified class of citizens; or

(iii) providing maintenance to those who, on account of unemployment, sickness, infirmity or old age, are unable to maintain themselves; or

(f) any existing law or any law made in pursuance of Article 253.

(4) The adequacy or otherwise of any compensation provided for by any such law as is referred to in this Article, or determined in pursuance thereof, shall not be called in question in any court."

زیر نظر کیس کے حقائق سے واضح ہے کہ شکایت کنندہ کا رقبہ برائے تعمیر سڑک نہ تو قانون حصول اراضی مجریہ 1894ء کے مطابق حاصل کیا گیا اور نہ ایکوائرنگ ایجنسی کے ساتھ کسی معاہدہ کے تحت لیا گیا۔ جس ادارے نے سڑک مذکور شکایت کنندہ کے رقبہ پر تعمیر کی اس نے انتظامی بد عملی کا ارتکاب کیا۔ لہٰذا کمشنر لاہور ڈویژن، لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دیں جس میں ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے شیخوپورہ کو ممبر بنایا جائے جو مربع نمبر 80 کیلہ نمبر 13 موضع غازی اندرون تحصیل و ضلع شیخوپورہ کا موقع ملاحظہ کر کے شکایت کنندہ، اس کے بھائیوں اور دیگر مالکان، اگر کوئی ہوں، کی زمین پر غلط طور پر سڑک تعمیر ہونے کی بابت ایک جامع رپورٹ مرتب کرے اور سفارشات پیش کرے جس میں اس بدانتظامی کے ذمہ داران کا تعین کروایا جائے، متاثرین کا رقبہ غیر قانونی طور پر استعمال میں لانے کی بناء پر کرائے کی مد میں معاوضہ کا تعین کر کے ادائیگی کیلئے تجویز کیا جائے۔ دفعہ 11 مذکور کے تحت لینڈ ایکوزیشن کنٹرول آفیسر پنجاب ہائی ویز ڈیپارٹمنٹ لاہور اور ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے شیخوپورہ شکایت کنندہ اور اس کے بھائیوں کی زمین پر محکمہ مال کی طرف سے رپورٹ و ریکارڈ کے مطابق پائے جانے والے تجاوز کو ختم کروا کے قبضہ شکایت کنندہ کے حوالے کریں بصورت دیگر، اگر شکایت کنندہ چاہے تو، رقبہ کی موجودہ بازاری قیمت یا مذکورہ سڑک کی اطراف میں موجود خالی رقبہ شکایت کنندہ کو منتقل کرنے کیلئے مطابق قواعد بورڈ آف ریونیو سے تحرک کر کے تعمیلی رپورٹ اندر میعاد 45 یوم دفتر ہذا کو فراہم کریں۔

۸۔ درج بالا تصریحات اور ہدایات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20GRT0004655

تاریخ فیصلہ: 02.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: وراثتی اراضی کی نشاندہی کرانے کی استدعا

شکایت کنندہ نے بیان کیا کہ ان کا وراثتی رقبہ تعدادی 65 کنال 10 مرلہ کھیوٹ نمبر 80 موضع جھانب تارڑ تحصیل و ضلع حافظ آباد میں واقع ہے جس میں سے کچھ رقبہ پر ملحقہ مالکان اراضی قابض ہیں۔ ان کے مطابق واگزاری اراضی کیلئے مذکورہ رقبہ کی نشاندہی ہونی ہے تاہم ریونیو فیلڈ سٹاف باضابطہ کارروائی کرنے میں تامل سے کام لے رہا ہے۔ شکایت کنندہ نے معاملہ میں دفتر ہذا سے مداخلت کی استدعا کی۔

۲۔ اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد کی جانب سے موصولہ رپورٹ نمبری اے سی-ایچ ایف ڈی / ایچ سی / 709 مورخہ 05.08.2020 کے مطابق شکایت کردہ رقبہ کی باضابطہ نشاندہی کروا کے شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔ محکمانہ رپورٹ کے ہمراہ موقع کی نشاندہی رپورٹ بغرض تائیدی ثبوت دفتر ہذا کو پیش کی گئی۔

۳۔ محکمانہ حتمی رپورٹ موصول ہونے سے قبل ہی شکایت کنندہ نے مورخہ 03.08.2020 کو دفتر ہذا میں اصالتاً حاضر آکر اپنا تحریری موقف پیش کیا جس میں انہوں نے بیان کیا کہ دفتر ہذا کی مداخلت کے بعد ریونیو فیلڈ سٹاف ضلع حافظ آباد نے ان کی وراثتی اراضی واقع موضع جھانب تارڑ تحصیل و ضلع حافظ آباد کی کارروائی نشاندہی اراضی مکمل کرلی ہے جس سے ان کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا شکایت نمٹادی جائے۔

۴۔ شکایت کنندہ کی جانب سے داخل کردہ تحریری بیان سے یہ امر واضح ہے کہ دفتر ہذا کی مداخلت کے نتیجہ میں عملہ مال ضلع حافظ آباد نے شکایت کنندہ کی وراثتی اراضی کی باضابطہ نشاندہی کر دی ہے جس سے آخر الذکر کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے۔

۵۔ لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر : POP20SWL0002874

تاریخ فیصلہ: 31.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: استدعا برائے اندراج وراثتی انتقال

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ اُس نے اپنے رقبہ بمقام چک نمبر48/3۔آر اور49/3۔آر کے وراثتی انتقال کے لئے مورخہ 17.01.2018 کو تمام ضروری کاغذات دفتر اراضی ریکارڈ سنٹر، اوکاڑہ میں جمع کروائے اور انتقال فیس برائے رقبہ چک نمبر48/3۔آر بذریعہ رسید نمبری20168647 مورخہ 14.03.2018 اور انتقال فیس برائے رقبہ بمقام چک نمبر49/3۔آر بذریعہ رسید نمبری20169173 مورخہ 14.03.2018 کو نیشنل بنک آف پاکستان میں جمع کروائی جس پر محکمہ نے چک نمبر49/3۔آر کا وراثتی انتقال درج کر کے فرد بدر جاری کر دی جبکہ رقبہ بمقام چک نمبر48/3۔آر کے وراثتی انتقال کا کیس زائد المیعاد قرار دے دیا گیا۔ بعد ازاں دوبارہ انتقال فیس برائے رقبہ چک نمبر48/3۔آر بذریعہ رسید نمبری28072689 مورخہ 02.01.2019 کو نیشنل بنک آف پاکستان میں جمع کروائی۔ وراثتی انتقال کے اندراج کے لئے محکمہ سے متعدد بار رابطہ کیا گیا اور مورخہ 30.04.2019 کو ڈپٹی کمشنر، اوکاڑہ کو درخواست دائر کی مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ محکمہ کو اُس کے وراثتی انتقال کے اندراج کے لئے ہدایات جاری کی جائیں۔

۲۔ محمد جاوید عمران، سروس سنٹر انچارج، اراضی ریکارڈ، سنٹر، اوکاڑہ نے بذریعہ رپورٹ مطلع کیا کہ شکایت کنندہ نے اپنے متوفی والد کی وراثت رقبہ واقع چکوک نمبران 48/3۔آر اور49/3۔آر انتقال نمبران بالترتیب 2743 اور 2631 مورخہ 14.03.2018 درج کروائی جو کہ ریونیو آفیسر کے متعلقہ ہے۔ اُس وقت اراضی ریکارڈ سنٹر میں ندیم عباس بٹر بطور سروس انچارج تعینات تھے جو ادارہ ہذا سے مستعفی ہو چکے ہیں اور استدعا کی کہ شکایت کنندہ کو دفتر اراضی ریکارڈ سنٹر، اوکاڑہ بھجوایا جائے تاکہ اُس کی شکایت کا ازالہ کیا جاسکے۔

۳۔ نمائندہ ایجنسی سے بذریعہ ٹیلیفون رابطہ کیا گیا جس نے بتلایا کہ ایجنسی کی جانب سے شکایت کنندہ کے وراثتی انتقال کا اندراج کر دیا گیا ہے۔ جس کی نقل دفتر ہذا کو ارسال کر دی گئی ہے جس پر شکایت کنندہ سے بذریعہ ٹیلیفون رابطہ کیا گیا تو اُس نے نمائندہ ایجنسی کے بیان کی تصدیق کرتے ہوئے اپنی شکایت بصیغہ دادرسی نمٹانے کی استدعا کی۔

۴۔ پیش آمدہ ریکارڈ اور کارروائی سماعت کی روشنی میں شکایت ہذا مزید کارروائی کی متقاضی نہ ہونے کی بناء پر بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر : POP20RW10001891

تاریخ فیصلہ: 20.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: محکمہ مال کے ریکارڈ کی درستی میں تاخیر کی بابت شکایت

شکایت کنندہ نے تحریر کیا کہ وہ اور اُسکے دیگر حصہ داران موضع پھمبل میانہ تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی کھیوٹ نمبران 432/25، 431/424، 433/426 میں 50 کنال رقبہ کے مالک اراضی ہیں۔ ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کرتے ہوئے رقبہ 50 کنال سے کم کر کے 45 کنال 4 مرلہ کر دیا گیا

ہے جبکہ انہوں نے کوئی رقبہ فروخت نہ کیا ہے۔رقبہ کی درستی کی بابت ایک درخواست مورخہ 2018-02-06 کو تحصیلدار کو دی جبکہ دو سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود ریکارڈ درست نہ کیا جارہا ہے۔ شکایت کنندہ نے دفتر ہذا سے استدعا کی کہ محکمہ مال کے ریکارڈ میں ان کا درست رقبہ 50 کنال درست کر کے فرد اراضی جاری کیا جائے اور انکی دادرسی کی جائے۔

۲۔ اراضی ریکارڈ سینٹر گوجر خان کی طرف سے ابتدائی رپورٹ موصول ہوئی جس کے مطابق عملہ مال سے فرد بدر نمبر 329 مطابق کھیوٹ نمبر 425 سابقہ و حال 432 تصدیق شدہ گرداور، تحصیلدار مورخہ 17.03.2020 مرتب کروائی گئی جسکا کمپیوٹر ایپلیکیشن میں عمل کر دیا گیا فرد بدر نمبر 329 کے مطابق وارثان غلام ربانی کا رقبہ اب 50 کنال 12 مرلہ آرہا ہے۔

۳۔ رپورٹ ایجنسی موصول ہونے پر اُسکی ایک نقل برائے جواب الجواب شکایت کنندہ کو ارسال کی گئی جس کے جواب میں شکایت کنندہ نے اپنا تحریری جواب ارسال کیا اور استدعا کی کہ اُنہوں نے بذریعہ انتقال نمبر 1679 مورخہ 29.07.2006 صرف 50 کنال رقبہ خرید کیا ہے جبکہ اراضی ریکارڈ سینٹر میں اب ان کے نام 50 کنال 12 مرلہ رقبہ آرہا ہے جو درست نہ ہے۔ سائل نے استدعا کی کہ اُن کا رقبہ 50 کنال درست کیا جائے۔

۴۔ شکایت کنندہ کی طرف سے اعتراضی جواب موصول ہونے پر فریقین کو ہمراہ ریکارڈ بغرض سماعت طلب کیا گیا جس میں اراضی ریکارڈ سینٹر گوجر خان کی طرف سے محمد اسلم ایس۔ سی۔او اور شکایت کنندہ پیش ہوئے۔ نمائندہ ایجنسی نے حتمی رپورٹ پیش کی جس کے مطابق اب بذریعہ فرد بدر نمبر 332 سائلان کا رقبہ درست کر دیا گیا ہے اب کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ میں سائلان کا رقبہ 50 کنال پورا ہو گیا ہے۔ جس کی تصدیق شکایت کنندہ نے بھی کر دی ہے اور بطور ثبوت اراضی ریکارڈ سینٹر کی طرف سے جاری کردہ فرد اراضی کی نقل حاصل کی۔ شکایت کنندہ نے دادرسی ہونے پر دفتر ہذا کا شکریہ ادا کیا۔

۵۔ شکایت کنندہ نے موضع پھمبل میانہ تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی میں اپنا خرید کردہ رقبہ ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرتے وقت 50 کنال سے 45 کنال 4 مرلہ ہونے پر وینزا اسکی درستی میں تاخیر کی بابت دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ دوران تفتیش مطابق رپورٹ ایجنسی شکایت کنندہ کا رقبہ 50 کنال بذریعہ فرد بدر نمبر 332 درست کر دیا گیا ہے جسکی تصدیق شکایت کنندہ نے دوران سماعت کر دی ہے۔ شکایت کنندہ کا مسئلہ حل ہو گیا ہے لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20NKN0000551

تاریخ فیصلہ: 11.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: **استدعا برائے اندراج انتقال**

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ اس نے سعید اقبال و ظفر اقبال پسران ریاض حسین قوم جٹ ساہی سکنہ چک نمبر 84ر۔ب تحصیل شاہکوٹ سے 23 مئی 2013ء کو انتقال نمبر 1112 بیعہ زبانی کے تحت 2 کنال اور 19 دسمبر 2013ء کو رجسٹری نمبر 1892 کے تحت 71 کنال 10 مرلے رقبہ چک نمبر 183ر۔ب تحصیل شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب میں خرید کیا۔ انتقال نمبر 1056 (جس کے تحت پسران ریاض حسین مالک رقبہ قرار پائے تھے) کے اندر بائعا ن محمد اکرم و محمد اشرف پسران محمد رمضان، کوثر بی بی دختر محمد رمضان، مقصود احمد پسران عبد الغنی اور مقصود اں بی بی دختر عبد الغنی قوم آرائیں چک نمبر 183ر۔ب تحصیل شاہکوٹ نے اہل کاران محکمہ مال سے گٹھ جوڑ کر کے اپنے حصہ سے 5 کنال زائد رقبہ بیعہ کیا تھا۔ لہٰذا اس فراڈ کی وجہ سے یہ انتقال آج تک نا قابل عمل رہا ہے۔ لیکن پسران ریاض حسین نے حلقہ پٹواری غلام مرتضیٰ سے ملی بھگت اور ساز باز کر کے اس نا قابل عمل انتقال نمبر 1056 کی بنیاد پر 2 کنال رقبہ کا انتقال نمبر 1112 اور 71 کنال 10 مرلے کی رجسٹری میرے نام کروادی۔ چنانچہ اس دستاویزی دھوکہ دہی کی وجہ سے آج تک نہ میرے نام رقبہ 2 کنال کے انتقال نمبر 1112 کا عمل مکمل ہوا ہے اور نہ ہی میری 71 کنال 10 مرلہ کی رجسٹری 1892 کا درج شدہ انتقال تصدیق ہو سکا ہے۔ میرے ساتھ عملہ مال اور بائعان رجسٹری و انتقال نے مل کر فراڈ کیا ہے۔ ان کے خلاف کارروائی کی جائے اور میرا حق مجھے دلوایا جائے۔

۲۔ نمائندہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ننکانہ صاحب نے اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ کی رپورٹ مورخہ 23.11.19ء پیش کی ہے۔ جس کے مطابق انتقال نمبر 1056 میں مقصود اں بی بی اور مقصود احمد نے اپنی ملکیت سے 5 کنال 17 مرلہ زائد از استحقاق رقبہ بیعہ کیا ہے۔ رقبہ کی کمی پیشی کو درست کر کے شکایت کنندہ کے نام درست انتقال درج کیے جاسکتے ہیں۔ یہ رپورٹ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ننکانہ صاحب کو بھی بغرض مناسب کارروائی بھجوائی گئی ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے محکمانہ رپورٹ مورخہ 23.11.19 پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ اور سابقہ موقف کے اعادہ کے ساتھ ساتھ اپنے موقف کی وضاحت میں مزید بتلایا کہ سعید اقبال اور ظفر اقبال نے پٹواری غلام مرتضیٰ کی ملی بھگت سے جعلی انتقال نمبر 1056 کی بنیاد پر اسے 73 کنال 10 مرلے

رقبہ خرید کرایا۔ چنانچہ بائعان انتقال نمبر 1056 اور 1112 اور رجسٹری نمبر 1892 کے خلاف جعل سازی کرنے پر کارروائی کی جائے۔ نیز ممبران تحصیل ریونیو سٹاف جنہوں نے رجسٹری نمبر 1892 کے لیے جعلی فرد مرتب کی۔ ان کے خلاف تعزیراتی کارروائی کی جائے۔

۴۔ نمائندہ محکمہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے اس ضمن میں حکم ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ننکانہ صاحب مورخہ 21.01.20ء پیش کیا ہے۔ جس کے عملی مندرجات ذیل ہیں۔

۵۔ "اندریں حالات ریکارڈ کے پیش نظر اور حسب رپورٹ عملہ فیلڈ مقصود احمد رقبہ 09 کنالکی بجائے 6 کنال 1 مرلہ زائد از استحاق 17 کنال اور مقصوداں بی بی دختر عبدالغنی 6 کنال 14 مرلہ کی بجائے 6 کنال 19 مرلہ زائد از استحاق 5 مرلہ بیعہ کیا ہے۔ رقبہ 17 کنال 05 مرلہ کمی کر کے رجسٹری نمبری 1892 مورخہ 19.12.2013ء کے بقیہ رقبہ کا عمل درآمد کرانے کی اجازت دی جاتی ہے اور اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ بابت کمی رقبہ مشتری فریاد علی کے سلسلہ میں انکوئری کر کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کریں"۔ شکایت کنندہ نے خدشہ ظاہر کیا کہ عملہ مال شاہکوٹ اپنے جعل ساز ساتھیوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہونے دے گا اور وہ اس جعل سازی کے خلاف محکمہ اینٹی کرپشن سے بھی رجوع کر چکا ہے اور اینٹی کرپشن لاہور نے اس کی درخواست ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کو بغرض ضروری کارروائی مورخہ 07.11.2019ء کو بھجوادی تھی۔ جس پر تاحال کوئی کوئی کارروائی نہ ہوئی ہے کیونکہ ملزمان بااثر ہیں۔ مورخہ 18.02.2020ء کو اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا گیا اور ان سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کے فیصلہ مورخہ 21.01.2020ء پر عمل درآمد کے بارے میں پوچھا گیا انہوں نے جلد از جلد عمل درآمد کی یقین دہانی کروائی۔

۶۔ انتقال نمبر 1056 میں زائد از استحاق رقبہ 5 کنال 17 مرلہ کی فروخت ثابت شدہ ہے جو قابل تعزیر اور بدانتظامی کی مظہر ہے۔ اسی طرح سے رجسٹری نمبر 1892 کی بنیاد بھی غلط فرد کا اجراء ہے جو قابل مواخذہ ہے۔ متعلقہ ریونیو سٹاف بشمولہ پٹواری و تحصیل دار نے غلطی کا علم ہونے کے باوجود اس کی درستگی کے لیے کوئی بروقت اقدام نہ کیا ہے۔ ان کا یہ عمل بدانتظامی اور مجرمانہ غفلت کے ارتکاب میں آتا ہے جو قابل موخذہ ہے۔ مزید ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کے فیصلہ مورخہ 21.01.2020ء پر عمل درآمد کے لیے اب تک کوئی پیش رفت نہ ہوئی ہے۔ ان حالات میں شکایت اور شکایت کنندہ کے خدشات درست ثابت ہوتے ہیں۔ محکمہ اینٹی کرپشن لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شکایت کنندہ کی شکایت پر خود کارروائی کرے اور دوماہ کے اندر محتسب پنجاب کے دفتر کو اس سلسلہ میں رپورٹ پیش کرے۔ نیز اسسٹنٹ کمشنر تحصیل شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب کو ہدایت ہوتی ہے کہ وہ دوماہ کے اندر حکم ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ننکانہ صاحب مورخہ 21.01.2020ء پر عمل درآمد کو یقینی بنائے اور محتسب پنجاب کے دفتر کو عمل درآمد کے بارے میں تحریری اطلاع کریں۔ ان ہدایات کے تحت شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20NKN0007523

تاریخ فیصلہ: 28.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: استدعا کارروائی بر خلاف محمد سلیم پٹواری

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ اس نے چک نمبر 26 مجانوالی تحصیل شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب میں منصب علی ولد اللہ دتہ سے 4 کنال 19 مرلہ جگہ مبلغ -/300000 روپے کے عوض خرید کی اور جس کی زبانی انتقال فیس مبلغ -/21000 روپے متعلقہ پٹواری محمد سلیم کو ادا کی. لیکن شکایت کنندہ کو معلوم ہوا کہ اس کا انتقال نمبر 1667 بوجہ عدم ادائیگی سرکاری فیس خارج کر دیا گیا ہے. شکایت کنندہ کے ساتھ سخت زیادتی ہوئی ہے. اس نے استدعا کی ہے کہ اس کی دادرسی کی جائے.

۲۔ موجودہ شکایت مورخہ 21.02.2020 کو درج ہو کر ابتدائی مرحلہ پر داخل دفتر ہوئی، جبکہ مورخہ 23.02.2020 کو شکایت پر از سر نو کارروائی ہوئی اور اس کو مورخہ 21.08.2020 کو نئے سسٹم کے تحت درج کیا گیا.

۳۔ محکمانہ رپورٹ مورخہ 09.03.2020 کے مطابق انتقال نمبر 1667 بیعہ زبانی بروئے رپٹ روزنامچہ واقعاتی نمبر 2460 مورخہ 24.04.2012 کے تحت منصب علی ولد اللہ دتہ قوم راجپوت نے کھیوٹ نمبر 16 کھتونی نمبر 75 تا 82 میں سے رقبہ 4 کنال 19 مرلہ بالعوض مبلغ -/300000 روپے محمد رشید ولد عبدالسلام کو فروخت کرنے کے لیے درج کروایا. مابین فریقین معاہدہ منسوخ ہونے پر مورخہ 11.04.2014 کو مذکورہ انتقال خارج ہوا. مذکورہ اخراج انتقال کے خلاف کوئی اپیل دائر نہیں کی گئی شکایت کنندہ کو چاہیے کہ حسب ضابطہ اپیل دائر کرے. ضروری دستاویزات کی فوٹو کاپیاں ہمراہ رپورٹ پیش کی جو شامل مسل ہوئیں.

۴۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 14.07.2020 کو اپنے جواب الجواب میں بتایا کہ حلقہ پٹواری نے اس کا کام کرنے کیلئے 16.07.2020 تک وعدہ کیا ہے لہٰذا تھوڑا وقت دے دیا جائے۔

۵۔ دوران سماعت شکایت کنندہ بیانی ہوا کہ اس کے رقبہ کا انتقال غلط طور پر یکطرفہ خارج ہوا۔ اس نے مبلغ -/21000 روپے بطور فیس انتقال پٹواری کے پاس جمع کروائے تھے اور جب ریونیو ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہوا تو زیر التوا انتقال خارج کر دیا گیا اور اسے اس بارے میں اطلاع بھی نہیں دی گئی۔ مذکورہ انتقال کے پرت سرکار اور پرت پٹوار میں درج اس کا نام بدلا گیا ہے اور ولدیت کو بھی درست نہیں لکھا گیا۔ البتہ پرت پٹوار پر اس کا نشان انگوٹھا درست ہے اور اس کی تصدیق کروائی جاسکتی ہے اس کا نام بمطابق شناختی کارڈ محمد رشید ولد حاجی اسلام الدین ہے۔ سول عدالت میں دعوی بھی غلط نام سے درج ہوا ہے۔ مذکورہ ٹمپرنگ کی انکوائری کروائی جائے موجودہ حلقہ پٹواری بشیر احمد نے اخراج انتقال کی تصدیق کی اور بتلایا کہ سال 2014 کے روزنامچہ میں معاہدے کی منسوخی کے بارے میں اندراجات نہ ہیں۔ حلقہ ریونیو آفیسر / تحصیلدار صاحب نے مذکورہ انتقال مورخہ 11.01.2014 کو خارج کیا تھا۔ پٹواری بشیر احمد نے مورخہ 08.09.2020 کو سول جج صاحب شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب کے پاس زیر التوا دیوانی مقدمہ بعنوان منصب علی ولد اللہ دتہ قوم جٹ ساکن چک نمبر 26 ر۔ب مجاورانوالی بنام خورشید ولد عبدالسلام قوم جٹ ساکن چک نمبر 175 ر۔ب ولی پور بوڑا تحصیل شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب میں مذکورہ زمین کے بارے میں جاری کردہ حکم امتناعی مورخہ 03.09.2020 کی مصدقہ نقل پیش کی۔ جس کے مطابق مذکورہ حکم امتناعی کا اطلاق کسی بھی دیگر قانونی فورم بشمولہ ریونیو اتھارٹی پر نہ ہوتا ہے۔ پٹواری حلقہ نے رپٹ روزنامچہ نمبر 2460 پیش کیا جس میں انتقال نمبر 1667 میں محمد رشید مشتری کا نام درج ہے۔

۶۔ پیش کردہ ریکارڈ اور رپورٹ اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ مورخہ 09.03.2020 میں رشید کے نام و ولدیت کے بارے میں تضاد ہے۔ انتقال کے دونوں پرتوں اور رپٹ روزنامچہ میں مشتری کے نام و ولدیت کے اندراجات مختلف ہیں اور معمول ریونیو ریکارڈ کے اندراجات میں اس طرح کی غفلت بد انتظامی کے ذمرہ میں آتی ہے۔ بظاہر ان اندراجات کے اندر ٹمپرنگ کی گئی ہے۔ لیکن ٹمپرنگ کے وقت اور ذمہ داران کا تعین انکوائری کے ذریعہ ممکن ہے۔

۷۔ انتقال نمبر 1667 مورخہ 24.04.2012 کو درج ہو کر مورخہ 11.04.2014 کو انیس ماہ تک زیر التوارہ کر خارج ہوا۔ مذکورہ التوا لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے سیکشن 42(10) اور لینڈ ریکارڈ مینول کے پیرا 7.1 کی شق 3 اور 4 کی خلاف ورزی میں ہے۔ انتقال کے اخراج کے وقت منصب علی بائع یا مشتری کی طرف سے معاہدے کی منسوخی کا کوئی اندراج روزنامچہ پٹواری میں موجود نہ ہے جس کی تصدیق پٹواری بشیر احمد نے دوران سماعت کی ہے۔ حلقہ ریونیو آفیسر نے لینڈ ریونیو ایکٹ اور لینڈ ریکارڈ مینول کی خلاف ورزی کرتے ہوئے انتقال نمبر 1667 کو مورخہ 11.04.2014 کو بغیر کسی ثبوت کے از خود منسوخ کیا جو کہ حقائق اور قانون کے خلاف اور اختیارات کا ناجائز استعمال ہے، حلقہ ریونیو آفیسر اور اس کے ماتحت پٹواری و گرداور کا یہ عمل بد انتظامی ہے۔ اندریں حالات دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ڈسٹرکٹ کلکٹر ضلع ننکانہ صاحب کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس بد انتظامی کا نوٹس لیں۔ ریکارڈ میں ٹمپرنگ پر بھی انکوائری کروائیں اور اس کے نتائج کی روشنی میں ذمہ داران کے خلاف مطابق قانون کارروائی کریں۔ اور مذکورہ انتقال کے اخراج کے بارے میں بمطابق قانون فیصلہ کریں۔ ان ہدایات پر عملدرآمد کے بارے میں دفتر محتسب پنجاب کو اندر دو ماہ آگاہ کریں۔ ان تصریحات کے ساتھ شکایت ہذا کو نمٹایا جاتا ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20ATK0003041

تاریخ فیصلہ: 02.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈ آف ریونیو

عنوان: درخواست برائے نشاندہی اراضی

شکایت کنندہ نے درخواست ہذا میں تحریر کیا ہے کہ وہ موضع نوتھیں مروال تحصیل جنڈ ضلع اٹک میں 24 کنال اراضی مندرجہ نمبرات خسرہ 1264، 1318 تا 1321، 1323، 1324، 1329، 1331، 1333 / 1 اور 1334 کا مالک ہے۔ اس اراضی کے کچھ حصہ پر قیمتی درخت ہیں جن کی مالیت مبلغ دو لاکھ روپے ہے اور باقی زمین چاہی رقبہ پر مشتمل ہے۔ اس کی اراضی کے کچھ حصہ پر ملحقہ اراضی کے مالکان مسمیان ظفر علی خان، خاور عباس اور غلام عباس نے ناجائز قبضہ کر رکھا ہے جس کی نشاندہی کیلئے اس نے مورخہ 17.12.2019 کو دفتر محکمہ مال تحصیل جنڈ میں درخواست دی مگر مذکوران متعلقہ اراضی کی نشاندہی نہیں ہونے دیتے۔ دراصل وہ اس کی اراضی کو کم قیمت پر خریدنے کے خواہش مند ہیں۔ شکایت کنندہ نے دفتر ہذا سے استدعا کی ہے کہ محکمہ مال تحصیل جنڈ سے مذکورہ اراضی کی نشاندہی کروائی جائے اور تجاوز شدہ رقبہ کا قبضہ واپس دلایا جائے۔

۲۔ شکایت کنندہ کی درخواست پر متعلقہ محکمہ سے رپورٹ طلب کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر تحصیل جنڈ ضلع اٹک کی جانب سے مورخہ 17.08.2020 کو رپورٹ موصول ہوئی۔ جس کے مطابق عملہ محکمہ مال نے شکایت کنندہ و فریق دوئم کی موجودگی میں موقع پر نشاندہی اراضی کر کے نقل رپورٹ نشاندہی مرتب کی جس پر شکایت کنندہ و فریق دوئم کے بیانات قلمبند کئے گئے۔ ہر دو فریقین نے کارروائی و رپورٹ نشاندہی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

۳۔ شکایت کنندہ کو موصولہ رپورٹ ایجنسی کی نقل بغرض جواب الجواب بھجوائی گئی۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 08.2020.22 کو اپنا جواب الجواب دفتر ہذا کو ارسال کیا جس کے مطابق محکمہ مال نے ماسوائے خسرہ نمبر 1331 / 1 کے دیگر خسرہ جات کی مکمل نشاندہی فریقین کی موجودگی میں کر کے مالکان ملحقہ اراضی سے تجاوز شدہ رقبہ کا موقع پر قبضہ حاصل کر کے اس کے حوالے کر دیا ہے۔ وہ اراضی کی نشاندہی سے مطمئن ہے اس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے اس لئے مزید کارروائی مطلوب نہ رہی ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ نے اپنی اراضی تعداد ی 24 کنال واقع موضع نوتھیں مروال تحصیل جنڈ ضلع اٹک کی نشاندہی کروانے کیلئے دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ جس پر موصولہ رپورٹ ایجنسی / محکمہ مال کے مطابق اراضی مذکورہ کی نشاندہی بحاضری شکایت کنندہ و مالکان ملحقہ اراضی کی جا کر رپورٹ نشاندہی مرتب کی گئی۔ شکایت کنندہ و مالکان ملحقہ اراضی کے بیانات قلمبند کئے گئے۔ ہر دو فریقین نے کارروائی نشاندہی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب میں رپورٹ محکمہ مال / ایجنسی سے اتفاق کرتے ہوئے بیان کیا ہے کہ اس کا مسئلہ حل ہو گیا ہے اس لئے مزید کارروائی مطلوب نہ رہی ہے۔ اندریں حالات درخواست شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

محکمہ صحت

شکایت نمبر: POP20NRW0008552

تاریخ فیصلہ: 24.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، نارووال

عنوان: غفلت ولاپرواہی برتنے پر الزام علیہان کے خلاف کارروائی کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق اس کی زوجہ کنول حسن تین روز سے برائے ڈلیوری ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اسپتال نارووال میں داخل تھی۔ اس دوران ڈاکٹر صوبیہ، ڈاکٹر شمائلہ اور ڈاکٹر رابعہ مختلف حیلوں بہانوں سے اس کی بیوی کی ڈلیوری میں دیدہ دانستہ طور پر تاخیر کرتی رہیں جس سے اس کی بیوی کی طبیعت خراب ہو گئی۔ مورخہ 13.09.2020 کو ڈاکٹر شمسہ نے اس کی بیوی کا آپریشن کیا تو اس نے انتہائی غفلت اور لاپرواہی کا مظاہرہ کیا۔ ڈلیوری سے قبل تمام رپورٹس نارمل تھیں لیکن الزام علیہ ڈاکٹر شمسہ کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے خطرناک مواد سانس کی نالی کے ذریعہ بچے کے اندر چلا گیا جس کی وجہ سے بچے کا سانس رک گیا اور وہ وفات پا گیا۔ لیکن ڈاکٹر مذکور نے اس بارے انہیں نہ بتایا۔ بلکہ بچے کو سہارا اسپتال لے جانے کا کہا حالانکہ بچہ وفات پا چکا تھا۔ الزام علیہ ڈاکٹر نے نہ صرف اس کے بچے کو قتل کیا بلکہ اس کی زوجہ کی زندگی کو بھی شدید خدشات لاحق کر دیئے اور وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہے۔ ان کی فائل گم کر دی گئی ہے۔ جو انہیں نہ دکھائی گئی ہے۔ نیز مورخہ 14.09.2020 کو صبح جب وہ اپنی بیوی کو لے کر ڈاکٹر شمسہ کے پاس گیا تو اس نے اس کی مریضہ کو چیک بھی نہ کیا۔ اسپتال کا عملہ انتہائی بدتمیز ہے لہذا ڈاکٹر شمسہ کے خلاف کارروائی کی جائے۔

۲۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اسپتال نارووال نے تحت لیٹر نمبری 11825 / ایم ایس مورخہ 2020.21.09 آگاہ کیا ہے کہ انکوائری زیر کارروائی ہے۔ انکوائری کے مکمل ہونے پر رپورٹ پیش کر دی جائے گی۔

۳۔ مورخہ 19.10.2020 کو شکایت کنندہ اور الزام علیہان ڈاکٹر صوبیہ یوسف، ڈاکٹر شمسہ و ڈاکٹر رابعہ کو مشترکہ سماعت کیا گیا۔ ڈاکٹر صوبیہ یوسف اور ڈاکٹر رابعہ نے بیان کیا کہ ان کی ڈیوٹی نہیں تھی ان پر لگائے گئے الزامات درست نہ ہیں۔ ڈاکٹر شمسہ نے بیان کیا کہ اس نے اپریشن نہیں کیا اور نہ شکایت کنندہ ڈلیوری سے قبل اس سے ملا ہے۔ البتہ اسپتال میں مریض زیادہ ہوتے ہیں اس لیے ہر بچے کو والدین والا پیار نہیں دیا جا سکتا۔ جس پر شکایت کنندہ نے بیان کیا کہ تین دن تک اس کی بیوی اسپتال میں داخل رہی لیکن اس دوران انہیں یہی کہا جاتا رہا کہ کوئی مسئلہ نہیں ہے ڈلیوری نارمل ہے۔ ڈاکٹروں کے رویہ سے بھی ظاہر ہے کہ ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا ہو گا جس کی وجہ سے ان کا بچہ فوت ہو گیا۔ ڈاکٹر محمد نوید اسلم حاضر نہ آیا۔ البتہ تحت لیٹر

نمبری 12875 / ایم ایس مورخہ 6.10.2020 رپورٹ بھجوائی کہ معاملہ ہذا کی انکوائری ڈاکٹر فاروق اقبال، پیڈیاٹریشن، ڈاکٹر فیصل اشتیاق سینئر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ و ڈاکٹر آمنہ شاہد گائناکالوجسٹ سے کروائی گئی۔ جنہوں نے گائنی سٹاف اور پیڈز سٹاف کی سٹیٹمنٹس ریکارڈ کیں۔ جس کے مطابق سرجری ڈاکٹر عتیقہ نے کی۔ زندہ بچہ شکایت کنندہ کے حوالے کیا گیا۔ پیدائش کے وقت بچہ سائنوڈ اور بیمار تھا جسے نرسری میں ہمراہ مڈ وائف بھیجا گیا۔ نرسری میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر مدیحہ ویمن میڈیکل آفیسر نے بچے کو اٹینڈ کیا۔ ڈاکٹر مدیحہ کی سٹیٹمنٹ کے مطابق بچہ مکمل طور پر سائینوسس، ہائپوتھرمیا، میکونیم سٹینڈ، یاپل ڈیلیٹ، بریڈی کارڈیا تھا۔ لواحقین کو بچہ کی حالت کے بارے بتایا گیا اسی دوران وہ بچے کو لے کر چلے گئے۔

۴۔ بعد از ملاحظہ ریکارڈ و سماعت فریقین پایا گیا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اسپتال نارووال کے عملہ کا رویہ مریضوں کے ساتھ درست نہ ہے۔ نیز میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اسپتال نارووال نے بغیر معاملہ ہذا کی مفصل انکوائری کیے مبہم رپورٹ پیش کی ہے جسے قبول نہیں کیا جا سکتا۔ ایک اسپتال سے جب دوسرے اسپتال مریض کو ریفر کیا جاتا ہے تو اس کی سلپ مریض کو دی جاتی ہے تاکہ اس کے مطابق دوسرے اسپتال میں بہتر اور جلد علاج کیا جا سکے۔ اولاذکر شکایت کنندہ کی بیوی کا آپریشن بقول رپورٹ محکمہ ڈاکٹر عتیقہ نے کیا۔ ڈاکٹر عتیقہ ویمن میڈیکل آفیسر تھی یا گائناکالوجسٹ اس بارے کوئی تحریر نہ کیا گیا ہے۔ یا آیا کہ کس گائناکالوجسٹ کی سربراہی میں آپریشن کیا گیا۔ رپورٹ میں مزید بیان کیا گیا ہے کہ ڈاکٹر مدیحہ نے نرسری میں بچے کو چیک کیا اور بچے کی حالت بارے لواحقین کو آگاہ کیا۔ آگاہ کرنے کی بجائے بچے کا علاج معالجہ کیوں نہ کیا گیا۔ ڈاکٹر شمسہ کے دوران سماعت اس بیان سے کہ "ہر بچے کو ماما یا والا پیار نہیں دیا جا سکتا" سے بھی ظاہر ہے کہ عملہ اسپتال بالخصوص گائنی وارڈ کا رویہ مریضوں کے ساتھ نامناسب ہے اور وقوعہ کے روز گائنی وارڈ میں موجود ڈاکٹرز کی غفلت اور لاپرواہی کرنا ثابت ہوتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق نرسری میں موجود ڈاکٹر کا بغیر کسی ٹیسٹ کرنے کے شکایت کنندہ کے بچہ کو مختلف قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہونا بیان کرنا غیر ذمہ داری کا ثبوت دیتا ہے۔ ڈاکٹر عتیقہ ویمن میڈیکل آفیسر شکایت کنندہ کی بیوی کا آپریشن نہیں کر سکتی تھی بلکہ کسی ماہر گائناکالوجسٹ کی جانب سے آپریشن کیا جانا ضروری تھا۔ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر عتیقہ ویمن میڈیکل آفیسر نے ایک تجرباتی آپریشن کیا جس کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے شکایت کنندہ کے بچے کی موت واقع ہوئی۔ ان حالات کے پیش نظر خدشات ظاہر ہوتے ہیں کہ شکایت کنندہ کی بیوی کی پراپر سرجری نہیں کی گئی اور ان کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا گیا ہے۔ اندریں حالات دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت فاضل سیکرٹری، حکومت پنجاب، پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ، لاہور کو ہدایت کی گئی کہ وہ معاملہ ہذا کی اپنے دفتر کے کسی سینئر آفیسر سے انکوائری کروائیں جس میں تمام فریقین کو ریکارڈ کے ہمراہ سماعت کیا جائے اور نتائج انکوائری کی روشنی میں ذمہ داران کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت کارروائی کر کے تعمیلی رپورٹ اندر 60 یوم دفتر ہذا پیش کریں۔

شکایت نمبر: POP20LH40001478

تاریخ فیصلہ: 18.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: **پنجاب سول سرونٹس (تقرری و شرائط ملازمت) رولز مجریہ 1974ء کے قاعدہ 17۔اے کے تحت استدعا برائے بھرتی**

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں نمبر POP/LH2/346/2019 کے تحت مورخہ 10.10.2019 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں اسے مورخہ 12.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ نے شکایت گزاری کہ اس کی والدہ مسماۃ فرحت بی بی بنت محمد ایوب محکمہ صحت میں بطور ہیلتھ ورکر دوران سروس مورخہ 25.04.2014 کو وفات پا گئی تھیں سائل نے ڈینگی سنیٹری پٹرول کی بھرتی کے لیے درخواست سال 2015 میں ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی 24 کو پر روڈ لاہور کو اخبار میں اشتہار شائع ہونے کے بعد جمع کروائی۔ وہ اس وقت کے ای ڈی او ہیلتھ ڈاکٹر سعید اختر گھمن کے پاس گیا کہ سائل کو ان کی والدہ مرحومہ کی جگہ پر بھرتی کیا جائے لیکن شنوائی نہ ہوئی۔ اس کے بعد سال 2017 میں محکمہ صحت کی طرف سے اشتہار برائے بھرتی نائب قاصد، سینٹری پٹرول، وارڈ بوائے شائع ہوا جس پر سائل نے درخواست چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ لاہور کو جمع کروادی مگر تاحال کوئی شنوائی نہ ہوئی ہے لہذا سائل نے دوبارہ نوکری کے لیے پروگرام ڈائریکٹر (آئی آر ایم این سی ایچ) لاہور کو درخواست مورخہ 08.08.2019 کو جمع کروائی مگر یہاں سے بھی ان کو نوکری نہ دی گئی۔ سائل نے استدعا کی ہے کہ اس کو ڈیتھ کلیم کے زمرہ میں قانونی طور پر نوکری، سیلری اور فنانشل اسسٹنس دلوائی جائے۔

۳۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی لاہور کی رپورٹ بذریعہ ڈائریکٹر لیٹر نمبر 66/LO مورخہ 09.12.2019 کو دفتر ہذا میں موصول ہوئی جس کے مطابق شکایت کنندہ وقار عالم کی درخواست پروگرام ڈائریکٹر (آئی آر ایم این سی ایچ) لاہور کو موصول ہوئی۔ مذکورہ محکمہ نے شکایت کنندہ کی

درخواست چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی لاہور کو بھیج دی اور گورنمنٹ رولز اور پالیسی کے تحت کارروائی کرنے کو کہا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی نے ڈسٹرکٹ کو آرڈینیٹر (آئی آر ایم این سی ایچ) لاہور کو سائل کے کیس کی پیروی کرنے کیلئے متعلقہ دستاویزات جمع کروانے کو کہا جس کے تحت اس کو 17۔اے کے تحت نوکری پر بھرتی کیا جائے۔ اس کے علاوہ یہ ہدایت بھی کی گئی کہ شکایت کنندہ کے کیس کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

۴۔ شکایت کنندہ سے بذریعہ فون مورخہ 29.07.2020 کو رابطہ کیا گیا جس پر انہوں نے اس بات کی تصدیق کی کہ ان کو 17۔اے مذکور کے تحت نوکری دے دی گئی ہے اور فنانشل اسسٹنس و دیگر واجبات بھی ادا کر دیئے گئے ہیں، صرف تنخواہ کے بقایاجات تاحال موصول نہ ہوئے ہیں جو کہ اے جی آفس میں سروس بک جمع کروانے پر مل جائیں گے۔

۵۔ رائے سلیم لیٹیگیشن آفیسر چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی لاہور کی طرف سے حاضر ہوئے اور تحریری رپورٹ جمع کروائی جس کے مطابق وقار عالم ولد خالد عمر کو بطور وارڈ سرونٹ انفیکٹیئس ڈسیسز ہسپتال بلال گنج لاہور میں بذریعہ لیٹر نمبر 3024/31/ای ٹو مورخہ 29.05.2020 کو بھرتی کر لیا گیا ہے اور ماسوائے تنخواہ کے بقایاجات کے باقی تمام واجبات کی ادائیگی کر دی ہے۔ سائل نے واجبات ادائیگی اور ملازمت ملنے کی تصدیق بذریعہ فون کی۔ بعد ازاں شکایت کنندہ کی جانب سے تحریری طور پر مطلع کیا گیا کہ اسے فنانشل اسسٹنس کی مد میں مبلغ -/300،000 روپے اور تنخواہ کے بقایا جات مبلغ -/64،000 روپے وصول ہو گئے ہیں۔ یوں اس کی دادرسی ہو گئی ہے۔

۶۔ مندرجہ بالا حقائق کی سے عیاں ہے کہ شکایت کنندہ کو تنخواہ کے بقایاجات اور فنانشل اسسٹنس کی مد میں مبلغ -/3،64،000 روپے وصول ہو گئے ہیں۔ لہٰذا درخواست شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20LH40000648

تاریخ فیصلہ: 14.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: استدعا برائے ادائیگی پنشن و دیگر مراعات

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ اس کا خاوند محمد اسلم شہباز محکمہ صحت میں بحیثیت سینئر ٹیکنیشن بی ایس-14 میں ملازم تھا اور دوران سروس مورخہ 02.07.2017 کو وفات پا گیا۔ سائلہ نے کافی تگ و دو کے بعد محکمہ صحت سے تنخواہ اور فنانشل گرانٹ حاصل کر لی ہے۔ اب تقریباً ایک سال کا عرصہ گزر جانے کے باوجود نہ تو پنشن جاری ہوئی ہے اور نہ ہی گریجویٹی، گروپ انشورنس، جی پی فنڈ اور تدفین گرانٹ مل رہی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ وہ دل کی مریضہ ہے اور اس کے مالی حالات بھی اچھے نہ ہیں، متعلقہ محکمہ کو ضروری احکامات جاری کر کے ان کی دادرسی کی جائے۔

۲۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے رپورٹ بذریعہ لیٹر نمبر A &Dy.D(B/66 مورخہ 15.08.2020 کو پیش ہوئی جس کے کی تفصیل درج ذیل ہے:

I۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، نشتر زون، لاہور کی طرف سے فوتیدگی نوٹس مورخہ 13.01.2018 کو جاری کیا گیا۔

II۔ سکسیشن سرٹیفکیٹ عدالت نے مورخہ 29.11.2017 کو بیوہ بتول زہرہ کے حق میں جاری کیا۔

III۔ دوبارہ شادی نہ کرنے کا سرٹیفکیٹ ڈپٹی کمشنر کی طرف سے مورخہ 27.06.2019 کو جاری کیا گیا۔

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، نشتر زون، لاہور کی طرف سے سائلہ کا فیملی پنشن کا کیس محکمہ کو بذریعہ لیٹر نمبر DDHO/6215 مورخہ 06.12.2019 کو موصول ہوا۔

IV۔ محکمہ نے فیملی پنشن اور دیگر واجبات کیلئے کیس مورخہ 20.01.2020 کو ڈپٹی کمشنر / ایڈمنسٹریٹر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی لاہور کو پنشن رولز 1963 کے تحت جاری کرنے کیلئے پیش کیا۔

۳۔ شکایت کنندہ کی طرف سے جواب الجواب مورخہ 21.07.2020 کو دفتر ہذا میں داخل ہوا جس کے مطابق سائلہ کو گروپ انشورنس، تدفین گرانٹ اور جی پی فنڈ نہ ملا ہے۔ اس کے علاوہ دفتر ہذا کی کاوش سے محکمہ صحت کی طرف سے ان کو پنشن اور گریجویٹی کی ادائیگی ہو گئی ہے۔

۴۔ مشترکہ سماعت میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے کامران علی لاء آفیسر حاضر ہوئے اور موقف بیان کیا کہ سائلہ کو پنشن اور گریجویٹی کی رقم مبلغ -/1121905 روپے کی ادائیگی بذریعہ چیک نمبر 200242805 کر دی گئی ہے۔ جس کی تصدیق سائلہ نے دفتر ہذا کی طرف سے رابطہ کرنے پر بھی کی تاہم شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ابھی تک گروپ انشورنس، تدفین گرانٹ اور جی پی فنڈ نہ ملا ہے وہ بھی دلوایا جائے۔

۵۔ محکمہ کی رپورٹ ہائے، ریکارڈ آمدہ مسل ملاحظہ کرنے اور فریقین کو سماعت کر لینے سے اِس امر کی وضاحت ہوتی ہے کہ سائلہ کو پنشن اور چند دیگر واجبات کی ادائیگی ہو گئی ہے۔ مگر گروپ انشورنس، تدفین گرانٹ اور جی پی فنڈ کی ادائیگی ابھی باقی ہے۔ اندریں حالات شکایت کا جزوی ازالہ ہو گیا ہے۔ وفات پا جانے والے سرکاری ملازمین کے اہل خانہ کو ان کے واجبات کی بروقت ادائیگی کیلئے متوفی کے وارثان کی رہنمائی اور مدد کرنا افسران ایجنسی کی ذمہ داری ہے۔ وارثان متوفی چونکہ سرکاری طریق کار اور قواعد سے نا آشنا ہوتے ہیں اس لئے ایجنسی کے افسران پر لازم ہے کہ وہ مطلوبہ کوائف اور دستاویزات کی تیاری کیلئے وارثان متوفی کی مدد کیلئے کسی قابل اہلکار کو ذمہ داری سونپا کریں تاکہ متوفی کے وارثان پریشانی سے بچ سکیں۔ اس بارے میں غفلت اور تساہل سے کام لینا اور سال ہا سال تک ان معاملات کو یکسو نہ کرنا انتظامی غلط کاری کے زمرہ میں آتا ہے۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سائلہ کے گروپ انشورنس، تدفین گرانٹ اور جی۔پی فنڈ کے کیسز کی فوری حسب ضابطہ تکمیل کیلئے کسی ذمہ دار افسر کو پابند کریں جو متعلقہ محکمہ جات / افسران سے رجوع کر کے شکایت کنندہ بیوہ کو اس کا حق دلوائے اور اندر 30 یوم اس کی دادرسی یقینی بنائے۔ نیز تعمیلی رپورٹ اندر 30 یوم دفتر ہذا کو ارسال کی جائے۔

۶۔ مذکورہ ہدایات کے تحت شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر : POP20OKR0003990

تاریخ فیصلہ: 24.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: استدعا برائے دلوائے جانے مالی امداد

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ وہ محمد اکرم (مرحوم) سابقہ ڈرائیور نیشنل پروگرام خاندانی منصوبہ بندی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال دیپالپور کی بیوہ ہیں۔ سائلہ کا خاوند دوران سروس مورخہ 22.08.2015 کو قضائے الٰہی سے وفات پا گیا جس کی وفات کے بعد سائلہ کے حق میں پروگرام ڈائریکٹر آئی۔ آر۔ایم۔ این۔ سی۔ اینڈ نیوٹریشن پروگرام پنجاب نے چٹھی نمبری IRMNCH/9438-73/PPIU-2019/Pb مورخہ 18.06.2019 کے تحت رقم مبلغ 4 لاکھ روپے مالی امداد کی مد میں منظور فرمائے۔ سائلہ نے مفصل کاغذات (کیس) تیار کروا کر سی ای او ہیلتھ کے دفتر میں نیشنل پروگرام کے کوآرڈینیٹر کو جمع کروا دیے جس نے فائل طاہر اقبال صدام ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس اینڈ بجٹ محکمہ صحت اوکاڑہ کے حوالے کی لیکن طاہر اقبال صدام نے فائل گم کر دی اور سائلہ کے ساتھ بدتمیزی سے پیش آیا۔ سائلہ تقریباً تین مرتبہ فائل تیار کروا کر مذکورہ طاہر اقبال صدام کو فراہم کر چکی ہے لیکن وہ جان بوجھ کر رشوت کی آڑ میں اور طمع نفسانی کی خاطر سائلہ کے کاغذات گم کر دیتا ہے۔ سائلہ کو تقریباً ایک سال سے متواتر چکر لگوا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں سائلہ نے سی ای او ہیلتھ اوکاڑہ کو بھی درخواست کی کہ سائلہ کو حق دلوائے۔ استدعا کی گئی ہے کہ سائلہ کو مالی امداد کی مد میں منظور شدہ رقم مبلغ 4 لاکھ روپے دلوائی جائے۔

۲۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اوکاڑہ سے رپورٹ طلب کی گئی۔ مذکورہ دفتر کے لاء آفیسر غلام قادر رامے نے دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بتایا کہ سائلہ کو مالی امداد کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔ انہوں نے مذکورہ امداد کے چیک، جو سائلہ کے بیٹے عاصم علی نے وصول کیا، کی نقل بھی فراہم کی۔

۳۔ دوران سماعت بذریعہ ٹیلی فون سائلہ کے بیٹے عاصم علی سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ انہیں مالی امداد کی رقم کی ادائیگی ہو گئی ہے ان کا مسلہ حل ہو چکا ہے۔ لہٰذا کیس کو داخل دفتر کر دیا جائے۔

۴۔ درخواست دہندہ کی شکایت کا چونکہ ازالہ ہو چکا ہے اور وہ اس پر مزید کارروائی کی متقاضی نہ ہے لہٰذا شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20JLM0002923

تاریخ فیصلہ: 06.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: درخواست بغرض کئے جانے کارروائی بر خلاف ڈاکٹر عامر سلطان

شکایت کنندہ نے تحریر کیا کہ اس کا لڑائی جھگڑا مورخہ 2019-11-20 کو رضوان اکرم وغیرہ سے ہوا جس میں اسے تین ضربات آئیں۔ وہ قانونی کارروائی کے لئے متعلقہ تھانہ میں گیا اور ہمراہ پولیس سول ہسپتال چلا گیا۔ وہاں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر عامر سلطان نے اسے ایکسرے کروانے کا مشورہ دیا جس پر اس نے دوسرے دن مورخہ 2019-11-21 کو ہمراہ پولیس ایکسرے کروائے۔ ایکسرے، ریڈیالوجسٹ اور ای۔این۔ٹی اسپیشلسٹ کی رپورٹ کے مطابق فریکچر لڑائی کی وجہ سے ظاہر کیا گیا مگر ڈاکٹر مذکور نے دوسری پارٹی کے ساتھ ذاتی تعلقات ہونے کی وجہ سے ان کے ساتھ ساز باز کر کے شکایت کنندہ کی رپورٹ میں فریکچر کو خود ساختہ لکھ دیا جبکہ دوسری پارٹی کے ناک کا فریکچر تھا جس کو خود ساختہ ظاہر نہ کیا۔ شکایت کنندہ کے ساتھ ایک اور مضروب محمد احسن بھی ایم۔ایل۔سی کے لئے پیش ہوا مگر ڈاکٹر مذکور نے اس کا ایم۔ایل۔سی نہ کیا۔ تاہم شام کی ڈیوٹی پر آئے ڈاکٹر نے ایم۔ایل۔سی تیار کیا۔ مزید تحریر کیا کہ وہ ڈاکٹر عامر سلطان کے خلاف مجاز حکام کو درخواستیں دے چکا ہے مگر بے سود۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ مذکورہ ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۲۔ شکایت کنندہ نے ڈاکٹر عامر سلطان، میڈیکولیگل آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جہلم کے خلاف کارروائی کے لئے دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ دورانِ تفتیش یہ بات سامنے آئی کہ ڈاکٹر مذکور نے شکایت کنندہ کی ایم۔ایل۔سی نمبر 19/739/AS مورخہ 2019.11.20 کو مرتب کی اور چوٹ/زخم کو من گھڑت قرار دیا جس پر شکایت کنندہ نے ڈاکٹر عامر سلطان کے خلاف انکوائری کے لئے درخواست دی۔ سائل کی درخواست پر ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، جہلم نے ڈاکٹر سرفراز خان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، جہلم کے ہمراہ انکوائری کی اور شکایت کنندہ کو دوبارہ معائنہ کروانے کی سفارشات کیں۔ شکایت کنندہ کے دوبارہ معائنہ کروانے پر ڈسٹرکٹ سٹینڈنگ میڈیکل بورڈ نے شکایت کنندہ کی چوٹ/زخم کو مستند قرار دیا اور ڈاکٹر عامر سلطان کو غفلت اور لاپرواہی کا مرتکب قرار دیتے ہوئے اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی سفارش کی جس پر چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی)، جہلم نے ڈاکٹر عامر سلطان، میڈیکولیگل آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جہلم کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت کارروائی کے لئے کیس سیکرٹری، حکومت پنجاب، پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ، لاہور کو بھجوا دیا ہے۔ اندریں حالات دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت سیکرٹری، حکومت پنجاب، پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ، لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ڈاکٹر عامر سلطان کے خلاف حسب ضابطہ تادیبی کارروائی عمل میں لائیں اور تعمیلی رپورٹ اندر 30 یوم دفتر ہذا کو ارسال کریں۔ بصورت دیگر فاضل سیکرٹری صاحب یا ان کا نمائندہ جو ایڈیشنل سیکرٹری سے کم درجے کا نہ ہو محتسب پنجاب کے روبرو پیش ہو کر مذکورہ بالا ہدایت کی عدم تعمیل کے سلسلے میں قابل قبول وضاحت پیش کریں۔ ان تصریحات کے ساتھ درخواست ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20JLM0000316

تاریخ فیصلہ: 06.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جہلم کے ڈاکٹروں اور سٹاف کے خلاف قانونی کارروائی کے لئے درخواست

شکایت کنندہ نے تحریر کیا کہ وہ اپنی والدہ کو دو ماہ قبل دل میں تکلیف کی وجہ سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جہلم لے کر گیا۔ موقع پر موجود ڈاکٹر شفیق اور دیگر سٹاف نے لاپرواہی اور غفلت کا مظاہرہ کیا۔ اس کی والدہ کو دل کا عارضہ لاحق ہوا تھا جس کے لئے بروقت علاج کی ضرورت تھی۔ ہسپتال میں دل کا ڈاکٹر غیر حاضر تھا لہٰذا اس نے وہاں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر سے استدعا کی کہ اگر یہاں علاج ممکن نہ ہے تو اس کی والدہ کو کسی دوسرے ہسپتال میں بھجوا دیا جائے جس پر پتہ چلا کہ ہسپتال میں انجیوگرافی وغیرہ کی سہولت دستیاب نہ ہے۔ شکایت کنندہ کی والدہ تقریباً دو گھنٹے زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہی اور انتقال کر گئی۔ شکایت کنندہ نے مزید تحریر کیا کہ اس نے معاملہ مذکور کی بابت ڈپٹی کمشنر، جہلم اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، جہلم کو بھی درخواستیں دی ہیں مگر بے سود۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ اس کے ساتھ ظلم اور زیادتی کی گئی ہے جس کی بابت انکوائری کروا کر ذمہ دار ڈاکٹروں اور دیگر سٹاف کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۲۔ مطابق رپورٹ ایجنسی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جہلم نے معاملہ مذکور کی انکوائری کے لئے کمیٹی تشکیل دی جس میں ڈاکٹر ریاض احمد کیانی ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بطور کنوینر، ڈاکٹر حفیظ الرحمان چیف کنسلٹنٹ اور ڈاکٹر جواد بخت کیانی کارڈیالوجسٹ بطور ممبرز شامل تھے۔ انکوائری کمیٹی نے رپورٹ دی کہ اسی نوعیت کی ایک درخواست شکایت کنندہ کے بھائی مرزا فہیم اسد نے بھی دی ہوئی ہے۔ انکوائری کمیٹی نے ہسپتال کے متعلقہ سٹاف ڈاکٹر محمد شفیق، ڈاکٹر جویریہ کیانی، ڈاکٹر سائرہ فیاض، چارج نرس اقراء اور وارڈ سرونٹ نعیم کے بیانات مورخہ 10.02.2020 کو قلمبند کئے۔ شکایت کنندہ کے بھائی مرزا فہیم اسد نے دورانِ انکوائری بتایا کہ اس کی والدہ کی وفات کے ذمہ دار پرائیویٹ سیکٹر کے ڈاکٹر مسعود اشرف، ڈاکٹر جواد سلیمان اور شیخ ناصر ڈسپنسر ہیں جبکہ شکایت کنندہ انکوائری کمیٹی کے سامنے پیش نہ ہوا۔ انکوائری کے دورانِ یہ بات سامنے آئی کے شیخ ناصر ڈسپنسر شکایت کنندہ کی والدہ کا علاج تین سال سے کر رہا تھا جو کوالیفائیڈ نہ ہے۔ لہٰذا اس معاملہ میں دوسرے ڈاکٹروں کی بد دیانتی نہ ہے۔ مزید تحریر کیا کہ جب شکایت کنندہ اپنی والدہ کو ہسپتال میں لایا تو اس وقت ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر شفیق نے درست طریقہ سے ان کا علاج کیا اور چونکہ شیخ ناصر ڈسپنسر پرائیویٹ سیکٹر میں کام کر رہا ہے اس کے خلاف ضروری کارروائی کے لئے معاملہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی جہلم کو بھجوا دیا گیا ہے۔

۳۔ رپورٹ ایجنسی کی نقل بغرض جواب الجواب شکایت کنندہ کو بھجوائی گئی جس کے جواب میں اس نے اپنا سابقہ موقف دہرایا۔

۴۔ جواب الجواب موصول ہونے پر فریقین کو بغرض سماعت طلب کیا گیا جس پر شکایت کنندہ اصالتاً اور منجانب ایجنسی ڈاکٹر ریاض احمد کیانی ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور ڈاکٹر حفیظ الرحمان چیف کنسلٹنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جہلم حاضر آئے جنہیں سماعت کیا گیا۔ دورانِ سماعت شکایت کنندہ نے دلیل دی کہ اس کی والدہ دل کے عارضہ میں مبتلا تھی مگر ڈاکٹروں نے بروقت اس کا علاج درست طریقہ سے نہ کیا جس وجہ سے اس کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔ نمائندگان ایجنسی نے بتایا کہ شکایت کنندہ کی والدہ مرحومہ شیخ ناصر ڈسپنسر، جو کہ پرائیویٹ سیکٹر میں کام کر رہا ہے، کو اپنے گھر پر بلا کر تین سال سے علاج کروا رہی تھیں اور دورانِ انکوائری شکایت کنندہ کے بھائی فہیم اسد نے بھی اس بات کا اعتراف کیا کہ اس کی والدہ کی وفات کا ذمہ دار پرائیویٹ سیکٹر کا ڈسپنسر شیخ ناصر ہے۔ مزید بتایا کہ شکایت کنندہ کو انکوائری کمیٹی کے سامنے پیش ہونے کے لئے متعدد بار بلایا گیا مگر وہ حاضر نہ آیا۔ انکوائری کے دورانِ یہ بات ثابت ہوئی کہ شیخ ناصر ڈسپنسر، جو کہ کوالیفائیڈ نہ ہونے کے باوجود پرائیویٹ سیکٹر میں کام کر رہا ہے، نے مجرمانہ غفلت کی ہے جس کے خلاف ضروری کارروائی کے لئے معاملہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، جہلم کو بھجوا دیا گیا ہے۔

۵۔ پیش آمدہ ریکارڈ و مشتز کہ سماعت سے پایا گیا کہ شکایت کنندہ کی والدہ تین سال سے شیخ ناصر نامی پرائیویٹ ڈسپنسر جہلم سے علاج کروا رہی تھیں جبکہ ڈسپنسر مذکور کوالیفائیڈ نہ ہے۔ لہٰذا اس معاملہ میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جہلم کے ڈاکٹروں و دیگر سٹاف کی غفلت اور لاپرواہی نہ ہے۔ مزید برآں انکوائری کمیٹی نے شیخ ناصر ڈسپنسر مذکور کے خلاف سفارشات کے ساتھ ضروری کارروائی کے لئے معاملہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی، جہلم کو بھجوا دیا ہے لہٰذا چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی)، جہلم کو ہدایت کی جاتی ہے کہ شیخ ناصر ڈسپنسر کے خلاف حسب ضابطہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور تعمیلی رپورٹ ایک ماہ کے اندر دفتر ہذا میں پیش کی جائے۔ اس ہدایت کے ساتھ درخواست ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20LH40002328

تاریخ فیصلہ: 06.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: استدعا برائے ادائیگی واجبات

ارسلان افضل فاروقی اسسٹنٹ منیجر انسٹیٹوشنز، نوامیڈ فارماسوٹیکلز پرائیوٹ لمیٹڈ نے درخواست جمع کروائی کہ اس کی کمپنی نے سال 2016-2015 میں مبلغ 59000 روپے کی ادویات رورل ہیلتھ سنٹر پھدرار ڈسٹرکٹ خوشاب کو بذریعہ پبلک ہیلتھ فیسیلٹیز مینجمنٹ کمپنی زیر انتظام چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی خوشاب مہیا کیں۔ کمپنی کے نمائندگان نے متعدد بار متعلقہ محکمہ کو رقم کی ادائیگی کے لیے رابطہ کیا مگر ان کی شنوائی نہ ہوئی جبکہ کمپنی کی طرف سے تمام ضروری کاغذات برائے ادائیگی واجبات جمع کروائے جا چکے ہیں۔ استدعا کی گئی ہے کہ محکمہ کو احکامات جاری کئے جائیں کہ اس کی کل رقم مبلغ 59000 روپے کی ادائیگی کی جائے۔

۲۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی خوشاب کی رپورٹ بذریعہ لیٹر نمبر 6424 / سی ای او / ڈی ایچ اے مورخہ 09.03.2020 کو موصول ہوئی جس کے مطابق دفتر ہذا سے التماس کی گئی کہ شکایت کنندہ کو ہدایت کی جائے کہ محکمہ کو جمع کروائے گئے چالان کی رسیدیں مہیا کرے تاکہ انہیں رقم کی ادائیگی کی جا سکے۔

۳۔ شکایت کنندہ کی طرف سے بذریعہ ڈائری نمبر 550 مورخہ 07.09.2020 کو جواب موصول ہوا جس کے مطابق رورل ہیلتھ سنٹر پھدرار ڈسٹرکٹ خوشاب کو چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی خوشاب کے مرکزی ویئرہاؤس کے پرچیز آرڈر نمبر 814/ایس ایم او مورخہ 11.12.2020، انوائس نمبر 2015486 ڈی سی نمبر 5486 اور ٹی سی ایس نمبر 4830871-904 مالی سال 2015-2016 کیلئے ادویات مہیا کی گئیں۔ مزید یہ کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کی احکامات کے مطابق رورل ہیلتھ سنٹرز کو مہیا کئے جانے والا پورا سٹاک رورل ہیلتھ سنٹرز کی بجائے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے مرکزی ویئرہاؤس میں جمع کروایا گیا وہاں سے مہیا کئے جانے والے سٹاک کی تصدیق ہو سکتی ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ مشتر کہ سماعت میں مورخہ 09.10.2020 کو پیش ہوئے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر خوشاب نے تحریری طور پر اطلاع دی اور فون پر بتایا کہ بجٹ نہ ہونے کی وجہ سے اب تک ادائیگی نہ ہو سکی تھی۔ اب بجٹ مہیا ہو گیا ہے اور جلد ہی شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ کر دیا جائے گا۔ انہون نے مزید بتایا کہ دراصل سال 18-2017 میں یہ ادویات صوبائی سطح پر خریدی گئی تھیں جس کی ادائیگی ضلعی دفاتر کے ذمے تھی لیکن فرم نے معاملہ میں دلچسپی نہ لی اور بل بذریعہ ڈاک بھیجا گیا۔ تاہم اب بجٹ موجود ہے اور ادائیگی کر دی جائے گی۔ ارسلان افضل فاروقی شکایت کنندہ نے اس جواب پر اعتماد کا اظہار کیا اور دفتر ہذا کا شکریہ ادا کیا۔

۵۔ آمدہ ایجنسی رپورٹ اور شکایت کنندہ کے جمع کروائے گئے ریکارڈ سے ظاہر ہوا کہ سال 2018-2017 میں کچھ ادویات صوبائی سطح پر اضلاع کو سپلائی مہیا کرنے کے لیے خریدی گئی تھیں۔ شکایت کنندہ نے جو سپلائی دی تھی اس کے بل کی ادائیگی نہ ہوئی تھی۔ ایجنسی نے سپلائی کی وصولی کی تصدیق کی اور موقف اپنایا کہ قبل ازیں بجٹ نہ ہونے کی وجہ سے ادائیگی نہ ہو سکی تھی مگر اب بجٹ موصول ہو گیا ہے اور یقین دہانی کروائی کہ جلد ادائیگی کر دی جائے گی۔ لہٰذا چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی خوشاب کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ حسب یقین دہانی معاملہ کا جائزہ لے کر اندر میعاد 30 دن مذکورہ بل مبلغ -/59000 روپے کی ادائیگی کو یقینی بنائیں اور اس کی اطلاع دفتر ہذا کو تحریر اً دیں۔ ان تصریحات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20LH40006773

تاریخ فیصلہ: 03.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: **پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ لاہور کی خود مختاری برقرار رکھنے کی استدعا**

محترمہ شاہین عتیق الرحمٰن وائس چیئر پرسن، بنیاد لٹریسی کمیونٹی کونسل نے درخواست گزاری ہے کہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ پنجاب میں اپنی نوعیت کا واحد ہسپتال ہے جسے اب سروسز ہسپتال کے زیر انتظام کر دیا گیا ہے۔ اس انتظامی تبدیلی سے ذہنی مریضوں کا خیال اور تحفظ مشکل میں پڑ گیا ہے۔ محکمہ صحت کو احکامات جاری کر کے اس کی خود مختار حیثیت بحال کی جائے تا کہ ذہنی مریضوں کے اہل خانہ کو مزید تکالیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

۲- ڈپٹی سیکرٹری (میڈیکل ایجوکیشن) کی رپورٹ مورخہ 27.08.2020 کو موصول ہوئی جس کے مطابق دفتر محتسب پنجاب ایکٹ 1997 کے سیکشن 2 کے تحت شکایت ہذا کسی بدانتظامی کو واضح نہ کر رہی ہے۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے الحاق کا معاملہ حکومتی پالیسی کے زمرہ میں آتا ہے لہٰذا اس کی سماعت دفتر ہذا کے دائرہ کار میں نہ آتی ہے درخواست داخل دفتر کی جائے۔

۳- مزید یہ کہ سابق چیف جسٹس آف سپریم کورٹ نے جنوری 2019 کو پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کا دورہ کیا تھا۔ دوران دورہ انھوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ جو علاج معالجہ کی سہولتیں مریضوں کو دی جا رہی ہیں ان میں واضح بہتری کی ضرورت ہے۔ اس بناء پر مراسلہ مورخہ 07.01.2019 کو جاری کیا گیا۔ جس کے مطابق پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کو سروسز انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز لاہور کے زیر انتظام کر دیا گیا جس کا مقصد انسٹی ٹیوٹ کو 24/7 سروسز ہسپتال کے ٹیچنگ سٹاف کی خدمات فراہم کرنا تھا۔ اس سے پہلے مریضوں کی نگرانی کیلئے ٹیچنگ سٹاف کی سہولت میسر نہ تھی اور مریضوں کی دیکھ بھال کا سلسلہ بہت خراب تھا۔

۴- سروسز انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (سمز) لاہور کے زیر انتظام علاج معالجے میں کافی بہتری آئی ہے حکومت پنجاب کے نوٹیفکیشن مورخہ 07.01.2019 کے مطابق ہسپتال کی جانب سے بہت سی سہولیات مریضوں کو دی جا رہی ہیں جس میں طبی امراض۔ سرجری کی سہولت۔ امراض ناک کان گلہ و امراض چشم اور امراض نسواں شامل ہیں۔ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے ڈاکٹرز کی پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ بھی ہسپتال ہذا میں پنجاب ریزیڈنسی پروگرام کے ذریعے کی جائے گی جس کی نگرانی سمز کے ڈاکٹرز کریں گے۔ مزید یہ کہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کو سروسز ہسپتال کے زیر

انتظام نہ کیا گیا ہے بلکہ سمز کے زیر انتظام کیا گیا ہے۔ اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے مینڈیٹ کو بڑھایا گیا ہے نہ کہ اسے مختصر کر دیا گیا ہے۔ تمام انتظامی امور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے زیر اختیار ہیں۔

۵- سمز کے زیر انتظام آنے پر مندرجہ ذیل نتائج سامنے آئے ہیں:

(i) وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے نشہ آور افراد کے علاج کیلئے 100 بیڈز کا اضافہ۔

(ii) رات 8:00 بجے تا 2:00 بجے تک ایمرجنسی کی سہولیات میسر ہونا۔

(iii) مزید 60 میڈیکل آفیسرز کو کمی پورا کرنے کیلئے بھرتی کیا گیا۔

(iv) پندرہ کلینکل ماہر نفسیات کو بھرتی کیا گیا۔

(v) کنسلٹنٹ ماہر نفسیات کی بھرتی کا عمل جاری ہے۔

(vi) نفسیات کے پروفیشنل یونٹ کیلئے ایس این ای، محکمہ خزانہ کو بھیج دی گئی ہے۔

۶- درج بالا حقائق کی روشنی میں شکایت میرٹ پر نہ ہونے کی بناء پر داخل دفتر کی جائے۔

۷- شکایت کنندہ کا جواب الجواب بذریعہ ای میل مورخہ 14.09.2020 موصول ہوا جس میں ایجنسی کی رپورٹ سے اتفاق نہ کیا گیا اور مندرجہ ذیل مسائل کی نشاندہی کی گئی:

(i) پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کے سربراہ کے پاس انتظامی و مینٹل ہیلتھ یا نفسیات کی پیشہ ور ڈگری اور تجربہ نہ ہے۔

(ii) تشویش کی بات یہ ہے کہ سروسز ہسپتال اپنا حلقہ اختیار وسیع کرنے کیلئے پی آئی ایم ایچ کی زمین استعمال کرنا چاہتا ہے جس سے مایوسی ہوگی۔

(iii) پی آئی ایم ایچ کی اسی صورت دادرسی ہو سکتی ہے کہ اس کی خود مختار حیثیت بحال کی جائے تاکہ ذہنی امراض کے مریضوں کا بہتر طریقہ سے علاج ہو سکے۔

۸- مورخہ 05.10.2020 کو محترمہ شاہین عتیق الرحمٰن شکایت کنندہ اور چیف ایگزیکٹو پنجاب پی آئی ایم ایچ حاضر ہوئے۔ شکایت کنندہ نے بیان کیا کہ ان کے مشاہدے اور عمومی رائے سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت پنجاب نے ذہنی امراض کے واحد ہسپتال کو سروسز ہسپتال لاہور کی انتظامیہ کے ماتحت کر دیا ہے۔ ہسپتال میں نفسیاتی امراض کا کوئی پروفیسر موجود نہ ہے۔ ایمرجنسی کی سہولت ناپید ہے۔ خوراک انتہائی ناقص ہے۔ ہسپتال کے گیٹ کے پاس نشے کے عادی افراد کیلئے عمارت بنا دی گئی ہے۔ لواحقین کے رہنے کیلئے کوئی انتظام نہ ہے۔ سیوریج ناکارہ ہو چکا ہے اور مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں۔

۹- ڈاکٹر محمد اشرف، چیف ایگزیکٹو ہسپتال نے بیان کیا کہ وہ شکایت کنندہ کے جذبات اور احساسات کا احترام کرتے ہیں مگر یہ بات درست نہ ہے کہ پی۔ آئی۔ ایم ہسپتال کی انتظامیہ سروسز ہسپتال کے ماتحت ہے۔ عزت مآب سابق چیف جسٹس نے اپنے دورہ کے دوران ہدایت کی تھی کہ ہسپتال ہذا کے مریضوں کے علاج کیلئے سروسز ہسپتال اپنی وزیٹنگ سروس اور علاج معالجہ کی سہولت مہیا کرے گا۔ ایسا صرف مریضوں کی فلاح و بہبود کیلئے کیا گیا۔ وہ بذات خود ہسپتال کے مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں جو ہسپتال کے مسائل ہیں ان کی نشاندہی ہو چکی ہے اور ان مسائل کے حل کیلئے حکومت پنجاب سے وسائل مہیا کرنے کی گزارش کی گئی ہے۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ:

(i) ہسپتال میں کم از کم چار پروفیشنل یونٹس برائے نفسیاتی علاج کی ضرورت ہے۔

(ii) بچوں کے نفسیاتی علاج کا یونٹ نہ ہے۔

(iii) سیوریج بالکل ناکارہ ہے۔

(iv) بجلی کی وائرنگ ناقص ہے۔

(v) عمارت پرانی ہے۔ اس کی مرمت کی ضرورت ہے۔

(vi) مریضوں کے لواحقین کیلئے پناہ گاہ زیر تعمیر ہے۔

(vii) ڈاکٹروں کی رہائش کیلئے ہوسٹل کی ضرورت ہے۔

(viii) ایمرجنسی یونٹ کی توسیع ضروری ہے۔

۱۰۔ شکایت کنندہ نے تجویز پیش کی ہے کہ حکومت کے علاوہ این جی اوز اور مخیر حضرات کی خدمات بھی حاصل کی جاسکتی ہیں اور اس سلسلے میں ایک متحرک اور مخلص کمیٹی یا تنظیم کی تشکیل دی جائے۔

۱۱۔ آمدہ ایجنسی رپورٹ اور شکایت کنندہ کے استدلال سے یہ حقیقت آشکار ہوئی ہے کہ پنجاب میں ذہنی امراض کے اس ہسپتال کے حالات کو بہتر کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ان میں:

(i) بہتر علاج کیلئے پروفیسر کی سطح کے یونٹس کا آغاز۔

(ii) بچوں کیلئے علیحدہ یونٹ۔

(iii) ایمرجنسی علاج کیلئے بہتر انتظامات۔

(iv) پناہ گاہ کی تعمیر۔

(v) سیوریج، بجلی اور عمارت کے دیگر مسائل کا حل اور

(vi) ہسپتال کیلئے ویلفیئر تنظیم کی ضرورت شامل ہے۔

اس کے علاوہ اس بات پر فریقین متفق تھے کہ ہسپتال کو سروسز ہسپتال کے ماتحت نہ کیا جائے اور اس کی خود مختاری قائم رہے تاکہ اس میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ شکایت کنندہ نے چیف ایگزیکٹو کے جذبے کی تعریف کی۔

۱۲۔ بحالات بالا سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ ہسپتال کی بہتری کیلئے منصوبہ بندی کریں تاکہ جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے ان کا موثر انداز میں تدارک ہو سکے۔ نیز اندر میعاد 60 دن اس منصوبہ کی نقل اور اس سلسلے میں ہونے والی پیش رفت سے دفتر ہذا کو تحریراً مطلع کریں۔

۱۳۔ درج بالا تصریحات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20SGD0002332

تاریخ فیصلہ: 10.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: واجبات کی ادائیگی کی استدعا

مسمی ملازم حسین شکایت گزار کا کہنا ہے کہ انکی زوجہ طاہرہ طفیل ایل ایچ وی کلیان پور سنٹر دورانِ ملازمت مورخہ 2 مارچ 2016 کو انتقال کر گئیں۔ اُنہوں نے مرحومہ کے واجبات کی ادائیگی کے لیے ڈسٹرکٹ کو آرڈینیٹر ہیلتھ سرگودہا و ڈسٹرکٹ آفیسر، ہیلتھ سرگودہا سے رجوع کیا، مگر شنوائی نہ ہوئی۔

۲۔ سوشل آرگنائزر (آئی آر ایم این سی ایچ) نیوٹریشن پروگرام، سرگودہا نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 14 جولائی 2020 مطلع کیا کہ شکایت گزار کو فنانشل اسسٹنس کی ادائیگی کا کیس پروگرام ڈائریکٹر، آئی آر ایم این سی ایچ اینڈ نیوٹریشن پروگرام پنجاب کو بمراد منظوری ترسیل کیا جاچکا ہے۔

۳۔ شکایت گزار نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 25 اگست 2020 جلد ادائیگی کی استدعا کی۔

۴۔ مسٹر فرخ اسلم سوشل آرگنائزر، آئی آر ایم این سی ایچ (Integrated Reproductive Maternal Newborn and Child Health) نیوٹریشن پروگرام سرگودہا نے ذاتی طور پر حاضر ہو کر بیان کیا کہ شکایت گزار کی اہلیہ کنٹریکٹ ملازمہ تھیں دورانِ سروس انہیں پوری تنخواہ کسی کٹوتی کے بغیر ادا کی جاتی رہی ہے۔ مرحومہ کی ایک بیٹی کو قاعدہ 17-اے کے تحت ملازمت فراہم کی جاچکی ہے۔ چونکہ زوجہ شکایت گزار کنٹریکٹ ملازمہ تھی، لہٰذا بروئے نوٹیفکیشن Finance/2016/8-5(S&GAD)SO(ERB) مورخہ 13 فروری 2009 و نظر ثانی شدہ نرخ بروئے نوٹیفکیشن مورخہ

19 اپریل 2019 جاری کردہ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی (ریگولیشن اینڈ ایم ونگ) حکومت پنجاب اس کے وارثان کو صرف فنانشل اسسٹنس کی رقم ہی مل سکتی ہے جس کے مطابق ہیلتھ اتھارٹی سرگودہا نے چیک نمبر 0087614 مورخہ 27 اکتوبر 2020 مبلغ 6 لاکھ روپے کا چیک جاری کر دیا ہے۔ اُنہوں نے بذریعہ تحریری رپورٹ مورخہ 26 اکتوبر 2020 مطلع کیا کہ آئندہ تاریخ سماعت پر حتمی رپورٹ پیش کی جائیگی۔

۵۔ کارروائی سماعت کے مرحلہ دوم میں دورانِ سماعت فرخ اسلم سوشل آرگنائزر آئی آر ایم این سی ایچ و نیوٹریشن پروگرام سرگودہا نے بذریعہ جدید رپورٹ مورخہ 31 اکتوبر 2020 مطلع کیا کہ اُنہوں نے مرحومہ کے وارثان میں رقم تقسیم کر دی ہے۔ بتائید نمائندہ نے شکایت گزار کا تحریری بیان مورخہ 29 اکتوبر 2020 بھی فراہم کیا۔

۶۔ شکایت کنندہ ملازم حسین سے انکے فراہم کردہ سیل نمبر 03446644123 پر مورخہ 31 اکتوبر 2020 رابطہ کیا گیا جنہوں نے دادرسی کی تصدیق کرتے ہوئے شکریہ کے اظہار کے ساتھ شکایت داخل دفتر کئے جانیکی استدعا کی۔

۷۔ شکایت گزار ملازم حسین کو حکام محکمہ صحت سے شکوہ تھا کہ وہ انکی دورانِ ملازمت فوت ہو جانے والی ایل ایچ وی اہلیہ طاہرہ طفیل کے واجبات ادا نہ کر رہے ہیں۔ سوشل آرگنائزر آئی آر ایم این سی ایچ اینڈ نیوٹریشن پروگرام نے معاملہ کی وضاحت میں بتایا کہ مرحومہ طاہرہ طفیل کنٹریکٹ ملازمہ تھی ۔ اسکے وارثان ہدایات مورخہ 13 فروری 2009 جاری کردہ محکمہ صحت ایس اینڈ جی اے ڈی (ریگولیشن اینڈ ایم ونگ) صرف فنانشل اسسٹنس کے حقدار تھے، لہذا فنانشل اسسٹنس کی رقم مبلغ 6 لاکھ اس کے وراثان میں تقسیم کی جاچکی ہے۔ نیز مرحومہ کی ایک بیٹی کو قاعدہ 17-اے کے تحت ملازمت بھی فراہم کی جاچکی ہے۔ شکایت گزار نے بھی بذریعہ تحریری بیان مورخہ 31 اکتوبر 2020 و فون حق رسی کی تصدیق کرتے ہوئے شکایت نمٹائے جانے کی استدعا کی۔

۸۔ بحالات، درخواست، شکایت گزار کے تحریری بیان مورخہ 31 اکتوبر 2020 و ٹیلیفونک تصدیق کی روشنی میں بارآور ہونے کی بناء پر نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20SWL0003112

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: **استدعا برائے کارروائی برخلاف الزام علیہ ڈاکٹر خضر حیات کاٹھیہ، سینئر میڈیکل آفیسر، دیہی مرکز صحت، ہڑپہ، ساہیوال**

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ مورخہ 24.09.2018 کو مسمی محمد رمضان وغیرہ نے زبردستی گھر میں داخل ہو کر اُس کے پسر محمد اسماعیل کو زدوکوب کیا اور مسمی رمضان نے اپنی انگلی پر خود ساختہ زخم لگا کر الزام علیہ ڈاکٹر خضر حیات کاٹھیہ، سینئر میڈیکل آفیسر، دیہی مرکز صحت ہڑپہ سے نتیجہ ڈاکٹری نمبری 366/18 حاصل کرکے محمد اسماعیل (پسر شکایت کنندہ) کے خلاف مقدمہ نمبری 411/18 بجرم 34337/336LII/FV ت پ مورخہ 25.09.2018 تھانہ ہڑپہ درج رجسٹر کروایا لیکن شکایت کنندہ کے بیٹے کا نتیجہ ڈاکٹری ہونے کے باوجود مقدمہ درج نہ کیا گیا۔ شکایت کنندہ کے بیٹے کی درخواست پر علاقہ مجسٹریٹ کے حکم سے محمد رمضان مضروب کا بذریعہ میڈیکل بورڈ دوبارہ معائنہ کیا گیا جس کی رپورٹ نمبری 131 مورخہ 07.11.2018 کے مطابق رمضان مضروب کی ضرب نمبر 1 خود ساختہ قرار دی گئی۔ ڈائریکٹر ہیلتھ لاہور کو الزام علیہ ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کی درخواست دی گئی جس پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ساہیوال نے رپورٹ نمبری 145/ڈی ڈی ایچ او مورخہ 02.05.2019 میں تحریر کیا کہ:۔

Injury No.1 being fabricated can not be ruled out. The Circumstances mentioned above in the opinion of the undersigned, tend to show either lack of experience or ill intention by the accused Dr. Khizar Hayyat Kathia etc

شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ الزام علیہ ڈاکٹر خضر حیات کاٹھیہ، سینئر میڈیکل آفیسر، دیہی مرکز صحت، ہڑپہ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۲۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر،ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی،ساہیوال نے بذریعہ رپورٹ مطلع کیا کہ شکایت کنندہ کی درخواست پر بذریعہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر،ساہیوال برخلاف الزام علیہ ڈاکٹر خضرحیات کاٹھیہ، سینئر میڈیکل آفیسر / انچارج،دیہی مرکز صحت،ہڑپہ انکوائری عمل میں لائی گئی جس نے بعدازانکوائری رپورٹ نمبری145 / ڈی ڈی ایچ او مورخہ 02.05.2019 جمع کروائی جس کے مطابق الزام علیہ ڈاکٹر میڈیکل رپورٹ مرتب کرنے کی بابت غلطی کا مرتکب پایا گیا اور اُس کے خلاف انضباطی کارروائی کرنے کی سفارش کی گئی۔ جس پر مذکورہ کیس معہ انکوائری رپورٹ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز،پنجاب لاہور کو بذریعہ چٹھی نمبری 6428 / سی ای او مورخہ 03.07.2019 اور سیکرٹری،پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب،لاہور کو بذریعہ چٹھی نمبری11844 / سی ای او مورخہ 27.04.2019 برائے مناسب / ضروری کارروائی ارسال کر دیا گیا ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب میں رپورٹ ایجنسی سے اتفاق کرتے ہوئے الزام علیہ ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کی استدعا کی۔

۴۔ شکایت کنندہ اور نمائندہ ایجنسی ملک احمد،لاء آفیسر، محکمہ صحت،ساہیوال حاضر ہوئے۔ شکایت کنندہ نے اپنا گزشتہ موقف اپنایا جبکہ نمائندہ ایجنسی نے رپورٹ ایجنسی کی تائید کرتے ہوئے بتلایا کہ الزام علیہ ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کا اختیار سیکرٹری، محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر، حکومت پنجاب،لاہور کے پاس ہے جس کو مذکورہ الزام علیہ ڈاکٹر کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کی سفارش کر دی گئی ہے۔

۵۔ پیش آمدہ ریکارڈ، رپورٹ ایجنسی، جواب الجواب اور کارروائی سماعت سے عیاں ہے کہ شکایت کنندہ کے بیٹے نے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز،پنجاب لاہور کو بحق مسمی رمضان مضروب جعلی میڈیکل رپورٹ جاری کرنے کی بابت الزام علیہ ڈاکٹر خضرحیات کاٹھیہ، سینئر میڈیکل آفیسر / انچارج،دیہی مرکز صحت،ہڑپہ کے خلاف درخواست جمع کروائی جس پر بذریعہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر،ساہیوال انکوائری عمل میں لائی گئی جس نے دورانِ انکوائری الزام علیہ ڈاکٹر خضرحیات کاٹھیہ کو گنہگار پاکر انضباطی کارروائی کی سفارش کی۔ دورانِ مشترکہ سماعت نمائندہ ایجنسی نے بتلایا کہ الزام علیہ ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کا اختیار سیکرٹری، محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر، حکومت پنجاب، لاہور کے پاس ہے لہٰذا چیف ایگزیکٹو آفیسر،ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی،ساہیوال کی جانب سے مذکورہ کیس معہ انکوائری رپورٹ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز،پنجاب لاہور کو بذریعہ چٹھی نمبری 6428 / سی ای او مورخہ 03.07.2019 اور سیکرٹری، محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر، حکومت پنجاب،لاہور کو بذریعہ چٹھی نمبری11844 / سی ای او مورخہ 27.04.2019 برائے مناسب / ضروری کارروائی ارسال کر دیا گیا ہے۔

۶۔ اندریں حالات درج بالا کارروائی کی روشنی میں فاضل سیکرٹری، محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب،لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ بمطابق قواعدوضوابط الزام علیہ ڈاکٹر خضرحیات کاٹھیہ، سینئر میڈیکل آفیسر / انچارج،دیہی مرکز صحت،ہڑپہ، ضلع ساہیوال کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاکر اندر ایک ماہ دفتر ہذا کو بذریعہ عملدرآمد رپورٹ مطلع کیا جائے۔ شکایت ہذا ان ہدایات کے ساتھ نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BWN0002265

تاریخ فیصلہ: 03.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: کارروائی برخلاف الزام علیہان

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں نمبر 19 /0003296/POP-ONL کے تحت مورخہ 27.11.2019 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعدازاں نئے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں اسے مورخہ 19.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ نے بدیں مضمون شکایت دائر کی ہے کہ اس کا بچہ گرم دودھ سے جل گیا تھا جس کو وہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منچن آباد لے گئے۔ ڈاکٹر نے بچے کی مرہم پٹی کی اور 20 دن تک روزانہ کی بنیاد پر علاج کروانے کی ہدایت کی۔ مورخہ 10.11.2019 کو بوقت تقریباً 11:30 بجے شکایت کنندہ کی بیوی بچے کو لے کر ہسپتال کی ایمرجنسی وارڈ میں گئی جہاں موجود مسمی عمران بودلہ جو ڈاکٹر ہے نہ ہی سرکاری ملازم ہے، ڈاکٹر کی سیٹ پر بیٹھ کر غیر قانونی و غیر اخلاقی طور پر مریضوں کا علاج کر رہا تھا۔ شکایت کنندہ کی بیوی نے الزام علیہ کو بچے کی مرہم پٹی کے لیے کہا جس پر وہ غصے میں آگیا اور گالم گلوچ و بدتمیزی کرتے ہوئے شکایت کنندہ کی بیوی کو دھکے دے کر ہسپتال سے باہر نکال دیا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ شکایت کنندہ کی بیوی نے شکایت کنندہ کو فون کیا کہ ڈاکٹر عمران بودلہ اس کے ساتھ بدتمیزی کر رہا ہے اور بچے کا علاج کرنے سے انکار کر دیا ہے جس پر شکایت کنندہ ہسپتال گیا اور ڈاکٹر مذکور کی منت سماجت کی مگر وہ بضد رہا جب شکایت کنندہ نے بچے کے علاج کے لیے زور ڈالا تو الزام علیہ نے اس کے ساتھ بھی بدتمیزی شروع کر دی اور گالم گلوچ

کرتے ہوئے اس کو گریبان سے پکڑ کر ہسپتال سے نکال دیا اور کسی کو فون کر کے 5/4 آدمی لے کر آنے کا کہا اور اُسے پکڑ کر اس پر تشدد کرنے لگا۔ شکایت کنندہ نے اس وقوعہ کے متعلق 15 پر کال کی۔ شاہد ایوب اے ایس آئی کی طرف سے کال موصول ہوئی کہ عید میلاد النبی کی وجہ سے آج پولیس مصروف ہے لہٰذا وہ قریبی تھانہ میں چلا جائے۔ شکایت کنندہ اپنی بیوی و بچے کے ساتھ تھانہ منچن آباد گیا جہاں موجود شاہد ایوب اے ایس آئی نے بھی انہیں تھانہ سے نکال دیا اور الزام علیہ کے خلاف کارروائی کرنے سے انکار کر دیا۔ شکایت میں دادرسی کی استدعا کی گئی ہے۔

۳۔ مندرجات شکایت کے مطابق شکایت ہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء اور ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے تحت قابل سماعت پائی گئی۔

۴۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر نے بروئے رپورٹ مورخہ 08.01.2020 تحریر کیا کہ اس معاملہ کے متعلق ڈیس ایس پی سرکل منچن آباد سے رپورٹ حاصل کی گئی۔ بمطابق رپورٹ دوران دریافت یہ پایا گیا کہ شکایت کنندہ کا بیٹا گرم دودھ گرنے سے جل گیا تھا جس کو وہ چیک اپ کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منچن آباد لے گیا۔ ہسپتال کا عملہ دیگر مریضوں کا چیک اپ کر رہا تھا شکایت کنندہ چاہتا تھا کہ ڈاکٹرز دیگر مریضوں کو چھوڑ کر اس کے بیٹے کو پہلے چیک کریں لیکن عملہ نے ایسا نہ کیا جس پر اُن کی آپس میں تکرار ہوئی۔ ہسپتال کے سی سی ٹی وی کیمرہ جات کو بھی چیک کیا گیا جس میں لڑائی جھگڑا کی فوٹیج نہ ملی ہے۔ دوران دریافت درخواست میں لگائے گئے الزامات ثابت نہ ہوئے اور نہ ہی کسی جرم قابل دست اندازی پولیس کا سرزد ہونا پایا گیا تاہم اسی قسم کی درخواست کی انکوائری میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہسپتال بہاولنگر بھی کر رہے ہیں۔

۵۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولنگر نے بروئے رپورٹ مورخہ 18.01.2020 تحریر کیا کہ اس معاملہ کی دریافت کے لیے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منچن آباد کو انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا۔ انکوائری آفیسر کی رپورٹ کے مطابق شکایت کنندہ اور محمد عمران اوٹی اے و محمد شاہد وارڈ بوائے کا موقف سماعت کیا گیا۔ دوران دریافت شکایت کنندہ کی جانب سے لگائے گئے الزامات حقیقت پر مبنی نہ پائے گئے۔

۶۔ انکوائری رپورٹ میں مزید تحریر کیا گیا کہ ڈاکٹر عمران بودلہ ہسپتال کا ملازم ہے نہ ہی ہسپتال کا اس سے کوئی تعلق ہے۔

۷۔ شکایت کنندہ نے اپنے جواب الجواب موصولہ مورخہ 04.09.2020 میں رپورٹ محکمہ کو حقائق کے برعکس قرار دیا ہے۔

۸۔ شکایت کی مشترکہ سماعت کے سلسلہ میں شکایت کنندہ بذات خود جبکہ محکمہ صحت کی جانب سے عمران خاں لاء آفیسر دفتر چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولنگر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منچن آباد کی طرف سے عرفان جمیل آئی ٹی آفیسر اور محکمہ پولیس کی جانب سے شاہد وقاص اے ایس آئی تھانہ منچن آباد حاضر آئے۔ دوران سماعت شکایت کنندہ نے بیان کیا کہ قبل ازیں بھی اسی معاملہ کی انکوائری میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منچن آباد نے کی۔ انکوائری رپورٹ میں یہ واضح تحریر کیا گیا ہے کہ عید میلاالنبی کے موقعہ پر ڈاکٹر ابراہیم میڈیکل آفیسر کی سپیشل ڈیوٹی تھی لیکن وہ بغیر کسی اطلاع کے حاضر نہ تھا بلکہ اس کی جگہ ڈاکٹر عمران جو کہ مجاز نہ تھا، ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا۔ اس بارے ڈاکٹر ابراہیم سے وضاحت طلب کی گئی ہے۔ شکایت کنندہ نے انکوائری رپورٹ مورخہ 13.11.2019 کی نقل بھی پیش کی۔

۹۔ پیش آمدہ حقائق کے مطابق مقامی پولیس کی جانب سے کارروائی نہ کرنے کی وجہ معاملہ کا ناقابل دست اندازی پولیس ہونا ہے۔ رپورٹ محکمہ اور دوران سماعت شکایت سے یہ عیاں ہوا کہ بروز وقوعہ شکایت کنندہ اور اس کی بیوی پر کسی قسم کا تشدد نہ ہوا ہے اور نہ ہی اس بارے شکایت کنندہ نے کوئی ٹھوس ثبوت پیش کیا ہے۔ اس معاملہ میں محکمہ پولیس کی کوئی بدانتظامی نہ پائی گئی ہے۔

۱۰۔ پیش آمدہ حقائق و ملاحظہ ریکارڈ سے یہ پایا گیا ہے کہ اسی معاملہ کے متعلق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منچن آباد کی جانب سے کی گئی انکوائری رپورٹ مورخہ 13.11.2019 جو چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولنگر کو بھجوائی گئی تھی، میں یہ واضح تحریر ہے کہ ڈیوٹی روسٹر کے مطابق مورخہ 10.11.2019 کو ڈاکٹر ابراہیم میڈیکل آفیسر کی سپیشل ڈیوٹی تھی لیکن وہ بغیر کسی اطلاع کے غیر حاضر تھا بلکہ اس کی جگہ عمران بودلہ نامی شخص اپنے آپ کو ڈاکٹر ظاہر کر کے مریضوں کو چیک کر رہا تھا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ مذکور نے شکایت ہٰذا کے سلسلہ میں کی گئی انکوائری مورخہ 17.01.2020 میں بھی واضح تحریر کیا ہے کہ ڈاکٹر عمران بودلہ ہسپتال کا ملازم ہے نہ ہسپتال کا اس سے کوئی تعلق ہی ہے۔ اگر وہ ہسپتال کا ملازم نہ تھا اور نہ ہی ڈاکٹر تھا تو ایک ڈاکٹر کی جگہ بیٹھ کر مریضوں کو کیونکر چیک کر رہا تھا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جو کہ ہسپتال کا سپروائزری آفیسر ہے، نے ڈاکٹر ابراہیم میڈیکل آفیسر جو کہ ڈیوٹی سے غیر حاضر تھا اور اپنی جگہ پر اس نے ایک پرائیوٹ شخص عمران بودلہ کو مریضوں کو چیک کرنے کے لیے بٹھایا ہوا تھا، کے خلاف کسی کارروائی کا تحرک نہ کیا ہے۔ اس معاملہ میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منچن آباد کی انتظامیہ کی واضح بدانتظامی نظر آتی ہے جو قابل مواخذہ ہے۔ اندریں حالات فاضل سیکرٹری، پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس معاملہ کی جامع انکوائری کروائیں اور نتائج انکوائری کی روشنی میں قصوروار الزام علیہان کے خلاف حسب ضابطہ قانونی / تادیبی کارروائی عمل میں لائیں۔ اس بارے دفتر ہٰذا میں تعمیلی رپورٹ اندر ایک ماہ ارسال کی جائے۔ ان تصریحات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر : POP20JHG0006643

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ صحت

عنوان: پنشن کے اجرا میں تاخیر کا نوٹس لینے کی استدعا

منور حسین (شکایت کنندہ) کے مطابق وہ 60 سال کی عمر کو پہنچنے پر مورخہ 31.12.2019 کو محکمہ صحت پنجاب سے بطور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ویکسینیشن ریٹائر ہوئے، وہ گزشتہ 07 ماہ کے عرصہ کے دوران اپنی ماہانہ پنشن کے اجرا اور دیگر مالی مفادات کے حصول کے لئے ایجنسی سے متعدد مرتبہ رجوع کر چکے ہیں لیکن ان کی شنوائی نہ ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی حکام کو ہدایت کی جائے کہ وہ اس کی ماہانہ پنشن جاری کریں اور اسے اس کی پنشن کے بقایاجات اور گریجویٹی کی رقوم ادا کریں۔

۲۔ تحصیل آفیسر (فنانس) تحصیل کونسل جھنگ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 12.08.2020 مطلع کیا کہ ان کی جانب سے شکایت گزار کے ضلع کونسل جھنگ کے عرصہ ملازمت کے پنشن شیئر کی رقم مبلغ-/854708 ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر-II جھنگ کو فراہم کر دی گئی ہے لہذا معاملہ اب ڈی۔ایچ۔او مذکور کے ہاں زیر التوا ہے۔

۳۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر-II جھنگ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 22.08.2020 مطلع کیا کہ تحصیل کونسل جھنگ کی جانب سے شکایت گزار کی پنشن کا کیپٹل ویلیو شیئر موصول نہ ہوا ہے جبکہ انہوں نے کیپٹل ویلیو شیئر کی تشخیص کے بارے میں پائے جانے والے ابہام سے متعلق وضاحت کے حصول کے لئے فنانس ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب لاہور سے بھی رجوع کر رکھا ہے، فنانس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جواب موصول ہونے پر شکایت گزار کا معاملہ بلا تاخیر نمٹا دیا جائے گا۔

۴۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 04.09.2020 ایجنسی کے موقف کی نفی کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل کونسل جھنگ کی جانب سے ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ-II جھنگ کو پنشن شیئر کی رقم ادا کر دی گئی ہے اور پنشن شیئر کی تشخیص کے بارے میں پالیسی میں کوئی ابہام موجود نہ ہے۔ڈی۔ایچ۔او مذکور بلاوجہ معاملہ کو طول دے رہے ہیں۔

۵۔ مورخہ 23.09.2020 کو ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر-II جھنگ کی جانب سے مطلع کیا گیا کہ شکایت گزار کی پنشن کے اجرا کے علاوہ اسے اس کی پنشن کے بقایاجات اور دیگر واجبات کی رقم مبلغ-/1649752 روپے کی ادائیگی بذریعہ چیک نمبر 0806552757 مورخہ 23.09.2020 کر دی گئی ہے۔

۶۔ شکایت کنندہ نے بھی بذریعہ تحریری بیان مورخہ 23.09.2020 مطلع کیا کہ اس نے رقم متذکرہ بالا کا چیک وصول کر لیا ہے اور یوں اس کی دادرسی کر دی گئی ہے۔

۷۔ ایجنسی کی جانب سے شکایت گزار کے واجبات کی ادائیگی کے لئے فراہم کئے گئے چیک مالیتی سولہ لاکھ انچاس ہزار سات سو باون روپے کی عکسی کاپی کے ملاحظہ سے پایا گیا کہ شکایت گزار کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے۔ شکایت گزار نے بھی بذریعہ تحریری بیان مورخہ 23.09.2020 اس کی دادرسی ہو جانے کی تصدیق کی ہے لہذا شکایت بار آور ہونے کی بنا پر درخواست شکایت محتسب برائے صوبہ پنجاب (رجسٹریشن، انویسٹی گیشن اور ڈسپوزل آف کمپلینٹس) ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے ریگولیشن 17 کی شق 9(1) کے تحت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ

شکایت نمبر : POP20MLT0009418

تاریخ فیصلہ: 01.12.2020

ڈیپارٹمنٹ: سیکرٹری، پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ، لاہور

عنوان: مالی امداد کی ادائیگی کی استدعا

شکایت کنندہ پٹھانی مائی کے خاوند مظہر عباس، چوکیدار، ورکرز ویلفیئر بوائز ہائی سکول ملتان دوران ملازمت مورخہ 17.05.2019 کو وفات پا گئے تھے مگر تاحال انہیں مالی امداد کی ادائیگی نہ کی گئی ہے۔ لہذا اس دادرسی کے لئے موجودہ شکایت دائر کی گئی ہے۔

۲۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن (ایڈمن)، پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ، لاہور کی جانب سے داخل کی گئی ریورٹ مورخہ 10.2020.23 میں مطلع کیا گیا ہے کہ شکایت کنندہ کے خاوند نے زندگی میں ہاوس بلڈنگ ایڈوانس لے رکھا تھا۔ لہذا نومبر 2019 میں مالی امداد کی درخواست وصول کر کے متوفی کے واجب الادا قرضہ کی معافی کے لئے کارروائی کی گئی۔ مابعد چھ ماہ کے عرصہ میں کرونا وبا کی وجہ سے کوئی پیشرفت نہ ہو سکی۔ اب ورکرز ویلفیئر فنڈ، اسلام آباد کو مالی امداد کی ادائیگی کے لئے مراسلہ مورخہ 22.10.2020 کے ذریعے فنڈز بھجوانے کی استدعا کی گئی ہے۔

۳۔ کارروائی سماعت میں شکایت کنندہ نے یہ استدعا کی کہ پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ، لاہور نے ورکرز ویلفیئر فنڈ، اسلام آباد کو حصول فنڈز کے لئے مراسلہ مورخہ 22.10.2020 بھجوایا تھا اس کے حوالے سے نقل فیصلہ شکایت ہذا ارسال کرتے ہوئے ورکرز ویلفیئر فنڈ، اسلام آباد سے جلد اجرا فنڈز کے لئے کہا جائے۔ پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کے نمائندہ نے اس سے اتفاق کیا اور بیان قلمبند کروایا کہ اگر مذکورہ مراسلہ کے جواب میں تاخیر ہوئی تو وہ اس بابت یاددہانی جاری کریں گے۔

۴۔ پیش آمدہ ریکارڈ اور سماعت فریقین کی روشنی میں سیکرٹری، پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کو ہدایت جاری کی گئی وہ ورکرز ویلفیئر فنڈ، اسلام آباد کی جانب سے فنڈز موصول ہونے پر شکایت کنندہ کو مالی امداد کی ادائیگی کو جلد از جلد یقینی بنائیں۔ مزید یہ کہ ایسے تمام معاملات کی ضلعی وار حکومت یا ورکرز ویلفیئر فنڈ، اسلام آباد جیسے دیگر اداروں سے رقوم کا مطالبہ کرنے کے طریقہ کار کے ذکر کے ساتھ فہرست تیار کرے اور ایک جامع رپورٹ محتسب پنجاب کے آفس میں مورخہ 09.12.2020 کو اصالتاً پیش کریں۔

شکایت نمبر : POP20RYK0000337

تاریخ فیصلہ: 21.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ

عنوان: درخواست برائے کارروائی برخلاف، پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ برائے تاخیر تعلیمی وظیفہ دختران حمیرا رحمان و مریم رحمان

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے، کہ اس نے اپنی دونوں بیٹیوں حمیرا رحمان اور مریم رحمان، جو سینٹرل پنجاب یونیورسٹی سے بی ایس کیمسٹری کر رہی ہیں، کی اسکالرشپ کے لئے ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر کو درخواست گزاری تھی۔ تمام اسکالرشپ کی درخواستیں جس میں سائل کی بیٹیوں کی بھی درخواست تھی، مورخہ 21.10.2019 کو اسکروٹنی کمیٹی کے ہونے والے اجلاس میں سیکریٹری پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور کو مورخہ 21.10.2019 کو بھیجی گئیں تھیں۔ جس پر ابھی تک کوئی کارروائی نہ کی گئی ہے، لہذا استدعا ہے، کہ سیکریٹری پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور کو حکم صادر فرما کر سائل کی حق رسی کا اہتمام کیا جائے۔

۲۔ حتمی رپورٹ، پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور / ایجنسی، مورخہ 11.03.2020 موصول ہوئی۔ جس کے مطابق شکایت کنندہ کی دختران کے تعلیمی وظیفہ جات، جو کہ ڈسٹرکٹ اسکروٹنی کمیٹی رحیم یار خان کے اجلاس منعقدہ، 21.10.2019 کو برائے منظوری بھیجے گئے تھے۔ ان کے متعلق تمام ضروری تقاضوں کی تکمیل کے بعد ان وظائف کے چیک ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر ورکرز ویلفیئر بورڈ رحیم یار خان کو ارسال کر دئے گئے ہیں، جہاں سے شکایت کنندہ ان کو حاصل کر سکتا ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے رپورٹ ایجنسی متذکرہ، کے جواب میں از خود حاضر آکر اپنی دختران کے تعلیمی وظائف کے چیک وصول کر لینے کی تصدیق کی ہے، اور اپنی دادرسی ہونے پر دفتر ہذا کے لئے تحریری اظہار تشکر کیا ہے۔

۴۔ بصورت متذکرہ بالا شکایت ہذا بالصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر : POP20RYK0002072

تاریخ فیصلہ: 01.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ

عنوان: درخواست برائے ادائیگی تعلیمی وظیفہ

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری ہے کہ اس نے اپنے بیٹے کے تعلیمی شکالرشپ کی درخواست انڈسٹریل لیبر ڈیپارٹمنٹ رحیم یار خان میں جمع کروائی تھی، پہلی درخواست ایف ایس سی پری انجینئرنگ (فرسٹ ائیر) کے لئے مورخہ 25.03.2013 کو دی، دوسری درخواست ایف ایس سی پری

انجینئرنگ (سیکنڈ ائیر) کے لئے مورخہ 11.02.2014 کو دی اور تیسری درخواست بی بی اے (آنرز) فرسٹ سمیسٹر کے لئے مورخہ 04.03.2015 کو دی جس کے بعد بہت چکر بھی لگائے مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی پھر کچھ عرصہ بعد اسے محکمہ کی جانب سے جناب شکیل احمد صاحب لیبر آفیسر نے سکالرشپ کے کاغذات بنا کر دیئے کہ یہ پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور میں جمع کروادے۔ کاغذات مورخہ 04.01.2019 کو جناب وارث جمیل صاحب، پنجاب ورکر ویلفیئر بورڈ لاہور کو وصول کروادیئے گئے۔ کاغذات جمع کروانے کے بعد لاہور دفتر والوں نے کہا کہ مہینے بعد پتہ کرنا، جب مہینے بعد پتہ کیا تو کہنے لگے کہ اس کے کاغذات جمع نہیں ہوئے ہیں، جبکہ کاغذات جمع کرواتے وقت رسید بھی لی گئی تھی۔ وہ رسید ان کو دکھائی گئی لیکن وہ پھر بھی نہ مانے تو ڈسٹرکٹ لیبر ڈیپارٹمنٹ رحیم یار خان سے دوبارہ کاغذات بنوا کر پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور میں مورخہ 17.09.2019 کو جمع کروادیئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ تھوڑے دنوں تک آپ کا چیک بن جائے گا کچھ دنوں کے بعد دوبارہ پتہ کرنا لیبر ڈیپارٹمنٹ لاہور سے مورخہ 17.09.2019 کو رابطہ کیا تو انہوں نے کہا ان کے پاس کام کا بہت رش ہے جسکی وجہ سے ابھی چیک نہیں بنا سکتے۔ اس سلسلہ میں سائل کا تقریباً /20,000 روپے کا خرچہ ہو چکا ہے لیکن ابھی تک چیک موصول نہ ہوا ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ رحیم یار خان کو حکم صادر فرمایا جائے کہ مطلوبہ چیک فوری جاری کروایا جا کر اس کی دادرسی کی جائے۔

۲۔ رپورٹ منجانب اسسٹنٹ سیکریٹری ویلفیئر پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ، لاہور / ایجنسی داخل ہوئی جس میں تحریر کیا گیا ہے کہ شکایت کنندہ کے بیٹے کے شکالرشپ کی بابت تمام امور مکمل کر کے جلد ہی مطلوبہ شکالرشپ کی رقم ادا کر دی جائے گی۔

۳۔ شکایت کنندہ نے جواب الجواب داخل کیا، جس کے مطابق اسے اپنے بیٹے کے تعلیمی شکالرشپ کی رقم مبلغ۔ /53,400 روپے کا چیک وصول ہو گیا ہے اور اب درخواست ہذا کی مزید پیش رفت مطلوب نہ ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ کی جانب سے متذکرہ تحریری جواب کے پیش نظر شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20RYK0001616

تاریخ فیصلہ: 10.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ

عنوان: درخواست برائے اجراء تعلیمی سکالرشپ ازاں ورکرز ویلفیئر بورڈ

شکایت کنندہ نے اس موقف کے پیش نظر درخواست گزاری ہے کہ وہ فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ ماچھی گوٹھ میں ملازم ہے۔ اس نے تعلیمی وظائف (سکالرشپ) کے حصول کے لئے اپنے بچوں (عمران نعیم، سمینہ نعیم) کا کیس تمام دستاویزات کے ساتھ ڈسٹرکٹ لیبر آفیسر رحیم یار خان کے لیٹر نمبر DOL/RYK/354 کے تحت مورخہ 20.08.2016 کو سیکرٹری پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ، لاہور کو ارسال کیا۔ مگر تاحال ایجنسی / پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ، لاہور کی جانب سے تعلیمی وظائف (سکالرشپ) کا چیک موصول نہ ہوا ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ مطلوبہ چیک برائے تعلیمی وظائف جاری کروایا جائے تاکہ دادرسی میسر آسکے۔

۲۔ رپورٹ منجانب اسسٹنٹ سیکریٹری (ویلفیئر)، پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ، لاہور / ایجنسی داخل ہوئی جس میں تحریر کیا گیا ہے کہ شکایت کنندہ کے بچوں کے تعلیمی شکالرشپ مبلغ دو لاکھ پانچ ہزار چھ سو تیئس۔ /205,623 روپے کے کیس مجاز اتھارٹی سے منظور ہو گئے ہیں۔ جن میں عمران اسلم، بی ایس (ایم ای) سال 2012ء کی ادائیگی بذریعہ چیک نمبر 7363677144 مبلغ۔ /79,548 روپے، عمران اسلم، بی ایس (ایم ای) سال 2013ء کی ادائیگی بذریعہ چیک نمبر 7363677145 مبلغ۔ /84,075 روپے اور سمینہ اسلم ایم ایس سی (پارٹ۔ (I کی ادائیگی بذریعہ چیک نمبر 7363677145 مبلغ ۔/42,000 روپے مورخہ 03.03.2020 کو کر دی گئی ہے۔

۳۔ رپورٹ ایجنسی کی تائید میں شکایت کنندہ نے فورم ہذا کے روبرو پیش ہو کر تحریری بیان داخل کیا ہے کہ اس کو ایجنسی / دفتر پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور کی جانب سے مطلوبہ تعلیمی وظائف (سکالرشپ) کی بابت تین چیک موصول ہو چکے ہیں، لہذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20BHK0000252

تاریخ فیصلہ: 29.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ

عنوان: میرج گرانٹ کی ادائیگی کی استدعا

ابتداً شکایت ہذا پرانے سی ایم آئی ایس میں نمبر 19/POP-BKR-0000365 کے تحت مورخہ 13.12.2019 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی ایم آئی ایس میں اسے مورخہ 06.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ (حسن محمد) نے درخواست داخل کی کہ وہ شوگر ملز دریاخان کا ملازم ہے اس نے اپنی بیٹی فرحت شہزادی کی شادی مورخہ 12.02.2015 کو عبدالروف ولد اکبر علی سے کی تھی۔ اس نے مورخہ 04.03.2015 کو لیبر آفس بھکر میں اجراء میرج گرانٹ کی درخواست جمع کروائی۔ چار، پانچ سال کا عرصہ گزر چکا ہے مگر ابھی تک اسے میرج گرانٹ کی ادائیگی نہ کی گئی ہے۔ وہ لیبر آفس بھکر اور پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور سے کئی مرتبہ رابطہ کر چکا ہے مگر اس کی کوئی شنوائی نہ ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ متعلقہ حکام کو اس کی بیٹی کے میرج گرانٹ کیس کی منظوری و ادائیگی کی ہدایت فرمائی جاوے۔

۳۔ انچارج میرج اینڈ ڈیتھ گرانٹس پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور نے بروئے چٹھی نمبری PWB(MG)8(42)2018/OMB مورخہ 24.12.2019 کو شادی گرانٹ کیسز کی منظوری کے طریقہ کار کی وضاحت کرتے ہوئے رپورٹ پیش کی کہ ڈسٹرکٹ سیکرو ٹنی کمیٹی بھکر نے اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 06.07.2015 اور 09.02.2016 میں شکایت کنندہ کے میرج گرانٹ کیس کی سفارش کی۔ بورڈ کے دفتر میں دوران سیکرو ٹنی پایا گیا کہ شکایت کنندہ کی طرف سے مہیا کیا گیا کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ اور سوشل سیکورٹی کارڈ مصدقہ نہ تھے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر بھکر کو مطلوبہ دستاویزات مہیا کرنے کے لیے تحریر کیا گیا ہے۔ مطلوبہ دستاویزات موصول ہونے پر شکایت کنندہ کا میرج گرانٹ کا کیس بغرض منظوری مجاز اتھارٹی کو بھیجا جائے گا اور فنڈنگ ایجنسی سے فنڈز موصول ہونے پر شکایت کنندہ کو ادائیگی کر دی جائے گی۔

۴۔ شکایت کنندہ نے تحریری بیان دیا ہے کہ اس نے اپنی بیٹی کی شادی گرانٹ کا چیک نمبر 7363686551 مورخہ 06.2020.30 مالیتی مبلغ ایک لاکھ روپے وصول کر لیا ہے۔ دفتر ہذا کی کاوش سے اس کی حق رسی ہو چکی ہے۔ شکایت ہذا داخل دفتر فرمائی جائے۔

۵۔ ملاحظہ رپورٹ ایجنسی و بیان شکایت کنندہ سے پایا گیا ہے کہ شکایت کنندہ کو میرج گرانٹ مبلغ ایک لاکھ روپے کی ادائیگی کر کے شکایت کنندہ کی دادرسی کر دی گئی ہے۔ لہٰذا شکایت ہذا مزید کارروائی کی متقاضی نہ ہے جو بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

محکمہ آبپاشی



شکایت نمبر : POP20LH40001622

تاریخ فیصلہ: 11.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ آبپاشی

عنوان: استدعا برائے ادائیگی فیملی پنشن

شکایت کنندہ نے شکایت گزاری کہ ان کو سیکشن آفسر (جنرل)، محکمہ انہار کی طرف سے لیٹر ملا جس میں انہوں نے شکایت گزار کو جانشینی سرٹیفکیٹ مہیا کرنے کو کہا تاکہ وہ مرحوم شوہر شمشاد علی جو کہ محکمہ انہار، سول سیکریٹریٹ سے بطور اسسٹنٹ بی ایس-16 میں ریٹائر ہوئے کی پنشن وصول کر سکیں۔ محکمہ خزانہ کے لیٹر نمبر 2012/71-4-III-SR مورخہ 2012-01-21 اور محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے لیٹر نمبر (S.O.W-II-FSD)79/(3)1 مورخہ 1980-06-01 کے مطابق فیملی پنشن کی ادائیگی کیلئے جانشینی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں۔ اس کے علاوہ شکایت کنندہ نے حلفیہ بیان بھی جمع کروایا ہے جس میں تحریر ہے کہ وہ مستقبل میں شادی کرنے کی خواہش مند نہیں ہیں۔ مزید یہ کہ وہ ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں، ان کے مالی حالات خراب ہیں اور استدعا کرتی ہیں کہ جلد از جلد متعلقہ ادارے کو احکامات جاری کر کے ان کا ازالہ کیا جائے۔

۲۔ سیکشن آفیسر (جنرل)، محکمہ انہار لاہور کی رپورٹ مورخہ 19.11.2019 کے مطابق شکایت کنندہ نے فیملی پنشن کے لیے 20.9.2019 کو محکمہ میں درخواست جمع کروائی۔ کیس پر کارروائی کرتے ہوئے اس کی تصدیق مجاز اتھارٹی سے کروائی گئی اور ثریا بیگم بیوہ شمشاد علی کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنا

جانشینی سرٹیفیکٹ محکمہ کو جمع کروائیں جو کہ ابھی تک محکمہ کو فراہم نہ کیا گیا۔ اس کے باوجود ان کا کیس اے جی آفس پنجاب لاہور میں مورخہ 15.11.2019 کو جمع کروادیا گیا۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ ٹیلی فون اور تحریری طور پر دفتر ہذا کو مطلع کیا کہ ان کی پنشن جاری ہو چکی ہے اور وہ مزید کارروائی نہ کرنا چاہتی ہیں۔ اندریں حالات شکایت کنندہ کی شکایت کا ازالہ ہونے کی بناء پر درخواست بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20JHG0001068

تاریخ فیصلہ: 28.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ آبپاشی

عنوان: سیم نالہ کے لئے حاصل کی گئی اراضی کے معاوضہ کی ادائیگی کی استدعا

امیر علی خان (شکایت کنندہ) کے مطابق ایگزیکٹو انجینئر ڈویلپمنٹ ڈویژن سدھنائی ضلع خانیوال نے ان کی مرضی کے بغیر ان کے ملکیتی رقبہ مشمولہ مربع نمبر 240 کلہ نمبران 8، 13، 14 اور 17 میں سے سیم نالہ گزار دیا ہے اور مذکورہ رقبہ میں سے رقبہ بقدر 08 کنال پر اس کی کاشتہ فصل کماد تباہ کر دی ہے، شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی اہلکاروں کی اس سینہ زوری کا نوٹس لیا جائے، اسے اس کے رقبہ متذکرہ بالا اور تباہ کی گئی اس کی فصل کماد کا معاوضہ دلوایا جائے۔

۲۔ ایگزایکٹو انجینئر ڈویلپمنٹ ڈویژن 1 سدھنائی نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 2020-02-21 مطلع کیا کہ سیم و تھور کے سدباب کے لئے تریموں سدھنائی لنک کینال کے دونوں جانب نالہ جات تعمیر کئے جارہے ہیں مذکورہ نالہ جات کی تعمیر تاحال نہر کے رائٹ آف وے پر مشتمل رقبہ تک محدود ہے، نالہ جات کے لئے حاصل کردہ اراضی کا جو حصہ نالہ جات میں شامل کیا جائے گا اس کا معاوضہ ادا کر دیا جائے گا- معاوضہ کی رقم لینڈ ایکوزیشن کلکٹر محکمہ آبپاشی فیصل آباد کے ہاں جمع کروائی جاچکی ہے، ایگزایکٹو انجینئر مذکور کے مطابق ان کی جانب سے عمل میں لائی جانے والی انکوائری کے مطابق شکایت گزار کی کوئی فصل کماد ایجنسی اہلکاروں نے ضائع نہ کی ہے اور نہ ہی بوقت تعمیر نالہ اس کے رقبہ میں کوئی فصل کماد موجود تھی۔

۳۔ فریقین کو سماعت کیا گیا جنہوں نے اپنے سابقہ نقطہ ہائے نظر کا اعادہ کیا۔

۴۔ ملاحظہ ریکارڈ سے پایا گیا ہے کہ شکایت ہذا کے نفس مضمون کی حامل شکایات نمبر 19/275/258، 19/278/19، 19/497/19، 19/498/19، 19/499/19 قبل ازیں دفتر ہذا کی جانب سے بذریعہ حکم مورخہ 30.09.2019 نمٹائی جاچکی ہیں، مذکورہ حکم میں تفصیلی نتائج اخذ کئے گئے، جن کا اطلاق شکایت ہذا پر بھی ہو گا۔

۵۔ شکایت گزار کی جانب سے ایجنسی اہلکاروں کے خلاف یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ انہوں نے نالہ کی تعمیر کے دوران اس کی کاشتہ ایک ایکڑ فصل کماد تباہ کر دی ہے، ایگزیکٹو انجینئر ڈویلپمنٹ ڈویژن 1 سدھنائی نے اگرچہ شکایت گزار کی جانب سے ایجنسی کے خلاف عائد کئے گئے الزام متذکرہ بالا کی تردید کی ہے تاہم الزام متذکرہ بالا کی صحت یا عدم صحت کے تعین کے لئے دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ معاملہ کی ذاتی طور پر انکوائری کریں اور شکایت گزار کا موقف درست ثابت ہونے کی صورت میں اس کی تباہ کی گئی فصل کا تخمینہ مرتب کریں تاکہ شکایت گزار مذکورہ تخمینہ کی روشنی میں معاوضہ کے حصول کے لئے مجاز فورم سے رجوع کر سکے۔

۶۔ قانون حصول اراضی مجریہ 1894 کے تحت قانونی کارروائی کی تکمیل کرتے ہوئے معاوضہ کی ادائیگی کئے بغیر شکایت کنندگان کی اراضی کا قبضہ لے کر اس پر سیم نالہ کی تعمیر کر دی گئی۔ ایجنسی کا یہ اقدام خلاف قانون اور انتظامی بد عملی ہے۔ اراضی کا قبضہ لینے کے بعد نوٹیفکیشن زیر دفعہ 17 ایکٹ مذکور کے اجرا کا کوئی جواز نہ ہے۔ اب اراضی مذکور کا معاوضہ ادا کرنے کیلئے محکمہ انہار کی ذمہ داری ہے کہ مالکان سے گفت و شنید کر کے ان کو آج کی بازاری قیمت کے مطابق معاوضہ اراضی دیں۔ لہٰذا سیکرٹری آبپاشی حکومت پنجاب کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ معاملہ کا جائزہ لیں اور اراضی مذکورہ کے مالکان سے گفت و شنید کر کے اراضی مذکور کی بازاری قیمت کا تعین کر کے ان کو معاوضہ ادا کریں۔ نیز غیر قانونی طور پر اراضی مذکور پر قبضہ کر کے اس پر سیم نالہ بنانے کی بنا پر تاریخ قبضہ سے معاوضہ کی ادائیگی کی تاریخ تک باہمی گفت و شنید سے اس کے کرائے کا تعین کر کے مذکورہ عرصہ کا کرایہ بھی ہمراہ معاوضہ اراضی ادا کریں اور دفتر ہذا کو تعمیلی رپورٹ اندر 60 یوم فراہم کریں۔

۷۔ دفتر ہذا میں اس نوعیت کی شکایات موصول ہوتی رہتی ہیں لہٰذا فاضل چیف سیکرٹری حکومت پنجاب لاہور کو دفعہ 11 مذکور کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ تمام متعلقہ محکمہ جات کے سربراہان کو واضح ہدایات جاری کریں کہ وہ تمام ماتحت افسران کو پابند کریں کہ وہ کسی بھی منصوبہ کیلئے درکار اراضی

صرف قانونی کارروائی مکمل ہونے پر بعد از ادائیگی ہی استعمال میں لائیں اور کسی بھی حالت میں پرائیویٹ افراد کی ملکیتی اراضی پر غیر قانونی طور پر قبضہ کر کے پراجیکٹ کی تعمیرات پر پیسہ خرچ نہ کریں۔ کیونکہ غیر قانونی طور پر قبضہ اراضی کرنے کے بعد قانون حصول اراضی مجریہ 1894ء کے تحت کارروائی کا کوئی جواز نہ رہتا ہے اور ایسی صورت میں صرف مالکان سے گفت و شنید کے ذریعہ مروجہ بازاری قیمت دے کر ہی معاملہ کو حل کیا جا سکتا ہے جس سے خزانہ کو نقصان پہنچتا ہے۔ نیز اس ضمن میں دفتر ہذا کو بذریعہ تعمیلی رپورٹ اندر 30 یوم آگاہ کریں۔

۸۔ مندرجہ بالا ہدایات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فاضل چیف سیکرٹری، حکومت پنجاب اور فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20LH40001897

تاریخ فیصلہ: 25.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: محکمہ آبپاشی

عنوان: استدعا برائے ادائیگی مالی معاونت

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ اس کے والد بطور کارپنٹر محکمہ انہار میں عرصہ 32 سال سے ملازمت کر رہے تھے مورخہ 09.08.2017 کو دوران ملازمت قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ اس وقت ان کا بنیادی سکیل 06 تھا فنانس ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفکیشن نمبر FD-SR-3-10/2004 مورخہ 15-08-2017 کے مطابق سکیل 05 سے 10 کے سرکاری ملازمین اگر دوران ملازمت وفات پا جائیں تو ان کے لواحقین کی مالی معاونت کی رقم انیس لاکھ کر دی گئی ہے مگر محکمہ کی طرف سے صرف چار لاکھ کی رقم دی گئی اور ساتھ کہا گیا کہ اتنی ہی رقم ملے گی۔ شکایت میں استدعا کی گئی ہے کہ ان کے ساتھ انصاف کیا جائے اور ان کو بقیہ رقم دلوائی جائے۔

۲۔ چیف ایگزیکٹو انجینئر محکمہ انہارورکشاپ ڈویژن مغلپورہ لاہور کی طرف سے رپورٹ بذریعہ لیٹر نمبر ELS-91/459 مورخہ 07.03.2020 کو موصول ہوئی جس میں تحریر کیا گیا کہ مالی معاونت کی رقم مالی سال 2018-2017 میں سائل کی طرف سے مانگی گئی جو کہ چیف انجینئر، انہار ڈویلپمنٹ لاہور کے لیٹر نمبر G/2018&E-747 مورخہ 28.11.2018 کو ورکس مین کمپنسیشن ایکٹ، 1923 کے تحت چار لاکھ روپے بنتی تھی جو سائل کو فنانس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ادا کر دی گئی۔ مزید یہ کہ پنجاب سول سرونٹ رولز میں دو کیٹیگریز ہیں ایک کلیریکل سٹاف ہے اور دوسرا آفیسرز، جبکہ لیبر کیٹیگری سول سرونٹ رولز کی کیٹیگری میں شامل نہ ہوتی ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن) گورنمنٹ آف پنجاب، کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ کی ہدایات بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر SOE-3(C)&99/3-1(W مورخہ 16.11.2010 درج ذیل ہے:۔

> " As regulasied work charged employees are not civil servents , they should continue to receive the compensation for death while in service under the workmans compensation act, 1923. The compensation package currently being provided to civil servent should not be extended to regularized work charged employees."

۳۔ درج بالا ہدایات کے تحت شکایت کنندہ مزید کسی معاوضہ کا حق دار نہ ہے۔

۴۔ شکایت کنندہ کا جواب مورخہ 27.09.2019 کو موصول ہوا کہ اسے مبلغ چار لاکھ روپے ادا کیے جا چکے ہیں۔ حکومت پنجاب کے لیٹر نمبر FD-SR1-1/3-10/2004 مورخہ 15.08.2017 کے مطابق ان کی رقم مبلغ انیس لاکھ روپے بنتی ہے، جبکہ ادائیگی صرف چار لاکھ روپے کی ہوئی ہے بقیہ پندرہ لاکھ روپے کی ادائیگی کا ہونا باقی ہے۔

۵۔ مشترکہ سماعت میں نمائندہ ایجنسی ایس ڈی سی، محکمہ انہار افتخار شاہ مورخہ 22.07.2020 کو دفتر ہذا میں پیش ہوئے اور شکایت کنندہ محمد عمران سے ٹیلی فون پر موقف لیا گیا۔ نمائندہ ایجنسی نے بیان کیا کہ مبلغ چار لاکھ روپے مالی معاونت کی مد میں ادا کیا جا چکا ہے اور اب پنشن کی مد میں -/712205 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔ نمائندہ ایجنسی نے ادائیگی کی رسیدیں ورثاء کے دستخط سمیت جمع کروائیں مزید بیان کیا کہ چونکہ کارپنٹر کے سروس رولز ہمارے محکمہ میں موجود نہ ہیں اس لیے متوفی کو سول سرونٹ تسلیم نہیں کیا جا سکتا اور مالی معاونت کی مد میں چار لاکھ کی ادائیگی ممکن تھی جو ہو گئی ہے اب کوئی رقم بقایا نہ ہے۔ شکایت کنندہ نے بتایا کہ کارپنٹر کے سروس رولز دوسرے محکموں میں موجود ہیں اور ان کے والد کا عہدہ کارپنٹر بی ایس-06 ہی تھا شکایت کنندہ نے متوفی کی 2017 کی پے سلپ بھی جمع کروائی۔ نوٹیفکیشن نمبر FD-SR1-1/3-10/2004 مورخہ 15.08.2017 فنانس

ڈیپارٹمنٹ کے مطابق مالی معاونت سکیل 05 تا 10 کے لیے رقم کی حد 22 فروری 2017 سے 19 لاکھ کر دی گئی ہے جبکہ اس کے والد 19 اگست 2017 کو فوت ہوئے تھے۔ بعد ازاں شکایت کنندہ نے محکمہ زراعت انجینئرنگ ونگ کے سروس رولز برائے کارپنٹر بھی جمع کروائے۔

۶۔ مزید یہ کہ تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ ورک چارج مین ملازمین نے لیبر کورٹ 9 ملتان میں اپنی سروس کی ریگولرائزیشن کے لیے درخواست دائر کی جس پر لیبر کورٹ نے ان کی درخواست منظور کر لی اور محکمے کو حکم دیا کہ ورک چاک مین ملازمین کو ریگولر کیا جائے اور انھیں وہ تمام مراعات حاصل ہوں گی جو دیگر ریگولر ملازمین کو حاصل ہیں۔ محکمہ نے اس فیصلے کے خلاف اپیلنٹ لیبر کورٹ II ملتان میں اپیل دائر کر دی مگر اپیلٹ کورٹ نے فیصلہ بحال رکھا۔ محکمہ نے عدالت عالیہ میں اس فیصلے کے خلاف رٹ پٹیشن نمبر 15656/13 دائر کی جس پر فاضل جسٹس علی اکبر قریشی نے مورخہ 5.3.2015 کو 24 نکاتی فیصلہ سنایا اور محکمہ کی پٹیشن خارج کرتے ہوئے ورک چارج مین ملازمین کو ریگولر کرنے کا لیبر کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا اور پیرا نمبر 9 اور 10 میں واضح طور پر لکھا کہ ان ورک چارج مین ملازمین کو ریگولر ہونے کے بعد وہی مراعات حاصل ہوں گی جو دیگر ریگولر ملازمین کو حاصل ہیں۔ فاضل جج نے اپنے فیصلے میں عدالت عالیہ اور عدالت عظمیٰ کے فیصلوں کے حوالے بھی دیئے جن کے مطابقت میں یہ فیصلہ سنایا گیا۔

۷۔ محکمانہ رپورٹ اور نمائندہ محکمہ کے بیان سے اس امر کی وضاحت ہوتی ہے کہ متوفی سکیل بی ایس-06 میں کارپنٹر تھا لیکن کارپنٹر کے سروس رولز ان کے محکمہ میں موجود نہ ہیں۔ اس بناء پر متوفی کو سول سرونٹ تسلیم نہ کیا جاسکتا ہے نیز یہ کہ ورک چارج مین کو ادائیگی سول سرونٹس کے طور پر نہیں کی جاسکتی صرف ورک چارج مین ایکٹ 1923 کے تحت ممکن تھی جو کر دی گئی ہے۔ محکمہ اس سوال کا خاطر خواہ جواب نہ دے سکا کہ جب سروس رولز موجود نہ تھے تو متوفی کو کارپنٹر بھرتی کیوں کیا گیا اور 32 سال سروس کے دوران گریڈ 06 بھی دے دیا گیا۔

۸۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ دوسرے بہت سے محکموں (محکمہ زراعت، انجینئرنگ وغیرہ) میں کارپنٹر کے سروس رولز موجود ہیں۔ جہاں تک ورک چارج مین ایکٹ 1923 کا تعلق ہے یہ ایکٹ ایمپلائرز (پرائیویٹ اور سرکاری) کو پابند کرتا ہے کہ اگر کام کے دوران کسی ورکر کو جسمانی نقصان پہنچتا ہے یا وہ وفات پا جاتا ہے تو اس کو جسمانی یا جانی نقصان کے عوض معاوضے کی رقم دی جائے گی جس کی حد وفات کی صورت میں چار لاکھ روپے ہے۔ اس سلسلہ میں عدالت عالیہ کا فیصلہ بھی موجود ہے کہ ورک چارج مین ریگولر ہونے کے بعد دیگر ریگولر ملازمین کے برابر مراعات کے مستحق ہوں گے اور ویسے بھی محکمہ مالی معاونت اور معاوضے کے درمیان فرق کا ادراک نہیں کر سکا جو کہ محکمہ کی غفلت کا ثبوت ہے۔

۹۔ قبل ازیں ریگولر ورک چارج ملازم کی درخواست نمبر 6022 2013/C-X-T-271 ازاں مسماۃ عائشہ بی بی پر دفتر محتسب پنجاب نے ایکسئین 4+7 پر او نشل بلڈنگ ڈویژن لاہور کو مورخہ 24.10.2013 کو ہدایت جاری کی تھی کہ شکایت کنندہ کا خاوند ریگولر ورک چارج ملازم تھا، اس کی وفات کے بعد اس کے بیٹے کو قاعدہ 17۔اے کے تحت ملازمت فراہم کی جائے۔ تاہم ایجنسی کی جانب سے معاملہ ہذا میں ریگولر ورک چارج ملازم کا ابہام پیش کیا گیا اور ہدایت پر اتفاق نہ کرتے ہوئے گورنر صاحب پنجاب کو اس فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر دی جس پر گورنر پنجاب نے درج ذیل فیصلہ صادر کیا:۔

> "The fact of the matter is that regular work charge employees are infact civil servants for the prupose of Rule 17-A of the Punjab Civil Servants (Appointment & conditions of service) Rules, 1974. It is not understandable as to have an employee contributing towards G.P. Fund and who is eligible for grant of service benefits cannot be considered a civil serants."

۱۰۔ اسی طرح کا ایک دیگر شکایت نمبری POP-LH1/172/16 پر مصدرہ فیصلہ مورخہ 01.2017.13 میں محتسب اعلیٰ پنجاب نے ایجنسی کے اس موقف کو مسترد کیا کہ ورک چارج مین ریگولر ملازمین کے بچوں کو 17-اے کے تحت ملازمت دی جاسکتی ہے مزید یہ کہ محکمہ نے دفتر ہذا کے فیصلہ کے خلاف عزت مآب گورنر پنجاب کے پاس عرض داشت دائر کی جس پر مذکورہ دفتر نے 29.05.2017 کو حکم جاری کرتے ہوئے محتسب پنجاب کے فیصلہ کو برقرار رکھا:۔

> ".....The aftermentioned facts clearly establish that Muhammad Imtiaz Bhatti, father of Respondent was a permenant employee of the Agency and therefore the stance of the Agency that he was a "regular work charged employee" is completely misleaded and contrary to his service record. Consequently, the respondent is entitled to seek appointment under Rue 17-A of the Punjab Civil Servants (Appointment & Conditions of Service) Rules, 1974, subject to elgibilty/qualification. As such, this representation merits no consideration....."

۱۱۔ تاہم سی اینڈ ڈبلیو کی درخواست پر ایس اینڈ جی اے ڈی کے ریگولیشن ونگ نے معاملہ لاء ڈیپارٹمنٹ کو ریفر کر دیا جس نے درج ذیل رائے کا اظہار کیا:

"(a) The order of the Ombudsman/Governor may be implemented without reference to Rule 17-A; and

(b) The Regulation Wing may consider the possibility of providing a dispensation mentioned in Rule 17-A to the regular work-charged employees."

ریگولیشن ونگ نے اپنے لیٹر نمبری(S)SOR-III&2013/5-7(GADمؤرخہ 13-2-2015 کے ذریعہ لاء ڈیپارٹمنٹ کی رائے سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کو ارسال کر دی۔ اس پر محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے بذریعہ لیٹر نمبری(C)SOE-III&2008/12-4(W مؤرخہ 30مارچ2015 کو محتسب /گورنر کے احکام/فیصلوں پر عمل درآمد کے لئے لاءڈیپارٹمنٹ کی رائے((advice/opinionاپنے تمام فیلڈ دفاتر کو ارسال کر دی۔

۱۲۔ مندرجہ بالا نظائر کے پیش نظر محکمہ کا یہ موقف تسلیم نہ کیا جاسکتا ہے کہ متوفی کے لواحقین کا مالی معاونت کا استحقاق ورکس مین ایکٹ 1923 کے رولز کے مطابق چار لاکھ روپے بنتا ہے۔ چونکہ ریگولر ورک چارج ملازمین اور دیگر ریگولر ملازمین کی مراعات میں کوئی فرق نہیں ہے جس طرح ریگولر ورک چارج ملازمین کے ورثاء کو قاعدہ 17۔اے کے تحت ملازمت سمیت دیگر فوائد دیئے جارہے ہیں اسی طرح محکمہ خزانہ کے نوٹیفکیشن مجریہ 15.08.2017 کے مطابق گریڈ06 کے ملازمین کی دوران ملازمت وفات کی صورت میں لواحقین کا مالی معاونت کا استحقاق 19 لاکھ روپے ہے۔ لہٰذا چیف ایگزیکٹو انجینئر محکمہ انہار ورکشاپ ڈویژن مغلپورہ لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ متوفی کے ورثا کو مزید 15 لاکھ روپے کی ادائیگی مالی معاونت کی مد میں کی جائے اور اندر 30 یوم دفتر ہذا کو بذریعہ تعمیلی رپورٹ آگاہ کیا جائے۔ ان ہدایات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

محکمہ خوراک

شکایت نمبر: POP20LH40001608

تاریخ فیصلہ: 22.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: خوراک

عنوان: استدعا برائے کارروائی بر خلاف فوڈ آفیسر

شکایت کنندہ نے شکایت گزاری ہے کہ وہ ٹولنٹن مارکیٹ لاہور میں عبدالرحمن کی ملکیتی دکان نمبر 67 کے عقب میں مرغی کی فروخت کا کام کرتا ہے۔ ملحقہ دکان نمبر 68 کے مالک میاں نعیم سے اس کی کاروباری تلخ کلامی ہوئی جس پر اس نے سائل کو بذریعہ فوڈ اتھارٹی دکان بند کروانے کی دھمکی دی۔ اگلے دن ڈاکٹر قاسم شریف، آفیسر فوڈ اتھارٹی بغیر عملے کے اس کی دکان پر آئے اور اسے جرمانے کی سلپ تھمادی۔ وجہ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ مارکیٹ کے چیئرمین میاں نعیم کے کہنے پر جرمانہ کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ میاں نعیم نہ تو مارکیٹ کا چیئرمین ہے اور نہ ہی اس کے پاس کوئی عہدہ ہے۔ ڈاکٹر قاسم شریف نے اپنے ذاتی تعلقات یا مفادات کی بناء پر اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے اس کو جرمانہ کیا ہے۔ لہٰذا استدعا کی گئی ہے کہ ڈاکٹر قاسم شریف کے خلاف اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے پر قانونی کارروائی کی جائے۔

۲۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مورخہ 29.07.2020 کو رپورٹ موصول ہوئی جس کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی نے فوڈ ٹیکنالوجسٹ (جو ایم فل ڈگری کے حامل ہیں) انھیں پنجاب میں خوراک کے معیار کی نگرانی اور کھانے کے کاروبار کو ریگولیٹ کرنے کیلئے بھرتی کیا ہے۔ اصل حقائق کے مطابق میٹ سیفٹی ٹیم کے ارکان مورخہ 08.01.2020 کو ڈپٹی کمشنر لاہور کی خفیہ رپورٹ کے تحت شکایت کنندہ کی دکان کے معائنہ کیلئے گئے جس کے دوران مندرجہ ذیل کوتاہیوں اور خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی گئی:۔

(i) پچھلی ہدایات پر عملدرآمد نہ کیا گیا

(ii) عملے کی میڈیکل سکریننگ کا نہ ہونا

(iii) ممنوعہ علاقہ (نالہ) کے قریب کام کرنا

(iv) ذبیحہ کی جگہ کا گندا ہونا

(v) گندے پانی کا کھڑا ہونا

(vi) کچرے کا نامناسب انتظام اور ناقص سامان کی موجودگی

(vii) مرغیوں کے پروں کے لیے گندے ڈرم کا استعمال

(viii) واجب الادا لائسنس فیس۔

اس انسپیکشن رپورٹ کی وجہ سے پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے سیکشن 13(1)(سی اے) کے تحت سائل کو مبلغ 7000 روپے کا جرمانہ کیا گیا۔

۳۔ مزید یہ کہ اس سے پہلے سائل کو مورخہ 14.12.2019 کو بذریعہ نوٹس آگاہ کیا گیا کہ وہ اپنی کوتاہیوں کو دور کرے مگر اس نے ایسا نہ کیا۔ شکایت کنندہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے کا عادی ہے اور کھانے کے کاروبار پر لاگو قوانین کی پاسداری نہ کرتا ہے۔ شکایت کنندہ کی جانب سے الزامات غلط، جھوٹے اور بے بنیاد ہیں جو کہ سختی سے مسترد کیے جاتے ہیں اور اس کے خلاف فوڈ اتھارٹی ایکٹ مجریہ 2011 کے تحت کارروائی کی گئی۔ لہذا گزارش کی جاتی ہے کہ شکایت کنندہ کی درخواست مسترد کی جائے۔

۴۔ محمد اقبال شکایت کنندہ کی جانب سے مورخہ 28.08.2020 کو جواب الجواب موصول ہوا کہ اس کی ٹولنٹن مارکیٹ میں مرغیوں کی کوئی دکان نہ ہے جس کو خفیہ طور پر بھی چیک کیا جاسکتا ہے۔ مزید یہ کہ سائل ڈرموں میں بذریعہ گرم پانی مرغیوں کے پروں کی صفائی کا کام کرتا ہے اور ان کی دکان کے اطراف اور دکانوں میں بھی ڈرم لگے ہوئے ہیں لیکن آفیسر فوڈ اتھارٹی نے صرف اسی کو جرمانہ کیا ہے۔ استدعا کی گئی ہے کہ اس کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے اسے انصاف دلوایا جائے۔

۵۔ محمد اقبال شکایت کنندہ اور جاوید اقبال لٹیگیشن آفیسر پنجاب فوڈ اتھارٹی لاہور مشترکہ سماعت کیلئے مورخہ 07.09.2020 کو پیش ہوئے۔ شکایت کنندہ نے موقف پیش کیا کہ وہ اپنے پاس گرم پانی کا ڈرم رکھتا ہے لوگ اس کی دکان پر آکر مرغیوں کے پر ایک ٹوکری میں ڈالتے ہیں۔ اس ٹوکری کو گرم پانی کے ڈرم میں ڈال کر پروں کی دھلائی کر دی جاتی ہے اور بعد میں ڈرم کا پانی نالی میں بہا دیا جاتا ہے۔ وہی ڈرم بار بار پروں کی صفائی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ سائل نے اصرار کیا کہ اس کی دکان کی صفائی باقی دکانوں سے بہت بہتر ہے اور اس دن صرف اسی کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ اس کی وجہ ساتھی دکاندار کے ساتھ تنازعہ تھا نیز شکایت کی سازش بھی ساتھ والی دکان کے مالک محمد نعیم نے کی تھی۔ ایجنسی نمائندہ نے بیان کیا کہ جرمانہ دکان کی صفائی نہ ہونے کی بناء پر کیا گیا جو کہ پہلی مرتبہ کیا گیا ہے اور یہ جرمانہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ ایکٹ مجریہ 2011 سیکشن 13(1) سی اے۔ کے تحت معائنہ ٹیم کی رپورٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔

۶۔ پیش آمدہ رپورٹ و شکایت کنندہ کے استدلال اور مشترکہ سماعت سے اس حقیقت کا علم ہوا کہ سائل کو جرمانہ کی بنیاد معائنہ ٹیم کی رپورٹ تھی جس کے مطابق شکایت کنندہ کی دکان کی صفائی کے حالات ناگفتہ بہ تھے یہاں یہ امر قابل توجہ ہے کہ ٹولنٹن مارکیٹ کی صفائی کے بارے میں عمومی تاثر انتہائی منفی ہے مگر معائنہ ٹیم نے بعد از نامزد شکایت صرف ایک دکان کا معائنہ کیا۔ اس سے محکمہ کی غیر جانبداری پر انگلی اٹھائی جاسکتی ہے اور شکایت کنندہ کے موقف کو تقویت ملتی ہے۔ لہٰذا شکایت کنندہ کو عائد کردہ جرمانہ پر نظر ثانی کیا جانا قرین انصاف ہو گا۔ تاہم خوراک مہیا کرنے والی جگہوں پر صفائی کے معیار کو قائم رکھنا پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس کیلئے کسی شکایت کا موجود ہونا ضروری نہیں۔

۷۔ بادی النظر میں حکام ایجنسی نے جانبداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاص طور پر شکایت کنندہ کو نشانہ بنایا جو کہ بدانتظامی کے زمرہ میں آتا ہے۔ لہٰذا تخصیص کے الزام پر محکمہ کے ارباب اختیار (ڈی جی فوڈ اتھارٹی) کو غور کرنا ہو گا اور کارروائی عمل میں لانا ہو گی کہ کس افسر نے ذاتی تعلقات والے شخص کی شکایت پر کارروائی عمل میں لا کر شکایت کنندہ کو جرمانہ عائد کیا یا دیگر دکانوں کا جائزہ لے کر میرٹ پر جرمانے عائد کئے گئے۔ نتائج انکوائری کی روشنی میں ذمہ دار / ذمہ داران کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس ضمن میں تعمیلی رپورٹ اندر 30 یوم دفتر ہذا کو ارسال کی جائے۔

۸۔ شکایت کنندہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی دکان میں صفائی کا بہتر انتظام کرے اور جرمانہ میں رعایت کیلئے حسب ضابطہ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کو درخواست / اپیل دائر کرے جو حسب ضابطہ فیصلہ کرنے کے پابند ہیں۔

۹۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی لاہور کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ شکایت کنندہ کی دکان کے علاوہ دوسری دکانوں کا بھی معائنہ کروایا جائے اور ٹولنٹن مارکیٹ کی ناقص صفائی کے متعلق عمومی تاثر کو زائل کرنے کیلئے سنجیدہ کاوش کی جائے۔ نیز روایتی طریقہ کار کے علاوہ دکانداروں کیلئے صفائی ستھرائی بذریعہ جدید وصحت وماحول دوست آلات کی آگہی اور تربیت کا مستقل نظام بنایا جائے۔

۱۰۔ درج بالا تصریحات کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔



شکایت نمبر : POP20TTS0006179

تاریخ فیصلہ: 09.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: خوراک

عنوان: پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اہلکاروں کی غیر قانونی کارروائی کا نوٹس لینے کی استدعا

حق نواز (شکایت کنندہ) کے مطابق وہ مقامی ذرائع سے حاصل کئے گئے شہد کا محدود پیمانے پر کاروبار کر رہے ہیں، انہوں نے جنوری 2019 میں پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کے آفیسرز سے مذکورہ کاروبار کے لائسنس کے حصول کے لئے رجوع کیا لیکن ان کے کاروبار کی بدحالی اور مندی کے باوجود ایجنسی اہلکار اُس سے -/5980 روپے سالانہ رجسٹریشن فیس کا مطالبہ کر رہے ہیں جبکہ وہ اس قدر بھاری رقم ایجنسی کو ادا کرنے کی استطاعت نہ رکھتا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی حکام کو ہدایت کی جائے کہ وہ اس کے کاروبار پر لائسنس فیس کے لئے ان کی جانب سے مرتب کردہ کٹیگریز کی فہرست میں شامل کیٹیگری بی (3) سیکنڈ پارٹ کا اطلاق کرتے ہوئے اس سے -/1340 روپے سالانہ لائسنس فیس وصول کریں تاکہ وہ اپنے محدود پیمانے پر شروع کئے گئے کاروبار کو سہارا دے سکے۔

۲۔ اسسٹنٹ فوڈ سیفٹی آفیسر پنجاب فوڈ اتھارٹی (مسماۃ اقصیٰ ندیم) نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 11.08.2020 مطلع کیا کہ شکایت گزار کی استدعا پر اسے بگ۔بی ہنی ((Big Bee Honey کے نام سے فوڈ بزنس لائسنس جاری کیا گیا۔ شکایت کنندہ نے ادارہ سے دوبارہ رجوع کر کے اس کے کاروبار کا حق نواز انٹرپرائزز کے نام سے فوڈ بزنس لائسنس جاری کرانے کے لئے استدعا کی تو اسے بزنس لائسنس فیس کی ادائیگی کے لئے ضروری چالان فراہم کیا گیا لیکن شکایت گزار نے اب تک مجوزہ لائسنس فیس جمع نہ کروائی ہے جبکہ شکایت گزار کے کاروبار پر لائسنس فیس کی جس کیٹیگری کا اطلاق کیا گیا ہے وہ اس کے کاروبار اور متعلقہ قواعد کے عین مطابق ہے لہذا شکایت گزار مجوزہ فیس لائسنس جمع کروا کر ایجنسی سے لائسنس حاصل کر سکتا ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 18.08.2020 اپنے سابقہ موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ لائسنس فیس کی جس کیٹیگری کا اطلاق اس کے کاروبار پر کیا گیا ہے وہ غلط ہے اور اس پر ناقابل برداشت بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے، وہ بالکل محدود پیمانے پر کاروبار چلا رہا ہے جو سال کے موسم گرما کے چھ ماہ بالکل بند رہتا ہے جبکہ موسم سرما کے دوران وہ شہر کی چند دکانات پر شہد کی بوتلیں فراہم کر کے اپنے بچوں کی بمشکل کفالت کر رہا ہے لہذا اُس سے اس کی تجویز کردہ کیٹیگری کی حامل لائسنس فیس وصول کر کے اُسے لائسنس جاری کیا جانا قرین انصاف ہو گا۔

۴۔ مورخہ 18.08.2020 کو مسماۃ عاصمہ یامین اسسٹنٹ ڈائریکٹر پنجاب فوڈ اتھارٹی فیصل آباد کو سماعت کیا گیا جنہوں نے ایجنسی کے موقف کا اعادہ کیا تاہم آفیسر مذکور نے شکایت گزار کے معاملہ کا دوبارہ جائزہ لینے کے بعد اس کی دادرسی کی یقین دہانی کرائی۔

۵۔ مورخہ 25.08.2020 کو مسٹر محمد عدنان حیدر فوڈ سیفٹی آفیسر ٹوبہ ٹیک سنگھ اور شکایت گزار کو سماعت کو کیا گیا، فوڈ سیفٹی آفیسر مذکور نے ایجنسی کے سابقہ موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ لائسنس فیس کیٹیگریز میں شامل کم سے کم فیس کی حامل کیٹیگری کا اطلاق شکایت گزار کے کاروبار پر کیا گیا ہے کیونکہ شکایت گزار شہد کی پراسسنگ کے لئے باقاعدہ مشینی آلات استعمال کر رہا ہے اور اپنے نام کے لیبل کے ساتھ شہد کی بوتلیں تیار کر کے اچھا خاصا کاروبار چلائے ہوئے ہے لہذا مبلغ -/5980 روپے کی سالانہ لائسنس فیس کی ادائیگی اس کے لئے کسی صورت بھی زیادہ نہ ہے۔

۶۔ شکایت کنندہ نے اپنے سابقہ نقطہ ء نظر کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ پشاور اور دور دراز علاقوں سے شہد اکٹھا کر کے ایک ڈرم میں جمع کرنے کے بعد اسے بوتلوں میں منتقل کرتا ہے اور محدود پیمانے پر صرف 10/12 دکانداروں کو مال فراہم کرتا ہے جبکہ موسم گرما میں اس کا سپلائی کیا گیا شہد نہ بکنے کے نتیجہ میں اُسے اکثر نقصان کا سامنا رہتا ہے لہذا اس کے کاروبار پر کیٹیگری بی (3) پارٹ II کی سالانہ لائسنس فیس مبلغ -/1390 روپے کا اطلاق کر کے اس کی دادرسی کی جائے۔

۷۔ ایجنسی کی جانب سے فراہم کردہ ریکارڈ کے ملاحظہ سے پایا گیا ہے کہ ایجنسی حکام نے مختلف اقسام کے کاروبار کی سالانہ لائسنس فیس کے حوالے سے جو کیٹیگریز مرتب کی ہیں ان میں شہد کے کاروبار کی کوئی کیٹیگری شامل نہ ہے، ایجنسی آفیسرز نے شکایت گزار کے کاروبار پر لائسنس فیس کے تعین کے لئے جس کیٹیگری کا اطلاق کیا ہے اس کیٹیگری کے الفاظ میں "مینوفیکچرنگ" کا لفظ نمایاں ہے جبکہ شکایت گزار کے مطابق وہ کسی چیز کی مینوفیکچرنگ کے کاروبار سے منسلک نہ ہے یوں ایجنسی پر لازم ہے کہ شکایت گزار کے کاروبار اور اس قسم کی دیگر انواع کی تجارت کے لئے وہ سالانہ لائسنس فیس کی شرح کا تعین کاروبار کے حجم اور نوعیت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے واضح اور غیر مبہم الفاظ میں کرے۔ شکایت کنندہ کے مطابق وہ بالکل محدود پیمانے پر شہد فروخت کرنے کا کاروبار کر رہا ہے لہذا شکایت گزار پر مینوفیکچرنگ کی کیٹگری کی لائسنس فیس کا اطلاق قرین انصاف نہ ہو گا، نیز شہد قدرتی طریقہ سے حاصل کیا جاتا ہے لہٰذا بادی النظر میں شہد کی صرف پیکنگ کی جا رہی ہو گی، ایجنسی کی جانب سے لائسنس فیس کے اطلاق کے لئے مرتب کردہ کیٹیگریز میں شہد کی محدود پیمانے پر فروخت کی کیٹیگری شامل نہ ہونے کے پیش نظر دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی لاہور

کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ موقع ملاحظہ کروا کے معیار کا جائزہ لیں اور شکایت گزار کے کاروبار کی لائسنس فیس پر کم درجے کے بزنس سے متعلق کیٹیگریز میں سے کسی کیٹیگری کا اطلاق کروا کے مطابق قواعد اندر 15 یوم اس کی دادرسی یقینی بنائیں۔

۸۔ ہدایت بالا کے تحت درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ

شکایت نمبر : POP20KHB0006240

تاریخ فیصلہ: 20.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

عنوان: سیوریج سسٹم کی درستی وگلی کی تعمیر مکمل کروائے جانیکی استدعا

سائل (عمر دراز) و دیگران کے بقول، وہ محلہ انور آباد، ضلع خوشاب کے رہائشی ہیں۔ انکی رہائشی گلی کی لمبائی 300 فٹ ہے، جس کی تعمیر کا ٹھیکہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، خوشاب کی جانب سے ٹھیکدار رفاقت کو دیا گیا۔ ٹھیکدار مذکور نے گلی کی سولنگ کی اینٹیں اور سیوریج کے لیے بنائی گئی نالی تباہ کر کے 6 ٹرالی اینٹیں اٹھا کر فروخت کر دیں اور گلی میں صرف پتھر ڈال دیا۔ جس سے آمدورفت میں دشواری اور سیوریج نالیاں بند ہو گئیں۔ سیوریج نالیوں کا پانی باہر نکل رہا ہے جو کہ پریشانی کا باعث ہے۔ سیاسی اثرورسوخ رکھنے والے افراد نے انکی گلی کے لیے منظور شدہ گرانٹ سے دوسری گلی کی کنسٹرکشن کروالی ہے۔ ٹھیکیدار مذکور نے رابطہ کرنے پر انکی گلی کی تعمیر مکمل کرنے سے انکار کرتے ہوئے بیان کیا کہ حکومتی گرانٹ ختم ہو گئی ہے۔ سائل نے مزید تحریر کیا کہ ٹھیکیدار و محکمہ کی متذکرہ غفلت کی وجہ سے اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

۲۔ بحالات سائل نے دادرسی کی استدعا کی۔

۳۔ نوٹس بمع نقل شکایت ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، خوشاب کو برائے رپورٹ ارسال کیا گیا۔ نتیجتاً سائل نے حاضر آکر بذریعہ تحریری بیان دفتر ہذا کے لیے تشکر و اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مطلع کیا کہ دفتر ہذا کی مداخلت پر اس کی شکایت کا ازالہ کر دیا گیا ہے، لہذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی داخل دفتر کر دی جائے۔

۴۔ بحسبِ بیان سائل شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔

شکایت نمبر : POP20LH10004732

تاریخ فیصلہ: 24.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پبلک ہیلتھ انجینئرنگ

عنوان: فیس واپسی کی استدعا

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ اس نے بلوچستان کوٹہ پر ایم پی ایچ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ لاہور سیشن 19-2018 میں داخلہ لیا اور حکومت پنجاب نے مراسلہ نمبر ایس او۔ ایم ای 2/14-4 مورخہ 04.03.2014 کے تحت بلوچستان کے طلباء کی فیس معاف کر دی ہوئی ہے۔ اس سلسلے میں اس نے محتسب پنجاب کے فیصلہ مورخہ 26.08.2019 کی بنیاد پر اپنی جمع شدہ فیس کی واپسی کا مطالبہ کیا لیکن اسکی درخواست پر عمل کرنے بجائے انتظامیہ نے ایچ ای سی کو این او سی کے لئے لیٹر لکھ دیا اور اب ایچ ای سی انتظامہ نے ہدایت کی ہے کہ وہ ایچ ای سی کے جواب کا انتظار کریں۔ انتظامیہ کا یہ عمل گورنمنٹ آف پنجاب کی ہدایات مورخہ 04.03.2014 اور محتسب پنجاب کے فیصلہ کی خلاف ورزی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ اسکی فیس واپس دلوائی جائے۔

۲۔ شکایت کنندہ نے اس موضع پر تین شکایات جمع کروائیں۔ مذکورہ تین شکایات کو مورخہ 31.12.2019 کو زیر نمبر پی او پی۔او این ایل/2019/3792، پی او پی۔او ایل ایل/2019/3808 اور پی او پی۔او این ایل/2019/3810 کے تحت رجسٹر کیا گیا۔ چونکہ تینوں شکایات کے مندرجات اور فریقین ایک تھے چنانچہ ان کو یکجا کر کے مورخہ 16.06.2020 کو نیا نمبر جاری کیا گیا۔

۳۔ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ لاہور نے رپورٹ جمع کروائی کہ شکایت کنندہ ایم پی ایچ سی کورس سیشن 19-2018 میں پرائیوٹ نشست پر داخل ہے اور اس نے مبلغ-/140000روپے بطور فیس مورخہ 09.03.2018 کو جمع کروائے اس کے بعد شکایت کنندہ نے محکمہ ہذا اور ہائر ایجوکیشن کمیشن میں فیس کی واپسی کے لئے درخواست دی۔ شکایت کنندہ کی درخواست پر کارروائی شروع کر دی گئی۔ دوران کارروائی ایچ ای سی نے رقم مبلغ-/60000روپے بذریعہ چیک نمبری 12619 مورخہ 06.02.2019 کو اس ادارے کو بھجوائے۔ چنانچہ جمع شدہ فیس مبلغ-/140000روپے میں مبلغ-/60000روپے شکایت کنندہ کو فوری طور پر بذریعہ چیک نمبری 2002019825 مورخہ 16.03.2019 کو ادا کر دیئے گئے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو بھیجے گئے مراسلہ کے جواب میں ہائر ایجوکیشن کمیشن نے اپنے-/60000روپے ادا شدہ فیس کی واپسی کا مطالبہ کیا جو کہ بذریعہ چیک واپس کر دی گئی ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کی انتظامیہ کے پاس دو علیحدہ علیحدہ چیک تیار ہیں مگر باوجود اطلاع کرنے کے شکایت کنندہ چیک وصول کرنے سے انکاری ہے۔ اس رقم کے علاوہ مبلغ-/45000روپے کی ادائیگی کا کیس ٹریژری آفس لاہور میں چل رہا ہے اور جونہی وہاں سے رقم واپس آتی ہے تو شکایت کنندہ کو ادا کر دی جائے گی۔

۴۔ شکایت کنندہ نے جواب الجواب داخل کیا اور اپنے سابقہ موقف کا اعادہ کیا ہے۔

۵۔ فریقین کو مشترکہ سماعت کے لئے بلایا گیا اور تفصیلاً سماعت کیا گیا۔ دوران سماعت شکایت کنندہ کو دو عدد چیک مالیتی مبلغ-/20000روپے اور مبلغ-/15000روپے منجانب محکمہ حوالہ کر دیئے گئے۔ نمائندہ محکمہ بیانی ہے کہ شکایت کنندہ دفتر میں تشریف لائیں تاکہ خزانہ سے رقم مبلغ-/45000روپے واپسی کے لئے ضروری کاغذات کی تکمیل ہو اور مزید کارروائی کی جاسکے۔ جس پر شکایت کنندہ نے رضامندی کا اظہار کیا ہے۔

۶۔ دوران سماعت شکایت کنندہ کو دو عدد چیک مالیتی مبلغ-/20000روپے اور مبلغ-/15000روپے حوالہ کر دیئے گئے ہیں اور بقایا رقم مبلغ-/45000روپے کی ادائیگی کے لئے شکایت کنندہ نے محکمہ کے اصرار پر دفتر جانے پر آمادگی کا اظہار کیا ہے تاکہ خزانہ سے رقم واپسی کے لئے کاغذات کی تکمیل ہو اور ضروری کارروائی کی جائے۔ شکایت کنندہ سے مورخہ 04.03.2020 کو شکایت میں درج ٹیلی فون نمبر 0346-8328981 پر رابطہ کر کے کیس سے متعلق دریافت کیا گیا جس پر شکایت کنندہ نے دفتر محتسب پنجاب کی کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ چونکہ شکایت کنندہ کی دادرسی ہو گئی ہے لہذا شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

پنجاب گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن

شکایت نمبر: POP20LH40006944

تاریخ فیصلہ: 12.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن

عنوان: استدعا برائے واپسی رقم

شکایت کنندہ نے درخواست گزاری کہ وہ سرگنگارام ہسپتال لاہور میں مورخہ 26.04.2017 کو ریٹائر ہوئیں۔ ان کی تنخواہ سے سرکاری پلاٹ کیلئے ماہانہ کٹوتی ہوتی رہی جو کہ ہسپتال کے اکاؤنٹ برانچ، فنانس ڈیپارٹمنٹ میں جمع ہے۔ ہسپتال کی جانب سے اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ، پنجاب گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن لاہور کو بھیج دی گئی ہے۔ پی جی ایس ایچ ایف سے رابطہ کرنے پر معلوم ہوا کہ سائلہ کے اکاؤنٹ میں کچھ ماہ کی اقساط کا اندراج نہ ہوا ہے اس لئے پلاٹ کی بقایا رقم مبلغ 66578 روپے بنتی ہے جو کہ پی جی ایس ایچ ایف کے اکاؤنٹ میں جمع کروادی جائے۔ سائلہ نے یہ رقم جو وہ پہلے ہی جمع کروا چکی تھیں دوبارہ جمع کروائی۔ دو مرتبہ ادائیگی کی وجہ سے سائلہ کی مبلغ 65597 روپے کی رقم کے بقایاجات پی جی ایس ایچ ایف کی طرف واجب الادا ہیں۔ دونوں دفاتر کے متعدد بار چکر لگائے گئے لیکن شنوائی نہ ہو پائی لہذا درخواست کی جاتی ہے کہ ان کی بقایا رقم دلوائی جائے۔

۲- میڈیکل سپرنٹینڈنٹ گنگارام ہسپتال کی رپورٹ بذریعہ چٹھی نمبر 9104/جی آر مورخہ 19.09.2020 موصول ہوئی جس کے مطابق شکایت کنندہ کی درخواست پر ٹریژری سرگنگا رام ہسپتال لاہور نے ڈائریکٹر اکاؤنٹس، پی جی ایس ایچ ایف کو بذریعہ چھٹی نمبر 290/ایف جے مورخہ 09.04.2019 کے تحت غلام زہرہ کے ریکارڈ سال 2005 تا 2017 مبلغ 96000 روپے کی تفصیل اپ ڈیٹ کرنے کیلئے مہیا کی۔ ڈائریکٹر پی جی ایس ایچ ایف کی جانب سے کوئی جواب موصول نہ ہوا جس پر بار آور کیا گیا کہ سائل کے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے۔ بعد ازاں شکایت کنندہ کو پی جی ایس ایچ ایف، خانیوال میں چٹھی نمبر DIR(E)/PGSHF&16222/00559912/D-S/KWL(L مورخہ 17.09.2019 کے تحت بلاک D-S-II میں پلاٹ نمبر 316 الاٹ کر دیا گیا۔

۳۔ اب شکایت دفتر ہذا میں اپنی رقم کی وصولی کیلئے درخواست گزاری ہے جو کہ پی جی ایس ایچ ایف کو پہلے ہی جمع کروائی جاچکی ہے۔لہذا ڈائریکٹر اکاؤنٹس،پی جی ایس ایچ ایف کو احکامات جاری کئے جاکر سائل کا اکاؤنٹ اپ ڈیٹ کروایا جائے۔

۴۔ غلام زہرہ شکایت کنندہ مورخہ 26.09.2020 کو حاضر ہوئی اور گنگارام ہسپتال کی طرف سے پی جی ایس ایچ ایف کو بھیجی گئی چٹھی مورخہ 09.04.2019 جمع کروائی۔ جس کے ساتھ ان مہینوں کی تفصیل بھی تھی جن کا اندراج ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے اپنے ریکارڈ میں نہ کیا ہے۔

۵۔ تنویر نعمت،ڈسٹرکٹ ڈیٹا کوارڈینیٹر،پی جی ایس ایچ ایف ایجنسی کی طرف سے مورخہ 05.10.2020 کو حاضر ہوئے اور گنگارام ہسپتال کی طرف سے مہیا کردہ سٹیٹمنٹ کو اپنے ریکارڈ سے تصدیق کرنے کے بعد جتنی زائد رقم جو کہ مبلغ 31100 روپے بنتی تھی کا تعین کیا اور اس کی ادائیگی کا وعدہ کیا۔ شکایت کنندہ حاضر ہوئی اور جو زائد رقم مبلغ 31100 روپے جمع کروائی جاچکی ہے اس کی واپسی کا تقاضا کیا۔ڈاکٹر امجد،ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ،گنگارام ہسپتال نے تصدیق کی کہ شکایت کنندہ کی طرف سے جمع کروائی گئی اقساط کا صحیح اندراج نہ ہوا ہے۔

۶۔ مورخہ 09.10.2020 کو بذریعہ چٹھی نمبر 9539 مورخہ 05.10.2020 منجانب اسسٹنٹ ڈائریکٹر،پی جی ایس ایچ ایف اطلاع دی گئی کہ شکایت کنندہ کو زائد رقم مبلغ 31100 روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے اور چیک نمبر 8806719247 مورخہ 02.10.2020 کی کاپی چٹھی کے ساتھ لف کی۔

۷۔ آمدہ ایجنسی رپورٹ اور بعد از ملاحظہ ریکارڈ اور شکایت کنندہ کے استدلال کے بعد یہ حقیقت عیاں ہے کہ ڈائریکٹر اکاؤنٹس،پنجاب گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن لاہور کی جانب سے زائد رقم مبلغ 31100 کی ادائیگی شکایت کنندہ کو کر دی گئی ہے۔ جس کی تصدیق شکایت کنندہ نے کر دی ہے۔لہذا شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20LH10003363

تاریخ فیصلہ: 23.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن

عنوان: درخواست برائے حصول پلاٹ/گھر

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ اس کی بیوی مسماۃ فرحانہ یاسمین پی ای ٹی ٹیچر سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول وحدت روڈ لاہور میں ڈیوٹی سرانجام دے رہی تھی۔ اس نے پنجاب گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن لاہور کے ریلیشن شپ نمبر 0057005 کے تحت ممبر شپ لی ہوئی تھی۔وہ مورخہ 30.06.2019 کو دوران سروس وفات پاگئی۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 27.08.2019 کو مذکورہ ادارہ کو درخواست دی کہ اسے پلاٹ یا گھر الاٹ کیا جائے محکمہ نے اسے مورخہ 12.11.2019 کو تحریری جواب دیا کہ اس کی بیوی کی درخواست پر مورخہ 24.03.2017 کو اس کی ممبر شپ منسوخ کر دی گئی تھی۔ مرحومہ کی تنخواہ سے مورخہ 30.06.2019 تک باقاعدہ کٹوتی بحق ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ہوتی رہی ہے۔ شکایت کنندہ نے ثبوت کے طور پر محکمہ کی ویب سائٹ سے جاری کردہ اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ لف کی اور تحریر کیا کہ یہ سٹیٹمنٹ ظاہر کرتی ہے کہ مرحومہ کی تنخواہ سے جون 2019ء تک ماہانہ کٹوتی بحق ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ہوتی رہی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ محکمہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ اسے پلاٹ/گھر الاٹ کرے۔

۲۔ محکمانہ رپورٹ مورخہ 05.08.2020 میں مرحومہ فرحانہ نسیم کی ممبر شپ کی تصدیق کی گئی اور بیان کیا گیا ہے کہ اس نے ڈائری نمبر 3706 کے تحت مورخہ 23.02.2017 کو اپنی ممبر شپ کی منسوخی کی درخواست دی۔ اس کی ممبر شپ مورخہ 24.03.2017 کو منسوخ کر دی گئی۔ اس نے ممبر شپ کی منسوخی کی درخواست کے ساتھ حلف نامہ بھی جمع کروایا تھا۔ جس سے تصدیق ہوتی ہے کہ اس نے رضاکارانہ طور پر اپنی ممبر شپ منسوخ کروائی تھی چونکہ محکمانہ قواعد وضوابط میں رضاکارانہ منسوخی کی بحالی کی کوئی گنجائش نہ ہے لہذا شکایت کنندہ کو بھی اس بارے میں آگاہ کیا گیا۔ رپورٹ کے ساتھ مراسلہ جات کی نقول بھی لف کی گئیں اور تحریر کیا کہ ان کے مطابق مورخہ 05.04.2017 کو فاؤنڈیشن نے اے جی پنجاب کو ممبر شپ کی منسوخی سے آگاہ کرتے ہوئے ماہانہ تنخواہ سے کٹوتی بند کرنے کی استدعا کی۔ نیز مورخہ 06.04.2017 کو ممبر شپ کی منسوخی کے بارے میں فرحانہ نسیم دختر ظہور حسین کو بھی تحریری طور پر آگاہ کیا گیا۔

۳۔ شکایت کنندہ کی جانب سے مورخہ 12.08.2020 کے پیش کردہ تحریری جواب الجواب میں شکایت کنندہ نے اپنے سابقہ موقف کا اعادہ کیا اور بیان کیا کہ اس کی بیوی کی تنخواہ سے اس کی وفات مورخہ 30.06.2019 تک ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے کٹوتی کی ہے۔ اسکی مرحومہ بیوی 2016 تک بیمار رہی

اس لئے مرحومہ نے ممبر شپ ختم کر کے جمع شدہ رقم کی واپسی کے لئے درخواست گزاری تھی۔ لیکن نہ تو ممبر شپ ختم کی گئی اور نہ ہی رقم واپس کی گئی۔ ان حالات میں وہ پلاٹ کی الاٹمنٹ کا حقدار ہے۔

۴۔ محکمہ نے موقف اختیار کیا کہ تنخواہ سے کٹوتی بحق ہاؤسنگ فاؤنڈیشن براہ راست اے جی پنجاب نے کی ہے لہٰذا اس کی ذمہ دار ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نہیں ہے۔ شکایت کنندہ بیانی ہے کہ وہ ممبر شپ کی منسوخی سے آگاہ نہ تھا۔ بوجہ کٹوتی بحق ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ممبر شپ منسوخ تصور نہ کی جائے۔

۵۔ پیش آمدہ ریکارڈ سے ملاحظہ ہوا کہ پنجاب ہاؤسنگ فاؤنڈیشن نے مورخہ 05.04.2017 کو اے جی پنجاب کو تنخواہ سے کٹوتی بند کرنے کے بارے میں تحریر کر دیا تھا مگر اے جی آفس پنجاب کی غفلت کی وجہ سے ماہانہ بنیادوں پر تنخواہ سے کٹوتی ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے اکاونٹ میں جون 2019ء تک جمع ہوتی رہی جس کا محکمہ نے کوئی نوٹس نہیں لیا۔ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو منسوخی ممبر شپ کی صورت میں جمع شدہ رقم کو فوری طور پر بروئے قواعد نمٹایا جانا چاہیے تھا جو کہ نہیں کیا گیا۔ محکمہ کا یہ عمل بدانتظامی کے زمرہ میں آتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ روش اس طرح کے دیگر کیسز میں بھی فاونڈیشن نے اپنا رکھی ہو۔ اکاؤنٹنٹ جنرل آفس پنجاب بھی کٹوتی بند نہ کر کے بدانتظامی کا مرتکب پایا گیا ہے۔ شکایت کنندہ کی مرحومہ بیوی نے چونکہ رضاکارانہ طور پر اپنی ممبر شپ پنجاب ہاؤسنگ فاؤنڈیشن رولز 2013ء کے رول 6 ون، بی کے تحت منسوخ کروائی تھی لہٰذا اس مرحلے پر بحالی ممبر شپ کی شکایت قابل پذیرائی نہ ہے۔ البتہ مذکورہ رولز کے رول (4)6 کے تحت شکایت کنندہ مورخہ 24.03.2017 تک جمع شدہ رقم کی بروئے قواعد واپسی کا حقدار ہے۔ نیز مورخہ 24.03.2017 سے 30.06.2019 تک کی گئی غیر قانونی کٹوتی کی رقم کی واپسی بھی بغیر کسی کٹوتی کے مرحومہ ممبر کے وارث کو ہونی ہے۔ یہ ناجائز کٹوتی کی رقم چونکہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کے اکاونٹ میں رہی ہے لہٰذا ایم ڈی پنجاب ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 اور 22 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن اس پر سرکاری پرافٹ ریٹ شامل کر کے شکایت کنندہ کو اس کی ادائیگی کا اہتمام کرے اور اس سلسلے میں تعمیلی رپورٹ اندر 30 یوم دفتر ہذا کو جمع کروائے۔

۶۔ دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت ایم ڈی، پنجاب گورنمنٹ سرونٹس ہاؤسنگ فاؤنڈیشن لاہور اور اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ بدانتظامی کا نوٹس لیں اور سینئر افسران کے ذریعے انکوائری کروائیں جو اس طرح کے دیگر کیسز کا جائزہ لے کر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائیں۔ نیز اس سلسلے میں تعمیلی رپورٹ اندر ایک ماہ دفتر ہذا کو بھجوائیں۔ ان ہدایات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ

شکایت نمبر: POP20LH20005748

تاریخ فیصلہ: 26.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: کمیونکیشن اینڈ ورکس

عنوان: قاعدہ 17۔اے کے تحت ملازمت دلوائے جانے کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق وہ دفتر چیف انجینئر، پنجاب بلڈنگز ایم اینڈ آر ڈیپارٹمنٹ، اولڈ انارکلی، لاہور میں چیف ڈرافٹسمین سکیل 17 میں ملازمت کرتا تھا۔ مورخہ 23.04.2020 کو میڈیکل گراؤنڈ پر ریٹائر ہوا ہے۔ اُس نے پنجاب سول سرونٹس (تقرری و شرائط ملازمت) رولز مجریہ سال 1974 کے قاعدہ 17۔اے کے تحت اُس کے بیٹے سید اسد اکرام جونیئر کلرک (بی ایس۔11) کی ملازمت کے لئے کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف دی پنجاب میں درخواست گزاری۔ اُس کے بیٹے کی عمر 33 سال 2 ماہ ہے اور پنجاب سول سرونٹس ایکٹ مجریہ 1974 کے تحت قاعدہ 17۔اے کے تحت ملازمت کے امیدوار کے لئے عمر کی حد 25 سال میں دس سال کی رعایت دی جا سکتی ہے۔ چیف انجینئر پنجاب بلڈنگ ایم اینڈ آر نے اُس کا کیس بلاجواز زیرِ التواء کر رکھا ہے۔

۲۔ بذریعہ شکایت ہذا قاعدہ 17۔اے کے تحت ملازمت دلوائے جانے کی استدعا کی گئی۔

۳۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر برائے چیف انجینئر، پنجاب بلڈنگ (ایم اینڈ آر)، ڈیپارٹمنٹ لاہور نے رپورٹ نمبر ای ایس ٹی ٹی/45/2020/ایم اینڈ آر مورخہ 27.08.2020 پیش کی۔ رپورٹ میں تحریر کیا شکایت کنندہ کے بیٹے سید اسد اکرام کے تعلیمی ڈگری/سرٹیفکیٹ یونیورسٹی آف پنجاب کے رجسٹرار اور چیئرمین لاہور بورڈ کو تصدیق کے لئے ارسال کئے ہیں۔ متعلقہ اتھارٹی سے تصدیق ہو جانے پر شکایت کنندہ کا معاملہ نمٹا دیا جائے گا۔

۴۔ شکایت کنندہ مورخہ 10.09.2020 کو دفتر حاضر آیا اور بیان کیا کہ محکمہ نے اُس کے بیٹے کا تقرری نامہ جاری کر دیا ہے اِس لئے اُس کی شکایت داخل دفتر کر دی جائے۔ شکایت کنندہ نے سید اسد اکرام کے تقرری کے حکم نامہ کی نقل بھی شاملِ مسل کروائی۔

۵۔ شکایت کنندہ کے بیان سے واضح ہوا کہ محکمہ نے شکایت کنندہ کے بیٹے کی تقرری پنجاب سول سرونٹس (تقرری و شرائط ملازمت) رولز مجریہ سال 1974 کے قاعدہ 17۔اے کے تحت بطور جونیئر کلرک (بی ایس۔11) کر دی ہے جس سے اُس کی شکایت کا ازالہ ہو گیا ہے لہذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20JHG0004408

تاریخ فیصلہ: 20.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: کمیونکیشن اینڈ ورکس

عنوان: پنشن سے وابستہ واجبات کی ادائیگی میں تاخیر کا نوٹس لینے کی استدعا

رانا پرویز اقبال (شکایت کنندہ) کے مطابق ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے ڈویژن جھنگ نے دو سال قبل دوران سروس وفات پا جانے والے ان کے بیٹے (راناشازب اقبال) کی پنشن کے اجراء اور پنشن سے وابستہ دیگر مالی مفادات کی فراہمی کا معاملہ بلاوجہ التواء میں ڈال رکھا ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی حکام کو ہدایت کی جائے کہ وہ مرحوم کی فیملی پنشن کی منظوری اور دیگر واجبات کی ادائیگی کا معاملہ بلا تاخیر نمٹا کر ان کی دادرسی کریں۔

۲۔ ایگزیکٹیو انجینئر ہائی وے ڈویژن جھنگ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 13.08.2020 مطلع کیا کہ شکایت گزار کا بیٹا (شازب اقبال مرحوم) ہائی وے ڈویژن جھنگ میں ڈرافٹسمین تعینات تھا جو مورخہ 29.09.2017 کو دوران سروس وفات پا گیا۔ شکایت گزار نے مرحوم کے وارثان کے استحقاق کے تعین کے لئے عدالت دیوانی سے رجوع کیا جس کی وجہ سے مرحوم کی بیوگان کو مالی مفادات کی فراہمی میں تاخیر واقع ہوئی، عدالت دیوانی کی جانب سے مرحوم کے سرٹیفکیٹ جانشینی کے اجراء کے بعد شکایت گزار مالی امداد، 4ماہ کی تنخواہ اور دیگر واجبات میں اُسے شریک کرنے کے لئے انہیں مجبور کرتا رہا جس سے معاملہ نمٹانے میں مزید تاخیر واقع ہوئی، ایگزیکٹو انجینئر مذکور کے مطابق مرحوم کی بوقت وفات سروس 10 سال سے کم تھی لہذا اس کی فیملی پنشن جاری نہ کی جاسکتی ہے جبکہ اس کی بیوگان کو مالی امداد کی فراہمی مبلغ 2.200 ملین روپے کے فنڈز کے حصول کے لئے وہ بذریعہ ایس۔ای ہائی وے سرکل (2) فیصل آباد، چیف انجینئر ہائی وے (سنٹرل زون) پنجاب لاہور سے رجوع کر چکے ہیں، مرحوم کی جانب سے دوران سروس 495 دن کی میڈیکل لیو حاصل کرنے کی وجہ سے مرحوم کی فیملی لیو انکیشمنٹ کے حصول کی حقدار نہ پائی گئی ہے جبکہ مرحوم کی فیملی کو 4ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی کا کیس برائے منظوری و فراہمی فنڈز متعلقہ ایس۔ای کو بھجوایا جا چکا ہے اور مرحوم کی گروپ انشورنس کا کیس پوسٹل لائف انشورنس اتھارٹی لاہور کو ارسال کر دیا گیا ہے۔

۳۔ ایجنسی کی رپورٹ مورخہ 13.08.2020 کی نقل شکایت کنندہ کو بذریعہ مراسلہ ڈاک (رجسٹرڈ) مورخہ 13.08.2020 کو برائے جواب الجواب ارسال کی گئی لیکن اس کی جانب سے کوئی جواب موصول نہ ہوا۔

۴۔ مورخہ 27.08.2020 کو ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے ڈویژن جھنگ کی جانب سے مطلع کیا گیا کہ حکومتی پالیسی کے مطابق متوفی اہلکار کی بیوگان کو مرحوم کی ماہانہ تنخواہ کی ادائیگی کے لئے او۔ایس۔ڈی پوسٹ کی تخلیق کا کیس چیف انجینئر ہائی وے (سنٹرل زون) پنجاب لاہور کو ارسال کر دیا گیا ہے، شکایت گزار کی مالی امداد کا کیس بھی منظوری اور فنڈز کی فراہمی کے لئے ایس۔ای ہائی وے سرکل (2) فیصل آباد کو ارسال کر دیا گیا ہے، چار ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی کا بل تیار کر کے ڈسٹرکٹ اکاونٹس آفس جھنگ کو ارسال کیا گیا ہے جبکہ مرحوم کی گروپ انشورنس کا کیس بھی پوسٹل لائف انشورنس اتھارٹی لاہور کو ارسال کر دیا گیا ہے۔

۵۔ مرحوم کی بیوگان میں سے مسماۃ معافیہ بانو کو سماعت کیا گیا۔ مسماۃ معافیہ بانو نے مطلع کیا کہ شکایت گزار ان کا سسر ہے جو بلاوجہ ان کے استحقاق کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرتا ہے جس کے نتیجہ میں ایجنسی کی جانب سے انہیں اور مرحوم کی دوسری بیوہ مسماۃ ثروت جیلانی کو اب تک کسی قسم کی ادائیگی نہ کی گئی ہے، تاہم اب دفتر ہذا کی جانب سے ایجنسی حکام کی جواب طلبی پر ان کے معاملات بڑی تیزی سے بہتری کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

۶۔ شکایت کنندہ کو بھی سماعت کا موقع فراہم کیا گیا لیکن اس نے ضعیف العمری کا عذر پیش کرتے ہوئے تاریخ مقررہ پر پیش ہونے سے معذرت کی۔

۷۔ پیش آمدہ ریکارڈ کا جائزہ لیا گیا۔ ایگزیکٹیو انجینئر ہائی وے ڈویژن جھنگ کی جانب سے ایس۔ای ہائی وے سرکل (2) فیصل آباد اور چیف انجینئر ہائی وے (سنٹرل زون) پنجاب لاہور کو ارسال کئے گئے مراسلہ جات کے ملاحظہ سے پایا گیا ہے کہ متوفی اہلکار (راناشازب اقبال) کی بیوگان کے لئے او۔ایس۔ڈی پوسٹ کی تخلیق کا عمل تکمیلی مراحل میں ہے، مرحوم کی بیوگان کو مالی امداد کی رقم کی فراہمی کا معاملہ چیف انجینئر ہائی وے سنٹرل زون پنجاب

لاہور کے ہاں زیر کارروائی ہے، مرحوم کی چار ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی کا بل ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس جھنگ میں جمع کروایا جاچکا ہے جبکہ مرحوم کی گروپ انشورنس کی ادائیگی کا کیس پوسٹل لائف انشورنس اتھارٹی لاہور کو ارسال کر دیا گیا ہے یوں مرحوم کی بیوگان کو جملہ مالی مفادات کی فراہمی کے معاملات تکمیلی مراحل میں ہیں تاہم ہر دو بیوگان کی جانب سے استدعا کی گئی ہے کہ ایجنسی حکام کو ہدایت کی جائے کہ وہ انہیں واجبات متذکرہ بالا کی ادائیگی میں مزید تاخیر نہ کریں۔ وفات پا جانے والے سرکاری ملازمین کے اہل خانہ کو ان کے واجبات کی بروقت ادائیگی کیلئے متوفی کے وارثان کی رہنمائی اور مدد کرنا افسران ایجنسی کی ذمہ داری ہے۔ وارثان متوفی چونکہ سرکاری طریق کار اور قواعد سے ناآشنا ہوتے ہیں اس لئے ایجنسی کے افسران پر لازم ہے کہ وہ مطلوبہ کوائف اور دستاویزات کی تیاری کیلئے وارثان متوفی کی مدد کیلئے کسی قابل اہلکار کو ذمہ داری سونپا کریں تاکہ متوفی کے وارثان پریشانی سے بچ سکیں۔ اس بارے میں غفلت اور تساہل سے کام لینا اور سال ہا سال تک ان معاملات کو یکسو نہ کرنا انتظامی غلط کاری کے زمرہ میں آتا ہے۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت سیکرٹری مواصلات و تعمیرات حکومت پنجاب لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کسی ذمہ دار و سینئر افسر کو ذمہ داری سونپیں جو متعلقہ حکام و محکمہ جات سے ذاتی طور پر رابطہ کاری کر کے مرحوم کی بیوگان کے حق میں او۔ایس۔ڈی پوسٹ کی تخلیق کا عمل اندر 15 یوم مکمل کروا کے انہیں مرحوم کی ماہانہ تنخواہ مع الاؤنسز و بقایاجات کی اور مالی امداد و گروپ انشورنس سمیت دیگر واجبات کی ادائیگی یقینی بنا کر تعمیلی رپورٹ اندر 45 یوم دفتر ہذا کو ارسال کریں۔

۸۔ ہدایت بالا کے تحت شکایت نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

لیبر ڈیپارٹمنٹ

شکایت نمبر: POP20LH10004717

تاریخ فیصلہ: 12.08.2020

ڈیپارٹمنٹ: لیبر

عنوان: واجبات کی ادائیگی کی استدعا

شکایت کنندہ نے درخواست جمع کروائی کہ اس کا خاوند عطاء محمد فلائنگ بورڈ اینڈ پیپر پراڈکٹس ملز میں دوران ملازمت مورخہ 17.01.2019 کو وفات پا گئے تھے۔ محتسب آفس کی مداخلت سے گریجوایٹی کی ادائیگی کا کیس ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر کے آفس میں دائر ہوا ہے اور چل رہا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر شیخوپورہ نے اس کی بیٹی کی میرج گرانٹ اور اس کے خاوند کے کفن دفن گرانٹ کی ادائیگی کے لئے کاغذات مذکورہ ملز سے تصدیق کروانے ہیں مگر درخواست دینے کے باوجود ابھی تک شنوائی نہ ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ کی اولڈ ایج کی پنشن روک دی گئی ہے۔ محکمہ لیبر شیخوپورہ اور ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوٹ کے دفتر سے اسکی دادرسی کروائی جائے۔

۲۔ محکمانہ رپورٹ مورخہ 16.12.2019 میں تحریر کیا ہے کہ مل انتظامیہ کے ریکارڈ کے مطابق شکایت کنندہ کے مرحوم خاوند عطاء محمد نے مورخہ 27.09.2018 تک مل میں کام کیا ہے۔ شکایت کنندہ نے گریجوایٹی کے لئے متعلقہ قانون کے تحت پیمنٹ آف ویجز ایکٹ کے تحت شیخوپورہ میں کیس دائر کیا جو تاحال زیر سماعت ہے۔ پنجاب ورکر ویلفیئر بورڈ کی پالیسی کے مطابق شادی گرانٹ کے حصول کے لئے بیٹی کے نکاح کے ایک سال کے اندر درخواست دے سکتا ہے۔ عطاء محمد مرحوم نے کبھی بھی اس مقصد کے لئے درخواست نہ دی ہے۔ مل کے انتظامیہ کے ریکارڈ کے مطابق مورخہ 27.09.2018 تک ان کا ملازم تھا اور وہ مورخہ 17.01.2019 کو فوت ہو گیا لہٰذا وہ بوقت وفات مل کا ملازم نہ تھا لہٰذا اسے کفن دفن گرانٹ نہ دی جاسکتی ہے۔ جہاں تک اولڈ ایج بینیفٹ کا سوال ہے اس کے لئے وفاقی حکومت / ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوٹ سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ درخواست چونکہ حقائق کے خلاف ہے لہٰذا اسے داخل دفتر کی جائے۔

۳۔ محکمانہ رپورٹ مورخہ 06.12.2019 کو شکایت کنندہ نے مل انتظامیہ اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کا گٹھ جوڑ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس کے مرحوم خاوند بطور ملازم مل سوشل سکیورٹی ہسپتال میں داخل ہوا تھا اور مرتے دم تک ملازم رہا ہے۔ اس کے مرحوم خاوند کو ملز انتظامیہ کے حوالے سے سوشل سکیورٹی ہسپتال میں داخلہ ملا تھا اور اس حقیقت کی تصدیق ریکارڈ سے ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ نے اپنے دعوی کے کلیم میں سی سی۔ون کی کاپی منسلک کی ہے جس میں ستمبر 2018 تک گزشتہ 18 ماہ کی کٹوتی کا ذکر ہے۔ اس امر کی تصدیق فارم بی۔2 پر نواز شریف سوشل سکیورٹی ہسپتال نے بھی کی ہے۔ شکایت کنندہ نے فلائنگ بورڈ اینڈ پیپر پراڈکٹس لیمیٹڈ سروسز سرٹیفکیٹ بھی پیش کیا ہے جس میں منیجر ایڈمن نے اسے مورخہ 11.12.2006 سے لے کر مورخہ 26.10.2013 اور 01.07.2016 سے لے کر 31.12.2017 تک اپنے انڈسٹریل لیبر کنسٹریکٹو کاور کرتا یا ہے۔ مذکورہ سرٹیفکیٹ مینیجر ایڈمن نے جاری کیا ہے۔ شادی گرانٹ کے لئے مرحوم خاوند نے درخواست جمع کروائی تھی جس پر کارروائی نہ ہوئی ہے۔

۴۔ فریقین کو مشترکہ سماعت کے لئے بلایا گیا۔ شکایت کنندہ کی طرف سے اس کا بیٹا خلیل حاضر آیا جبکہ محکمہ لیبر شیخوپورہ کے نمائندے تشریف لائے۔ نمائندہ محکمہ بیانی ہے کہ شکایت کنندہ کی شکایت کے ازالہ کے لئے پرائیوٹ ملز سے رابطہ میں ہے اور اس کے لئے مہلت چاہیے کیونکہ بوجہ بندش ملز متعلقہ لوگ دستیاب نہ ہو رہے ہیں۔ اس نے مزید کہا کہ جونہی ملز انتظامیہ کے لوگ دستیاب ہوں گے تو اس کا کام کروادیا جائے گا۔

۵۔ بعد ازاں شکایت کنندہ نے مورخہ 19.03.2020 کو تحریر داخل کی ہے کہ محکمہ لیبر نے کفن دفن اور میرج گرانٹ سٹیمپ / تصدیق کرادی ہے اور وہ دفتر محتسب کے شکر گزار ہیں مزید شکایت داخل دفتر کئے جانے کی بھی استدعا کی گئی ہے۔

۶۔ گریجوایٹی کی ادائیگی کے لئے کیس متعلقہ ادارے میں زیر سماعت ہے اور اس میں مداخلت کی گنجائش نہ ہے۔ کفن دفن گرانٹ اور میرج گرانٹ کی فائلیں تصدیق ہو چکی ہیں اور شکایت کنندہ اس سے مطمئین ہے۔ جہاں تک ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ سے پنشن کے حصول کا معاملہ ہے وہ وفاقی حکومت سے متعلقہ ہے۔

۷۔ چونکہ شکایت کنندہ کی دادرسی ہو گئی ہے لہذا شکایت بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

شکایت نمبر: POP20BHK0000869

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: لیبر

عنوان: **میرج گرانٹ کی ادائیگی کی استدعا**

شکایت ہذا پرانے سی ایم آئی ایس میں نمبر 20/POP-BKR-0000058 کے تحت مورخہ 01.02.2020 کو رجسٹرڈ کی گئی۔ بعد ازاں نئے سی۔ایم۔آئی۔ایس میں اسے مورخہ 08.02.2020 کو نیا نمبر لگایا گیا۔

۲۔ شکایت کنندہ شبیر احمد نے درخواست داخل کی کہ وہ دریاخان شوگر ملز کا ملازم ہے۔ اس نے مورخہ 23.02.2014 کو اپنی بیٹی ثمینہ کی شادی محمد ذیشان ولد نور حسن سے کی اور مورخہ 19.03.2014 کو لیبر آفس بھکر میں میرج گرانٹ کی درخواست جمع کرائی۔ چھ سال کا عرصہ گزر گیا ہے مگر ابھی تک میرج گرانٹ کے کیس کا کوئی پتہ نہیں ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور اور لیبر آفس بھکر کے ذمہ دار آفیسرز کو میرج گرانٹ کی منظوری وادائیگی کی ہدایت فرمائی جائے۔

۳۔ انچارج میرج اینڈ ڈیتھ گرانٹس پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور نے بروئے چٹھی نمبر PWB (MG) 8(43)2020/OMB مورخہ 14.02.2020 کو میرج گرانٹ کیسز کی بمطابق پالیسی منظوری کے طریقہ کار کی وضاحت کرتے ہوئے رپورٹ پیش کی کہ ڈسٹرکٹ سیکروٹنی کمیٹی بھکر نے اپنی میٹنگ منعقدہ 25.04.2014 میں شکایت کنندہ کے ہمراہ 23 دیگر میرج گرانٹ کیسز کی سفارش کی۔ بورڈ کے دفتر میں دوران ملاحظہ پایا گیا کہ شکایت کنندہ کی طرف سے مہیا کئے گئے دستاویزات مصدقہ نہ تھے۔ یعنی کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ سیکرٹری یونین کونسل کا تصدیق شدہ نہ تھا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر بھکر کو بروئے چٹھی نمبری PWB (WEL)4(18)2013/BKR/P-1 مورخہ 01.04.2015 کو مطلوبہ دستاویزات پیش کرنے کے لیے تحریر کیا گیا تھا لیکن اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر بھکر کی طرف سے کوئی جواب موصول نہ ہوا ہے۔ مطلوبہ دستاویزات / رپورٹ موصول ہونے پر شکایت کنندہ کا میرج گرانٹ کا کیس بغرض منظوری مجاز اتھارٹی کو بھیجا جائے گا اور فنڈنگ ایجنسی سے فنڈز موصول ہونے پر ادائیگی کر دی جائے گی۔

۴۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 06.03.2020 کو جواب الجواب داخل کیا کہ اس نے مطلوبہ دستاویزات لیبر آفس بھکر میں جمع کرا دیئے ہیں جو انہوں نے پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور کو بھیج دیے ہیں۔

۵۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر بھکر نے بروئے چٹھی نمبری 65 مورخہ 12.03.2020 کو رپورٹ پیش کی کہ ڈسٹرکٹ سیکروٹنی کمیٹی بھکر کی سفارش کے بعد شکایت کنندہ کی بیٹی کی شادی گرانٹ کا کیس پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور کو ارسال کیا گیا تھا۔ جو اس اعتراض کی وجہ سے منظور نہ ہو سکا کہ شکایت کنندہ نے کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ اور تصدیق شدہ سوشل سیکورٹی کارڈ پیش نہ کیا ہے۔ اب مطلوبہ ریکارڈ پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور کو ارسال کر دیا گیا ہے جو ان کے دفتر میں زیر کارروائی ہے۔

(ii) انچارج میرج اینڈ ڈیتھ گرانٹس پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ لاہور نے بروئے چٹھی نمبری PWB (MG) OMB/2020(43)8 مورخہ 22.06.2020 اور 07.07.2020 کو رپورٹ ہائے پیش کیں کہ شکایت کنندہ کی بیٹی (ثمینہ) کے میرج گرانٹ کا کیس مجاز اتھارٹی نے بروئے آفس آرڈر نمبری PWB(WEL)4(18)2013/BKR/P-1 مورخہ 11.03.2020 کو منظور کر دیا ہے۔ چیک نمبر 7363679501 اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر بھکر کو ارسال کر دیا گیا ہے۔ شکایت کنندہ خود چیک وصول کر چکا ہے۔

(iii) اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر بھکر نے بھی بروئے چٹھی نمبری 139 مورخہ 21.07.2020 کو رپورٹ پیش کی کہ شکایت کنندہ کا میرج گرانٹ کا کیس بحوالہ آرڈر نمبری PWB(WEL)4(18)2013/BKR/P-1 مورخہ 11.03.2020 کو منظور ہو چکا ہے اور چیک نمبری 7363679501 مالیتی مبلغ ایک لاکھ روپے جاری ہو چکا ہے جو کہ شکایت کنندہ نے وصول پالیا ہے۔

6. شکایت کنندہ نے تحریری بیان دیا ہے کہ وہ اپنی بیٹی کی میرج گرانٹ کا چیک نمبری 7363679501 مورخہ 11.03.2020 مالیتی مبلغ -/100,000 روپے وصول کر چکا ہے اور اسے رقم بھی مل گئی ہے۔ اس کی شکایت کا ازالہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا شکایت ہذا داخل دفتر فرمائی جائے۔ شکایت کنندہ کو میرج گرانٹ کی ادائیگی میں چھ سال سے زائد کی تاخیر کی گئی جو کہ سنگین محکمانہ بدانتظامی ہے۔ اگر شکایت کنندہ سے کوئی کاغذات درکار تھے تو اس کو بروقت آگاہ کرنا بھی حکام ایجنسی کی ذمہ داری تھی لیکن ایسا نہ کیا گیا۔ بادی النظر میں عمومی طور پر حکام ایجنسی تاخیری حربے رشوت وصولی کیلئے اپناتے ہیں۔ لہٰذا سیکرٹری پنجاب ورکرز ویلفیئر بورڈ کو 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ معاملہ کی خود انکوائری کریں اور تاخیر کے ذمہ داران کا تعین کر کے ان کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائیں۔ معاملہ چونکہ حقدار لوگوں کو گرانٹس کی فراہمی کا ہے لہٰذا سیکرٹری موصوف کو مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ لسٹ مرتب کروائیں کہ دیگر کتنے کیسز معمولی تکنیکی اعتراضات کی بناء پر التواء کا شکار ہیں، ان درخواست گزاران کو کاغذات کی تکمیل کی بابت بذریعہ فون اور چٹھی آگاہ کروایا جائے تاکہ ان کو ادائیگی کی بابت کارروائی مکمل ہو سکے۔ اس ضمن میں کی گئی کارروائی کی تعمیلی رپورٹ اندر 30 یوم دفتر ہذا کو ارسال کی جائے۔ چونکہ شکایت کنندہ کے بیان اور رپورٹ ایجنسی کے مطابق شکایت کنندہ کو مبلغ 1 لاکھ روپے کی ادائیگی سے اس کی دادرسی ہو چکی ہے۔ لہٰذا شکایت ہذا درج بالا تصریحات کے ساتھ بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی (فاٹا)

شکایت نمبر: POP20TTS0005686

تاریخ فیصلہ: 29.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی (فاٹا)

عنوان: سرکاری ہاؤسنگ کالونی میں ضروری سہولتوں کی عدم فراہمی کا نوٹس لینے کی استدعا

محمد آصف نعیم (شکایت کنندہ) کے مطابق ہاؤسنگ کالونی نمبر 3 پیڑارو ڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے الاٹیوں سے تین مرتبہ ڈویلپمنٹ چارجز کے نام پر فنڈز وصول کئے گئے ہیں لیکن مذکورہ کالونی میں بجلی، گیس اور پانی جیسی بنیادی سہولتیں مہیا نہ کی گئی ہیں۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کہ ایجنسی حکام کی اس نااہلی وانتظامی بدعملی کا نوٹس لیا جائے اور مذکورہ کالونی کے مکینوں کو ضروری سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

۲۔ سیکرٹری ڈسٹرکٹ ہاؤسنگ کمیٹی /ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی ٹوبہ ٹیک سنگھ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 03.08.2020 مطلع کیا کہ تین مرلہ ہاؤسنگ سکیم ٹوبہ ٹیک سنگھ سال 1992-1990 میں قائم کی گئی، مذکورہ سکیم میں روڈز، واٹر سپلائی سکیم، بجلی کے کھمبے، تاریں، ٹرانسفارمز مع انٹرنل وائرنگ وغیرہ کے تمام امور بروقت نمٹائے گئے، واپڈا (فیسکو) حکام بجلی کا کنکشن فراہم کرنے میں بلاوجہ پس وپیش سے کام لیتے رہے جس کی وجہ سے ان کی جانب سے سرانجام دیئے گئے جملہ ترقیاتی کام شکست وریخت کا شکار ہو گئے، سال 2018-2017 میں فیسکو نے از سرنو ڈیمانڈ نوٹس جاری کیا تو کالونی زیر بحث کے الاٹیوں سے -/98550 روپے فی پلاٹ کے حساب سے ڈویلپمنٹ چاجرز وصول کئے جانے کے بعد فیسکو کو ایک تھرڈ پارٹی ڈیزائنر کے ذریعے نظر ثانی شدہ ڈیزائین جمع کروانے کے بعد بجلی کا کنکشن فراہم کرنے کی استدعا کی گئی لیکن مذکورہ ادارہ تاحال ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے اور اب وہ مذکورہ ادارہ کے خلاف وفاقی محتسب اسلام آباد کے ہاں شکایت دائر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، ڈپٹی ڈائریکٹر مذکور نے مزید کہا کہ سکیم زیر بحث نہ نفع نہ نقصان کی بنیاد پر قائم کی گئی تھی لہٰذا محکمہ ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ترقیاتی فنڈز کی

فراہمی سے انکار پر مذکورہ سکیم کے الاٹیوں سے صرف ایک مرتبہ رقم متذکرہ بالا وصول کی گئی تاکہ کالونی کو بجلی کے کنکشن کی دستیابی اور دیگر سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 25.08.2020 ایجنسی کی رپورٹ کو حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کردہ کروڑوں روپے کے فنڈز سے تین مرلہ سکیم ٹوبہ ٹیک سنگھ سال 1992-1990 میں قائم ہوئی لیکن ایجنسی حکام کی غفلت سے مذکورہ سکیم میں نصب بجلی کے تمام ٹرانسفارمز، تاریں اور دیگر قیمتی سامان چوری ہوگیا جس کی برآمدگی کے لئے محکمہ کی جانب سے کوئی تحرک نہ کیا گیا، ایجنسی حکام نے اپنی نااہلی پر پردہ ڈالنے کے لئے لاکھوں روپے کے اضافی فنڈز الاٹیوں سے وصول کئے اور مذکورہ فنڈز کالونی پر خرچ کرنے کی بجائے ڈپٹی ڈائریکٹر ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی سب ریجن ٹوبہ ٹیک سنگھ نے اپنے اکاونٹس میں جمع کروادیئے اور ایک نام نہاد ٹھیکیدار سے بعض سڑکوں کی تعمیر و مرمت کروانے کا ڈھونگ رچا کر ڈپٹی ڈائریکٹر مذکور، فنڈز متذکرہ بالا خود ہضم کر گئے جبکہ کالونی تاحال بنیادی سہولتوں سے محروم ہے۔

۴۔ مورخہ 25.08.2020 کو ڈپٹی ڈائریکٹر / سیکرٹری ڈسٹرکٹ ہاؤسنگ کمیٹی، پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی ٹوبہ ٹیک سنگھ کو سماعت کیا گیا جنہوں نے اپنے سابقہ نقطہ نظر کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ کالونی کے لئے بجلی کے کنکشن کے حصول کے سلسلہ میں بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔

۵۔ مورخہ 03.09.2020 کو شکایت گزار نے بذریعہ تحریری بیان مطلع کیا کہ وہ پیروی شکایت سے دستبردار ہوگیا ہے لہذا اس کی شکایت داخل دفتر کی جانی مناسب ہوگی۔

۶۔ شکایت گزار نے اگرچہ بذریعہ تحریری بیان مورخہ 01.09.2020 پیروی شکایت سے دستبرداری کا اظہار کیا ہے تاہم 1992-1990 میں قائم ہونے والی ایک ہاؤسنگ سکیم میں سہولتوں کی عدم فراہمی، مذکورہ کالونی سے ٹرانسفارمرز، بجلی کے تار اور متعدد دیگر قیمتی سامان کے چوری کئے جانے، مذکورہ کالونی میں سال 1992-1990 کے عرصہ میں تعمیر کی گئی تنصیبات کی شکست وریخت اور مذکورہ کالونی میں اب تک بجلی کے کنکشن کی عدم فراہمی سے ایجنسی کی نااہلی اور بدترین قسم کی انتظامی بدعملی عیاں ہے۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت سیکرٹری ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ محکمہ کے کسی سینئر ٹیکنیکل آفیسر (جس کا تعلق فیصل آباد ڈویژن سے نہ ہو) کو معاملہ کی چھان بین پر مامور کریں اور اندر 30 یوم مذکورہ کالونی کی مبینہ تباہی کے ذمہ داران کا تعین کرکے ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کے لئے حسب قواعد تحرک کریں۔ نیز کالونی زیر بحث میں بنیادی سہولتوں کی بلا تاخیر فراہمی یقینی بنانے کیلئے لائحہ عمل مرتب کرواکے اس پر عملدرآمد کیلئے متعلقہ حکام کو ذمہ داری سونپیں، جس کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ بھی لیا جائے اور تعمیلی رپورٹ دفتر ہذا کو اندر 60 یوم ارسال کریں۔

۷۔ ہدایات بالا کے تحت شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

شکایت نمبر: POP20RW10006500

تاریخ فیصلہ: 10.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

عنوان: میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی تصدیق کی استدعا

شکایت کنندہ نے تحریر کیا کہ اس نے سال 2008 میں ملتان بورڈ سے میٹرک کا امتحان زیر رول نمبر 5577 پاس کیا اور اب گورنمنٹ گرلز کمیونٹی ماڈل سکول موہری کھیال ضلع راولپنڈی میں بطور ای ایس ای سائنس ڈیوٹی سر انجام دے رہی ہے۔ سائلہ نے میٹرک کی سند کی تصدیق (ویریفیکیشن) کے لئے ملتان بورڈ کے لئے پہلے مورخہ 8 اکتوبر 2017 کو مبلغ 1550 روپے فیس حبیب بنک برانچ روات میں جمع کروائی جبکہ دوسری بار حبیب بنک مانکیالہ برانچ میں جمع کروائی مگر تاحال سائلہ کی سند کی تصدیق نہ کی جارہی ہے۔ محکمہ تعلیم سائلہ سے سند کی تصدیق مانگ رہا ہے۔ شکایت کنندہ نے دفتر ہذا سے استدعا کی کہ ملتان بورڈ کو ہدایت جاری کی جائے کہ اُسکی سند کی تصدیق کریں تاکہ سائلہ کی دادرسی ممکن ہوسکے۔

۲۔ اسسٹنٹ کنٹرولر ویریفیکیشن سیل، بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملتان کی جانب سے مورخہ 11 اگست 2020 کو رپورٹ موصول ہوئی جس کے مطابق شکایت کنندہ کی ویریفیکیشن رپورٹ ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز کمیونیٹی ماڈل سکول موہری کھمیال راولپنڈی کو ارسال کر دی گئی ہے جسکی کاپی بھی رپورٹ کے ساتھ لف کی گئی۔

۳۔ رپورٹ ایجنسی موصول ہونے پر اس کی ایک عدد کاپی شکایت کنندہ کو برائے جواب الجواب ارسال کی گئی۔ جس کے جواب میں شکایت کنندہ نے مورخہ 18.02.2020 کو تحریری جواب جمع کروایا کہ دفتر ہذا کی مداخلت پر اسے ملتان بورڈ کی طرف سے مورخہ 13 اگست 2020 کو میٹرک کی سند کی تصدیق کی مصدقہ کاپی موصول ہو چکی ہے۔ جس پر شکایت کنندہ نے دفتر ہذا کا شکریہ بھی ادا کیا۔

۴۔ شکایت کنندہ نے ملتان بورڈ کے خلاف میٹرک کی سند کی تصدیق (ویریفیکیشن) میں تاخیر کی بابت دفتر ہذا سے رجوع کیا۔ دوران تفتیش ملتان بورڈ نے سائلہ کی میٹرک کی سند کی تصدیق کر کے اُسے ارسال کر دی ہے جس کی تصدیق شکایت کنندہ نے بھی کی ہے۔ چونکہ شکایت کنندہ کا مسئلہ حل ہو گیا ہے لہٰذا شکایت ہذا بصیغہ دادرسی نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ

شکایت نمبر: POP20LH20007851

تاریخ فیصلہ: 09.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ

عنوان: الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کسی دوسرے کو الاٹ کرنے سے روکنے کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق اُس نے ایک ٹیوٹا وٹز گاڑی کی رجسٹریشن نمبر ایل ای بی-20-336 چالان نمبری 31978070 کے تحت مورخہ 20.07.2020 کو حاصل کی۔ یہ گاڑی اس کے بیٹے عمیر غفار بھٹی کے نام پر رجسٹر ہوئی۔ اُس نے گاڑی کی نمبر پلیٹ بنوا کر گاڑی کو لگوا دی۔ بعد ازاں مورخہ 11.08.2020 کو اُس نے اپنی گاڑی کا رجسٹریشن نمبر ایم ٹی ایم آئی ایس ویب سائٹ پر چیک کیا تو پتہ چلا کہ اُس کی گاڑی کا رجسٹریشن نمبر محکمہ ایکسائز نے اُس کے بعد کسی دیگر شخص کو بھی الاٹ کر دیا ہے۔ اُس نے گاڑی کا نمبر ایل ای بی-20-336 جو کسی دیگر کو بھی الاٹ کیا گیا ہے، کو کینسل کروانے کے لئے سیکرٹری ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کو درخوست گزاری مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی۔

۲۔ بذریعہ شکایت ہذا سائل کو الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کسی دوسرے کو الاٹ کرنے سے روکنے کی استدعا کی گئی۔

۳۔ عدیل امجد، موٹر رجسٹرنگ اتھارٹی، ماڈل ٹاؤن، پی آئی اے روڈ، لاہور نے رپورٹ نمبر 677 / ایم آر اے۔ ایم ٹی۔ ایل ایچ آر مورخہ 04.09.2020 پیش کی۔ رپورٹ میں تحریر کیا کہ مصطفٰی خان ولد محمد بلال خان شناختی کارڈ نمبر 3520228747525 سکنہ مکان نمبر 336 ایچ، فیز فائیو ڈی ایچ اے، لاہور کو ایل ای بی-20 سیریز میں سے 336 نمبر ملا جو جولائی 2020 میں ریزرو ہے۔ مذکورہ نمبر فہرست میں چھوڑ دیا تھا اور پہلے ہی مالک کو مارک ہو چکا تھا۔ تاہم شکایت کنندہ عبدالغفار بھٹی ولد بشیر احمد بھٹی نے اپنے نمائندہ کے ذریعے بتایا کہ موٹر رجسٹرنگ اتھارٹی فرید کوٹ کے دفتر کی غلطی سے نمبر الاٹ ہوا۔ دفتر کی جانب سے مذکورہ غلطی کو درست کر دیا گیا اور مذکورہ رجسٹریشن نمبر اصل مالک کو مورخہ 05.08.2020 کو دے دیا گیا۔ یہ سارا معاملہ شکایت کنندہ اور اس کے نمائندے کے درمیان غلط فہمی سے ہوا۔

۴۔ تاہم ایجنسی کے سسٹم کی غلطی واضح طور پر عیاں ہے کہ اگر کسی گاڑی کو رجسٹریشن نمبر جاری کر دیا گیا تھا تو وہ کسی دیگر کو الاٹ نہیں ہونا چاہیے تھا۔ بادی النظر میں اس طرح کے معاملات میں چند ایجنسی حکام ایجنٹ مافیا کے سہولت کار کے طور پر اپنا کردار ادا کرتے ہیں اور محکمہ و سسٹم کیلئے بدنامی کا باعث بنتے ہیں۔ چونکہ رپورٹ ایجنسی میں غلطی کو تسلیم کیا گیا ہے، لہٰذا سیکرٹری ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کو دفتر محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی جاتی ہے کہ معاملہ کی اپنے دفتر کے کسی سینئر افسر سے انکوائری کروا کر ذمہ داران کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائیں اور آئندہ اس نوعیت کی غلطی کو روکنے کیلئے طریقہ کار / سسٹم میں مناسب بہتری لائیں۔ اس ہدایت کے ساتھ شکایت ہذا نمٹائی جاتی ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

واسا



شکایت نمبر : POP20LH10003509, 3510

تاریخ فیصلہ: 23.10.2020

ڈیپارٹمنٹ: ڈپٹی ڈائریکٹر واسا، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

عنوان: درستگی بل کی استدعا

شکایت کنندہ کے مطابق اس نے 30 سال قبل 36 فاروق ایونیو میں گھر تعمیر کر کے واسا کنکشن نمبری A1.Town/347/16 ای سی آر نمبری 170405 حاصل کیا مگر چند روز بعد ہی پانی بدبو دار اور گندا آنا شروع ہو گیا جس کی بارہا مرتبہ شکایت کی گئی مگر بے سود۔ بالآخر تھک ہار کر دو سال بعد ہی اس نے اپنا بور کروا کر واٹر موٹر نصب کروالی اور واسا حکام کو درخواستیں کیں کہ اسے صرف واٹر سپلائی بل بھیجا جائے مگر آج تک واسا کے حکام اور عملے کے کان پر جوں تک نہ رینگی ہے بالآخر دفتر ہذا میں درخواست پیش کی ہے کہ وہ صرف سیوریج کا استعمال کر رہا ہے اس کے واسا بل کو جو کہ سراسر ناجائز ہے ختم کروایا جائے اور سیوریج بل وصول کرنے کے احکامات صادر کئے جائیں تاکہ وہ بروقت سیوریج بل ادا کر سکے۔

۲۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو علاقہ اقبال ٹاون واسا ایل۔ڈے۔اے لاہور کی جانب سے مورخہ 20.07.2020 کو رپورٹ موصول ہوئی کہ شکایت کنندہ نے اپنی رہائش گاہ پر 29.09.1996 کو ایس۔ڈی۔او، واسا سے منظوری کے بعد پانی اور سیوریج کا گھریلو استعمال کا کنکشن لیا۔ ریکارڈ کے مطابق شکایت کنندہ 06.08.2005 تک باقاعدگی سے پانی اور سیوریج کے بل کی ادائیگی کرتا رہا۔ اس کے بعد اس نے 28.02.2006 کو مبلغ 1000 روپے اور 24.08.2006 کو مبلغ 2000 روپے کی جزوی ادائیگی کے علاوہ اور کوئی ادائیگی نہ کی ہے۔ اب اس کے ذمہ 15.06.2020 تک کے بقایاجات مبلغ 147320 روپے کی ادائیگی بنتی ہے۔ فیلڈ سٹاف کی سروے رپورٹ کے مطابق شکایت کنندہ کے گھر واٹر اور سیوریج کنکشن تاحال استعمال ہو رہا ہے۔ اس کے ہمسائے باقاعدگی سے پانی اور سیوریج کے بل کی ادائیگی کر رہے ہیں۔ محکمہ نے استدعا کی کہ شکایت کنندہ کو واسا کے قانونی واجبات ادا کرنے کا حکم دیا جائے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 06.11.2020 کو جواب الجواب داخل کیا اسے 41000 روپے کی رعایت کر دی گئی ہے جو کہ ناکافی ہے اور درخواست کے متن کو دہرایا۔

۴۔ مورخہ 28.11.2020 کو ایجنسی کی جانب سے اشفاق حسین سینئر اکاونٹنٹ علامہ اقبال ڈویژن حاضر ہوا اور بیان کیا کہ شکایت کنندہ نے درخواست دی تھی کہ اس کا کنکشن منقطع کر دیا گیا تھا لیکن وہ کنکشن منقطع ہونے کا ثبوت نہ دے سکا۔ تاہم پراپرٹی زیر استعمال نہ ہونے کی وجہ سے سائل کو تقریباً 41000 ہزار روپے کی رعایت کی گئی ہے اور تصحیح شدہ بل بھیج دیا گیا ہے۔ سائل نے 06.08.2005 تک بل کی ادائیگی باقاعدگی سے کی ہے اس کے بعد دو قسطیں 28.06.2006 کو 1000 ہزار اور 24.08.2006 کو 2000 ہزار روپے ادا کی ہیں۔ اس کے بعد کوئی ادائیگی نہ کی گئی۔ اس دوران اس نے بل کے متعلق کوئی درخواست نہ دی۔ شکایت کنندہ حاضر نہ آیا اسے بذریعہ فون مورخہ 30.11.2020 کو برائے سماعت طلب کیا گیا۔ شکایت کنندہ 30.11.2020 کو حاضر آیا اور بیان کیا کہ اسے 41000 روپے کی رعایت کر دی گئی ہے جو رعایت کی گئی ہے وہ اس کے مطالبے سے کم ہے تاہم اس نے بیان کیا کہ وہ دفتر ہذا کی کوششوں کا شکر گزار ہے۔

۵۔ آمدہ ایجنسی رپورٹ اور حسب ضابطہ مشترکہ سماعت سے عیاں ہے کہ سائل نے 30 سال پہلے واسا سے پانی کا کنکشن لیا تھا۔ سائل کا مؤقف تھا کہ پانی کا معیار درست نہ ہونے کی بناء پر دو سال بعد ہی واسا کو کنکشن منقطع کرنے کی لئے درخواست دی لیکن سائل ایسی کسی درخواست کا ثبوت پیش نہ کر سکا جبکہ وہ اگست 2006 تک بل کی ادائیگی کرتا رہا۔ تاہم فیلڈ رپورٹ کے مطابق پراپرٹی زیر استعمال نہ ہونے کی کی وجہ سے شکایت کنندہ کو 41000 روپے کی رعایت بل میں دے دی گئی ہے۔ شکایت کنندہ نے اس رعایت کی تصدیق کی اور بیان کیا کہ دفتر ہذا کی کوششوں سے جو رعایت ممکن ہو سکی وہ ناکافی ہے۔

۶۔ بحالات بالا واسا کی جانب سے شکایت کنندہ کی قواعد وضوابط کی روشنی میں ممکنہ دادرسی کر دی گئی ہے۔ تاہم اگر شکایت کنندہ مطمئن نہ ہے تو واسا کی مجاز اتھارٹی کے روبرو اپیل دائر کر کے جدید بل پر نظر ثانی کروا سکتا ہے اور اقساط میں ادائیگی کی سہولت بھی حاصل کر سکتا ہے۔

۷۔ یہ امر دیگر شکایات پر کارروائی کے دوران بھی مشاہدہ میں آیا کہ محکمہ واسا کی جانب سے لوگوں کو کئی سال کے بقایاجات اکٹھے بھجوا دیئے جاتے ہیں جبکہ اس عرصہ کے دوران ریگولر بل کا اجراء وصولی بل اور بصورت دیگر کنکشن منقطع کرنے کی کاروائی عمل میں نہ لائی جاتی ہے لہذا ایم ڈی واسا لاہور کو پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت ہدایت کی گئی کہ بلوں کے اجراء کے نظام کا جائزہ لے کر اصلاحات عمل میں لائیں۔ ان تصریحات کے ساتھ درخواست شکایت نمٹائی گئی۔

شکایت نمبر : POP20LH10003812

تاریخ فیصلہ: 24.09.2020

ڈیپارٹمنٹ: واسا

عنوان: درستگی بل کی استدعا

شکایت کنندہ بیانی ہے کہ اس نے اپنا تین مرلہ کا مکان واقع جوبلی ٹاؤن لاہور ایل ڈی اے کی اجازت سے سال 2013 میں تعمیر کیا۔ بعد ازاں 2014ء میں اس نے پانی کے کنکشن کی درخواست دی اور مورخہ 10.07.2015 کو مبلغ-/1950 روپے کنکشن فیس کی مد میں جمع کروائے۔ محکمہ واسا نے مورخہ 16.08.2018 کو بغیر میٹر کے پانی کا کنکشن لگا دیا۔ مورخہ 16.08.2018 سے 27.09.2019 تک اسے گیارہ ماہ کا کوئی بل وصول نہ ہوا البتہ مورخہ 27.09.2019 کو واسا نے اسے مبلغ-/22000 روپے کا بل معہ 2018ء سے قبل کے واجبات برائے ادائیگی جاری کیا۔ اس کی درخواست پر بل پر دو دفعہ نظر ثانی کی گئی اور اس کی تصحیح کر کے مبلغ-/3000 روپے کا نیا بل جاری کیا گیا جو مورخہ 09.10.2019 کو جمع کروا دیا گیا۔ اُس کا گھر اکثر طویل عرصے کے لئے بند رہتا ہے اور پانی کا استعمال بھی بہت کم ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی ہے کہ محکمہ واسا کو ہدایت کی جائے کہ وہ اس کے گھر کی بندش اور پانی کے کم استعمال کو مد نظر رکھتے ہوئے درست بل جاری کرے۔

۲۔ محکمانہ رپورٹ مورخہ 18.07.2020 میں ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو واسا علامہ اقبال ٹاؤن لاہور نے شکایت کو حقائق کے برعکس قرار دیا۔ ان کے ریکارڈ کے مطابق شکایت کنندہ کو مورخہ 10.07.2015 سے پانی کا کنکشن فراہم کر دیا گیا تھا۔ انجینئرنگ برانچ نے اکاؤنٹ برانچ میں مطلوبہ کاغذات 2019ء میں بھجوائے جس کی وجہ سے 2019ء میں بلنگ شروع ہوئی۔ شکایت کنندہ نے محکمہ کے روبرو پیش ہو کر پانی کے کنکشن نصب ہونے کی تاریخ مورخہ 10.07.2015 تسلیم کی جس پر اسے مبلغ-/3000 روپے کا بل جاری ہوا۔ اس کے بعد اس نے کوئی ادائیگی نہ کی ہے اور اب اس کے ذمہ بقایا جات مبلغ-/19500 روپے واجب الادا ہیں۔ شکایت کنندہ نے مذکورہ جائیداد میں عدم رہائش کا ثبوت نہ دیا ہے، اگر وہ دستاویزی ثبوت فراہم کرے تو اس کے بل پر نظر ثانی ہو سکتی ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے مورخہ 07.08.2020 کو تحریری جواب میں محکمانہ رپورٹ کو غلط قرار دیا ہے اور اپنے موقف کا اعادہ کیا ہے۔

۴۔ دوران سماعت شکایت کنندہ نے تجویز پیش کی کہ اگر محکمہ واسا اس کے ذمہ واجب الادا بقایا جات کی ماہانہ اقساط مبلغ-/1150 روپے کر دے تو وہ بقایا جات ادا کرنے کو تیار ہے۔

۵۔ نمائندہ محکمہ نے شکایت کنندہ کی تجویز سے اتفاق کیا اور اس کے مطابق واجب الادا بقایا جات کو ماہانہ اقساط مبلغ-/1150 روپے میں وصول کرنے کا یقین دلایا۔

۶۔ بحالات بالا معاہدہ مابین فریقین کی روشنی میں شکایت کنندہ کی داد رسی ہو گئی ہے۔ جہاں تک کنکشن کی تنصیب کے بعد 2019ء میں بلنگ کے اجراء کا تعلق ہے چار سال کے التواء کے بعد بلنگ کا اجراء محکمانہ بدانتظامی کے زمرہ میں آتا ہے۔ لہٰذا دفتر محتسب پنجاب کے ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 11 کے تحت مینجنگ ڈائریکٹر واسا لاہور کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس سنگین تاخیر کی بابت انکوائری کروائیں، بل کے اجراء میں تاخیر کے اسباب کی نشاندہی کروا کر نظام میں بہتری کیلئے حسب ضابطہ اقدامات عمل میں لائیں اور انکوائری کی روشنی میں ذمہ دار افسران / اہلکاران کے خلاف حسب ضابطہ تادیبی کارروائی عمل میں لائیں۔ نیز عملدرآمد رپورٹ دفتر ہذا کو اندر 30 یوم بھجوائیں۔ ان ہدایات کے ساتھ شکایت ہذا کو نمٹایا جاتا ہے۔ فریقین مطلع ہوں۔

محکمہ تحفظ ماحولیات

شکایت نمبر : POP20TTS0008600

تاریخ فیصلہ: 11.11.2020

ڈیپارٹمنٹ: تحفظ ماحولیات

عنوان: فیڈ فیکٹری کی بدبو اور آلودگی سے نجات دلانے کی استدعا

جلیل احمد خان (شکایت کنندہ) کے مطابق چک نمبر 158 گ ب تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں قائم کی گئی پولٹری فیڈ کی ایک فیکٹری سے اٹھنے والی بدبو نے ان کے گاؤں چک نمبر 373 ج ب تحصیل گوجرہ کے مکینوں کا جینا حرام کر رکھا ہے، وہ ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ

ماحول ٹوبہ ٹیک سنگھ سے متعدد مرتبہ رجوع کر کے مذکورہ فیکٹری کے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کے لئے استدعا کر چکے ہیں لیکن ان کی شنوائی نہ ہوئی ہے۔ شکایت کنندہ نے استدعا کی کی ایجنسی حکام کی اس لاپرواہی کا نوٹس لیا جائے اور انہیں ہدایت کی جائے کہ وہ فیکٹری متذکرہ بالا کو بند کروا کر انہیں ایک اذیّت ناک صورت حال سے نجات دلائیں۔

۲۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحول ٹوبہ ٹیک سنگھ نے بذریعہ رپورٹ مورخہ 21.09.2020 مطلع کیا کہ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے انہیں ارسال کی گئی ایک شکایت کے نتیجہ میں وہ چک نمبر 158 گ ب تحصیل گوجرہ میں قائم پولٹری فیڈ فیکٹری کی آلودگی کے پیش نظر فیکٹری مالکان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لانے کے بارے میں ضروری سفارشات پر مبنی رپورٹ اسسٹنٹ ڈائریکٹر (آر۔ایم) تحفظ ماحول ایجنسی پنجاب لاہور کو بذریعہ مراسلہ نمبر F-207/15670/AD/EPA/TTS-17 مورخہ 06.05.2017 ارسال کر چکے ہیں، یوں معاملہ مذکورہ ڈائریکٹوریٹ میں زیر کارروائی ہے۔

۳۔ شکایت کنندہ نے بذریعہ جواب الجواب مورخہ 20.10.2020 مطلع کیا کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحول ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے فراہم کردہ رپورٹ کی روشنی میں انہوں نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (آر۔ایم) تحفظ ماحول پنجاب لاہور سے ملاقات کی جنہوں نے انہیں مطلع کیا کہ آلودگی پھیلانے والی فیکٹری زیر بحث کے بارے میں جملہ اقدامات مقامی اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات کی ذمہ داری ہے لہذا وہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذکور سے ہی رابطہ کریں۔

۴۔ مورخہ 20.10.2020 کو فریقین کو سماعت کیا گیا، مسٹر محمد عرفان انسپکٹر تحفظ ماحول ٹوبہ ٹیک سنگھ نے مطلع کیا کہ سردست فیکٹری میں سے خارج ہونے والی بدبو فیکٹری کی چاردیواری تک محدود پائی گئی ہے جبکہ شکایت کنندہ کا گاوں فیکٹری سے تین چار کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے جس کا آلودگی سے متاثرہ ہونا بعید از قیاس ہے۔

۵۔ شکایت کنندہ اور اس کے ہمراہ پیش ہونے والے چک نمبر 373 ج ب تحصیل گوجرہ کے رہائشی افراد، صوبیدار (ریٹائرڈ) بشیر احمد، سعید احمد اور مذکورہ چک کی جامع مسجد کے امام حافظ محمد نواز نے انسپکٹر مذکور کے موقف کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحول ٹوبہ ٹیک سنگھ کو ہدایت کی جائے کہ وہ ان کی موجودگی میں فیکٹری کا دورہ کریں تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ فیکٹری سے اٹھنے والی بدبو اور تعفن نے ان کے گاوں کو کس قدر اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے، شکایت کنندگان نے مزید مطلع کیا کہ فیکٹری میں استعمال ہونے والی جانوروں کی انتڑیوں وغیرہ پر مشتمل الائشوں کی باقیات کو فیکٹری کے قریب واقع سرکاری اراضی پر ڈال دیا جاتا ہے اور فیکٹری کا آلودہ پانی بھی سرکاری زمین پر آوارہ چھوڑ دیا جاتا ہے جس کی بدبو سے وہ اپنے گھروں میں کھانا کھانے سے بھی عاجز آ چکے ہیں۔

۶۔ مورخہ 29.10.2020 کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحول ٹوبہ ٹیک سنگھ نے شکایت کنندہ اور ان کے گاؤں کے چند دیگر معززین کے ہمراہ فیکٹری زیر بحث کا تفصیلی دورہ کرنے کے بعد رپورٹ مورخہ 29.10.2020 فراہم کرتے ہوئے مطلع کیا کہ مذکورہ رپورٹ انہوں نے ڈائریکٹر (پی اینڈ سی) تحفظ ماحول ایجنسی پنجاب لاہور کو ارسال کر دی ہے جن کی جانب سے فیکٹری مالکان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(3) The complaint along with cover sheets on specified forms shall be tagged on the right–hand side of the file, whereas the order sheet on specified form shall be placed on the left–hand side of the file.

(4) The pages should be numbered in chronological order with the last numbered page appearing on the right hand side on the file.

(5) The order sheet on specified form shall contain record of actions taken with dates for further processing and shall be used as noting part of the file for obtaining orders, instructions and directions of the Ombudsman.

29. Notwithstanding any provision in these Regulations but subject to the provisions contained in the Act, the Ombudsman shall continue to exercise his powers and have absolute discretion to modify the procedure of handling any particular case or adopt a special procedure keeping in view the special nature and facts of the case.

SCHEDULE

[see regulation 3 (2)]

TERRITORIAL JURISDICTION OF

HEAD OFFICE AND REGIONAL OFFICES

Name of the Office	**Territorial Jurisdiction**
Head Office, Lahore	All Punjab
All the following Districts Offices are Regional Offices in terms of the Regulation 3(2): Lahore, Kasur, Sheikhupura, Nankana Sahib, Hafizabad, Sialkot, Narowal, Gujrat, M.B. Din, Faisalabad, Chiniot, Jhang, T.T. Singh, Sargodha, Khushab, Mianwali, Bhakkar, Rawalpindi, Jhelum, Chakwal, Attock, Sahiwal, Okara, Pakpattan, Multan, Lodhran, Khanewal, Vehari, Bahawalpur, Bahawalnagar, R.Y. Khan, D.G. Khan, Rajanpur, Muzaffargarh and Layyah.	All cases of the respective Districts

-Sd-

OMBUDSMAN FOR THE PROVINCE OF PUNJAB

* Substituted vide Order No.(Reg)8-8/2016 dated 19.6.2017

(iii) شکایات پر کارروائی کی بابت
ایڈوائزرز/کنسلٹنٹس اور سٹاف کی
رہنمائی کیلئے ہدایات

دسمبر 2020

محتسب پنجاب، صدر دفتر (ہیڈ آفس)، پروفیسر اشفاق علی خان روڈ، لاہور

فہرست عنوانات

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
-1	ابتدائیہ	
-2	طریقہ کار بابت وصولی شکایات، اندراج اور قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ	
-3	نا قابل سماعت درخواست شکایت کا نمٹانا	
-4	قابل سماعت درخواست شکایت پر کارروائی	
-5	فیصلہ مرتب کرنے سے متعلق توجہ طلب نکات	
-6	فیصلہ پر عملدرآمد کروانا	
-7	گورنر صاحب کے روبرو عرضداشت	
-8	سی ایم آئی ایس آٹو میٹڈ ماہانہ رپورٹ	
-9	کیس فائل کا محافظ خانہ بھجوانا اور سی ایم آئی ایس ڈیجیٹل ای محافظ خانہ (ریکارڈ روم)	
-10	امبڈز مین پنجاب مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (OPMIS) کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (CMIS)	
-11	سی ایم آئی ایس آٹو میٹڈ پیشی لسٹ	
-12	سی ایم آئی ایس ایجنسی فون نمبر/فوکل پرسن/قوانین/قواعد تک رسائی/دستیابی	
-13	ہیلپ ڈیسک	
-14	موبائل ایپ	
-15	عوامی آگاہی	
-16	محتسب کے دفتر کی خدمات کا عوامی اعتراف	
-17	طریقہ کار کی بہتری کیلئے تجاویز	
	ضمیمہ جات	
ضمیمہ I	بیان حلفی	
ضمیمہ II	عبوری حکم نامہ شیٹ	
ضمیمہ III	تعریفات	
ضمیمہ IV	نا قابل سماعت شکایات	
ضمیمہ V	فیصلہ ٹائپ کرنے اور محتسب پنجاب کو بھجوانے کا طریقہ کار	
ضمیمہ VI	فیصلہ کا فارمیٹ/لے آؤٹ کا نمونہ	

ضمیمہ VII	رپورٹ بابت تاخیر عملدرآمد (Implementation Pendency)/نوٹ کا فارمیٹ	
ضمیمہ VIII	محافظ خانہ جات (ریکارڈ رومز) کی تفصیل	
ضمیمہ IX	شکایات پر کارروائی کے مراحل	

ابتدائیہ

1.1 محتسب کے ادارے کے قیام کا مقصد:

محتسب پنجاب کے ادارہ نے ابتدائی طور پر ''دی پنجاب آفس آف دی امبڈزمین آرڈیننس 1996'' کے تحت کام شروع کیا۔ بعدازاں 30 جون 1997 سے ''دی پنجاب آفس آف دی امبڈزمین ایکٹ 1997'' کے تحت کام کررہا ہے۔اس ادارہ کا بنیادی مقصد صوبائی حکومت کے محکمہ جات اوران کے زیرانتظام دفاتر، اداروں، خودمختار یا نیم خودمختار کارپوریشنز یا ان کے افسران وملازمین کے متعلق شکایات کوسننا اورلوگوں کیلئے آسان ترین طریقے سے انصاف کی فراہمی کویقینی بنانا ہے۔اس ادارہ کومکمل آزادی اورخودمختاری کے ساتھ ان اداروں میں بدانتظامی کے باعث کسی فرد کے ساتھ ہونے والی بے انصافی کی تشخیص اوراس کا ازالہ کرنے، بدعنوانیوں کا سدباب کرنے، عوام الناس کے حقوق کا تحفظ کرنے، قانون کی عملداری کو یقینی بنانے اور شکایات پر فیصلہ کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہے۔اس ادارے کو ازخودنوٹس لینے اوراس کے فیصلوں کے احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے والے افراداوراداروں کے خلاف قانونی کارروائی کا اختیار بھی حاصل ہے۔ہائیکورٹ یا ہائیکورٹ کے زیرنگرانی یا زیراختیار کام کرنے والی عدالتوں میں زیرسماعت مقدمات ودعویٰ جات سے متعلقہ معاملات دفترصوبائی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے۔اسی طرح ایسے سرکاری ملازمین کی وہ شکایات جو ان کے اپنے موجودہ محکمہ یا سابقہ محکمہ جات جن میں وہ ماضی میں بطورسرکاری ملازم خدمات انجام دے چکے ہوں، کے خلاف ہوں اوران محکمہ جات میں ان کی ملازمت کے بارے میں ہوں، دفترصوبائی محتسب کے دائرہ کار سے باہر ہیں۔

1.2 محتسب کے ادارے کی انفرادیت:

آئین پاکستان کے مطابق ریاست ہرشہری کی بنیادی حقوق کی محافظ اور بلاتفریق انصاف کی فراہمی کی ضامن ہے۔انصاف کے ساتھ بنیادی سہولیات فراہم کرنا اورعوامی شکایات اپنے طور پر دورکرنے کی سعی کرنا صوبائی اداروں کی اہم ذمہ داری ہے مگربعض اوقات ادارے اپنے فرائض کی ادائیگی کماحقہ ادانہیں کرپاتے اوران اداروں میں بدانتظامی، غفلت اور غلط طریقہ کار کی بدولت شہری ان حقوق اورمراعات سے محرومی کا شکار ہو جاتے ہیں تو وہ دوسرے اداروں بالخصوص عدلیہ سے رجوع کرتے ہیں جس پر پہلے ہی کام کا بوجھ بہت زیادہ ہے۔چونکہ موجودہ نظام عدل میں انصاف حاصل کرنے کے لئے بھاری اخراجات کے علاوہ طویل انتظار کی زحمت اٹھانا پڑتی ہے، اس لئے محتسب کے ادارہ سے رجوع کرنے والے لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔دفترمحتسب پنجاب ایک انتہائی سادہ طریقہ کار کے تحت حکومت پنجاب کے اداروں سے جائز کام کروانے میں شہریوں کی مدد کرتا ہے۔جس کی کوئی فیس نہیں۔حکومت پنجاب کے کسی بھی دفتر یا اہلکار کی بے جا تاخیر، ناانصافی یا انتظامی غلط کاری سے کسی شخص کا جائز کام نہیں ہورہا تو اس کی شکایت دفترمحتسب پنجاب میں کرکے دادرسی حاصل کی جاسکتی ہے۔پنجاب کے تمام 36 اضلاع میں محتسب پنجاب کے ریجنل دفاتر موجود ہیں۔ شکایت سادہ کاغذ پر دستی یا بذریعہ ڈاک، او پی ایم آئی ایس، ای۔فاس (e-FOAS)، ای میل، فیس بک، موبائل ایپ اورویب سائٹ پر بھجوائی جاسکتی ہے۔شکایت دائر ہوتے ہی متعلقہ محکمہ سے رپورٹ طلب کی جاتی ہے اوررپورٹ محکمہ حاصل کرکے شکایت کنندہ کے دیئے گئے پتہ پر بذریعہ ڈاک یا ای میل بھجوادی جاتی ہے۔جس پر گھر بیٹھے شکایت کنندہ اپنا موقف متعلقہ ریجنل دفتر کو بھجواسکتے ہیں۔شکایت کی بابت تحقیقات وسیع تجربہ کے حامل ایڈوائزر صاحبان کرتے ہیں۔شکایات کے تمام کیسز پر فیصلہ کرنا فاضل محتسب پنجاب کی ذمہ داری ہے۔عام طور پر شکایات پر 30 تا 45 دن کے اندر فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔تقریباً پچاس فیصد شکایات کا ازالہ تحقیقاتی کارروائی کے دوران ہی ہوجاتا ہے۔اگر حکومت پنجاب کے کسی بھی محکمہ یا اہلکار کی بدانتظامی کی سامنا ہے تو متاثرہ شخص بلاجھجک پورے اعتماد کے ساتھ محتسب پنجاب کے دفاتر سے رجوع کرسکتا ہے۔لوگوں کے اعتماد کے حصول کیلئے اس ادارے میں کام کرنے والے تمام افراد کی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے رابطہ کرنے پر خوش اخلاقی کا بھرپور اظہار کریں اور درخواست کو نمٹانے کیلئے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مستعدی سے اقدامات کریں۔اس ادارے سے رجوع کرنے والوں کیلئے سٹاف کی خصوصی توجہ، کام کرنے کی رفتار اورلگن، بروقت فیصلہ سازی اوراس پر جلد عملدرآمد ہی اس ادارے پر عوامی اعتماد کو بڑھا پائے گا۔

1.3 دفتر محتسب پنجاب سے کسی فرد کا پہلا رابطہ اور اس کی اہمیت:

تمام ایڈوائزر صاحبان اور عملہ کے ارکان کا فرض ہے کہ شکایت کنندہ کو انتہائی تحمل سے سنیں اور اس کا مسئلہ سمجھیں۔ اگر مسئلہ قانون کے مطابق قابل سماعت ہے تو دفتری طریقہ کار کے مطابق کارروائی شروع کریں۔ شکایت کنندہ کو دفتری طریقہ کار سے متعلق پوری طرح آگاہ کریں۔ اگر مسئلہ دفتر ہذا سے متعلق نہیں ہے تو نہایت اچھے طریقے سے کارروائی نہ کرنے کی وجوہات بیان کر دیں یا حقائق کی روشنی میں شکایت کنندہ کو مناسب راہنمائی فراہم کر دیں تا کہ وہ متعلقہ ادارہ سے رجوع کر سکے۔ کوشش کریں کہ شکایت کنندہ دفتر سے جب واپس جائے تو وہ بہت مطمئن ہو کر جائے۔ اس سلسلہ میں جملہ سٹاف کا کردار اپنے لئے اور اس ادارہ کے لئے نیک نامی کا باعث ہوگا۔ اس ضمن میں ''شکایت کنندگان کی راہنمائی کیلئے ضروری معلومات'' پر مشتمل بروشر شکایت کنندہ کو برائے مطالعہ وحوالہ پیش کیا جا سکتا ہے۔

2 طریقہ کار بابت وصولی شکایات، اندراج اور قابلِ سماعت ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ

2.1 وصولی شکایت:

دفتر ہذا میں شکایات مندرجہ ذیل ذرائع سے موصول ہوتی ہیں:

(i) اصالتاً یا کسی نمائندہ کے ذریعہ دستی

(ii) بذریعہ ڈاک

(iii) بذریعہ ای میل/فیس بک

(iv) او پی ایم آئی ایس (OPMIS) کے ماڈیول میں سے Complaint Management Information System(CMIS) پر آن لائن یا بذریعہ ویب سائٹ **https://www.opmispunjab.gov.pk** اور **https://www.ombudsmanpunjab.gov.pk**

(v) بذریعہ فیکس

(vi) بذریعہ ای۔فاس **(E-FOAS)**

(vii) بذریعہ موبائل ایپلی کیشن **https://bit.ly/3b3jJc4**

2.2 اندراج:

(1) شکایت موصول ہونے کے بعد اس کو درج رجسٹر کریں اور جس تاریخ کو شکایت موصول ہو اسی تاریخ کو اس کا اندراج امبڈز مین پنجاب مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (OPMIS) کے ماڈیول کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (CMIS) میں بھی کریں۔

(2) اگر شکایت کنندہ درخواست دینے کے لئے اصالتاً حاضر ہو تو ضروری کاغذات (نقل شناختی کارڈ و بیان حلفی سادہ کاغذ پر بمطابق ضمیمہ I) درخواست شکایت کے ساتھ ہی مکمل کروا لئے جائیں۔

(3) شکایت کا اندراج کرتے وقت متعلقہ محکمہ/ ایجنسی کا مکمل اور درست نام عبوری حکم نامہ شیٹ پر (بمطابق ضمیمہ II) تحریر کریں اور اس کے بعد بریکٹ میں متعلقہ آفیسر کا عہدہ تحریر کیا جائے۔ مثلاً پنجاب پولیس (ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر)، محکمہ مال (اسسٹنٹ کمشنر پھالیہ) وغیرہ۔

(4) درخواست/ شکایت کا اچھی طرح مطالعہ کرنے کے بعد اس کے موزوں عنوان کا تعین کریں۔ کیونکہ واضح عنوانات کی بنیاد پر ہی شکایات کی نوعیت اور اعداد و شمار کا جائزہ صحیح نتائج پر منتج ہو سکے گا۔ کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے رجسٹریشن پیج پر اس شکایت اور ایجنسی کا اندراج کریں۔ اس امر کو بھی یقینی بنائیں کہ شکایت کا عنوان اور نام محکمہ و متعلقہ آفیسر کا عہدہ (جس سے رپورٹ طلب کی جانی ہو) عبوری حکم نامہ شیٹ جو کہ او پی ایم آئی ایس (OPMIS) کے ماڈیول سی آئی ایم ایس میں موجود ہے، آٹو میٹڈ نوٹ شیٹ بکس میں تحریر کریں اس کا پرنٹ نکالیں، متعلقہ آفیسر سے دستخط کروا کر سی آئی ایم ایس کے مینیو میں جا کر نوٹ شیٹ والے کالم پر اپ لوڈ کر دیں اور فائل کے ساتھ منسلک کر دیں۔ متعلقہ سٹاف کو بھی ہدایت کی جائے کہ عبوری

حکم نامہ شیٹ پر لکھا گیا عنوان محکمہ ہی سی ایم آئی ایس (CMIS) میں درج/منتخب کریں۔ سٹاف کی سہولت کیلئے تمام عنوانات سی ایم آئی ایس میں موجود ہیں۔ عنوانات واضح اور غیر مبہم ہونا ضروری ہیں۔

(5) غیر واضح اور مبہم عنوانات کی چند مثالیں درج ذیل ہیں:

(i) حق رسی کی استدعا۔

(ii) انصاف دلائے جانے کی استدعا۔

(iii) افسر/اہلکار کے خلاف کارروائی/ایکشن کی استدعا۔

(6) واضح اور درست عنوانات کی چند مثالیں درج ذیل ہیں:

(i) ایف آئی آر کے اندراج میں تاخیر کی بابت کارروائی کی استدعا۔

(ii) پنجاب سول سرونٹس (تقرری و شرائط ملازمت) رولز مجریہ 1974ء کے قاعدہ 17۔اے کے تحت ملازمت دلوائے جانے کی استدعا۔

(iii) فرد کے اجراء میں تاخیر کی بابت پٹواری (عملہ محکمہ مال) کے خلاف کارروائی کی استدعا۔


(iv) ریکارڈ مال میں درستی میں تاخیر کی بابت کارروائی کی استدعا۔


(v) اہلکار/افسر/عملہ محکمہ مال کے خلاف رشوت کے الزام کی بابت کارروائی کی استدعا۔

(vi) سرٹیفکیٹ بابت اندراج پیدائش جاری کرنے میں تاخیر کی بابت یونین کونسل کے اہلکاران کے خلاف کارروائی کئے جانے کی استدعا۔

2.3 قابلِ سماعت ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ:

(1) شکایت رجسٹر کرنے کے بعد اس کا بغور جائزہ لیا جائے تا کہ فیصلہ کیا جا سکے کہ یہ شکایت پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 9 کے





Complaint Box (165)

Complaint No. | Complainant | Registration Date Range (From – To)
Agency | Mode | Regiona
Subject | Complaint Type | Diary Da
Media Type | Sub Type
Search | Clear
Print | Show 10 entries

Sr.	Mode	Type	Registration Date	Complaint No.	Complainant	Agency	Subject
1	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21OKR0000730	Qasim Ali	Federal Agency	For help
2	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21OKR0000729	Ghulam Hussain	Local Government & Community Development (LG&CD) District Okara|Deputy Director	Request for Justice
3	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21OKR0000726	Muhammad Khalid	Local Government and Community Development	Action against Accu
4	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21OKR0000725	Noor Ahmad	Additional Deputy Commissioner (Revenue) , Okara	Request for Justice
5	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21OKR0000724	Mirza Israr Beg	Directorate of Health Services	Request for Justice
6	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21MNW0000722	Inayat Ullah Khan	Punjab Government Servants Benevolent Fund Board Lahore|Administrative Officer (BF)	Request for Payme Scholarship
7	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21OKR0000721	Mirza Israr Beg	Information and Culture	Request for Inquiry
8	By Mobile	General	Jan 18, 2021	POP21LH40000719	Umar Rasheed	Finance	Aslam O Alikum De lahore k rehishi ho

تحت قابل سماعت ہے یا نہیں۔ اگر بادی النظر میں شکایت قابل سماعت ہو تو اس بات کا بھی جائزہ لیا جائے کہ پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 10(3) کے تحت شکایت زائد المیعاد تو نہیں۔ شکایت زائد المیعاد ہونے کی صورت میں مذکورہ دفعہ 10(3) کے تحت جناب محتسب پنجاب سے احکامات حاصل کئے جائیں۔

(2) شکایت کے قابل سماعت ہونے کے بارے میں فیصلہ کے حوالہ سے ''بدانتظامی'' اور ''ایجنسی'' کی تعریفات پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 2 میں دی گئی ہیں جن کا اردو ترجمہ شکایات پر کارروائی کرنے والے کی سہولت کے لئے ضمیمہ III پر دیا گیا ہے۔

3 ناقابلِ سماعت درخواست شکایت کا نمٹانا

(1) درخواست شکایت بمطابق قانون (پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997) ناقابل سماعت ہو تو کنسلٹنٹ/ایڈوائزر صاحبان بطور رجسٹرار



Back To List

Complaint Details

Complaint Number (شکایت نمبر) : POP21MNW0000042
Registration Date (تاریخ رجسٹریشن) : 1/4/2021
Applicant Name & Address (نام اور پتہ درخواست دہندہ) : Zubaida Bibi , Mohallah Awanawala Tehsil Piplan District Mianwali,
Agency Name (ایجنسی کا نام) : Private Agency

Registration | Examination

Subject : Request for provision of plot or return of Amount
Nature : Action against accused
Admissibility : Not-Admissible
Limni Reason : Not admitted - Outside Jurisdiction - Private Matter
Remarks :

محترم درخواست گزار، السلام علیکم! آپ کی شکایت مورخہ 04-01-2021 کو موصول ہوئی۔ جس کا جائزہ لینے سے ظاہر ہوا کہ آپ کی درخواست پرائیویٹ افراد/ادارے کے خلاف ہے جو مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 2 (1) کے تحت ایجنسی کی تعریف میں نہیں آتا۔ دفتر ہذا کو مطابق پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997ء اس معاملے میں سماعت کا اختیار نہیں لہٰذا آپ کی شکایت دفتر ہذا میں قابل روائی نہ ہے۔ دفتر ہذا کے متعلق مزید معلومات اور آگاہی کیلئے آپ دفتر محتسب پنجاب کے ہیلپ لائن نمبر 1050 پر کال اور درج ذیل ویب سائٹ بھی وزٹ کر سکتے ہیں۔ دفتر محتسب پنجاب رابطہ کرنے کا شکریہ

https://www.ombudsmanpunjab.gov.pk

Affidavit : No File
Approval Document : No File
Supported Documents : View
Document : View

Examined By : Muhammad Asif|Junior Clerk
Examined On : January 05, 2021 3:46:39 PM

اسے داخل دفتر کرتے ہوئے شکایت کنندہ کو تحریری طور پر مطلع کر دیں کہ کس بناء پر اس کی شکایت نا قابل سماعت ہے۔ نا قابل سماعت درخواست پر کسی بھی صورت میں تفتیشی عمل شروع نہ کریں۔ نا قابل سماعت شکایات کی فہرست ضمیمہ IV پر ملاحظہ کریں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ نا قابل سماعت شکایت کا اندراج سی ایم آئی ایس سسٹم پر بھی کریں اور اندراج کرنے کے بعد اس کو اپ ڈیٹ کر دیں۔ جیسے ہی سٹاف اپڈیٹ کرے گا شکایت کنندہ کو خود بخود ایس ایم ایس چلا جائے گا اور سٹاف کو کوئی اضافی کارروائی یا پراسس نہیں کرنا پڑے گا۔ سرسری طور پر داخل دفتر ہونے والی شکایت limini پروفارما پرنٹ کر کے کنسلٹنٹ/ ایڈوائزر صاحب سے دستخط کروا کر بذریعہ ڈاک شکایت کنندہ کو ارسال کر دیں اور دوسری کاپی سسٹم میں متعلقہ ریکارڈ کے ساتھ اپ لوڈ کر دیں۔ اپ لوڈ ہونے کے بعد سرسری طور پر داخل دفتر ہونے والی شکایت کی فائل کا ریکارڈ سی آئی ایم ایس کے ای ریکارڈ روم میں چلا جائے گا۔ اصل فائل تین ماہ تک متعلقہ ریجنل آفس میں ہی رہے گی جس کے بعد اسے براہ راست ہیڈ آفس کے ریکارڈ روم میں بھجوا یا دیا جائے گا۔

(2) اگر شکایت دفتر ہذا میں قابل سماعت نہ ہے لیکن فاضل ایڈوائزر/کنسلٹنٹ اسے متعلقہ محکمہ یا ایجنسی کو بغرض ضروری کارروائی وحق رسی بھجوانا ضروری سمجھیں تو کیو آر کوڈ کی حامل چٹھی کی نقل شکایت کنندہ کو برائے اطلاع ضرور ارسال کریں۔

(3) اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ شکایت کنندہ کی درخواست پر کارروائی کو بلاوجہ طول نہ دیا جائے اگر وہ کسی دیگر محکمہ کو بغرض ضروری کارروائی وحق رسی بھجوائی جانی ہو تو جلد از جلد متعلقہ محکمہ کو بھجوائی جائے۔

4 قابلِ سماعت درخواست شکایت پر کارروائی

(1) اگر بادی النظر میں درخواست قابل سماعت پائی جائے مگر شکایت کنندہ نے مطلوبہ کاغذات یعنی شناختی کارڈ کی نقل اور سادہ کاغذ پر بیان حلفی (بمطابق ضمیمہ-I) شامل درخواست/ شکایت نہ کیا ہو تو پہلے مذکورہ دستاویزات حاصل کی جائیں اور اگر درخواست/ شکایت کے مندرجات غیر واضح یا نا مکمل ہوں تو وضاحت بھی ضروری کاغذات کے ہمراہ طلب کریں۔ سسٹم سے 3 رجسٹرڈ نوٹس اور بذریعہ ٹیلیفون اطلاع دیئے جانے پر بھی مطلوبہ دستاویزات/ وضاحت موصول نہ ہونے پر ڈرافٹ مسودہ عزت مآب محتسب پنجاب کو ارسال کر دیں اور اس کی اطلاع شکایت گزار کو بھی کر دیں۔ نیز ساتھ ساتھ تمام کارروائی او پی ایم آئی ایس کے ماڈیول سی ایم آئی ایس پر بھی اپ ڈیٹ کرتے رہیں۔

(2) درخواست شکایت کے قابل سماعت ہونے اور مطلوبہ دستاویزات شامل درخواست ہونے کی صورت میں ہی ایجنسی سے رپورٹ طلب کر کے تفتیش عمل میں لائی جائے۔

4.1 رپورٹ محکمہ / ایجنسی:

(1) شکایت کنندہ سے مطلوبہ کاغذات/ وضاحت موصول ہونے کے بعد بذریعہ نوٹس (رجسٹرڈ نوٹس یا بذریعہ ڈی آر) ہمراہ نقل درخواست شکایت ایجنسی سے جواب طلب کریں اور نوٹس کی نقل متعلقہ آفیسر کے علاوہ محکمہ کی مجاز اتھارٹی کو بھی بھجوائیں۔

(2) تاریخ مقررہ تک اگر جواب ایجنسی موصول نہ ہو تو دوبارہ بذریعہ نوٹس (یاددہانی) ایجنسی سے جواب طلب کیا جائے اور متعلقہ آفیسر کو بذریعہ فون بھی ہدایات دی جائیں کہ جواب جلد از جلد یا مقررہ تاریخ تک ضرور بھجوائیں اور فون پر محکمہ کے آفسر سے ملنے والے رسپانس کو بھی سی ایم آئی ایس کے کال سیکشن والے بٹن پر کلک کر کے اس میں درج کر کے اپ ڈیٹ کر دیں۔

(3) اگر تین (3) نوٹس دیئے جانے کے باوجود ایجنسی کی رپورٹ نہ آئے تو ایڈوائزر صاحبان اگر مزید مہلت دینا مناسب سمجھیں تو ایک مہلت اور دے دیں ورنہ شکایت کنندہ کو سن کر اور اس کی پیش کردہ شہادت کو دیکھ کر سفارشات مرتب کر دیں۔

(4) اگر ایجنسی شکایت کنندہ کا مسئلہ حل کر رہی ہو تو مزید مہلت بھی دی جا سکتی ہے۔ تاہم ہر ممکن کوشش کی جائے کہ درخواست شکایت کا فیصلہ 120 روز کے اندر کر دیا جائے۔ 120 روز سے زیادہ تاخیر کی صورت میں ہر ایسے کیس کی تاخیر کی وجوہات سے دفتر محتسب پنجاب صدر دفتر (ہیڈ آفس)، لاہور کو تحریری طور پر آگاہ کریں۔

(5) محکمانہ جواب میں اگر شکایت کنندہ کی دادرسی کی گئی ہوتو اس کی تصدیق شکایت کنندہ سے بذریعہ ٹیلی فون کی جائے ریکارڈ کیلئے اس کا اندراج سی ایم آئی ایس سسٹم کے کال بٹن کو سلیکٹ کر کے کریں۔ رپورٹ کو متعلقہ افسر سے چیک کروانے کے بعد سسٹم میں اپ لوڈ بھی کریں اور جس کا تذکرہ فیصلہ میں بھی کریں۔

4.2 جواب الجواب:

(1) ایجنسی کی جانب سے موصول شدہ رپورٹ کی نقل شکایت کنندہ کو سی ایم آئی ایس کے کیو آر کوڈ والے نوٹس کے ہمراہ بھجوائیں کہ وہ اپنا جواب الجواب اصالتاً یا بذریعہ ڈاک بھجوائے، اگر مقررہ تاریخ تک شکایت کنندہ کی طرف سے جواب موصول نہ ہوتو نوٹس (یاددہانی) کے علاوہ بذریعہ فون بھی شکایت کنندہ سے رابطہ کیا جائے اور اس کا اندرراج سی ایم آئی ایس کے کال بکس میں بھی کیا جائے۔ اس کے باوجود شکایت کنندہ کی طرف سے کسی رد عمل/تحریری موقف کے موصول نہ ہونے پر یہ تصور کیا جائے کہ اسے رپورٹ ایجنسی کے مندرجات سے اتفاق ہے۔ اندریں حالات شکایت کے مندرجات اور رپورٹ ایجنسی کی روشنی میں ہی نتائج مرتب کئے جائیں۔

(2) شکایت کنندہ کی طرف سے جواب الجواب موصول ہونے کے بعد اس کا بغور جائزہ لیں، اگر شکایت کنندہ کی جانب سے محکمہ کی رپورٹ کے نکات پر کچھ مزید بیان کیا گیا ہو جس پر ایجنسی کی جانب سے مزید وضاحت کی ضرورت ہوتو ایجنسی سے بذریعہ نوٹس رپورٹ/ وضاحت طلب کی جائے۔

4.3 کارروائی مشترکہ سماعت:

(1) ایجنسی کی طرف سے جواب موصول ہونے کے بعد اگر ضرورت ہوتو دونوں فریقین (شکایت کنندہ اور نمائندہ ایجنسی) کو کیو آر کوڈ والے نوٹس یا ٹیلیفون کے ذریعہ مشترکہ سماعت کے لیے ہمراہ ریکارڈ طلب کیا جائے اور متعلقہ ریکارڈ کا جائزہ لیا جائے۔ مشترکہ سماعت کے بعد بھی اگر مزید ریکارڈ کی ضرورت ہو یا موقعہ ملاحظہ کرنا درکار ہو یا کوئی اور وجہ ہوتو دوبارہ سماعت کی جاسکتی ہے۔ البتہ موقعہ ملاحظہ کرنے کیلئے محتسب پنجاب کی اجازت درکار ہوگی اور اگر کوئی سقم باقی رہ گیا ہوتو فریقین کی دوبارہ سماعت کی جائے۔ اگر ملاحظہ ریکارڈ/ سماعت فریقین سے عیاں ہو کہ کوئی دیگر شخص یا محکمہ متاثر ہو رہا ہوتو اس کو بھی سماعت میں شمولیت کے لیے موقع فراہم کیا جائے۔

(2) کارروائی سماعت کے لئے حاضر فریقین کی حاضری پرچہ عبوری حکم نامہ انٹیرم آرڈر شیٹ پر حسب سابق لگائیں۔

(3) مشترکہ سماعت کیلئے مقررہ تاریخ پر کسی ایک فریق کے حاضر نہ ہونے کی صورت میں حاضر آمدہ فریق کو سماعت کر لیں اور اگر ضرورت ہوتو سات یوم کے اندر مشترکہ سماعت دوبارہ منعقد کی جائے جس کیلئے محکمہ کے مجاز افسر اور شکایت کنندہ کو بذریعہ رجسٹرڈ نوٹس اور فون مطلع کیا جائے۔ اگر مشترکہ سماعت کی ضرورت نہ ہوتو صرف غیر حاضر فریق کو طلب کر کے سماعت کریں۔


(4) اگر کسی بھی عدالت میں شکایت کنندہ یا ایجنسی کی طرف سے زیرِ بحث معاملہ کے متعلق کیس زیر سماعت ہوتو تحریری ثبوت لینے کے بعد مزید کارروائی روک دی جائے۔ اس امر کی جانچ یقینی بنائیں کہ کسی دوسرے معاملہ کو زیرِ بحث معاملہ سے منسلک کر کے زیرِ بحث معاملہ کو کہیں الجھایا تو نہیں جا رہا یا یہ کہ حقائق کو چھپانے اور دفتر ہذا کو گمراہ کرنے کی کوشش تو نہیں کی جا رہی۔

(5) اگر کسی بھی مرحلہ پر یہ ثابت ہو کہ درخواست شکایت کسی بھی بنیاد پر قابل پذیرائی نہ رہی ہے تو بغیر کسی مزید کارروائی کے درخواست شکایت داخل دفتر کئے جانے کی سفارش ڈرافٹ فیصلہ کی صورت میں بذریعہ سی ایم آئی ایس (CMIS) دفتر محتسب پنجاب صدر دفتر (ہیڈ آفس)، لاہور کو بھجوا دی جائے۔

5 فیصلہ مرتب کرنے سے متعلق توجہ طلب نکات

(1) شکایت پر تحقیق وتفتیش/کارروائی سماعت مکمل ہونے کے بعد قواعد وضوابط کے مطابق نتائج مرتب کئے جائیں۔

(2) جس قاعدہ وقانون کے تحت بدانتظامی ثابت ہو اس متعلقہ قانون کا حوالہ بھی تحریر کریں۔ اور اگر ایجنسی/افسر کو سفارشات/ہدایات جاری کی



Investigation Box (1531)

Complaint No. | Complainant | Registration Date Range (From — To)

Agency: --All-- | Mode: --All-- | Regional Offic: --All--

Subject | Complaint Type: --All-- | Mal-Administr: --All--

Type: --All-- | Investigating Officer: --All--

Search | Clear

Print | Show 10 entries

Sr. #	Mode	Type	Registration Date	Complaint No.	Complainant	Agency	Subject	Mal-Administration	
1	By Hand	General	Jan 18, 2021	POP21GRT0000731	Abdul Hameed	District Police Office Gujrat, Saddar Circle	ملکیتی اراضی سے درختوں کی چوری کے وقوعہ میں پولیس کی عدم کارروائی	Inattention /refusal/failure	Kh (ن
2	By Email	Child/CPCC	Jan 18, 2021	POP21HO0000728	Shaheen Attiq ur Rehman Commissioner for Children Wafaqi Mohtasib	District Police Office Kasur	CHILD ABUSE VILLAGE RASOOLNAGAR, DISTRICT KASUR	Rape/Abuse	M Ra
3	By Hand	General	Jan 12, 2021	POP21ATK0000433	Hafiz Khan Zaman	Punjab Employees Social Security Institution (PESSI), Rawalpindi | Director	Complaint regarding non provision of Medical Facilities.	Inattention /refusal/failure	Ba (انا
4	By Email	Child/CPCC	Jan 18, 2021	POP21HO0000720	Shaheen Attiq ur Rehman Commissioner for Children Wafaqi Mohtasib	City Police Office Faisalabad	CHILD ABUSE CHAK NO. 66GB, DISTRICT FAISALABAD	Rape/Abuse	M Ra
5	By Hand	General	Jan 17, 2021	POP21KWL0000715	Junaid Akram s/o NA	Baha-ud-din Zikaryia University Multan	Application for not charge full semester fee	Arbitrary / Unreasonable	Ha Kh)
6	By Hand	General	Jan 17, 2021	POP21KWL0000714	Maqbool Hussain s/o Muhammad Sadiq	Municipal Committee, Khanewal | Chief Officer	Application for removal of bhainso ka bhana	Neglect	Ha Kh)
7	By Hand	General	Jan 17, 2021	POP21KWL0000713	Zia ur Rehman Farooqi s/o Ghulam Shabbir	Tehsil Kabirwala District Khanewal | Tehsildar	Application for provision of copies taqseem arazi order 31.12.1999	Delay	Ha Kh)
8	By Hand	General	Jan 17, 2021	POP21KWL0000712	Habib Qamar s/o Muhammad Shafi	Anti Corruption Establishment Punjab, Multan Region, Multan | Director	Application for taking action against Nazar Abbas/S.I, P/S Chhab	Bribery/Corruption	Ha Kh)

جانی ہوں تو محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11(1) کا حوالہ ضرور تحریر کریں اور اگر تعمیلی رپورٹ بھی طلب کی جانی ہو تو محتسب پنجاب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 11(2) کے تحت ایجنسی سے رپورٹ بھی طلب کی جائے۔

(3) **تمام فیصلہ جات اردو زبان میں تحریر کئے جائیں۔**

(4) فیصلہ اردو زبان میں تحریر کرتے وقت اس میں انگریزی کے الفاظ کو شامل نہ کیا جائے۔ اگر انگریزی کے کسی لفظ کا اردو ترجمہ موجود ہو تو وہی لکھا جائے۔ لیکن اگر اردو میں عام فہم ترجمہ موجود نہ ہو تو مناسب اردو ترجمہ لکھنے کے بعد وضاحت کے لئے انگریزی کا لفظ بریکٹ میں لکھ سکتے ہیں۔ اگر کسی انگریزی کے لفظ کا اردو میں کوئی متبادل موجود نہ ہو تو انگریزی کے اس لفظ کو اردو میں ہی ٹائپ کر دیا جائے۔ مراسلات کے نمبرات کو انگریزی حروف میں لکھا جا سکتا ہے۔ سٹاف کی سہولت کیلئے سسٹم میں ہی ڈرافٹ ٹائپ کرنے کے لئے ڈرافٹ بکس موجود ہے جس میں اردو اور انگریزی زبان آپشن بھی

موجود ہے۔

(5) شکایت کا اندراج کرتے وقت جو عنوان تحریر کیا گیا ہو اسی عنوان کو فیصلہ میں بھی تحریر کریں۔

(6) شکایت کا اندراج کرتے وقت جس محکمہ/ ایجنسی اور افسر کی نشاندہی کی گئی ہو فیصلہ تحریر کرتے وقت اسی محکمہ اور افسر کا ذکر کیا جائے۔ فیصلہ تحریر کرتے وقت متعلقہ محکمہ/ ایجنسی کا مکمل اور درست نام تحریر کیا جائے۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر/ اسسٹنٹ کمشنر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر وغیرہ کی بجائے محکمہ کا نام تحریر کرنے کے بعد بریکٹ میں متعلقہ آفیسر کا عہدہ تحریر کیا جائے۔ مثلاً پنجاب پولیس (ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر)، محکمہ مال (اسسٹنٹ کمشنر پھالیہ) وغیرہ۔

(7) فیصلہ تحریر کرتے وقت شکایت کے مندرجات کو آسان اور واضح الفاظ میں مختصراً بیان کیا جائے نہ کہ مِن وعَن ساری شکایت ہی شامل کر دی جائے۔ غیر واضح موقف/ الفاظ کو شکایت میں سے حذف کر دیا جائے یا شکایت کنندہ سے پوچھ کر یا وضاحت طلب کر کے تحریر کیا جائے تا کہ کوئی بھی نکتہ غیر واضح نہ رہے۔

(8) فیصلہ تحریر کرتے وقت محکمہ کی طرف سے موصول ہونے والے جواب کو مِن وعَن شامل کرنے کی بجائے اس کا بغور جائزہ لینے کے بعد صرف اہم/ متعلقہ نکات کو ہی فیصلہ میں شامل کیا جائے۔ اگر کوئی نکتہ غیر واضح ہو یا بمطابق شکایت کسی نکتہ کا جواب نہ دیا گیا ہو تو محکمہ کے متعلقہ افسر سے وضاحت طلب کر کے کارروائی آگے بڑھائی جائے فیصلہ میں وضاحت کو شامل کیا جائے تا کہ کوئی ابہام باقی نہ رہے۔ اگر محکمانہ جواب میں کسی قاعدہ، قانون یا دیگر کیس کا حوالہ دیا گیا ہو تو اس کی مکمل جانچ کرنے کے بعد فیصلہ میں اس کا حوالہ تحریر کیا جائے۔ اگر متعلقہ قانون/ قاعدہ جس کا حوالہ محکمہ نے اپنے جواب میں تحریر کیا ہو موجود نہ ہو تو محکمہ یا مستند ذرائع مثلاً سرکاری محکمہ کی ویب سائٹ یا سی آئی ایم ایس سسٹم کے ایجنسی بلاک میں جا کر متعلقہ ایجنسی کے قوانین و قواعد بھی نقل کئے جا سکتے ہیں۔ فیصلہ میں رائج الوقت/ نافذ العمل قوانین وقواعد کا حوالہ دیا جائے۔

(9) جواب الجواب تحریر کرتے وقت اگر شکایت کنندہ نے کوئی تردیدی بیان دیا ہو تو اس کو آسان اور مختصراً الفاظ میں تحریر کیا جائے۔ اسی طرح سماعت کی کارروائی میں دونوں فریقین کے نقطہ ہائے نظر بھی مختصر مگر غیر مبہم انداز میں بیان کئے جائیں نیز صرف شکایت سے متعلقہ مخصوص نکات ہی زیر بحث لائے جائیں۔

(10) نتائج کو مرتب کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ شکایت اور محکمانہ جواب جو کہ پہلے ہی فیصلہ میں تحریر کیا جا چکا ہے دوبارہ نہ دہرایا جائے بلکہ صرف متعلقہ قوانین کی روشنی میں فیصلہ مرتب کیا جائے۔ جس قاعدہ یا قانون کی روشنی میں فیصلہ کیا جائے اسکا مکمل نام وشق نمبر تحریر کیا جائے۔ مثلاً پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 9(ا)(اے)، پنجاب دفتر محتسب ریگولیشنز مجریہ 2005 کی ریگولیشن 17 کی ذیلی شق ڈی وغیرہ۔

(11) جن فیصلہ جات میں محکمہ/ ایجنسی کو ہدایات جاری کی جانی ہوں تو جہاں ضروری ہو، محکمہ/ ایجنسی کو مقررہ مدت کے اندر تعمیلی رپورٹ بھجوانے کی ہدایت بھی کی جائے۔ فیصلہ کی نقول ان تمام افسران کو بھجوائی جائیں جن کو فیصلہ میں ہدایات دی گئی ہوں۔ ایسی ہدایات جن کی تعمیل کیلئے حکومت یا مجاز محکمہ/ اتھارٹی کی طرف سے فنڈز کی فراہمی درکار ہو تو ایسے فیصلہ جات میں محکمہ/ ایجنسی کو فنڈز کے حصول میں درپیش مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیل کیلئے مناسب وقت دیا جائے۔ فیصلہ تحریر کرنے کا مکمل فارمیٹ/ لے آؤٹ ضمیمہ V اور VI پر ملاحظہ کریں۔

(12) ایجنسی/ محکمہ کو فیصلہ جاری کرنے کے بعد اگر تعمیلی رپورٹ درکار ہو تو کیس فائل فیصلہ میں متعین کردہ مدت کے بعد تعمیلی رپورٹ کے حصول کی غرض سے پیشی میں لگا دی جائے اور مقررہ تاریخ سماعت پر عمل درآمد کی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

6 فیصلہ پر عملدرآمد کروانا

(1) موجودہ طریقہ کار کے مطابق کسی شکایت پر کارروائی کے بعد عزت مآب محتسب پنجاب شکایت کنندہ کی حق رسی کی غرض سے ایجنسی کے متعلقہ افسران کو مناسب ہدایت/ ہدایات جاری کرتے ہیں۔ جس پر متعلقہ ایجنسی، پنجاب دفتر محتسب ایکٹ 1997 کی دفعہ (2)11 کے تحت عزت مآب

محتسب پنجاب کی طرف سے متعین کردہ عرصہ میں عملدرآمد کر کے تعمیلی رپورٹ پیش کرنے کی پابند ہے۔

(2) تاہم بعض صورتوں میں شکایت کنندگان حق رسی نہ ہونے کی صورت میں عملدرآمد کی بابت درخواست پیش کرتے ہیں، جس پر اسی کیس فائل پر (جس پر پہلے حکم جاری کیا گیا ہو) عملدرآمد کی کارروائی کا آغاز کریں۔ محکمہ کی طرف سے عملدرآمد کرنے میں تاخیر یا انکار کی صورت میں محکمہ کا یہ اقدام پنجاب دفتر محتسب ایکٹ 1997 کی دفعہ 11(5) کے تحت محتسب کی سفارشات سے سرتابی (Definace of Recommendations) تصور کیا جائے گا اور سرتابی کی صورت میں مزید کارروائی محتسب پنجاب ایکٹ کی دفعہ 12 میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔

(3) فاضل محتسب کے فیصلہ کے بعد جناب عزت مآب گورنر صاحب پنجاب کے پاس عرضداشت (Representation) دائر کرنے کی صورت میں فیصلہ پر عملدرآمد کی کارروائی روک دی جائے اور جناب عزت مآب گورنر صاحب پنجاب کے فیصلہ کا انتظار کیا جائے۔

(4) محتسب پنجاب کے حکم پر عملدرآمد کی اہمیت کے پیش نظر صدر دفتر (ہیڈ آفس) لاہور میں فاضل ایڈوائزر ہیڈ کوارٹر اور رجسٹرار صاحب پر مشتمل ایک خصوصی سیل قائم کیا گیا ہے جو عملدرآمد کی صورتحال کا جائزہ لینے کا ذمہ دار ہوگا۔ جس کو ایڈوائزر صاحبان عملدرآمد میں تاخیر (Implementation Pendency) کے بارے اعداد و شمار کا ریکارڈ اور گرافک کی رپورٹ جو کہ سسٹم خود جنریٹ کرتا ہے کی رپورٹ بذریعہ سی آئی ایم ایس سے ہی پرنٹ کر کے بمطابق ضمیمہ VII ماہانہ رپورٹ کے ہمراہ مہیا کریں۔ عملدرآمد کیلئے قائم سیل عزت مآب محتسب پنجاب کے احکامات حاصل کر کے عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے تحرک کرے گا۔

(5) عزت مآب محتسب پنجاب کے فیصلہ پر عملدرآمد سے متعلقہ ہونیوالی کارروائی کے حتمی نتیجہ سے شکایت کنندہ اور متعلقہ محکمہ/ایجنسی کو تحریری طور پر بذریعہ خط مطلع کیا جائے۔

(6) عزت مآب محتسب پنجاب کو توہین پر سزا دینے کیلئے پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997 کی دفعہ 16 کے تحت وہی اختیارات حاصل ہیں جو ہائیکورٹ کو اپنی توہین پر کسی شخص کو سزا دینے کیلئے حاصل ہیں۔ توہین کی بابت عزت مآب محتسب پنجاب کے حکم کے خلاف متاثرہ فرد/فریق 30 یوم کے اندر ہائیکورٹ میں اپیل دائر کر سکتا ہے۔

6.1 درخواست بابت عملدرآمد (Implementation Petition)

(1) فیصلہ جات پر عملدرآمد کی بابت موصول ہونے والی درخواست (Implementation Petition) کا بطور نئی شکایت اندراج نہ کیا جائے بلکہ ایسی درخواست کو اسی شکایت نمبر کے تحت سابقہ کیس فائل کا حصہ بناتے ہوئے کارروائی کی جائے جس پر قبل ازیں فیصلہ کیا گیا تھا۔ اس امر کو بھی یقینی بنایا جائے کہ عملدرآمد کی بابت موصول ہونے والی درخواستوں میں شکایت کنندہ اگر اضافی/مزید نکات بیان کرے تو ان پر دوبارہ تفتیش نہ کی جائے بلکہ صرف سابقہ فیصلہ میں جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کی بابت کارروائی کی جائے۔ تاہم بدانتظامی کی نئی شکایت پیدا ہونے پر اسے نئی شکایت کے طور پر امبڈزمین پنجاب مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ماڈیول سی آئی ایم ایس بطور نئی شکایت رجسٹر کیا جا سکتا ہے اور سابقہ فیصلہ جات کو کمپلینٹ بکس اور ای ریکارڈ پر کلک کر کے سرچ (search & view) کیا جا سکتا ہے۔

(2) درخواست بابت عملدرآمد کا اندراج سی ایم آئی ایس عملدرآمد باکس (Implementation Box) میں کیا جائے۔

(3) اس بات کا جائزہ لیا جائے کہ فیصلہ مذکور میں کوئی ہدایت/ہدایات جاری بھی کی گئی تھیں یا نہیں۔ صرف عملدرآمد کی درخواست کو نہ پڑھا جائے بلکہ فیصلہ بھی پڑھا جائے۔ نیز اس امر کا بھی جائزہ لیا جائے کہ قبل ازیں عملدرآمد کی کارروائی مکمل تو نہیں ہو چکی۔

6.2 ازخود عملدرآمد/ڈائریکشن کیس (Direction case)

(1) اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ جن فیصلہ جات میں ہدایات جاری کرتے ہوئے عملدرآمد کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو اور محکمہ سے رپورٹ بھی

طلب کی گئی ہو تو انہیں وقت مقررہ (عملدرآمد کی بابت دی گئی مدت) پر دوبارہ پیشی میں رکھا جائے نہ کہ کیس فائل کو بند کر دیا جائے اور شکایت کنندہ کی جانب سے درخواست بابت عملدرآمد موصول ہونے کا انتظار کیا جائے۔ عملدرآمد کی درخواست پر کارروائی کرتے وقت شکایت کنندہ کو طلب نہ کیا جائے۔ بلکہ ایجنسی سے رپورٹ لی جائے یا جہاں ناگزیر ہو ایجنسی کے نمائندہ کو طلب کیا جائے۔

(2) جن فیصلہ جات میں عزت مآب محتسب پنجاب کی جانب سے محکمہ کو ہدایات پر عملدرآمد کے لئے وقت مقرر کیا گیا ہو یا رپورٹ طلب کی گئی ہو یا عملدرآمد کی بابت درخواست موصول ہوئی ہو، ایسے تمام کیس بعد ضروری کارروائی عزت مآب محتسب پنجاب کے حکم سے بند کئے جائیں اور فائل محافظ خانہ بھجوائی جائے، نہ کہ فاضل ایڈوائزر صاحبان از خود فائل بند (داخل دفتر) کر دیں۔

(3) ڈائریکشن کیس/ درخواست برائے عملدرآمد (Implementation Petition) پر ضروری/حسب ضابطہ کارروائی کی تکمیل کے بعد مذکورہ مودرخواست کو نمٹانے کیلئے ڈرافٹ نوٹ کی صورت میں ایڈوائزر اپنے دستخط کے بعد سکین (Scan) کر کے متعلقہ بکس میں اپ لوڈ کر کے اپ ڈیٹ کر دے اور بذریعہ سی آئی ایم ایس سے عزت مآب محتسب پنجاب کو برائے منظوری/مزید ہدایات بھجوائیں نہ کہ اس کا دوبارہ ڈرافٹ فیصلہ تحریر کر کے بھجوائیں۔

(4) ڈرافٹ نوٹ پر عزت مآب محتسب پنجاب کی منظوری کے بعد کیس فائل محافظ خانہ (ریکارڈ روم) بھجوائے جانے سے قبل اس معاملہ سے متعلقہ فیصلہ پر عملدرآمد کی بابت تمام فریقین بشمول نمائندہ/متعلقہ افسر محکمہ کو بذریعہ چٹھی آگاہ کریں۔ شکایت کنندہ کو بھجوائی جانے والی چٹھی کے ہمراہ محکمہ کی جانب سے موصول ہونے والی رپورٹ بابت عملدرآمد کی کاپی بھی بھجوائی جائے۔

(5) محکمہ کی طرف سے عدم تعمیل کی بابت وجوہات دی جائیں تو فاضل ایڈوائزر/کنسلٹنٹ محتسب برائے صوبہ پنجاب (رجسٹریشن، انویسٹی گیشن اور ڈسپوزل آف کمپلینٹس) ریگولیشنز مجریہ 2005ء کے ریگولیشن 20 کے تحت کارروائی مکمل کر کے ڈرافٹ نوٹ (بمطابق ضمیمہ VII) مرتب کر کے سسٹم کے ذریعہ عزت مآب محتسب پنجاب کو منظوری کیلئے بھجوائیں۔

(6) محتسب پنجاب کے حکم پر عملدرآمد کی اہمیت کے پیش نظر ایسے کیسز جن پر باوجود کوشش کے ایڈوائزر صاحبان عملدرآمد کروانے میں ناکام رہیں، ان کی تفصیل سے ہمراہ وجوہات ناکامی بذریعہ سی آئی ایم ایس آٹومیٹڈ رپورٹ دستخط کے ساتھ صدر دفتر (ہیڈ آفس) لاہور میں رجسٹرار صاحب کو آگاہ کیا جائے۔ رجسٹرار صاحب سسٹم سے خود بھی عملدرآمد کیسز کی تفصیل چیک کر سکتے ہیں۔ نیز ایڈوائزر/کنسلٹنٹ عملدرآمد میں تاخیر (Implementation Pendency) کے بارے میں اعداد و شمار ماہانہ رپورٹ کے ہمراہ بھی مہیا کریں۔

7 گورنر صاحب کے روبرو عرضداشت


(1) دفتر ہذا کی جانب سے شکایت کے فیصلہ کے بعد محکمہ یا شکایت کنندہ یا دیگر متاثرہ فریقین میں سے کوئی شخص دفتر ہذا کے فیصلہ کے خلاف پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997ء کی دفعہ 32 کے تحت جناب عزت مآب گورنر صاحب پنجاب کے روبرو عرضداشت پیش کر سکتا ہے۔ (البتہ ابتدائی سماعت (in Limini) پر خارج کئے گئے ایسے کیسز جن میں اخراج کی وجہ کا ازالہ ہو جائے مثلاً بیان حلفی داخل نہ ہونے پر خارج ہونے والی شکایت میں مطلوبہ بیان حلفی دائر ہو جائے تو اسے نئی درخواست شکایت کے طور پر رجسٹر کیا جا سکتا ہے۔) نیز شکایت کنندہ کے اعتراض پر اگر متعلقہ فاضل ایڈوائزر/کنسلٹنٹ سرسری طور پر خارج یا داخل دفتر کی گئی شکایت پر تفتیش کرنا ضروری تصور کریں تو وہ معاملہ کو ہیڈ آفس میں ریفر کر کے ہدایات حاصل کریں اور مطابق ہدایات مزید کارروائی عمل میں لائیں۔

(2) عرضداشت پیش کئے جانے کی صورت میں دفتر ہذا کو فریقین یا گورنر ہاؤس کی طرف سے آگاہ کیا جاتا ہے۔

(3) محتسب پنجاب کا کوئی ایسا فیصلہ جس میں محکمہ کو عملدرآمد کی بابت ہدایات جاری کی گئی ہوں اگر ایسے فیصلہ کے خلاف کسی فریق کی جانب سے روبرو عزت مآب گورنر پنجاب عرضداشت دائر ہونے کی صورت میں ایسے کیس پر عملدرآمد کی کارروائی روک دی جائے۔ ایسے کیس سی ایم آئی ایس میں زیر کارروائی ڈائریکشن/عملدرآمد کی لسٹ سسٹم سے نکلوانے کیلئے آئی ٹی ونگ ہیڈ آفس لاہور کو آگاہ کر دیا جائے۔ عزت مآب گورنر صاحب کا فیصلہ موصول ہونے پر فیصلہ آئی ٹی ونگ کو بھجوایا جائے تاکہ عزت مآب گورنر صاحب کے فیصلہ کی روشنی میں شکایت پر سی ایم آئی ایس میں مزید کارروائی کی جا سکے۔

(4) عرضداشت کا فیصلہ موصول ہونے تک کیس فائل سی ایم آئی ایس سے چیک کریں کہ اس فائل کی تمام کارروائی کے مراحل سی ایم آئی ایس میں پورے کیے گئے ہیں اس کے بعد اصل فائل اپنے/متعلقہ ریجنل آفس کے ریکارڈ روم/محافظ خانہ میں محفوظ رکھیں نہ کہ ہیڈ آفس لاہور، ملتان، راولپنڈی یا سرگودھا کے ریکارڈ روم میں بھجوائیں تاکہ عزت مآب گورنر صاحب کا فیصلہ موصول ہونے پر فیصلہ کی روشنی میں کیس فائل پر مزید کارروائی بلا تاخیر عمل میں لائی جا سکے۔ اسی طرح فیصلہ ہو جانے کے بعد کسی فریق کی طرف سے عزت مآب عدالت عالیہ یا کسی دیگر عدالت میں درخواست، دعویٰ یا رٹ دائر ہونے پر اس کے کیس کی فائل بھی تا فیصلہ عدالت متعلقہ ریجنل آفس میں ہی رکھی جائے۔

8 کیس فائل کا محافظ خانہ بھجوانا اور ای محافظ خانہ (ریکارڈ روم)



(1) شکایت پر کارروائی مکمل ہونے کے بعد کیس فائل متعلقہ علاقائی (ریجنل) دفتر میں ایسے فیصلہ کی صورت میں، جس میں ڈائریکشن یا عملدرآمد کی ضرورت نہ ہو یا عملدرآمد کی کارروائی مکمل ہو جائے، تین ماہ تک اور عرضداشت دائر ہونے پر عزت مآب گورنر صاحب کے فیصلہ آنے تک موجود رہے گی تاکہ عزت مآب گورنر صاحب پنجاب کا عرضداشت (Representation) پر فیصلہ آنے کی صورت میں اس فائل پر تابع فیصلہ عزت مآب گورنر صاحب مزید کارروائی بروقت ہو سکے۔ عدالتوں میں زیر سماعت مقدمات یا زیر کارروائی عرضداشت والی کیس فائلوں کے علاوہ دیگر کیس فیصلہ شدہ فائلیں 90 دن کے اندر متعلقہ ریکارڈ روم بھجوا دی جائیں جس کی تفصیل ضمیمہ VIII پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ سی آئی ایم ایس کے ای ریکارڈ روم میں شکایت کے اندراج سے لے کر ڈسپوزل تک فائل متعلقہ ای ریکارڈ روم میں محفوظ ہو جائے گی۔

(2) متعلقہ مین ریکارڈ روم میں فائل درج ذیل صورتوں میں بھجوائی جائے گی:

(i)	اگر شکایت ابتدائی مرحلہ پر ہی مجاز افسر/رجسٹرار کے حکم سے بطور ناقابل سماعت (In Limini) خارج کر دی جائے۔ بعد کارروائی شکایت بصیغہ دادرسی نمٹا دی جائے یا بوجوہ داخل دفتر یا خارج کر دی جائے۔	تاریخ فیصلہ کے 120 دن بعد
(ii)	محتسب پنجاب کے حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں ہونے والی سرتابی کی بابت کارروائی کے حتمی نتیجہ کے بعد	تکمیل کارروائی کی منظوری کے 120 دن بعد
(iii)	عملدرآمد کی کارروائی محتسب صاحب کی منظوری سے مکمل ہونے پر۔	تاریخ فیصلہ کے 120 دن بعد
(iv)	عرضداشت عزت مآب گورنر صاحب کی جانب سے فیصلہ ہونے کے بعد	فیصلہ کی روشنی میں کارروائی کی تکمیل کے 120 دن بعد

(3) کیس فائل ریکارڈ روم بھجوانے سے قبل اس کے حتمی فیصلہ کی نقل دفتر میں ریکارڈ پر کیس نمبر اور سال کی ترتیب سے رکھی جائے تاکہ بوقت ضرورت کام آسکے۔

9 آٹومیٹڈ ماہانہ رپورٹ

(1) شکایات پر ہونے والی کارروائی کا مناسب جائزہ بہتر فیصلہ سازی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس ضمن میں تمام ایڈوائزر صاحبان اپنے دستخط کے ساتھ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک بذریعہ ای۔فاس (e-FOAS) گزشتہ ماہ کی ماہانہ رپورٹ، رجسٹرار صدر دفتر (ہیڈ آفس)، لاہور کو بھجوائیں۔ شکایات کا ڈیٹا سی ایم آئی ایس (CMIS) سے حاصل کیا جائے اور اس کی دفتری ریکارڈ سے تصدیق کے بعد ہی رپورٹ مرتب کی جائے تاکہ اگر سی ایم آئی ایس اور دفتری ریکارڈ میں کوئی تفاوت ہو تو سامنے آجائے۔ تفاوت کی صورت میں رجسٹرار، ایم آئی ایس ایکسپرٹ، نیٹ ورک ایکسپرٹ آئی ٹی انفراسٹرکچر اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ محتسب پنجاب صدر دفتر کو مطلع کیا جائے۔

10 کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (CMIS)

(1) محتسب پنجاب کے دفاتر کیلئے امبڈز مین پنجاب مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم **(OPMIS)** بنایا گیا ہے او پی ایم آئی ایس کے ماڈیولز کو مندرجہ ذیل چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:۔

1. کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم **(CMIS)**

* رجسٹریشن آف کمپلینٹ (i فریش کمپلینٹ ii ایڈ او پی سی کمپلینٹ iii کمپلینٹ باکس iv ایڈ سوموٹو v ایگزمینیشن بکس)
* انوسٹی گیشن باکس (i ایگزمینیشن ii انوسٹی گیشن iii ڈرافٹ فائینڈنگ)
* ڈسپوزل باکس (i سمٹڈ فائنڈنگ ii فائنل آرڈر)
* ایمپلیمنٹیشن باکس (i ایڈنیو ایمپلیمنٹیشن پٹیشن ii ایڈاولڈ ایمپلیمنٹیشن پٹیشن iii ایمپلیمنٹیشن باکس iv ڈائریکشن باکس v ڈرافٹ نوٹ vi فائنل نوٹ)
* میڈیا (i ایڈمیڈیا ii میڈیا بکس iii ڈیٹا حب iv ریکارڈ روم)

* عرضداشت(Representation) (i ایڈعرضداشت ii عرضداشت باکس iii کمپلینٹ باکس iv گورنرآرڈر)
* لٹگیشن (i ایڈنیو ii لٹگیشن باکس)
* ای ریکارڈروم (i ریکارڈانڈیکس ii ریکارڈسرچ)
* ایکٹیویٹی باکس (i سرچ کمپلینٹ ii کازلسٹ iii ڈاؤن لوڈ iv سالانہ رپورٹس)
* ایجنسی باکس (i ایجنسی ٹری ii ایجنسی iii ڈیپارٹمنٹ iv ریجنل آفس v ڈسٹرکٹ v i تحصیل vii ٹاؤن)
* ڈیجیٹلائزیشن (i کمپلینٹس ii عرضداشت iii لٹگیشن)
* ڈیش بورڈ
* رپورٹس باکس (i پراگرس مانیٹرنگ ii پراسس مانیٹرنگ iii امپلیمنٹیشن پراسس)
* گرافکس رپورٹس ویو باکس
* نالج بیس (i نالج بیس ii کریٹ آرٹیکل)
* ہیلپ ڈیسک (i کریٹ ٹکٹ ii ٹکٹ بکس)

2. ہیومین ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (HRMIS)

i ای ایم ائی ایس ii ای ایم آر ایس iii ای ایل آئی ایس iv ای پی آئی ایس۔

3. فنانس آڈٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (FAMIS)

4. پروکیورمنٹ انونٹری مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم(PMIS)

پہلے دو ماڈیولز پر کام مکمل کرلیا گیا ہے اور باقی دو ماڈیولز پر کام جاری ہے۔تمام برانچوں کا 23 سالہ ریکارڈ کی فائلوں کے 75 لاکھ سے زائد صفحات کے 100 فیصد ڈیٹا کو ہائی اینڈ دستاویزی سکینر سے مناسب فائل انڈیکسنگ کی درجہ بندی اور صفحہ بندی کر کے کلر سکین او آر کیونگ کرلیا گیا ہے۔ اسی وقت دفتر محتسب میں ڈیجیٹل سٹوریج سسٹم اور آفس آٹومیشن کا مکمل سسٹم موجود ہے۔اس ریکارڈ کو آفس کے ڈیجیٹل سٹوریج سسٹم اور ای فاس (e-FOAS) میں رکھا جائے گا۔ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن اور آٹومیشن پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ریکارڈ روم کی 2 لاکھ 62 ہزار سے زائد پرانی فائلوں کے ریکارڈ کی ہائی اینڈ دستاویزی سکینرز کے ساتھ فائلوں کی درجہ بندی،کلر سکیننگ ،ٹریکنگ اور آرکیونگ کر لی گئی ہے۔دستاویزات میں ٹمپرنگ کے امکانات کو ختم کر دیا گیا ہے اور سٹاف اور یوزر کیلئے ریکارڈ روم کی 2 لاکھ 62 ہزار سے زائد پرانی فائلوں کے فیصلہ جات کو کمپلینٹ مینجمنٹ انفامیشن سسٹم (CMIS) اور موبائل ایپ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔محتسب پنجاب کے آفس کیلئے نئی ویب سائٹ لانچ کی گئی ہے۔یہ ویب سائٹ ترتیب،سیکیورٹی خصوصیات اور ڈیزائن کے حوالے سے جدید اور منفرد ہے۔اس ویب سائٹ کو اس کے کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔جس کی مدد سے صارفین پنجاب کے کسی بھی علاقائی دفتر میں سی ایم آئی ایس (CMIS) اور صارفین کے آن لائن شکایات اور رجسٹریشن فارم (ای کمپلینٹ) کے استعمال کے ذریعے اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں۔شکایت کنندہ،فریقین اور متعلقہ آفسران سے اپنی متعلقہ شکایات کی حیثیت کی جانچ کر سکتے ہیں۔

امبڈز مین پنجاب مینجمنٹ انفارمیشن سٹم کے ماڈیول کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سٹم (CMIS) ایڈوائزرز، سٹاف اور شکایت کنندگان کو شکایات سے متعلقہ کارروائی سے آگاہ رکھنے کیلئے بنایا گیا ہے۔ اس لئے تمام افسران/عملہ کا فرض ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ روزانہ کی بنیاد پر شکایات پر کی جانے والی کارروائی کو اسی وقت سی ایم آئی ایس (CMIS) میں بھی اپ ڈیٹ کیا جائے۔ شکایت کا سٹیٹس اپ ڈیٹ کرنے سے آئندہ کارروائی/تاریخ کیلئے بھجوائے جانے والے آٹو نوٹس (پہلے سے منظور شدہ) کا پرنٹ نکالا جا سکتا ہے اور ساتھ ہی شکایت کنندہ کو بذریعہ ایس ایم ایس اطلاع موصول ہوجائے گی۔ شکایت کنندہ بذریعہ او پی ایم آئی ایس، موبائل ایپ اور ویب سائٹ سے شکایت کا سٹیٹس چیک کرسکتا ہے۔

محتسب پنجاب کی طرف سے کسی بھی فیصلہ کی منظوری/ دستخط ہونے کے بعد فوری طور پر سی آئی ایم ایس برانچ/ ونگ کی طرف سے اس کی سکین شدہ نقل سی ایم آئی ایس (CMIS) پر اپ لوڈ کرتے ہوئے اس شکایت کی ''ڈسپوزل'' کر دی جاتی ہے، جس کی اطلاع شکایت کنندہ کو بھی بذریعہ ایس ایم ایس موصول ہوجاتی ہے اس لئے سٹاف کو ہدایت کی جائے کہ سی ایم آئی ایس (CMIS) میں کسی بھی فیصلہ کی ڈسپوزل ظاہر ہونے کے بعد اسے ڈاؤن لوڈ کر کے اس کی مصدقہ نقل شکایت کنندہ/متعلقہ فریق/ایجنسی کو بذریعہ آٹو میٹڈ لیٹر سی آئی ایم ایس سے ڈاؤن لوڈ کر کے مصدقہ نقل کو آفیسر سے دستخط کروا کر فوری جاری کر دیں اور صدر دفتر (ہیڈ آفس) سے اس منظور/ دستخط شدہ اصل فیصلہ کی بذریعہ ڈاک موصولی کا انتظار نہ کریں۔

11 پیشی لسٹ

جس مخصوص عرصے یا تاریخ کی آپ کو پیشی لسٹ چاہیے وہ تاریخ یا عرصہ سلیکٹ کریں سی آئی ایم ایس آپ کو پیشی لسٹ ڈے وائز ظاہر کر دے گا۔ آپ اور یوزر پیشی لسٹ کو ویب سائٹ، سی ایم آئی ایس اور موبائل ایپ سے ویو اور پرنٹ بھی کرسکتا ہے

OFFICE OF THE OMBUDSMAN PUNJAB

Prof. Ashfaq Ali Khan Road, Lahore, Lahore
Phone No: 042-99211780
Fax No: 042-99213432
Email: obd.reg@ombudsmanpunjab.gov.pk

Cause List (Head Office)

Date Range: Jan 05, 2021 - Jan 11, 2021

Sr.#	Type	Comp Type	Complaint Number	Complainant	Advisor	Agency	Activity	Activity Date	Activity Due Date
1	Comp	General	POP20VHR0011044	بشریٰ سعدیہ ، وغیرہ	Qazi Muhammad Ashfaq Quershi	Directorate of Nursing	2nd-Ask for Joint Hearing	Nov 26, 2020	Jan 07, 2021
2	Comp	General	POP20LH40011252	Dr. Shagufta Zahid	Muhammad Amjad	Primary and Secondary Healthcare Department	1st-Reminder-Notice to Agency	Nov 27, 2020	Jan 09, 2021
3	Comp	General	POP20RJP0010767	Aitzaz Ahmad	Malik Ahmad Bakhsh Bhapa	Punjab Public Service Commission	2nd-Reminder-Notice to Agency	Dec 16, 2020	Jan 06, 2021
4	Comp	General	POP20RJP0012026	Laul Bakhsh	Malik Ahmad Bakhsh Bhapa	Agriculture Department, Govt. of the Punjab, Lahore|Secretary ,,Directorate of Agriculture, Crop Reporting Service, Punjab, Lahore| Director ,,Agriculture Department, Crop Reporting Service, Rajanpur| Assistant Director	2nd-Notice-Notice to Agency	Dec 16, 2020	Jan 06, 2021

Printed on: 05 Jan,2021 : 05:45:50 PM | Printed By: misexpert | Page: 1/82

12 تمام ایجنسی فون نمبرز/فوکل پرسن/قوانین/قواعد کی دستیابی

شکایت کنندگان کو بلا تاخیر انصاف مہیا کرنے کی غرض سے ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے مختلف ڈیپارٹمنٹ/ برانچ کے درمیان رابطہ اور جواب حاصل کرنے کے لیے امبڈز مین پنجاب مینجمنٹ انفارمیشن سٹم کے ماڈیول کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (CMIS) میں پنجاب کی تمام ایجنسی کے ڈیپارٹمنٹ/ برانچ صوبائی سطح سے لے کر تحصیل سطح تک نام، فون نمبرز، ایڈریس، ویب سائٹ، فوکل پرسن کی لسٹ اور متعلقہ ایجنسی کے قوانین/قواعد بھی سٹاف راہنمائی اور سہولت کے لیے موجود ہیں۔

Go Back

Agriculture (Mty-1)

Address: Prof. Ashfaq Ali Khan Road, Lahore
Phone: 0429920073
Email: dgaextar@gmail.com
Skype:
Description: Agriculture
Fax: 04299200743
Website: http://www.agripunjab.gov.pk

POC | Rules & Regulations

Point Of Contact/Focal Persons

Add

Name	Gender	Designation	Mobile	Phone	Fax	Email	Address	District	Activate	Actions
Adil Pervaiz	Male	Statistical Officer	03344901935	04299210510	04299211796	adilpervaiz2001@gmail.com	Agriculture Department Govt. of the Punjab, Old P&D Building, 2 Bank Road, Lahore.	Lahore	False	

Go Back

Agriculture (Mty-1)

Address: Prof. Ashfaq Ali Khan Road, Lahore
Phone: 0429920073
Email: dgaextar@gmail.com
Skype:
Description: Agriculture
Fax: 04299200743
Website: http://www.agripunjab.gov.pk

POC | Rules & Regulations


Rules & Regulations

Add

Type	Title	Description	Issued Date	Document	Action
Act	AGRICULTURAL PESTICIDES (AMENDMENT) ACT, 1997	Agriculture | XXXIX of 1997 |	8/11/1997	View	
Act	AGRICULTURAL PESTICIDES ORDINANCE 1971	(II of 1971)	1/25/1971	View	
Act	THE FOODSTUFFS AND FERTILIZERS (CANCELLATION OF AUTHORIZATIONS AND DEALERSHIPS) ORDINANCE 1978	(XXI of 1978)	10/22/1978	View	
Act	Muhammad Nawaz Sharif University Act 2013	Muhammad_Nawaz_Sharif_University_Act_2013.doc	9/11/2013	View	

13 ہیلپ ڈیسک

سٹاف کی آسان رسائی کیلئے محتسب پنجاب کی سی آئی ایم ایس کے ماڈیول میں ہیلپ ڈیسک کا ٹیب برائے سپورٹ کمپیوٹر سسٹم، ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر سے متعلق تکنیکی مدد، ٹرانسفر اور روزمرہ شکایات میں پراسس کے حوالے سے سٹاف کو پیش آنے والی کسی بھی دُشواری یا رہنمائی کیلئے نہایت آسان بنا دیا گیا ہے۔ ہیلپ ڈیسک ٹیب میں ٹکٹ جنریٹ کر کے ہیڈ آفس متعلقہ ونگ کو بھجوا سکتا ہے اس ٹیب میں تمام ونگز وائز نام کی آپشن دی گی ہے تا کہ تمام ونگز کی ٹیم ریجنل آفس سٹاف کی طرف سے بھجوائے گئے سوالات کے بروقت اور پیشہ ورانہ انداز میں حل کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ تمام ریجنل دفاتر کی طرف سے جو بھی روزمرہ ٹکٹس وصول ہوتی ہے ان کو روزانہ کی بنیاد پر حل کیا جاتا ہے۔



14 موبائل ایپ

صارفین کی آسان رسائی کے لئے صوبائی محتسب کی موبائل ایپ تیار ہوگئی ہے اس پروگرام کے ذریعے عوام الناس کی صوبائی محتسب سے رسائی مزید آسان ہوگئی ہے۔ کوئی بھی شہری اپنے موبائل کے ذریعے صوبائی محتسب میں شکایت دائر کرسکتا ہے اور گھر بیٹھے صارفین، دفتری آفیسر اور ملازمین موبائل پر اپنی شکایات کی تازہ ترین صورتحال بھی جان سکتے ہیں۔ یوزر کی سہولت اور آسانی کیلئے ہوم پیج اُردو اور انگلش میں دستیاب ہے۔ یوزر اپنی آسانی کیلئے ہوم پیج کو اُردو اور انگریزی میں استعمال کرسکتا ہے۔ ہوم پیج پر تمام کالم وائز عنوان دیئے گئے ہیں۔ یوزر متعلقہ عنوان پر جا کر انفارمیشن لے سکتا اور مزید پراسس کرسکتا ہے۔ موبائل ایپ پر نئی درخواست کا اندراج، شکایت کو تلاش کرنے کا طریقہ، گوگل ایپ اور مینیوئل 41 علاقائی دفاتر کے ایڈریس کو ریسرچ اور ویوکرنا، ریجنل دفاتر کی اپ ڈیٹ پیشی لسٹ، 23 سالہ سابقہ فیصلہ جات کے فیصلہ جات کی پی ڈی ایفز موبائل ایپ پر آفس ملازمین اور صارفین ویو ریسرچ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، یوزر یہاں سے ایکٹ 1997 محتسب برائے صوبہ پنجاب کے قواعد وضوابط 2005 بابت (اندراج، تفتیش اور تصفیہ شکایات)، پالیسیاں، بیان حلفی، شکایت کے کا طریقہ کار وغیرہ کی اُردو اور انگریزی میں دستاویزات، سالانہ رپورٹس، آفس کے طریقہ

کار، دائرہ اختیار، شکایات اور آفسران کے حوالے سے تمام ضروری معلومات دستیاب ہیں۔

15 عوامی آگاہی

صوبہ پنجاب کی عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر مفت انصاف فراہم کرنے اور عوام الناس کو آگاہ کرنے کیلئے ہیڈ آفس میں میڈیا سیل قائم کیا گیا ہے۔ میڈیا سیل پنجاب میں عوامی بیداری کے حوالے سے میڈیا کمپیئن کو روزانہ کی بنیاد پر چلا رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ ریجنل آفسز کو بھی آگاہی کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ پرنٹ اور سوشل میڈیا کے ذریعہ بھی آگاہی کی جارہی ہے۔ اس کے ساتھ بچوں کے حقوق سے متعلقہ آگاہی اور شکایات کیلئے طریقہ کار کے متعلق بینرز اور اخبارات کے ذریعہ عوامی آگاہی مہم بھی چلائی جارہی ہے۔

16 محتسب کے دفتر کی خدمات کا عوامی اعتراف

شکایت کنندگان کی طرف سے حق رسی کے بعد، بعض اوقات، محتسب کے دفتر کی طرف سے کئے گئے اقدامات کو سراہا جاتا ہے۔ شکایت کنندگان کی جانب سے موصول ہونے والے ایسے تعریفی مراسلات کا ذکر سالانہ رپورٹ میں کیا جاتا ہے لہٰذا ایسے منتخب شدہ چند مراسلات کی نقول رجسٹرار صدر دفتر، لاہور کو بروقت بھجوائی جائیں اور کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمشن سسٹم میں متعلقہ فائل کے ساتھ بھی اپلوڈ کیا جائے۔ رجسٹرار، پنجاب دفتر محتسب لاہور کو جنوری سے لے کر دسمبر تک موصول ہونے والے ایسے تمام مراسلات کا ریکارڈ مرتب کر کے ان کا خلاصہ سالانہ رپورٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔

17 طریقہ کار میں بہتری کیلئے تجاویز

(1) شکایات پر کارروائی سے متعلق مزید رہنمائی کی غرض سے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

(i) رجسٹرار محتسب پنجاب صدر دفتر، لاہور 042-99211782,81

(ii) ایم آئی ایس ایکسپرٹ آئی ٹی انفراسٹرکچر اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ محتسب پنجاب صدر دفتر، لاہور 042-99211775,405

(iii) نیٹ ورک ایکسپرٹ آئی ٹی انفراسٹرکچر اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ محتسب پنجاب صدر دفتر، لاہور 042-99212616

(2) طریقہ کار میں بہتری کی غرض سے اگر آپ کوئی تجویز دینا چاہیں یا اگر آپ چاہیں کہ دوسرے افسران بھی آپ کے تجربہ سے مستفید ہوں تو اپنی رائے تحریری صورت میں عزت مآب محتسب پنجاب کو ارسال کریں تاکہ عزت مآب محتسب پنجاب کے احکامات کی روشنی میں شکایات پر کارروائی کے طریقہ کار کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

ضمیمہ-I

[بحوالہ پیرا(2)2.2اور پیرا(1)4]

دفتر محتسب پنجاب

بیان حلفی

میں مسمی/مسماۃ ----------

شناختی کارڈنمبر ----------

سکونتی ----------

فون نمبر/رابطہ نمبر ----------

بقائمی ہوش وحواس حلفاً بیان کرتا/کرتی ہوں کہ:۔

(i) شکایت ہذا سے متعلق کوئی دعویٰ یا عدالتی کارروائی پاکستان کی کسی بھی عدالت/ٹریبونل میں زیر سماعت نہ ہے۔اور نہ ہی قبل ازیں کسی عدالت سے فیصلہ ہوا ہے۔

(ii) شکایت ہذا سائل کے اپنے محکمہ ملازمت کے خلاف امور ملازمت سے متعلق نہ ہے۔

(iii) شکایت ہذا وفاقی حکومت کے دائرہ اختیار میں آنے والے محکمہ جات کے خلاف/متعلق نہ ہے۔

(iv) شکایت ہذا میں مندرج تمام واقعات سائل کے علم ویقین کے مطابق بالکل درست ہیں اور کوئی امر جان بوجھ کر اخفانہ کیا ہے۔

(v) شکایت ہذا کے متعلق سائل نے کوئی درخواست پیشتر ازیں محتسب پنجاب کے کسی بھی دفتر میں نہ گزاری ہے۔

بیان دینے والے/ والی کے دستخط یا نشان انگوٹھا

نوٹ: بیان حلفی کے لئے کسی تصدیق کی ضرورت نہ ہے۔

ضمیمہ-II

[بحوالہ پیرا(3)2.2]

دفتر محتسب پنجاب

عبوری حکم نامہ شیٹ

شکایت نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نام شکایت کنندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تاریخ سماعت	کارروائی	آئندہ تاریخ سماعت
	شکایت بعنوان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ضمیمہ-III

[بحوالہ پیرا 2.3(2)]

تعریفات

۱) **''ایجنسی''** سے مراد صوبائی حکومت کا کوئی محکمہ، کمیشن یا دفتر، یا صوبائی حکومت کی طرف سے قائم کردہ یا اس کے زیر اختیار کوئی قانونی کارپوریشن یا کوئی دیگر ادارہ ہے، لیکن اس میں ہائیکورٹ اور ہائیکورٹ کے زیرِ نگرانی یا زیرِ اختیار کام کرنے والی عدالتیں، صوبائی اسمبلی پنجاب اور اس کا سیکرٹریٹ شامل نہیں ہیں۔

۲) **''بدانتظامی''** میں شامل ہے

(i) ایسے فیصلہ، طریق کار، سفارش، عمل (commission) یا فروگزاشت (omission) جو:

(a) قانون، قواعد وضوابط کے خلاف یا مسلمہ روایت یا طریق کار سے ہٹ کر ہوں بجز اس کے کہ وہ نیک نیتی پر مبنی اور جائز ہوں یا

(b) جو کج رو (perverse)، من پسند، یا غیر معقول، غیر منصفانہ، متعصّبانہ، استبدادی، امتیازی؛ ہو یا

(c) جس کی بنیاد ہی غیر متعلقہ امور پر ہو؛ یا

(d) جن میں اختیارات کا استعمال یا اس کا عدم استعمال یا اس کے استعمال سے انکار، فاسد، یا نامناسب محرکات جیسا کہ رشوت ستانی، دلالی، جانبداری، اقربا پروری اور انتظامی زیادتی پر مبنی ہو؛ اور

(ii) فرائض اور ذمہ داریوں کی انجام دہی میں غفلت، بے توجہی، تاخیر، نااہلیت اور ناموزونی۔

ضمیمہ-IV

[بحوالہ پیرا(1)3]

ناقابل سماعت شکایات

(۱) محترم درخواست گزار، السلام علیکم! آپ کی شکایت مورخہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کوموصول ہوئی۔جس کا جائزہ لینے سے ظاہر ہوا کہ شکایت ہذا میں مذکور معاملہ پر اس دفتر سے پہلے فیصلہ ہو چکا ہے۔ پنجاب دفتر محتسب ایکٹ مجریہ 1997ء کے تحت دفتر ہذا کو فیصلہ کے بعد نظر ثانی کا اختیار نہ ہے۔لہٰذا آپ کی درخواست قابل روانی نہ ہے۔ دفتر ہذا کے متعلق مزید معلومات اور آگاہی کیلئے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں https://ombudsmanpunjab.gov.pk۔دفتر محتسب پنجاب رابطہ کرنے کا شکریہ

